کرشمات

حاضرات تسخیرالارواح

ہمزاد و موکلات

مئولف:
حضرت پیر
شیخ محمود احمد قادری

پہلی مرتبہ حاضرات تسخیر الارواح ہمزاد و موکلات پر شائع ہونے والی مستند کتاب

کرشمات
حاضرات تسخیر الارواح
ہمزاد و موکلات

مؤلف

حضرت پیر شیخ محمود احمد قادری

ادارہ مخفی علوم اُردو بازار لاہور

التماس خصوصی

معزز قارئین کی خدمت عالیہ میں نہایت مودبانہ گزارش ہے کہ کتاب ھذا میں درج شدہ اعمال کو کرنے سے قبل اپنے استاد محترم یا مرشد صاحب سے اجازت ضرور حاصل کرلیں تاکہ آپ کسی بھی قسم کے بداثرات سے محفوظ رہ سکیں۔

(ادارہ)

قیمت: 300

فہرست کتب

ختم شد

حاضرات کے اعمال کے آداب

عام طور پر یہ سننے میں آتا ہے کہ جی ہم نے کتاب میں دی ہوئی ہدایات کے عین مطابق ہی عمل کیا ہے بلکہ جو اس میں جلالی و جمالی پرہیز تے ان پر بھی مکمل طور پر عمل کیا ہے مگر کامیابی کا حصول ممکن نہ ہو پایا اور کسی بھی بچہ پر حاضری نہیں ہوئی۔ میرا ذاتی خیال یہ ہے کہ عمومی طور پر لوگوں کو حاضرات کے ابتدائی قوائد اور شرائط وآداب وغیرہ سے ہی آگاہی حاصل نہیں ہے۔ دیکھا یہی گیا ہے کہ بازار سے کتابیں یا رسائل خریدے اور ان میں کسی بھی عمل کو پڑھ کر شروع کر دیتے ہیں عمل، پھر جب ہو جاتے ہیں ناکام تو اس ناکامی کے بعد بجائے اس کے کہ کسی سے رہنمائی حاصل کرتے وہ عملیات یا حاضرات ہی سے ہو جاتے ہیں بدظن، درج ذیل سطور مختصراً تحریر کی جا رہی ہیں کہ جس کو پڑھ کر اور ان پر عمل کر کے آپ بچ سکتے ہیں ناکامی اور پریشانی سے۔

1۔ وہ لوگ جو حاضرات کا عمل کرنا چاہیں تو انہیں چاہیے کہ لازمی طور پر ہر جمعرات کو کسی بھی میٹھی شے پر ارواح کے نام کی فاتحہ دلا کر بچوں میں تقسیم کیا کریں۔

2۔ بزرگوں کا کہنا ہے کہ جمعرات کے روز ایک سو اکیس روحیں حاضر ہوا کرتی ہیں عین ممکن ہے کہ کوئی بھی روح آپ کے اس عمل سے خوش ہو کر آپ کے پاس حاضر ہو جائے اور یوں آپ کو طویل مشقت میں مبتلا ہوئے بغیر ہی سب کچھ حاصل ہو جائے۔ یہ اکثر بزرگوں کا آزمودہ کار ہے۔

3۔ حاضرات کے عامل کو چاہیے کہ وہ ہر جمعرات کو بزرگان دین کے مزارات پر حاضری کو اپنا معمولی بنا لیں۔

4- عامل اگر خود ہر حاضرات کے عمل کا تجربہ کرنا چاہے تو اس کو معلوم ہونا چاہیے کہ اس کا مقررہ وقت مغرب سے قریب آدھا گھنٹہ قبل کا ہے۔ کیونکہ اس وقت تمام روحانیت کو منجمد تصور کیا جاتا ہے۔ چنانچہ یہ حاضرات کا خصوصی وقت خیال کیا جاتا ہے۔

5- لازمی طور پر حاضرات کے وقت تنہائی اختیار کریں اور اگر بہت ضروری ہو تو کم سے کم لوگ وہاں موجود ہوں کیونکہ بزرگوں کی روحیں شور وغیرہ کو ناپسند کرتی ہیں اور ان کی ناراضگی بحرحال کوئی خوش آئند بات قرار نہیں دی جاسکتی ہے۔

6- یہ بات بھی ازبس ضروری ہے کہ جب تک عامل حاضرات میں کامل نہ ہوجائے۔ اسے کسی بھی سائل کے گھر جاکر حاضری سے گریز کرنا چاہئے مبادا کہ حاضری نہ ہو اور عامل کو خفگی اٹھانا پڑے۔

7- عامل کو اگر جنات وغیرہ کو قابو کرنے میں مہارت حاصل نہ ہو تو اسے ان گھروں میں جاکر ہرگز عمل نہ کرنا چاہیے جہاں پر جنات کا ڈیرہ یا اثر وغیرہ ہو۔ اس طرح یقیناً نقصان ہی ہوا کرتا ہے۔ اس طرح ان لوگوں میں سے کسی پر بھی حاضری ہرگز نہ کرے جن پر سایہ یا جنات وغیرہ مسلط ہوں۔

8- اس بات کا بھی دھیان رکھنا بیحد ضروری ہے کہ شدید ضرورت کے پیش نظر ہی حاضری کرے محض شوبازی یا کھیل تماشے کے طور پر ایسا ہرگز نہ کرے۔ اس سے بعض اوقات نقصان کا احتمال ہوتا ہے۔

9- زکوۃ ادا کرنے کے بعد تجربہ کے طور پر کسی بھی شخص پر حاضری کی جاسکتی ہے بھلے ایک روز میں سو مرتبہ ہی کیوں نہ ہو۔

10- یاد رہے کہ اگر کسی ایک معمول پر حاضری نہ ہو تو ایسے میں عمل کو فرضی یا غلط تصور نہیں کرنا چاہیے بلکہ بار بار حاضری کی مشق کریں۔ عین ممکن ہے کہ جس معمول پر حاضری کر رہے ہیں اس پر حاضری ممکن ہی نہ ہو چنانچہ بددل ہوئے بغیر کسی دوسرے معمول پر عمل کر کے تسلی کرلیں۔

11- یہ بھی یاد رکھنا ضروری ہے کہ ایسے مقامات یا ایسے گھروں میں جہاں کسی کی بھی غیر طبعی موت واقع ہوئی ہو ہرگز عمل نہ کریں۔ غیر طبعی موت سے مراد قتل یا خودکشی وغیرہ ہے۔

12- عامل کو چاہیے کہ چوری، قتل یا دوسرے کسی بھی غیر اخلاقی کام کے سلسلہ میں کسی کی مدد نہ کرے یعنی اس کے لئے حاضری نہ کرے۔ اس میں ہی عامل کی بھلائی ہے۔

13- احتیاط لازم ہے کہ دوران حاضری کسی بھی ایسے شخص کو اپنے قریب نہ بیٹھنے دیں جس پر جنات یا کسی روح کا اثر ہونے کا احتمال بھی ہو۔

14- اس بات کی احتیاط ازبس ضروری ہے کہ دوران حاضرات جو بہت سے مشاہدات وغیرہ عامل دیکھے اسی کا تذکرہ کسی بھی طرح کسی سے نہ کرے۔ وگرنہ بعد میں عامل کو ہی پچھتانا پڑے گا۔

15- بسا اوقات یوں بھی ہوتا ہے کہ عامل ضرورت سے زیادہ خود اعتمادی کا مظاہرہ کرتے ہوئے بزرگوں کی ارواح سے تقاضا کرتے ہیں کہ وہ سامنے آئیں یا یہ کہ ان پر یعنی عامل پر حاضر ہوں۔ یوں کرنے سے یقیناً بزرگوں کی روح ناراض ہو جاتی ہے۔ یقین رکھنا چاہیے کہ جب کسی بزرگ کی روح خوش ہوئی تو یہ تمام مراحل خود بخود ہی طے ہو جایا کرتے ہیں۔ بس یہ کرنا چاہیے کہ اپنا یقین کامل رکھے اور مایوس نہ ہو۔

16۔ بعض اوقات ایسا بھی ممکن ہو جاتا ہے کہ کوئی بزرگ بعد از حاضری یہ بھی کہتے ہیں کہ وہ آپکے پاس ہی رہنا چاہتے ہیں تو ایسے خوش قسمت عامل کو چاہیے کہ وہ اپنے گھر میں کوئی ایک کمرہ مخصوص کر دیں اور ان کمرہ کو اچھی طرح صاف کر کے وہاں پر صاف ستھری دری یا چٹائی اور اگر ممکن ہو تو کوئی قالین بچھا دیں اور اس پورے کام کو اپنے لئے خوش قسمتی تصور کریں۔ ہر جمعرات کو چراغ اور اگر بتیاں جلایا کریں۔

17۔ اپنے آپ کو صالح کاموں میں مشغول رکھنے کی کوشش کریں اور یاد رکھیں کہ کسی بھی حال میں حاضری کر کے انعامی بانڈز کے نمبرز یا کسی بھی غیر شرعی کام کا پوچھنا ممنوع ہے۔ اگر اس کے باوجود عامل کرے گا تو حاضرات ہاتھ سے جاتی رہے گی اور نقصان اس کے علاوہ ہوگا۔

18۔ عام طور پر بچوں کے والدین اس بات سے ڈرتے ہیں کہ حاضری سے بچوں کو کوئی نقصان نہ پہنچ جائے تو ان کو مطمئن کرنا چاہیے کہ اس دوران بزرگوں کی ارواح حاضر ہوتی ہیں چنانچہ ڈرنے اور خوفزدہ ہونے کی کوئی ضرورت نہیں کیونکہ ان دوران بچے پر حصار کی بھی کوئی ضرورت نہیں ہوتی۔

19۔ یہ بھی حقیقت ہے کہ دوران حاضری معمول کے سر اور آنکھیں شدید ترین وزن محسوس کرتی ہیں۔ یعنی سر میں شدت کا درد ہوتا ہے۔ ایسا ہر معمول کے ساتھ دوران حاضری ضرور ہوتا ہے۔ چنانچہ معمول کو اس بارے میں کامل آگاہی دیں کہ ایسا ہونا تو خوف والی بات نہیں ہے۔ کیونکہ جب حاضری مکمل ہو جاتی ہے تو یہ کیفیت خود بخود ختم ہو جاتی ہے۔

20۔ حاضری سے قبل معمول پر چند نشانیاں ظاہر ہوتی ہیں یعنی سر کا بھاری ہونا

دماغ سن ہونا، جھٹکے لگنا، آنکھوں کے آگے بجلی جیسی چمک دکھائی دینا اگر یہ علامات کسی معمول پر ظاہر نہ ہوں تو یقین کر لینا چاہیے کہ ایسے معمول پر حاضری ممکن نہیں ہے چنانچہ اس پر وقت ضائع نہ کریں اور نہ ہی لوگوں کے سامنے خود کو تماشا بنائیں۔

21۔ احتیاط کریں کہ جب تک بچے حاضری کے لئے ذہنی طور پر تیار نہ ہوں یعنی انکار کریں تو حاضری کا عمل ہرگز نہ کریں۔ کیونکہ ایسے میں ان کا ذہن کسی اور طرف مبذول ہوتا ہے۔ یعنی ان میں پوری طرح یکسوئی کا فقدان ہوتا ہے اور حاضری کے لئے تو تصور اور یکسوئی کی اشد ضرورت ہوا کرتی ہے۔

22۔ یاد رہے کہ حاضری سے قبل بچے کے گلے میں اگر کوئی تعویذ وغیرہ ہو تو اس کو اتار لیں ورنہ حاضری میں کامیابی نہ ہوگی۔

23۔ یہ بھی ضروری امر ہے کہ جس طریقہ سے بھی حاضری کی جائے وہ طریقہ عامل کو اچھی طرح یاد ہو اور عامل کا تلفظ اور کلمات کی ادائیگی بالکل درست ہو۔

24۔ احتیاط لازم ہے کہ جس کمرہ میں حاضری کرنا ہو وہ بالکل پاک وصاف ہو۔ اس میں کوئی بھی گناہ کا کام نہ ہوتا ہو۔ حتیٰ کہ سگریٹ نوشی بھی نہ ہوتی ہو اور نہ ہی وہاں پر ٹیلی ویژن ہی چلتا ہو۔ شراب وزنا تو بہت دور کی بات ہے۔

25۔ حاضری والے کمرہ میں ایسا کیلنڈر بھی نہ ہو یا کوئی ایسا اشتہار بھی نہ ہو جس پر کسی عورت کی فحش تصویر ہو۔

26۔ دوران حاضری اس کمرہ میں کوئی بھی شخص سگریٹ نوشی ہرگز نہ کرے۔

بلکہ مناسب تو یہی ہے کہ جہاں سے حاضری کرنا ہو وہاں کم از کم تین چار گھنٹے پہلے ہی سگریٹ نوشی وغیرہ نہ کی جائے۔

27۔ حاضری کے وقت کمرہ میں ایسی خاتون کو نہ آنے دیں جس کو حیض آرہا ہو ۔یا ایسی خاتون جس پر غسل جنابت ولازم ہو۔ اس سے نقصان ہوتا ہے۔

28۔ حاضری کے لیے بالکل صحت مند بچے اور خواتین وحضرات کا ہی انتخاب کرنا چاہیے اور یہ اطمنان کرلیں کہ وہ بالکل صحت مند اور دماغی طور پر بالکل صحت مند ہیں، بیوقوف اور احمق لوگوں پر حاضری ہرگز نہ کریں۔

29۔ کسی بھی بچے یا عورت ومرد پر حاضری نہ کریں جن کو آنکھوں کا بھینگا پن ہو یا جس کی ایک آنکھ مصنوعی ہو یا آنکھوں میں کوئی اور نقص ہو۔ ہاں اگر بینائی کمزور ہو تو کوئی حرج نہ ہیں یہ نقص سے تعبیر نہیں کیا جائے تھا۔

30۔ بطور خاص یہ احتیاط بھی ملحوظ خاطر رہے کہ حاضری کی محفل میں کوئی بھی عورت یا مرد ایسا نہ شامل ہو جس پر غسل جنابت فرض ہو۔ اس طرح پوری محفل سے زیادہ نقصان عامل کو ہوگا۔

31۔ بعض حاضرات میں توشہ کی بھی شرط ہوا کرتی ہے۔ دراصل یہ موکلین کا صدقہ ہوتا ہے۔ جن حاضرات میں توشہ کی شرط ہو ان کی توشہ کے بغیر ہرگز نہ کریں۔ اس سے نقصان بھی ہوگا اور مایوسی بھی ضرور ہوگی۔

خصوصی ہدایات برائے عاملین

اعمال حاضرات شروع کرنے سے قبل جن امور کا جاننا عاملین کے لئے ضروری خیال کیا جاتا ہے انہیں بیان کیا جاتا ہے تا کہ اس طرح کوئی بھی نکتہ عامل

کی نظر سے پوشیدہ نہیں رہے گا اور ان پر عمل کر کے عامل بھی مایوس نہ رہے گا اور نہ ہی اس کو پچھتانا پڑے گا۔

1۔ عمل کا آغاز کرنے سے پہلے کسی شرینی پر حضور غوث پاک سرکار علیہ الرحمتہ اور آپ کے گیارہ خصوصی مریدین کے ناموں کی فاتحہ پڑھ کر شرینی بچوں میں بانٹ دیں اور اس کے ساھت ہی ساتھ خلوص دل سے دعا کریں۔

2۔ عام طور پر حاضرات کے اعمال وغیرہ کا آغاز نوچندی جمعرات کو ہی کیا جاتا ہے۔ لیکن اکثر بزرگوں نے چاند کی گیارہ تاریخ کو بھی افضل قرار دیا ہے۔

3۔ اگر آپ یہ معلوم کرنا چاہیں کہ نوچندی جمعرات کون سی ہے تو آپکو یاد رکھنا چاہیے کہ بدھ کے روز بعد از نماز مغرب جمعرات شروع ہو جاتی ہے۔ کیونکہ اسلامی تقویم سورج کے غروب ہوتے ہی دن تبدیل ہو جاتا ہے۔

4۔ یادرہے کہ ان اعمال کے لئے تنہائی ویکسوئی از بس ضروری خیال کی جاتی ہے اور اسی لئے کہا جاتا ہے کہ ان کے لئے کسی ایک کمرہ کو خصوصی طور پر اختیار کرلیں جہاں پر آپ پوری یکسوئی کے ساتھ عمل کرسکیں۔ اس بات کو بھی یقینی بنائیں کہ آپ کی غیر موجودگی میں بھی کوئی دوسرا وہاں داخل نہ ہونے پائے۔

5۔ دوران جملہ اعمال حاضرات گوشت ہر قسم، کچا لہسن اور پیاز نہیں کھانا اور اسی کے ساتھ ساتھ بیوی کے ساتھ مباشرت بھی نہیں کرنا ہے۔

6۔ یادرہے کہ عمل شروع کرنے سے قبل کسی عامل کامل یا کسی استاد صاحب

سے جوان امور پر مکمل دسترس رکھتے ہوں اجازت لینا بہت ضروری ہوتا ہے تا کہ رجعت کا امکان وخوف لاحق نہ ہو۔

7۔ یاد رہے کہ جیسا کہ ہر عمل کی مقررہ معیاد ہوا کرتی ہے۔ بسا اوقات کسی بھی وجہ سے وقت زیادہ لگ جاتا ہے۔ چنانچہ اگر پہلے چلہ میں کامیابی نہ مل سکے تو اس کو دوبارہ کیا جائے یہی نہیں بلکہ ہوسکتا ہے کہ تیسری مرتبہ بھی کرنا پڑ جائے ان وجوہات کی بنا پر ہرگز بددل نہیں ہونا چاہیے بلکہ اصلاح کی طرف توجہ دینا چاہیے جیسا کہ آپ کو معلوم ہوگا کہ ہر انسان یکساں قوتیں نہیں رکھتا۔ قدرتی طور پر کسی میں کم اور کسی میں زیادہ ہوتی ہے۔

8۔ بدافعال کے عادی لوگوں کو ان اعمال کی طرف نہیں آنا چاہیے کیونکہ ان اعمال کے لئے جماع کی پابندی ہوا کرتی ہے۔ حتی کہ بیوی کے پاس جانے کی بھی پابندی ہوتی ہے۔

9۔ اگر کوئی شخص یہ سمجھتا ہے کہ وہ کمزور دل گردے کا مالک ہے تو اس کو چاہیے کہ ان اعمال کی جستجو ہی نہ کرے کیونکہ اس دوران خوف بھی لاحق ہوتا ہے۔ اگر وہ زیادہ خوفزدہ ہوگیا تو پھر یہ بھی ہوسکتا ہے کہ اس کا دماغ ہی الٹ جائے یا وہ رجعت کا شکار ہو جائے۔ چنانچہ عمل کی ابتدا سے قبل اچھی طرح سوچ بچار کرنا ضروری ہوتا ہے کہ آیا مجھ میں یہ اعمال کرنے کی طاقت بھی ہے یا نہیں۔

10۔ ان لوگوں کے لئے ان اعمال میں خطرات ہی خطرات خیال کئے جاتے ہیں جو کسی بھی آسیبی مرض کا شکار ہوں یا پھر جن پر کسی بھی ذی روح مسلط ہو۔ ایسے لوگ اگر تندرست بھی ہو جائیں تو پھر ان پر عمل نہیں کرنا چاہیے۔

11۔ جن حاضرات میں زکوۃ وغیرہ کی شرط لازمی ہوتی ہے انہیں بغیر زکوۃ کے نہیں کرنا چاہیے۔

12۔ اگر ایک چلہ میں کامیابی حاصل نہیں ہو پاتی تو عمل کو ترک نہیں کرنا چاہیے بلکہ تین چلوں تک بھی اگر لگاتار کرنا پڑے تو ہمت نہیں ہارنا چاہیے۔ ہاں مگر ہر چلہ کامل یقین کے ساتھ کریں کہ یقینی طور پر کامیابی حاصل ہوگی۔ یہ بات مدنظر رکھیں کہ بعض اوقات عملیات کا ظہور دیر سے بھی ہوا کرتا ہے۔

13۔ عمل کسی مخصوص کمرہ میں ہی کیا جائے جہاں پر کسی بھی دوسرے شخص کا آنا جانا نہ ہو۔ اگر یہ مجبوری ہو کہ الگ سے کمرہ دستیاب نہ ہو تو پھر چاہیے کہ آبادی سے دور کسی کھلی جگہ پر جا کر یہ اعمال کئے جائیں۔ ہاں مگر اس بات کی ضرور احتیاط رکھیں کہ کسی کی نظر آپ پر نہ پڑھے۔ ورنہ سب کیا دھرا خاک میں مل جائے گا اور سوائے وقت ضائع کرنے کے کچھ ہاتھ نہیں آئے گا۔

14۔ عمل کے دوران بے تحاشا مشاہدات کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ ان مشاہدات کا ذکر کسی سے ہرگز نہ کریں کیونکہ پردہ داری ہی عملیات کی شرط اولین ہوتی ہے۔ بعض اوقات کسی سے ذکر کرنے کی وجہ سے مشاہدات نظر آنے بند ہو جایا کرتے ہیں۔

15۔ چلہ کشی کے دوران حتی الامکان لوگوں سے ملنے جلنے میں احتراز کرنے اور بہت ضروری ملنے کے علاوہ بالکل ہی تنہائی اختیار کریں تو بہتر ہے۔

16۔ چلہ کشی کے دوران عامل کو چاہیے کہ کسی بھی حال میں کسی سائل کو نقش

وغیرہ لکھ کر نہ دے۔ اسی طرح کوئی آسیبی مریض اگر آجائے تو اس کا علاج نہ کرے وگرنہ نقصان کا احتمال ہے۔

17۔ چلہ کشی کے لئے اگر کمرہ منتخب کر لیا جائے تو پھر اس کو کسی بھی طرح تبدیل نہ کریں وگرنہ چلا بیکار ہو جائے گا۔ اسی طرح جو بھی وقت عمل کرنے کا منتخب کریں اس کی بھی پابندی ضرور کریں کیونکہ روحانیات پابندی وقت کی متقاضی ہوتی ہے۔ اگر وقت کی پابندی نہ کی جائے تو پھر روحانیت حاصل نہیں ہو سکتی۔

18۔ چلہ کشی کے دوران اگر عامل کا سر بھاری ہو جائے اور کندھوں پر وزن پڑے اور دماغ لگے کہ سن ہو رہا ہے تو یہ علامات کامیابی کی دلیل ہوا کرتی ہیں گھبرانا نہیں چاہیے۔

19۔ چلہ کشی کے دوران ہر شخص پر کڑی نظر رکھنا چاہیے۔ اگر کوئی فقیر مانگنے والا آجائے تو اس کے ساتھ بھی فضول بات چیت نہیں کرنا چاہیے اگر ممکن ہو تو کچھ دے دلا کر رخصت کر دینا چاہیے۔

20۔ چلہ کشی کے دوران بسا اوقات یوں ہوتا ہے کہ عامل سے کہا جاتا ہے ہم حاضر ہو گۓ ہیں چنانچہ اب یہ عمل وغیرہ بند کر دیا جائے۔ یاد رکھنا چاہیے کہ عمل پورا کیئے بغیر کسی بھی حال میں عمل کو روکنا خطرے سے خالی نہیں ہوتا ہے۔ اگر ایسا کوی واقعہ پیش آجائے تو ان کی باتوں میں ہرگز نہیں آنا چاہیے۔ وگرنہ شدید ترین خطرات سے دوچار ہونا پڑ سکتا ہے۔ اکثر عاملین انہی وجوہات کی بنا پر اپنا دماغی توازن کھو بیٹھتے ہیں۔ ضرور احتیاط کریں اور خود کو ذہنی طور پر تیار کریں۔

21۔ چلہ کشی ایسے گھر میں ہرگز نہ کریں جہاں پر کوئی بھی آسیبی مریض ہو یا

جہاں پر کسی کے اوپر جنات وغیرہ کا اثر ہو۔ اس طرح متاثرہ افراد بھی پریشان ہو گے اور عمل بھی اکارت جائے گا۔

22۔ چلہ کشی کسی ایسی جگہ یعنی کسی ایسے گھر میں نہ کریں جہاں پر کسی کی غیر طبعی موت واقع ہوئی ہو۔ اس طرح ناکامی کے سوائے کچھ ہاتھ نہیں آئے گا۔

اوقات حاضرات:

یوں تو حاضرات کے لئے کسی بھی مخصوص وقت کی پابندی نہیں ہے۔ ہاں مگر پانچوں فرض نمازوں اور اوقات زوال میں نہیں کرنا چاہیے۔ بعض بزرگوں نے صبح دس بجے کا وقت بہتر ارشاد فرمایا ہے۔ بزرگوں کا کہنا ہے کہ اسی وقت حاضرات کرنا چاہیے اگر عامل خود اپنے آپ پر حاضرات کے تجربے کرنے کا خواہش مند ہو تو پھر اس کے لئے مغرب سے ذرا پہلے کا وقت مناسب ہے جب تمام روحانیت منجمد ہو جاتی ہے۔

حاضرات کی جگہ:

جیسا کہ حاضرات کرنے کے لئے کسی بھی مخصوص وقت کی کوئی قید نہیں ہے اسی طرح حاضرات کے لئے کسی مخصوص جگہ کی بھی کوئی قید نہیں ہوتی ہے۔ ہاں مگر جس کمرۂ خاص میں حاضرات کریں وہ پاک وصاف ہونا چاہیے۔

احتیاط لازم ہے کہ کسی ایسے گھر میں ہرگز حاضرات نہ کریں جہاں پر جنات وغیرہ کا بسیرہ ہو کیونکہ جنات ضرور رکاوٹ ڈالیں گے۔ اسی طرح قبرستان کے نزدیک بھی نہیں کرنا چاہیے۔ بسا اوقات یہ ہوتا ہے کہ جنات حاضرات میں پریشان کر دیتے ہیں اور خود ہی جعلی بزرگ بن کر سوالوں کے جواب دیں گے اور اس طرح کے جواب بھی غلط ہی ہوں گے جو کہ ازاں بعد ماسوائے شرمندگی کے اور کچھ نہ ہوں گے۔

توشہ:

بعض حاضرات کے دوران کچھ اشیاء قریب رکھی جاتی ہیں ان کو توشہ کہا جاتا ہے۔ ان میں برفی، سات رنگوں کی مٹھائی، سبز الائچی، بتاشے اور تازہ پھول غیرہ ہوتے ہیں۔ دراصل یہ موکلین کا صدقہ ہوتا ہے۔ ہو سکے تو ان اشیاء کی خریداری کسی پرہیزگار شخص کی دکان سے کی جائے۔

حاضرات کے بعد ان اشیاء کو کسی ندی یا کسی دریا میں ڈال دیا جائے اور ہرگز مڑ کے پیچھے نہ دیکھا جائے۔ اسی طرح یہ بھی احتیاط کریں کہ اشیاء جب آپ دریا میں ڈالیں تو کوئی آپ کو نہ دیکھ رہا ہو۔ اگر آپ کے نزدیک کوئی ندی یا دریا نہ ہو تو پھر ان اشیا کو کسی ویران جگہ پر بھی ڈال سکتے ہیں مگر ایسی جگہ ڈالیں جہاں ان کی بے حرمتی نہ ہو۔ ویرانے میں بھی اگر یہ چیزیں ڈالنے تو واپسی میں پیچھے مڑ کر نہ دیکھیں۔

حاضرات میں روکاوٹ:

یاد رکھیں کہ بعض گھر یا بعض مقام ایسے بھی ہوتے ہیں کہ جن پر جن بھوت کا قبضہ ہوتا ہے۔ یقیناً وہ حاضرات میں روکاوٹ کا سبب بن جاتے ہیں۔ چنانچہ ایسے گھروں میں یا ایسے مقامات پر حاضرات سے گریز کرنا ہی بہتر ہے۔ جی ہاں! یہاں پر اول تو جنات وغیرہ حاضرات ہی نہیں ہونے دیں گے اور اگر بالفرض محال ہوگی بھی تو یہ جعلی ہی ہوگی۔ عامل کو اگر شک بھی ہو جائے تو اسے فوراً جگہ تبدیل کر لینا چاہیے۔ وگرنہ عامل کے لئے اور معمول کے لئے شدید خطرہ موجود ہے۔

یقین کریں کے بعض اوقات ایسا بھی ہوتا ہے کہ کسی دوسری جگہ یا کسی دوسرے شہر یا گاؤں میں جا کر بھی حاضرات ممکن نہیں ہو پاتی۔ اس کی چند

وجوہات جن میں ایک تو جنات و بھوت وغیرہ کی روکاوٹ پہلے ہی بیان کی جا چکی ہے دوسرے یہ کہ اس شہر یا گاؤں میں کسی صاحب روحانیت کا مزار ہوتا ہے چنانچہ اگر ایسی صورت حال پیش آجائے تو صاحب مزار سے اجازت لے لیں۔ حاضری کھل جائے گی۔

حاضرات میں خطرات:

کوئی بھی غیر شرعی کام اگر عامل معمول سے کہے گا تو اس کو الٹا نقصان ہی پہنچے گا چنانچہ عامل کو احتیاط کرنا چاہیے کہ بزرگوں کے مزاج کے خلاف کوئی کام ہرگز نہ کرے مثلاً انعامی بانڈز وغیرہ کے نمبر معلوم کرنا اور دیگر غیر شرعی امور میں ہرگز کوشش نہ کرے۔

یہ بھی ضروری ہے کہ عامل کو چاہئے کہ پہلے مشورہ کر لے کہ یہ معلومات وہ حاصل کر سکتا ہے کہ نہیں اگر وہ منع کر دیں تو ہرگز اصرار نہ کرے۔ وگرنہ شدید نقصان کا اندیشہ ہوتا ہے۔

حصار:

اگر حصار قائم کرنا چاہیں تو چاقو یا چھری وغیرہ پر چاروں قل شریف اور آیت الکرسی ایک ایک مرتبہ پڑھ کر دم کر کے اپنے چاروں طرف گول حلقے کی صورت میں حصار قائم کر لیں اور جہاں گول حلقہ ملے وہیں چھری یا چاقو گاڑھ دیں۔ ہر عمل میں یہی طریقہ اختیار کریں۔ حصار قائم کرتے ہوئے اس بات کا خاص خیال کریں کہ دائرہ کسی جگہ سے نہ ٹوٹے۔

معمول:

معمول کیسا ہونا چاہیے؟ یہ ایک نہایت ہی اہم اور ضروری سوال ہے۔ یہ بھی اہم بات ہے کہ یہ آخر کس طرح معلوم ہو پائے گا کہ اس بچے پر حاضرات

ہوگی بھی کہ نہیں ۔ کیونکہ ہم نے تو بچے پر حاضرات کی ہے اور نہیں ہوئی ۔ لہذا
عامل کو ایسا مجرب اور آزمودہ عمل معلوم ہونا چاہیے کہ جس سے حاضرات میں
ناکامی کا اندیشہ نہ ہو۔

معمول کیسا ہو؟ اس کا سیدھا سا جواب تو یہ ہے کہ معمول اگر بچہ ہو یا
بچی ہو اس سے کوئی فرق نہیں پڑتا ہے۔ اسی طرح عمر کی بھی کوئی قید نہیں ہے۔ یہ
بھی ضروری نہیں ہے کہ معمول پرہیز گار ہو یا پانچوں وقت کا نمازی ہی ہو۔
کیونکہ تجربات سے یہ باتیں ثابت ہو چکی ہیں ۔ ہاں مگر معمول تندرست ہو،
بیوقوف نہ ہو اور بالکل چاق و چوبند ہو۔ اسی طرح وہ کسی بیماری میں مبتلا نہ ہو اور
نہ ہی کسی آسیبی مرض میں بھی مبتلا نہ ہو اور نہ ہی کسی ذہنی پریشانی کا شکار ہو۔

دوسرے سوال کا جواب یہ ہے کہ جب کسی بھی بچے پر حاضری کی جاتی
ہے تو اس ہر درج ذیل علامات نمودار ہوتی ہیں ۔ اگر یہ نمودار نہ ہوں تو پھر یہ
یقین کریں کہ حاضری نہیں ہو سکتی لہذا وقت ضائع کرنے کی ضرورت نہیں ہے۔
چنانچہ کسی دوسرے بچے پر اس کا تجربہ کرلیں۔

علامات یہ ہیں کہ حاضری کے وقت بچے کا سر اور آنکھیں بھاری ہو
جاتی ہیں۔ اس کا سر درد سے پھٹنے لگتا ہے اور اس کی آنکھوں کے سامنے بجلی جیسی
چمک نظر آتی ہے۔ اگر حاضرات کے وقت بچے پر یہ علامات ظاہر نہ ہوں تو
حاضری نہیں ہوگی۔

خطرات:

عام طور پر حاضرات کے لئے معمول بچوں کے والدین اور عزیز و
اقارب خوفزدہ ہوتے ہیں کہ کہیں ان کے بچے کو کچھ خطرہ نہ لاحق ہو جائے ۔ مگر
یاد رہے کہ حاضری میں بزرگوں کی ہی حاضری ہوتی ہے۔ چنانچہ ان سے خوفزدہ

ہونے کی قطعاً کوئی ضرورت نہیں ہوتی لیکن یہ ضروری او ہے کہ حاضری سے قبل
بچے کے والدین سے یہ معلومات ضرور حاصل کرلیں کہ بچے کو کسی آسیبی مرض کا
عارضہ تو نہیں ہے یا یہ کہ اس کو پہلے کوئی عارضہ تو نہیں تھا۔ اگر ایسا ہوا تو پھر اس
بچے کو معمول بنانا خطرے سے خالی نہیں ہوگا۔

دوسری بات یہ ہے کہ عامل کو چاہیے کہ کسی ایسی جگہ یا گھر میں معمول
کو لے جا کر حاضری نہ کرے جہاں پر جنات وغیرہ کا بسیرہ ہو۔ اس طرح
سے معمول کو اور عامل کو یعنی دونوں کو ہی خطرات لاحق ہو سکتے ہیں۔ ان امور
کی طرف بطور خاص توجہ مرکوز رکھنا ازبس ضروری ہوتا ہے۔ وگرنہ نقصان
ضرور ہوتا ہے۔

ممنوعات:

یاد رکھنا چاہیے کہ جب حاضرات کا عمل کیا جائے تو اس کو ہر کس و
ناکس سے حتی الامکان پوشیدہ رکھا جائے ۔ اسی طرح جو مشاہدات دوران
عمل دکھائی میں تو ان کو بھی اپنے آپ تک ہی محدود رکھے ۔ یہ بات بھی قابل
غور ہے کہ اگر موکل کوئی چیزیں بطور نشانی دیں ان کا ذکر کسی سے بھی نہ کریں
وگرنہ وہ چیزیں غائب ہو جائیں گی ۔ اور ان کا دوبارہ ملنا بھی محال ہی ہوگا
یعنی دوبارہ ملنا ناممکن ہوگا۔

ضروری بات یہ بھی ہے کہ کبھی بھی شعبدہ کے پر حاضرات سے کوئی کام
نہ لیں بلکہ کسی بھی شخص کے علم میں یہ آنے پائے کہ آپ کے قبضہ میں کوئی موکل
یا زی روح وغیرہ ہے۔ بہتر تو یہی ہوگا کہ ان کو ہمہ وقت ساتھ رکھنے کا وعدہ ہی نہ
کیا جائے کیونکہ روحانیت اگر ہمہ ساتھ رہے گی تو عامل کے سر اور دماغ پر اتنا
وزن پڑے گا کہ نا قابل برداشت ہوگا اور عامل کوئی بھی دوسرا کام کرنے کے

قابل نہیں رہے گا۔ اسی لئے بزرگوں نے اعمال تسخیر کے سلسلہ میں یہ بات بطور خاص تحریر کی ہے۔

اس طرح چلہ کشی کے دوران جلالی و جمالی پرہیز ضرور کیا جائے اور جماع سے مکمل طور پر خود کو بچائے رکھیں کیونکہ یقیناً اس دوران شہوت میں بھی زیادہ تیزی ہو جاتی ہے۔

اس کے علاوہ دوران چلہ کشی ہر قسم کا گوشت اور انڈاہ اور بد بودار اشیاء سے مکمل پرہیز کیا جائے۔ یہی نہیں بلکہ غصہ اور لڑائی جھگڑا سے بھی ہر ممکن طریقہ سے خود کو بچائے رکھیں۔ کیونکہ عام طور پر چلہ کشی کے دوران ایسی باتیں ہو ہی جایا کرتی ہیں۔ اسی لئے مناسب یہی ہوتا ہے کہ عام طور پر لوگوں سے ملنا جلنا ترک کر دے یا بہت ہی کم کر دے۔

عمل کے دوران کسی بھی قسم کے شک وشبہ سے خود کو بچائے رکھے۔ اور یقین کامل کے ساتھ عمل کو جاری رکھے۔ اگر کوئی شخص زندگی کے کسی بھی حصہ میں کسی آسیبی مرض کا شکار ہو چکا ہو تو ایسے شخص کو ان اعمال سے دور ہی رہنا چاہیے۔

اسی طرح کسی ایسی جگہ بھی عمل نہیں کرنا چاہیے جہاں پر کسی کی غیر طبعی موت واقع ہو چکی ہو یعنی جہاں کوئی جل کر مر گیا ہو یا قتل ہو گیا ہو یا کسی خودکشی کر لی ہو تو ایسے گھر میں عمل نہیں کرنا چاہیے۔ اسی طرح جہاں یہ شک ہو کر اس جگہ یا اس گھر میں جنات کا بسیرہ ہے تو ایسی جگہوں یا گھروں میں عمل کرنا مناسب نہیں ہوتا۔

اور کسی نے بھی ان امور پر خاص توجہ نہ دی اور احتیاط سے کام نہ لیا تو پھر اس کو رجعت کا شکار ہونا پڑ سکتا ہے۔ ان باتوں کو بیان کرنے کا مقصد ہی یہی

ہے کہ عاملین کو کسی بھی طرح سے نقصان کا اندیشہ نہ رہے۔ احتیاط بہت ہی زیادہ مفید ہوا کرتی ہے۔

رجعت:

عام طور پر یہ دیکھا گیا ہے کہ لوگ بازار سے کتابیں یا رسائل خرید کر ان میں درج عمل پڑھ کر چلہ کشی شروع کر دیتے ہیں جس کی وجہ سے ایسا کرنے والے رجعت کا شکار ہو جاتے ہیں۔ ہمارا یہ خیال ہے کہ جب تک کسی عامل یا کسی مستند استاد کی سرپرستی حاصل نہ ہو ایسا کوئی عمل نہیں کرنا چاہیے۔ کیونکہ ایسا کرنے سے فائدہ کم اور نقصان زیادہ حاصل ہوتا ہے۔ یاڈر ہے کہ اگر ایک مرتبہ رجعت کا کوئی شکار ہو جائے تو پھر اس کا کوئی علاج نہیں ہوتا ہے۔

یہ بھی دیکھنے میں آیا ہے کہ عمل میں کسی غلطی یا کوتاہی کی وجہ سے دماغ پر منفی اثرات پڑتے ہیں اور یہ اس حد تک ہوتے ہیں کہ بندہ پاگل نہیں تو مخبوط الحواس ضرور ہو جاتا ہے یعنی ایسا کرنے والے اپنی سدھ بدھ کھو بیٹھتے ہیں۔ ایسا بھی ہوتا ہے کہ لوگ کسی کے کہنے سے عمل شروع کر دیتے ہیں حالانکہ بتلانے والا عمل کا عامل ہی نہیں ہوتا ہے۔ ایسا کرنا بھی خطرے سے خالی نہیں ہوتا ہے

اسی طرح کتابوں وغیرہ میں درج عمل کرنے سے بھی نقصان ہوتا ہے اگر چہ کتابوں میں لکھا تو ٹھیک ہی ہوتا ہے مگر کسی بھی کتاب میں عمل کے ساتھ تمام احتیاطیں تو درج نہیں ہوتیں۔ اس لیے ان اعمال کو کسی استاد یا اپنے پیرومرشد سے اجازت لیکر ہی شروع کرنا چاہیے تا کہ رجعت کا شکار نہ بننا پڑے۔ ایک مسئلہ اجازت کا بھی ہے۔ ہمارے خیال میں تو اجازت ایسے شخص سے لینا چاہیے جو کہ عملیات میں دسترس رکھتا ہو یا پھر عامل کا مرشد ہو۔ چانچہ ان کی رہنمائی میں عمل کرنے والے کو کسی بھی قسم کی کوئی پریشانی نہیں ہو سکتی۔

چند ضروری باتیں قارئین کرام کی بھلائی کے لئے درج کی جارہی ہیں تاکہ کوئی بھی ابہام باقی نہ رہے۔

1۔ بعض اوقات ایسا بھی ہوتا ہے کہ کسی نے عمل شروع کیا اور دوران چلہ اس کو ایسی مجبوری آن پڑی کہ اس کے لئے چلہ پورا کرنا مشکل ہو گیا اور درمیان میں ہی مجبوراً چھوڑنا پڑ گیا۔ مثلاً گھر میں کسی کا شدید بیمار ہونا، بیوی بچوں میں سے کوئی بیمار ہونا یا پھر کسی قریبی عزیز کی وفات ہو جانا۔ لیکن یاد رہے کہ کسی بھی حال میں عمل اگر موقوف کیا جائے گا تو پھر عمل کرنے والا یقیناً رجعت کا شکار ہو جائے گا۔

2۔ ایسا بھی ہوتا ہے کہ دوران چلہ کشی کچھ عجیب وغریب چیزیں دیکھیں اور عمل کو ادھورا چھوڑ دیا۔ اس طرح بھی عمل کرنے والا رجعت کا شکار ہو جاتا ہے۔

3۔ دوران چلہ کشی یہ بھی ہوتا ہے کہ روح حاضر ہوئی اور پڑھنے والے سے کہا کہ اس کا عمل کامیاب ہو چکا ہے اور ہم حاضر ہیں۔ چنانچہ عمل کی پڑھائی بند کردے تو جو لوگ اس چکر میں آکر عمل بند کر دیتے ہیں وہی رجعت کا شکار ہو جاتے ہیں۔ اور یہ ہوتا اسی وقت ہے کہ جب کسی کامل استاد کی یا پیرومرشد کی رہنمائی حاصل نہ کی جائے۔

4۔ یاد رہے کہ رجعت کا شکار لوگ پورے جسم میں شدید درد کا شکار ہر وقت رہتے ہیں۔ انہیں جب دورہ پڑتا ہے تو ان کے ہاتھ پیر مڑ جاتے ہیں اور یہ اپنے ہوش وحواس کھو بیٹھتے ہیں۔ اس طرح ان کے تمام تر معمولات یعنی کاروبار وغیرہ تباہ برباد ہو کر رہ جاتا ہیں۔

دوسری کیفیت دماغی خرابی کی صورت میں نظر آتی ہے کہ بندہ پاگل ہو

جاتا ہے اور نہ وہ کسی کو پہچانتا ہے اور نہ ہی کس سے کلام ہی کرتا ہے۔ چنانچہ پوری زمہ داری اور احتیاط کے ساتھ ان اعمال کی طرف توجہ مرکوز کرنا چاہیے مبادا نقصان سے دوچار نہ ہونا پڑھے۔ کیونکہ بعض اوقات نقصانات ایسی صورت حال اختیار کر جاتے ہیں کہ پھر ان کا ازالہ ممکن ہی نہیں ہو پاتا پھر ان کا پورا گھر ہی پریشان ہو جاتا ہے۔

ہم نے ان امور کی طرف پوری سچائی کے ساتھ آپکی رہنمائی کر دی ہے کہ جن پر عملکرنے سے آپ بہت سی پریشانیوں اور قباحتوں سے احسن طریقہ سے بچ سکتے ہیں اور ان پر عمل کر کے آپ بڑے سے بڑے فوائد بھی حاصل کر سکتے ہیں۔ یہ باتیں یقیناً تجربات کا نچوڑ ہوا کرتیں ہیں اور یہ باتیں ایسی ہوتی ہیں کہ ہر کس وناکس آپ سے بیان بھی نہیں کرے گا ہماری دعا ہے کہ اللہ کریم علیم وخبیر آپ کو اپنے نیک مقاصد میں کامیاب وکامران فرمائے۔ اور تمام تر پریشانیوں سے آپ کو اور آپ کے اہل خانہ کو محفوظ ومامون رکھے۔ آپ بھی ہمیں اپنی نیک دعاؤں میں یاد رکھئے گا۔ اللہ تعالیٰ آپ کو جزائے خیر عطا فرمائے۔

والسلام

پبلیشرز

دعوت کلمہ طیب برائے حاضری مؤکل

عبارتِ عمل:

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ

طریقہ زکوٰۃ:

جاننا چاہیے کہ یہ عمل بڑا متبرک ہے۔ لہٰذا شائقینِ مؤکلات کو چاہیے کہ اس کا چلہ ضرور کریں۔ اللہ رب العزت آپ کو ضرور کامیاب کرے گا۔ عروج ماہ قمری میں ماہِ ثابت میں عامل کسی خلوت کے مکان میں گوشہ نشینی اختیار کرے۔ اور کسی مرد یا عورت کی شکل نہ دیکھے۔ اور آسمان و بیت الخلاء میں فضلے پر نگاہ نہ کرے اور ترکِ جلالی و جمالی کرے اور نمازِ پنجگانہ قضا نہ ہونے دے۔ دورانِ چلہ کسی سے گفتگو نہ کرے۔ درود شریف و استغفار کا فارغ اوقات میں وِرد کیا کرے۔ اگر نماز تہجد و چاشت و اشتراق کی بھی نماز پڑھا کرے تو بہت خوب ہے۔ غذاء میں جَو کی روٹی، نمک اور روغنِ زیتون یا کھجور استعمال کرے۔ چاہ یا دریا یا پھر چشمے کا پانی استعمال کرے۔ اگر دَس یوم تک روزہ بھی رکھے تو ہر صورت سے عامل اپنے مقصد میں کامیاب ہوگا۔

یہ عمل صرف دَس یوم کا ہے۔ بروز نوچندی اتوار یا جمعرات کو بعد نمازِ فجر ڈھائی ہزار مرتبہ کلمہ طیب معہ اوّل و آخر گیارہ مرتبہ درود شریف کے ورد کیا کرے لیکن حصار پہلے ضرور کرلے۔ اسی طرح پانچوں وقت کی نمازوں کے بعد

کیا کرے۔ دورانِ پڑھائی اگر بتی کا بخور روشن کرے اور لباس و مصلہ سفید رنگ کا بغیر سلا ہوا استعمال کرے۔ اپنا لباس احرام کی صورت میں استعمال کرے اور قبلہ کی سمت منہ کر کے بیٹھے۔ آخری دِن یعنی دسویں یوم ...... بعد نمازِ عشاء جب آپ کی پڑھائی ختم ہوگی تو یکا یک ایک مؤکل نمودار ہوگا۔ اور عامل کو نہایت ادب سے السلام علیکم کہے گا۔ عامل اس کا جواب وعلیکم السلام دے۔ پھر وہ عامل سے دریافت کرے گا کہ مجھے کیوں بلایا ہے۔ پس عامل اس سے کہے کہ مجھے جس وقت کوئی دنیاوی حاجت پیش آئے گی تم اس میں میری معاونت کرنا اور اس سے جلد حاضر ہونے کا بھی طریقہ دریافت کرلینا۔ چنانچہ وہ اپنی جلد حاضری کا طریقہ آپ کو بتائے گا۔ جب بھی آپ اس طریقہ پر عمل کریں گے وہ فی الفور حاضر ہوا کرے گا اور دنیا کا بڑے سے بڑا، مشکل ترین کام چشمِ زدن میں پورا کردے گا۔ جب وہ تمام باتوں کا اقرار کرلے گا تو پھر کچھ اپنی بھی شرائط عامل پر لگائے گا۔ مثلاً ہر وقت پاک و طاہر رہنا، نمازِ پنجگانہ ادا کرنا، فسق و فجور سے بچنا وغیرہ۔ پھر جب آپ سے اقرار کرلے گا تو آپ اس کو اسلام علیکم کہہ کر رخصت کردیں۔ وہ آپ کی آنکھوں سے اوجھل ہوجائے گا۔ اب آپ دو رکعت نمازِ شکرانہ ادا کریں اور خدا کا شکر بجالائیں اور کسی سفید شیرینی پر مؤکلات کلمہ طیبہ کی نیاز دیں اور شیرینی تمام کی تمام خود کھالیں۔ اب آپ کا عمل تمام ہوا لہٰذا خلوت سے نکل کر اپنے کام کاج میں مشغول ہوں اور اپنے عمل کا اظہار کسی دوسرے شخص

پر ہرگز نہ کریں اور روزانہ کم از کم پانچ سو مرتبہ کلمہ طیبہ کا وِرد رکھا کریں تا کہ عمل
قابو میں رہے۔ نیز مخلوقِ خدا سے شفقت سے پیش آئیں اور ان کی خدمت کرنا
اپنا فرض سمجھیں۔ عملِ ہذا کی کامیابی پر ہرگز مغرور نہ ہوں اور مؤکل سے کسی بھی
ناجائز کام کو کروانے کی کوشش نہ کریں ورنہ عامل اپنی جان سے ہاتھ دھو بیٹھے گا۔
اس عمل کے لامتناہی فیوض و برکات ہیں۔ اگر کوئی شخص اس عمل کا عامل
ہو کر دنیا میں نیکی کا کام کرے گا تو اللہ پاک اس کو اپنے نیک بندوں میں شامل
کرلیں گے اور صاحبِ کشف بنادیں گے اور عامل کا قلب مثلِ آئینہ ہوگا۔
عذابِ قبر سے وہ شخص محفوظ رہے گا۔ نیز اللہ پاک اس کی بخشش کردیں گے۔ یہ
میں اپنی طرف سے نہیں کہہ رہا ہوں بلکہ احادیث نبویؐ میں یہ مذکور ہے۔
اس عمل کو کرنے سے پہلے کسی بزرگِ کامل یا اپنے پیرومرشد یا پھر اپنے
استاد سے اجازت لے لیں تا کہ ان کی سرپرستی رہے۔ یہ عمل مجھے حضرت قلندر
شاہ صاحبؒ جے پوری کے مرید خاص محترم جناب سلطان العارفین مرحوم نے
عطا کیا تھا لہٰذا جو حضرات اس عمل سے فیض اٹھائیں مرحوم کے لئے فاتحہ خوانی
کریں اور ان کے لئے مغفرت کریں۔

حاضرات یاجوج وماجوج

**عَزَّمْتُ وَاَقْسَمْتُ عَلَیْکُمْ اُجِیْبُوْ وَاُحْضِرُوْ یَا یَا جُوْجَ یَا
مَاجُوْجَ بِحَقِ شَیْخُ اللُّجُوْج وَبِحَقِ ذُوالقَرْنَین وَبِحَقِ**

عِیْسٰی رُوْحُ اللہ۔

طریقہ زکوٰۃ:

اس حاضرات کی زکوٰۃ کل دس یوم میں ادا کی جاتی ہے۔ روزانہ پڑھنے
کی تعداد درج ذیل ہے۔ دوران زکوٰۃ پرہیز ترک جلالی کریں۔

(۱) 86 چھیاسی	(۲) 77 ستتر	(۳) 79 اناسی
(۴) 82 بیاسی	(۵) 79 اناسی	(۶) 116 ایک سوسولہ
(۷) 77 ستتر	(۸) 79 اناسی	(۹) 82 بیاسی
(۱۰) 79 اناسی		

واضح ہو کہ روزانہ جس ترتیب سے مقررہ تعداد دی گئی ہے اس میں
بالکل کمی یا بیشی نہیں ہونی چاہیے ورنہ زکوٰۃ باطل ہوجائیگی۔ عامل سب سے
پہلے ایک عدد دومنہ کا تانبے اور لوہے کی مخلوط دھات کا چراغ بنوائے جس کا
وزن چودہ تولے سے زیادہ نہ ہو اور ایک عدد تانبے اور لوہے کی پلیٹ بھی بنوائے
اسکا وزن چودہ تولے سے زیادہ نہ ہو۔ یہ دونوں چیزیں آپ بروز نوچندی اتوار کو
شمس کی کسی اچھی ساعت میں بنوا کر نقش کندہ کروائیں اور بیس عدد اسی نقش کے
فتیلے بھی شمس کی ساعت میں بنائیں۔ بخور شمس باریک پیس کر علیحدہ رکھ لیں۔
جب یہ سامان مہیا ہوجائے تو پھر آپ بروز نوچندی اتوار سے شب ٹھیک بارہ
بجے قبلہ رو ہو کر بیٹھیں اور بخور روشن کر کے چراغ میں روغن تلخ ڈال کر اس میں
دو عدد فتیلے روشن کر کے پلیٹ پر دھواں جمع کریں اور خود عبارت کا ورد شروع

کردیں۔ جب آپ کا ورد ختم ہو تو دونوں فتیلے جل کر ختم ہو جانے چاہیں۔ یہ ضروری ہے۔ دوسرے دن نئے فتیلے جلائیں گے۔ جب آپ روز اول اپنا ورد مکمل کرلیں تو پھر چراغ کا دھواں جو آپ نے پلیٹ پر جمع کیا ہے اسکو کھرچ کر نکال کر اس میں چراغ کا روغن تلخ ملا کر دم کریں اس طرح روزانہ کا جل جمع کر کے اس پر دم کردیا کریں۔ یہ کل دس یوم کا چلہ کریں۔ آخر دن جب آپ کا ورد مکمل ہو جائے تو کسی سفید شرینی پر نیاز دیں اسکا ثواب ذوالقرنین اور حضرت عیسیٰ علیہ السلام کو پہنچائیں۔ اب آپ اس عمل کے عامل ہیں لیکن زکوٰۃ قائم رکھنے کیلئے عزیمت مذکور کم از کم چھہتر مرتبہ روزانہ ورد کیا کریں نیز کاجل، چراغ، پلیٹ اور بخور کو بحفاظت محفوظ رکھیں۔

ترکیب حاضرات

یہ حضرات عامل خود دیکھ سکتا ہے جبکہ معمول لڑکے یا لڑکی پر اس حاضرات کا کھل جانا ایک ادنیٰ سا کرشمہ ہے۔ بروز نوچندا اتوار عامل شب کو ٹھیک بارہ بجے پاک صاف باوضو ہو کر قبلہ رو بیٹھے اور چراغ، پلیٹ، بخور شمس روشن کرے۔ پلیٹ کے بیچ میں گولائی سے روغن تلخ ملا ہوا کاجل لگائے اور پلیٹ کو سامنے کھڑا کر کے رکھے۔ پلیٹ کے سامنے روشن چراغ رکھیں اور نیاز دیکر عزیمت عمل چھہتر مرتبہ پڑھتے ہوئے کاجل میں چراغ کی لو پر نگاہ رکھیں۔ انشاء اللہ تعداد عمل مکمل ہونے سے قبل ہی حاضرات کا نزول ہو جائیگا۔ پس ایسے

وقت پر انکی حاضری کا شکریہ ادا کرنے پر آئندہ جلد حاضر ہونے کا وعدہ لیں نیز ان سے یہ بھی وعدہ لیں کہ جب بھی اور جس دن بھی بلائیں حاضر ہوں۔ اگر وہ خود بتائیں کہ فلاں دن یا فلاں وقت حاضرات کیا کرو تو آپکو انکی یہ بات ماننی پڑے گی۔ یہ بھی وعدہ لیں کہ ہر خبر سچی بتائیں جو کہ تم بتا سکتے ہو۔ پھر آپ ان کو شکریے کے ساتھ رخصت کریں۔ آئندہ آپ جب بھی حاضرات کریں گے فوراً حاضر ہوں گے جو بات آپ معلوم کریں گے بتائیں گے۔

حاضرات ھاروت و ماروت

وَمَاۤ اُنۡزِلَ عَلَی الۡمَلَکَیۡنِ بِبَابِلَ هَارُوۡتَ وَمَارُوۡتَ ٥

طریقہ زکوٰۃ:

اس عمل کی زکوٰۃ تینتیس یوم میں ادا کی جاتی ہے۔ روزانہ پڑھنے کی تعداد ترتیب وار درج ذیل ہے۔

1729	(4)	1729	(3)	1768	(2)	1734	(1)
1798	(8)	1758	(7)	1735	(6)	1778	(5)
1758	(12)	1729	(11)	1738	(10)	1758	(9)
1738	(16)	1748	(15)	1748	(14)	1798	(13)
1729	(20)	1730	(19)	1730	(18)	1778	(17)
1729	(24)	1733	(23)	1758	(22)	1730	(21)
1734	(28)	2128	(27)	1734	(26)	1928	(25)
1734	(32)	1928	(31)	1729	(30)	1768	(29)
						2128	(33)

مندرجہ بالا روزانہ کی جو تعداد مقرر کی گئی ہے اس میں بالکل فرق نہیں ہونا چاہیے۔ نہ اس میں کمی ہو اور نہ ہی زیادتی۔ اگر کمی یا بیشی بالفرض کسی دن ہوگئی تو آپکا عمل فاسد ہو جایگا اور آپکو نیا چلہ شروع کرنا ہوگا۔ گو کہ یہ عمل میری نظر میں بہت لمبا ہے لیکن آپ اس عمل کا بدل کوئی دوسرا عمل نہیں کرسکیں گے

کیونکہ اول تو اس میں نابالغ لڑکے یا لڑکی کی کوئی قید نہیں ہے بلکہ یہ حاضرات عامل بچشم خود مشاہدہ کرتا ہے اور اگر عامل حاضرات سے مخفی علوم سیکھنا چاہیے تو اس کی بھی عامل کو تعلیم دیا کریں گے اور اس سے بڑھ کر آپ کو حاضرات کیا دیگی؟ یہ حاضرات اتنی زبردست ہے کہ میں اس کی قلم وزبان سے تعریف نہیں کرسکتا۔ اس کے لیے ایک علیحدہ کتاب بھی لکھدوں تو شاید اس کی تعریف مکمل نہ ہوسکے گی۔

طریقہ زکوٰۃ:

قران زہرہ و مشتری کے وقت سات تولہ تابنہ اور سات تولہ قلعی لیکر اس کا ایک عدد مخلوط دھات کا چراغ بنوا کر اس پر نقش ہذا کندہ کریں اور چراغ پر معکوس نقش و تصویر کندہ کریں اور بخور زہرہ و مشتری برابر روشن کرتے رہیں نیز 33 عدد نقش کا فتیلہ بھوج پتر پر لکھیں۔ یہ دوران چلہ کشی روزانہ ایک عدد جلانا ہوگا۔ نیز ایک عدد تانبہ و قلعی کی مخلوط دھات کی پلیٹ بنائیں جس کا وزن چودہ تولہ سے زائد نہیں ہونا چاہیے۔ یہ تمام کام آپکو قرآن السحدین میں کرنا ہوگا اور بخور زہرہ و مشتری کو برابر روشن کرنا ہوگا۔ تمام فتیلوں پر کپاس کی روئی لپیٹ لیں اور پلیٹ پر بھی نقش و تصویر کندہ کرنا چاہیے۔

بروز نوچندی جمعرات (شب جمعہ رات) ٹھیک بارہ بجے عامل ترک جلالی کرے اور چراغ، پلیٹ، فتیلہ اور بخور زہرہ و مشتری سامنے رکھے اور چراغ میں روغن تلخ یا روغن انکول یا روغن کنجد سیاہ ڈالے اور فتیلہ ایک عدد روشن کرے اور اسکی لو سے جو دھواں کا جل کی شکل میں نکل رہا ہے اسکو پلیٹ پر جمع کرتا

رہے۔روزانہ یہ کاجل کھرچ کرنکال لے اور اس پر پڑھائی کے بعد پھونک مار دیا کرے لیکن اس میں پہلے روغن ملالیں پھر دم کیا کریں۔بخور زہرہ و مشتری برابر روشن کرتے رہیں نیز عمل ھذا مقرر تعداد میں مہ اول آخر گیارہ بار درود شریف ورد کریں۔فتیلہ اس حساب سے چراغ میں جلاتے رہیں کہ جب آپکی پڑھائی ختم ہوتو تمام فلیتہ بھی اسی وقت جل جانا چاہیے۔اسی طرح کل 33 یوم کا چلہ مکمل کریں۔آخری دن موکلات کی نیاز 33 عدد برفی پر دیں اور یہ شرینی عامل خود چند یوم میں کھالے۔اب آپ اس حاضرات کے عامل ہیں۔زکوٰۃ قائم رکھنے کے لئے روزانہ آیت مذکور کم از کم ایک سو ایک بار ورد کریں نیز چراغ، پلیٹ، کاجل اور بخور کو بحفاظت محفوظ رکھیں۔بوقت حاضرات یہ تمام چیزیں استعمال میں آئیں گی۔

ترکیب حاضرات

بروز نوچندی جمعرات (شب جمعہ رات) ٹھیک بارہ بجے آپ چراغ، پلیٹ، کاجل، بخور زہرہ و مشتری، ایک عدد فتیلہ اور چراغ میں ڈالنے کے لئے روغن لیکر بیٹھیں اور سب سے پہلے بخور روشن کریں۔پھر ایک عدد فتیلہ چراغ میں روغن ڈال کر روشن کریں۔پھر پلیٹ کے درمیانی دائرے میں جہاں نقش و تصویر کندہ ہے کاجل روغن ملا ہوا لگائیں تاکہ اس میں چمک پیدا ہو۔اب آپ چراغ کے پیچھے پلیٹ کھڑی کرکے رکھیں تاکہ چراغ کی لو پلیٹ کی سیاہی میں نظر آئے۔اب آپ اول گیارہ بار درود شریف پڑھ کر آیت مذکورہ ورد کرنا شروع

کریں اور اپنی نگاہ پلیٹ کی سیاہی میں چراغ کی لو پر رکھیں چند لمحے بعد حاضرات کھل جائیگی۔

حاضرات نیلم پری

لا الہٰ کا کوٹ الا اللہ کی کھائی

جیوے نیلم پری جو حاضرات گھیر کے لائی

نوچندی جمعرات کو شب بارہ بجے کے بعد بہتے پانی کے کنارے بیٹھ کر اس عمل مبارک کو 342 مرتبہ 40 یوم تک پڑھیں۔ اول وآخر 100 مرتبہ درود شریف پڑھیں۔ عمل شروع کرنے سے قبل اپنے اردگرد حصار کر لیں۔ عمل کے لئے کوئی ایسی جگہ منتخب کریں جہاں پر آتے جاتے وقت یا عمل کرتے وقت کوئی شخص آپ کو دیکھ نہ سکے۔ دوران چلہ اگر کسی نے آپ کو دیکھ لیا تو چلہ بیکار ہونے کے ساتھ ساتھ کی گئی محنت بھی ضائع ہو جائے گی اس لئے احتیاط کریں۔

دوران عمل آپ کو خوفناک صورتیں بھی نظر آیا کریں گی لیکن حصار کے اندر آنے کی قدرت نہیں رکھتیں۔ اس لئے ان سے ڈرنا بزدلی ہوگی۔ بعض ذی روحیں نیلم پری کے روپ میں حاضر ہوں گی اور آپ کو کہیں گی کہ نیلم پری حاضر ہو گئی ہے۔ آپ عمل پڑھنا بند کریں لیکن خبردار آپ ان کی کسی بھی بات میں نہ آئیں اور نہ ہی ان کی کسی بات کا جواب دیں۔ نہ ہی ان سے کوئی چیز لیں۔ آخر روز عمل شروع کرنے سے قبل اپنے پاس توشہ رکھیں۔ سوا پاؤ دودھ کی

کھیر اپنے ہاتھوں سے پکی ہوئی، پانچ عدد پوری اور پانچ گجرے موتیے کے پھولوں کے۔

عمل کے اختتام پر نیلم پری بمع ایک بزرگ صورت جن کے حاضر ہوگی اور مسکرا کر اس بزرگ کا ہاتھ آپ کے ہاتھ میں دے کر واپس لوٹ جائے گی۔ یہ توشہ آپ نیلم پری کو پیش کریں گے۔ جو وہ اپنے ساتھ لے جائے گی۔ آپ ہر قسم کی رجعت سے بچ جائیں گے۔ حاضری پر شرائط سوچ سمجھ کر طے کریں۔ بصورت دیگر بعد میں پریشانی ہوگی۔ اجازتی عمل ہے لہٰذا اجازت ضرور لیں ورنہ رجعت کا خطرہ لاحق رہے گا۔

صدری حاضرات

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

سلطان شیخ الہند میری آس پجا دے

صدقہ پنجتن پاک حاضرات دکھا دے

یہ عمل ونجووالی (وزیرآباد) علاقے میں موجود سرکار شیخ الہند کے مزار پر حاضری کے لئے پڑھا جاتا ہے۔ ایسے احباب جو سرکار شیخ الہند کے مزار پر حاضری دے سکیں تو آپ پھول اور حاضری (نیاز) لے کر آئیں اور عصر اور مغرب کے درمیان بلا تعداد یہ عمل پڑھیں۔ بعدازاں فاتحہ دے کر نیاز بچوں میں بانٹ دیں اور دعا کریں کہ کہ یا حضرت شیخ الہند سرکار میری حاضرات کھول دے۔ رات کو اپنے گھر میں صرف اول وآخر 14 مرتبہ درود شریف اور عبارت عمل 101 مرتبہ

مسلسل 21 یوم تک پڑھیں۔ انشاء اللہ اکیسویں شب سرکار حاضرات حاضر کریں گے۔ بصورت دیگر آپ کو خواب میں مختلف اطلاعیں ملنا شروع ہوجائیں گی۔ آپ کو جو ملے اسی پر اکتفا کریں۔ اگر حاضرات حاضر نہ ہو تو صرف رات کو استخارہ کی طرح اس عمل کو 41 مرتبہ پڑھ کر سوجائیں۔ اول وآخر پانچ پانچ مرتبہ درود شریف پڑھیں۔ خواب میں سب کچھ بتادیا جائے ا۔ نایاب اور صدری عمل ہے جو کہ آپ کی نذر کردیا گیا ہے۔ اعتقاد اور بزگان دین سے عقیدت کا اظہار جلد کامیابی عطا کرے گا۔ دعا گوہوں کہ رب العزت آپ کو کامیابی سے ہمکنار کرے۔

حاضرات سحر گلاب

سحر گلاب بحق سلیمان بن داؤد علیہ السلام

طریقہ:

گیارہ بار درود شریف پڑھ کر اکتالیس بار مندرجہ ذیل بالا عزیمت پڑھے۔ سحر گلاب حاضر ہوگی اور آپکے دائیں ہاتھ پر وزن ڈالے گی۔ دوسرا طریقہ یہ ہے کہ رات بارہ بجے کے بعد ایک کاغذ پر اپنا سوال لکھے اور کاغذ قلم تکیہ کے قریب ہی رکھ لے۔ گیارہ بار درود شریف اور اکتالیس مرتبہ سحر گلاب بحق سلیمان بن داؤد علیہ السلام پڑھے اور تکیہ پر سر رکھ کر سوجائے سحر گلاب حاضر ہوکر آپ کو سوتے ہوئے اٹھائے گی اور جواب لکھوائے گی یہ عمل میرے مجربات میں سے ہے۔

حاضرات **إِيَّاكَ نَعْبُدُ وَإِيَّاكَ نَسْتَعِينُ** o ط

طریقہ:

مندرجہ بالا عزیمت با وضو بعد نماز عشاء اول وآخر گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھیں اور روزانہ قبلہ رخ بیٹھ کر اگربتی سلگا کر اٹھ سو چھتیس مرتبہ چالیس یوم پڑھیں اس طرح اس کی زکوٰۃ ادا ہوجائے گی۔ پھر جب بھی ضرورت پڑے یا حاضرات کی ضرورت پیش آئے تو بچہ یا بچی کے دائیں انگوٹھے پر کاجل لگائیں اور تھوڑا سا عطر بھی لگائیں تاکہ چمک پیدا ہو۔ اب بچے کو دیکھنے کے لیے کہیں اور آپ (عامل) گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھ کر اکتالیس مرتبہ **إِيَّاكَ نَعْبُدُ وَإِيَّاكَ نَسْتَعِينُ** ط پڑھ کر بچے پر دم کرے تھوڑی دیر میں حاضرات کا نزول ہوجائے گا جس پر آپ ہر قسم کے مشکل سوالات کے جوابات سو فیصد درست معلوم کرسکتے ہیں اس کے علاوہ عزیمت استخارہ کا بھی کام دیتی ہے۔

دیگر اگر بچے پر نقش کے ذریعے حاضرات کھولنی ہو تو مندرجہ ذیل نقش میں جہاں ہم نے سیاہ نشان لگایا ہے یعنی خانہ نمبر 16 میں بچے کو دیکھنے کے لیے کہیں اگر لڑکی ہو تو 12 سے 14 سال تک کی حاضرات میں دیکھ سکتی ہے۔ عامل بچے پر گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھ کر مندرجہ بالا آیت **إِيَّاكَ نَعْبُدُ وَإِيَّاكَ نَسْتَعِينُ** ط اکتالیس مرتبہ پڑھ کر پھونکے تھوڑی ہی دیر میں حاضرات کا نزول ہوجائے گا جس سے آپ ہر قسم کی معلومات اور سوالات کے جوابات سو فیصد درست معلوم کرسکتے ہیں۔

حاضرات کا نقش

یا میکائیلؑ ۷۸۶ یا جبرائیلؑ

۲۰۸	۲۱۲	۲۱۵	۲۰۱
۲۱۴	۲۰۲	۲۰۷	۲۱۳
۲۰۳	۲۱۷	۲۱۰	۲۰۶
۲۱۱	۲۰۵	۲۰۴	۲۱۶

یا اسرافیلؑ بحق اِیَّاکَ نَعۡبُدُ وَاِیَّاکَ نَسۡتَعِیۡنُ ط یا عزرائیلؑ

حاضرات حاضر شو حاضر شو

ہر قسم کی بند حاضرات کھولنے کا تیر بھدف نقش

اکثر دیکھنے میں آیا ہے کہ بعض حاسد و منافق عامل حاضرات بند کر دیتے ہیں جس سے عامل کو بڑی مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا ہے اور عامل بدظن ہوکر اور تھک کر حاضرات کرنا چھوڑ دیتا ہے۔ حاضرات کی بندش یا حاضرات بند کرنا یہ تہذیب وعملی اصول کے خلاف ہے۔ یا کسی کی روزی بند کرنا‘ شادی نکاح کی بندش کرنا یہ طریقے اسلامی اصول وتہذیب کے خلاف ہیں۔ ایسا کرنے والا مومن یا مسلمان نہیں ہوسکتا۔ لہٰذا ایسے طریقوں سے گریز واجتناب کریں۔ جس سے کسی کی دل شکنی ہو یا روزی ختم ہو۔ یادرکھیں رازق اللہ ہے وہی سب کو روزی و رزق دیتا ہے۔ یہ پریشانیاں عارضی ہوتی ہیں بہر حال ایسے

کاموں سے گریز کریں جس سے کسی کو نقصان پہنچے۔ بلکہ ایسے کام کریں جس سے اللہ تعالیٰ خوش ہو۔ علم پھیلائیں‘ علم سیکھیں۔ علم کی شمع روشن کریں تاکہ آئندہ آنے والی نسلیں اس علم سے بہرہ ور ہوں۔ ایک دوسرے سے محبت کریں۔ حسد نہ کریں۔ ایک دوسرے کو علم سکھائیں او خود بھی علم سیکھیں۔ ایسے کام نہ کریں جس سے کسی کی دل شکنی ہو۔ بقول شاعر

مندر کو توڑیئے مسجد کو ڈھایئے دل کو نہ توڑیئے یہ خدا کا مقام ہے

بہر حال ایسا نقش حاضر خدمت ہے جو ہر قسم کی بند حاضرات کو فوری کھولتا ہے۔ حاضرات کسی بھی طریقے سے نہ کھلتی اور ہر قسم کی کوشش کے باوجود ناکامی کا منہ دیکھنا پڑتا ہو تو مندرجہ ذیل نقش سے کام لیں۔ یہ نقش جلتے ہی ہر قسم کی حاضرات فوری کھل جاتی ہے اور ہر قسم کی حاضرات کا فوری نزول ہوجاتا ہے۔ حاضرات کھولنے کا نقش یہ ہے۔

......بکتا نوش فاضل شاہ میمون شاہ زنگی

۷۸۶

۷۸	۷۸	۷۸	۷۸
۷۸	۷۸	۷۸	۷۸
۷۸	۷۸	۷۸	۷۸
۷۸	۷۸	۷۸	۷۸

لوآئیل لوآئیل

طریقہ:

مندرجہ بالا نقش کو کسی پاک صاف سفید کاغذ پر لکھ کر فتیلہ بنا کر سرسوں کا تیل چراغ میں ڈال کر روشن کریں اور بچہ کی کنپٹی پر لَو آئیل سات مرتبہ پڑھ کر پھونکیں اور حاضرات کریں۔ انشاء اللہ تھوڑی ہی دیر میں حاضرات کا نزول ہو جائے گا۔

اس حاضرات سے جن، پریاں نظر آتی ہیں

یہ عمل پایا کی حاضرات ہے یعنی مرض معلوم کرنا کہ اس آدمی کو کیا ہے اور مریض کی بیماری پہچاننے میں حاضرات سے عامل مدد لیتا ہے اور سب باتوں کا پتہ چل جاتا ہے کہ آدمی کو کیا ہے؟ مثال کے طور پر اس کا طریقہ یہ ہے۔ سب سے پہلے آپ کو عمل کی جگہ جہاں آپ عمل کرنا مناسب سمجھ رہے ہیں پاک مٹی لیکر لیپ وغیرہ کر کے کریں۔ چند ہی ثانیہ بعد مریض آنکھوں میں روشنی میں نظر آئے گی۔ جب روشنی نظر آئے تو مریض کو کہیں کہ روشنی پر اپنی توجہ مرکوز کر دے۔ عامل یعنی آپ برابر **سَلَامٌ قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ رَّحِيْمٍ بِحَقِّ يَا شَافِي** پڑھتے رہیں۔ روشنیاں مریض کے تمام بدن میں دورہ کریں گی اور حسب منشاء ہر قسم کے برے اثرات کو ہمیشہ کے لئے ختم کر دیں گی۔ اس عمل سے آپ یعنی عامل عمل تقویم سے مریض کو سلا کر عجیب وغریب قسم کے حالات اور واقعات سے آگاہی حاصل کر سکتا ہے لیکن یہ طریقہ اختیار کرنے کے لئے عامل کو تجربہ کار ہونا چاہیے۔ ورنہ مریض کی سیلانی روح کو دوسرا عامل قبضہ میں کر سکتا ہے۔ اس لئے یہ طریقہ وہی عامل اختیار کرے جو اس عمل کے اسرار

ورموز سے واقف ہو اور روح کو واپس بلانے کا طریقہ بخوبی جانتا ہو۔ غرض اس حاضرات سے عامل اپنی عقل سے کام لے کر ہر طرح کے برے اثرات ختم کر سکتا ہے۔ دیگر جنات اور دوسری مخلوق چڑیل وارواح خبیثہ کو قبضہ میں بھی کر سکتا ہے اور ان کی حاضری بھی کر سکتا ہے یہ عامل کی صوابد ودانشمندی وعقل و تجربہ منحصر ہے کہ وہ کونسا طریقہ اپنے لئے اختیار کرتا ہے۔ احقر کی طرف سے عام اجازت ہے۔

برائے تسخیر حب

اگر اپنے لئے یا کسی دوسرے کے لئے چاہو کہ مخلوق تم سے محبت کرے تو ناریہ اعظم کے ساتھ ایسے انڈا پر جو مرغی نے پہلا دیا ہو لکھ کر بخور لوبان دے کے دعوت برھتیہ سات بار پڑھ کر دم کریں اور موکلات کو اپنے یا اس شخص کے لئے جس کے واسطے عمل کرنا درکار ہے حکم دیں کہ فلاں بن فلاں سے محبت ہو جائے پس فوراً وہ شخص اس سے محبت کرنے لگ جائے گا۔ لیکن انڈا ایسی جگہ دفن کریں جہاں تھوڑی گرمی انڈے کو پہنچتی رہے۔

تسخیر خلائق

یا مستطیعُ ۔ اس اسم کی ایک سو تیس (۱۳۰) بار روزانہ صبح کو اول اور آخر بمع تین تین مرتبہ درود شریف آخر ہمیشہ ورد رکھیں۔ پس ہر وقت مجمع خلائق تمہارے پاس لگا رہے گا اور ہر طرح کا فائدہ آپ کو ملے گا۔ اخلاق بلند رکھیے۔

محبت کے واسطے

پس اگر تم کسی شخص کو کسی دوسرے پر عاشق کرنا چاہو تو تب خاتم دعوت کو آگے آ کر لکھو رہا ہوں۔ ایک کپڑے پر لکھ کر یا مطلوب کے پاؤں کی مٹی کو چراغ میں جو بالکل کورہ ہو چنبیلی کے تیل میں چراغ کو روشن کریں۔ دن کو یا رات کو تنہائی کے مکان میں جلوتری اور لوبان ذکر کی دھونی روشن کر کے دعوت کو سات بار پڑھیں۔ مطلوب بے قرار ہو کر طالب کے پاس پہنچ جائے گا۔ اگر اس پر ہلکا عمل کرو تو پاؤں کے تلے کی مٹی نہ ملے تب خاتم کو کوری ٹھیکری پر لکھ کر آگ میں ڈال دیں اور بخور کو روشن کریں مطلوب حاضر ہوگا۔

کل دنیا کو تسخیر کرنا

اگر تم اپنے کسی شخص یا تمام مخلوق کے درمیان محبت کرنا چاہتے ہو یا پوری مخلوق کو تسخیر چاہیے ہو تب خاتم کو مع حروف ناریہ یعنی اعظم کے ساتھ اس انڈے پر لکھیں جو مرغی نے پہلا دیا ہو اور اس کو بخور مذکور کی دھونی دے کر دعوت کو سات مرتبہ اس پر دم کر کے آگ میں دفن کریں اور موکلات کو اپنے اور اس شخص یا تمام مخلوق کے درمیان محبت کا حکم دیں۔ ساری مخلوق تم سے محبت اور رفاقت کرے گی۔ انشاءاللہ۔

مسخر کرنا، زبان بند کرنا

اگر تم یہ سوچو کہ کوئی تمہیں برا نہ کہے اور تمہارے مطیع ہوں تو ایسا ہے کہ خاتم کو اور اس کے گرد پوری دعوت مشک اور زعفران اور عرق گلاب کے ساتھ

ہرن کی جھلی پر لکھ کر جلوتری اور لوبان ذکر کی دھونی دیں۔ سات بار دعوت پڑھ اس پر دم کریں اور موکلات کو تمام مخلوق کے مطیع ہونے اور زبان بند کرنے کا حکم صادر اپنے موکلات سے کروائیں۔ موکلات فوراً حکم کی تکمیل کریں گے۔ عجیب تاثیر مشاہدہ کرے گا۔

دعوت آیۃ کریمہ برائے حاضری موکل

عبارت عمل:

اَجِبْ یَا جِبْرَائِیْلُ بِحَقِّ لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحٰنَكَ اِنِّیْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ ۝

طریقہ زکوٰۃ:

جاننا چاہیے کہ یہ عمل نہایت درجہ حار و یابس ہے۔ اسی مناسبت سے یہ ایک زبردست جلالی عمل ہے لہٰذا اس عمل کا چلہ صرف نڈر و قوی دِل کے مالک کا کام ہے۔ گو کہ محنت طلب ضرور ہے لیکن سریع التاثیر بھی بہت ہے اور ہفتہ عشرہ میں عامل وہ کچھ دیکھ لے گا جو کہ برسوں کی ریاضت کے بعد بھی حاصل نہیں ہوتا۔ جو شخص اس عمل کا عامل بننا چاہیے تو لازم ہے کہ کسی کامل بزرگ یا عاملِ آیت کریمہ سے اجازت لے کر چلہ کشی کرے تاکہ رجعت سے محفوظ رہے۔ عروج ماہ قمری میں ماہ ثابت میں عامل ترک جلالی و جمالی کرے اور غذا میں جَو کی روٹی، کھجور، نخود و روغنِ زیتون استعمال کرے۔ اپنا کھانا خود پکایا کرے اور لوگوں سے ملنا جلنا ترک کر دے تو بہتر ہے ورنہ لوگوں سے بہت کم

کلام کرے۔ بوقت پڑھائی بغیر سلا ہوا لباس جو کہ گہرا سرخ ہوگا اور دو حصوں پر مشتمل ہوگا۔ ایک حصہ کی تہہ بند جبکہ دوسرے حصہ کی اوپری دھڑ ڈھانپنے کے لئے استعمال کیا جائے گا۔ سر ننگا ہوگا۔ دورانِ پڑھائی خوشبودار بخور روشن رہنا ضروری ہے۔ بعد نماز عشاء کسی ایسی جگہ پر جائیں جس کے چاروں طرف آب ہو مثلاً کسی دریا کے چاروں طرف آب ہوا اور بیچ میں تھوڑی سی خشک جگہ ہو۔ اسی طرح سمندر و تالاب یا جھیل میں عام طور پر بیچ میں خشکی یا ٹیلا وغیرہ ہوتا ہے ہمیں ایسی ہی جگہ مطلوب ہے۔ چنانچہ آپ بعد نماز عشاء مطلوبہ جگہ پر کسی سرخ مصلّے پر قبلہ رُو ہو کر بیٹھ جائیں۔ اور ایک عدد مٹی کا طشت لے کر اس میں اسی مقام سے آب بھر لیں اور بخور روشن کر دیں اور حصار کسی چھری سے کر لیں اور چھری سامنے زمین میں گاڑ دیں لیکن دستہ باہر رکھیں۔ اب آپ اول ایک سو ایک بار درود شریف پڑھیں۔ پھر تسبیح کو طشت میں آدھی لٹکا دیں تا کہ وہ آب میں تر رہے۔ اب آپ عبارتِ عمل کو تین ہزار ایک سو پچیس مرتبہ ورد کریں۔ پھر ایک سو ایک مرتبہ درود شریف پڑھ کر دُعا مانگ لیں :ور آبِ طشت کو پی جائیں۔ دوران پڑھائی بخور کسی وقت بھی نہیں رکنا چاہیے۔ اگر پڑھائی کے دوران گرمی و خشکی کا غلبہ ہو تو پھر آبِ طشت کو ہاتھ میں لے کر سر و منہ پر لگائیں بحکم خدا گرمی و خشکی جاتی رہے گی۔ جب آپ کا روزِ اوّل کا عمل تمام ہو تو واپس اپنے گھر آ کر کسی علیحدہ کمرے میں سو جائیں۔ بہتر یہ ہے کہ پڑھائی کے بعد کسی سے گفتگو نہ کریں اور جس کمرے میں آپ سوئیں وہاں کوئی دوسرا شخص موجود نہ ہو۔ جب تک نیند نہ آئے درود شریف کا ورد برابر کرتے رہیں۔ دورانِ چلہ کشی نمازِ

پنجگانہ قضاء نہ ہونی چاہیے اور استغفار کا ورد بھی زیادہ سے زیادہ کرنا چاہیے۔

اسی طرح روزانہ وقتِ مقررہ پر مقررہ تعداد میں تمام لوازمات کو مدِ نظر رکھتے ہوئے عبارتِ عمل کو چہل یوم تک پڑھیں۔ چند یوم کے بعد نہایت خوفناک مناظر کا سامنا عامل کو کرنا پڑھے گا۔ حتیٰ کہ ہیودہ ہزار عالم کا نظارہ بھی ہوگا۔ پس اس وقت لازم ہے کہ اپنے مرشد یا استاد کا تصور کامل رکھے اور عبارتِ عمل کو برابر پڑھتا رہے اور ہرگز ہرگز کسی بھی صورت میں اپنی پڑھائی سے غافل نہ ہو ورنہ آپ کی جان جاتی رہے گی یا پھر دیوانے ضرور ہو جائیں گے۔ یہ بات قابلِ ذکر ہے کہ ہرگز ہرگز آپ کے حصار کے اندر کوئی بھی موکل یا شئے داخل نہ ہو سکے گی۔ ہاں اگر آپ پڑھائی ختم ہونے سے قبل حصار سے باہر نکلیں گے تو آپ کو ضرر نقصان پہنچے گا۔ اکثر ایسا محسوس ہوتا ہے کہ دریا میں سمندر میں طغیانی آ گئی ہے اور آب آپ کی طرف زبردست لہروں کی صورت میں آپ کے اوپر انا چاہتا ہے لیکن یہ آب حصار کے باہر ٹھہر جاتا ہے اسی طرح مختلف جانورو خوفناک اشکال بھی دِکھائی دیتی ہیں لیکن عامل کا اس وقت تک کچھ نہیں بگاڑ سکتیں جب تک کہ عامل حصار کے اندر بیٹھا ہوا ہے۔ اور جب عامل کی پڑھائی کی تعداد مکمل ہوتی ہے تو تمام مناظر خود بخود حیرت انگیز طور پر غائب ہو جاتے ہیں۔

آخری دِن جس وقت آپ کی پڑھائی ختم ہوگی یکا یک ایک مرد جوان بصورتِ انسان آپ کے سامنے آ موجود ہوگا۔ پس عامل کو چاہیے۔ کہ اس کو السلام علیکم کہہ کر اس کی بہت تعظیم کرے اور عہد لے عند الحاجت طلب کرنے پر حاضر ہونا اور اور جو بھی جائز کام کہیں کرنا اور ہر خبر سچی دینا۔ اس سے جلد حاضری

کا طریقہ کار بھی دریافت کر لینا چاہیے۔ پس وہ عامل سے ان تمام باتوں کا اقرار کرے گا۔ لیکن عامل کو چاہیے کہ عامل ہونے کے بعد روزانہ عبارتِ عمل کو کم از کم ایک سو مرتبہ ورد کیا کرے تا کہ تاثیرِ عمل باقی رہے اور عمل قابو میں رہے۔

عامل ہونے کے بعد عامل کو چاہیے کہ اس راز کو کسی پر ظاہر نہ ہونے دے اور مخلوق خدا کی خدمت کرتا رہے اور ان پر ہمیشہ شفقت کرتا رہے اور تکبر کو اپنے پاس پھٹکنے نہ دے اور خدا اور رسول ﷺ کی اطاعت وفرمانبرداری کرتا رہے۔ اگر آپ نے ان تمام باتوں پر عمل کیا تو اللہ پاک آپ کو درجہ ولایت پر فائز کر دیں گے۔ بصورت دیگر آپ کا عمل بھی ضائع ہوگا اور دین و دنیا دونوں خراب ہو جائیں گی۔

آخری دن جب آپ کامیاب ہو جائیں تو پھر کسی سرخ شیرینی موکلات کی نیاز دیں اور تمام شیرینی آپ خود کھالیں۔

حاضرات خواجہ خضر علیہ السلام

آؤ خضر جاؤ خضر گھیر گھار لاؤ۔ خضر جلد حاضر

کُنْ بِحَقِّ تَوْرِیْتَ مُوسٰی وَاِنْجِیْل عِیْسٰی وَزَبُوْر دائود فُرْقَان مُحَمَّدُ الرَّسُوْلُ اللّٰہ۔

طریقہ زکوٰۃ:

یہ حاضرات ہفت کواکب سے تعلق رکھتی ہے۔ اسی وجہ سے ہر روز و ہر ساعت میں کھل جاتی ہے۔ سوائے ابر آلود بارش کے موسم میں۔ عامل کو

چاہیے کہ وہ ہفت کواکب کی ہفت دھات سات تولہ لیکر ایک عدد چراغ بنوائے اور اس پر نقش ہذا کندہ کرے اور ساتوں ستاروں کے بخور برابر روشن کرتا رہے اور سات عدد نقش لکھ کر اسکا بھی فتیلہ بنا کر کوری روئی لپیٹ دے۔ ان تمام کاموں کو بروز نوچندی جمعرات ساعت مشتری میں کرے۔ اب عامل اسی روز سے ترک جلالی کر کے بوقت تہجد زمین پر سات رنگ کا مصلا بچھا کر خود بھی سات رنگ کا کپڑا پہن کر قبلہ رو بیٹھے اور چراغ میں سات قسم کا خوشبودار روغن ڈال کر اس میں فتیلہ روشن کرے اور بخور بھی ہفت کواکب کا روشن کرتا رہے اور سات قسم کے پھول، سات قسم کے میوے، سات قسم کی اصلی گھی میں بنی ہوئی مٹھائی، سات قسم کے اناج اور ایک عدد مٹی کا لوٹا جس میں دریا یا کنوئیں کا صاف پانی ڈالا ہو۔ یہ تمام چیزیں سامنے رکھ کر حضرت خضر علیہ السلام کی نیاز دیکر مٹی کے لوٹے میں سات عدد پھول، سات دانے میوے، تھوڑی تھوڑی سی سات قسم کی مٹھائی، سات دانے اناج ڈال کر چراغ کے فتیلے کا دھواں کسی مضبوط برتن میں اکٹھا کرنے کے لئے رکھدے۔ اب عامل خود عملہذا سات سو مرتبہ معہ اول آخر سات بار درود شریف کے ورد کرے۔ یہ عمل کل سات یوم کا ہے۔ بعد پڑھائی کا جل پر چراغ کا روغن مل کر پھونک مار دے۔ اسی طرح روزانہ تمام سامان نیا لے کر روزانہ ورد کیا کرے۔ صرف چراغ اور مٹی کا کورہ برتن جو کہ کاجل جمع کرنے کیلئے استعمال کیا تھا محفوظ رکھے اور شیرینی معصوم بچوں کو بانٹ دے۔ باقی تمام سامان دریا یا سمندر وغیرہ میں صبح سورج نکلنے سے قبل ڈال دیا کرے۔ چراغ میں روزانہ ایک عدد بوقت پڑھائی فتیلہ لازمی جلانا ہوگا اور اس کا دھواں

بھی اکٹھا کرنا ہوگا۔ اسی طرح کل سات یوم کا جب چلہ مکمل ہو جائے تو عامل حاضرات ہذا کا عامل ہے۔ زکوٰۃ قائم رہنے کیلئے کم از کم ایک سو ایک بار عبارت عمل کا ورد کرنا لازم ہے اور ایک عدد نقش بھی روزانہ لکھا کریں۔ آخری دن کی شرینی عامل تھوڑی سی خود کھالے باقی معصوم بچوں کو تقسیم کردے۔ یہ ضروری ہے۔

ترکیب حاضرات

وہ تمام سامان جو کہ آپ نے بوقت چلہ کشی استعمال کیا لیکر اس پر خواجہ خضر علیہ السلام کی نیاز دیکر ایک معصوم بچے یا بچی جو کہ شریف النفس ہو، پاک صاف ہو، نہلا دھلا کر اس کے سیدھے ہاتھ کے انگوٹھے کے ناخن پر کسی نوک دار چیز سے نقش لکھ کر اس پر کاجل لگا کر لڑکا یا لڑکی اس پر نگاہ کرے اور آپ عبارت عمل بار بار پڑھ کر بچے پر دم کرتے رہیں۔ چند لمحے میں حاضرات کھل جائیگی۔ اس حاضرات سے کوئی ناجائز بات نہ معلوم کریں ورنہ حاضرات کا عمل ختم بھی ہو جائیگا اور آپ کو دینی و دنیاوی بہت زبردست نقصان پہنچے گا۔ نقش درج ذیل ہے۔

۱
۲ ۴
۱۱
۳ ۵
۶

حاضرات خواجہ خضر علیہ السلام

دھن صاحب تم غائر غیر خواج نرگروے پیر بالیج گوہر نرمیاں پیر ہو پرور یمت کرواسواس گھی کے چراغ دست میں چل دھرے تمہارے پاس گھاٹے سے باٹے نور پہلو گنجن لہرے پیر وقت ہر اک ب ملے تو ہونس تاراپاک دل سے رکھا روزہ اچھی ناپ بنائی چوکھا چاکھا چوکھا روٹ اور دلیے دیگی پکائی لیکے چلو دیگ گھاٹ کو اور ساری میدنی دھائی اول پھول اور دھوندہ بیڑا اور چراغی چڑھائی سب بہشتی ملکر پڑھو چراغ نامہ اور سنے ستا بھائی حق نام باری تعالیٰ کا

اَشْھَدُ اَنْ لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مُحَمَّدُ الرَّسُوْلُ اللّٰہِ۔

طریقہ زکوٰۃ:

سوا پاؤ آٹے کا ایک عدد چومکھا چراغ بناوے اور سوا پاؤ اصلی گھی، ایک سو ایک عدد چنبیلی کے پھول اور اگربتی لے کر عامل کسی دریا کے کنارے چلا جائے۔ یہ بروز نوچندی جمعرات کی شب کو ترک جلالی کر کے اور روزہ رکھ کر کرنا ہوگا۔ عمل کل اکتالیس یوم کا ہے۔ عامل سب سے پہلے اگربتی یا عمدہ لوبان کا بخور روشن کر کے چراغ میں گھی ڈال کوری روئی کی چار بتی بنا کر چراغ ہذا کو چاروں کونوں میں رکھ کر ان کو روشن کر کے عبارت عمل پڑھنے سے قبل ایک سو ایک بار درود شریف پڑھ کر عمل کی عبارت ایک بار پڑھ کر ایک عدد چنبیلی کا تازہ پھول اٹھا کر اس پر دم کر کے دریا میں ڈالدے۔ اسی طرح ایک سو ایک بار عمل پڑھ کر یکے بعد دیگر دم کرتے ہوئے تمام پھولوں کو دریا میں ڈالتا رہے۔ جب ایک سو ایک پھول آپ دریا میں دم کر کے ڈال دیں۔ یہ زکوٰۃ ہوگی۔

حاضرات چاروں قل شریف

جس معمول پر حاضرات کرنی ہو تو ترکیب اس کی یہ ہے کہ بچے کو تاکید کریں کہ وہ اپنی آنکھیں بند کر لے۔ عامل ایک ایک مرتبہ چاروں قل شریف پڑھ کر دم کر دے۔ انشاء اللہ فی الفور حاضرات کا نزول ہوگا۔ ایک بزرگ حاضر ہوں گے۔ پہلے معمول کی معرفت سلام کریں جب سلام کا جواب مل جائے تو پھر باقی سوالات پوچھیں۔ اس حاضرات میں عامل کو سوالوں کے جوابات صحیح ملیں گے۔ اس حاضرات کا سب سے بڑا فائدہ یہ ہے کہ اس میں زکوٰۃ کی شرط نہیں ہے نہ ہی کسی طرح کی پرہیز ہے۔ دن میں جتنی مرتبہ عامل چاہے حاضرات کر سکتا ہے۔ کسی طرح کی پابندی نہیں ہے۔ یہ حاضرات نہایت ہی معتبر ہے۔

حاضرات

اول سے اللہ م سے محمدؐ درست بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

خواجہ کی تسبیح اللہ کا نور بھیجو حاضرات جو پچھن ضرور

زکوٰۃ صغیر:

نوچندی جمعرات کو دو بجے اس عمل کو 500 مرتبہ 21 یوم تک پڑھیں۔ اول و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھیں۔ انشاء اللہ اکیس یوم میں زکوٰۃ ادا ہو جائے گی۔ دوران عمل پرہیز جلالی کریں۔

زکوٰۃ کبیر:

نوچندی جمعرات کو شب دو بجے اس عمل مبارک کو پانچ صد مرتبہ

41 یوم تک پڑھیں۔ اول و آخر ایک ایک تسبیح درود شریف پڑھیں۔ دوران پرہیز جلالی و جمالی کریں۔ کمرہ علیحدہ ہو۔ جہاں پر کسی دوسرے کی آمد و رفت نہ ہو۔ وقت ایک مقررہ ہو۔ عمل کے اختتام پر ایک نورانی چہرہ والے بزرگ حاضر ہوں گے۔ چاہیے کہ پڑھائی مکمل ہونے کے بعد ان سے بات چیت کریں۔ آپ کو بطور نشانی کوئی چیز پیش کریں گے اور حاضرات کا طریقہ بھی بتا دیں گے۔ دوران عمل جو مشاہدات نظر آئیں ان کا ذکر کسی سے بھی ہرگز نہ کریں۔ جو چیز وہ بطور نشانی دیں اس کو چھپا کر رکھیں۔ اور اس کا ذکر کسی سے بھی نہ کریں۔ عمل شروع کرنے سے قبل کسی میٹھی چیز پر فاتحہ دے کر بچوں میں تقسیم کر دیں۔

حاضرات

(آسیب جنات نکالنے، جلانے کا نایاب عمل)

طریقہ:

اول شرینی پر فاتحہ حضور خواجہ معین الدین چشتیؒ کی آدھ کلو برفی پر دلائیں۔ پھر یہ عزیمت لکھیں۔

﴿بسوختم دیواں و پریاں و جنیاں و بھوتاں و عفریتاں و کفتاراں و جادوگراں و بان ہائی و بیر ہائی و جوگنیاں و نہ کردہ و با دوسیلہ و کنب و سردرد و سوزش و شیاطین الجن والانس وکلیمانس و ہر آفتے و ہر بلائے در جان و تن و استخوان (اس جگہ مریض کا نام مع والدہ لکھیں) باشد دریں فتیلہ چراغ حاضر آمد بند شو دو بسوزد﴾ اسے باوضو سفید کاغذ پر تحریر کر کے پاکیزہ روئی میں لپیٹ کر تیار رکھ لیں۔

ترکیب:

اول جگہ کو پاکیزہ کمرہ کو خوشبو سے معطر کرے۔ پھر فتیلہ کو آسیب زدہ کے سر پر سے سات بار اتاریں۔ ایک ٹھلیہ کوری اور ایک نیا چراغ تھوڑا سا خالص سرسوں کا تیل اور اس میں پانچ چھ قطرے عمدہ عطر کے ڈالیں اور ایک عدد عطر کی شیشی بھی پاس رکھ لیں۔ مریض اور اس کے ساتھی درود شریف اور کلمہ طیبہ پڑھیں اور کسی سے گفتگو نہ کریں۔ پھر **اللّٰہ نور السمٰوٰت والارض** سات مرتبہ پڑھ کر فتیلہ تیل میں تر کر کے روشن کریں اور مریض کو ہدایت کریں کہ وہ صرف چراغ کی لو پر نظر رکھے اور دل میں کلمہ شریف یا درود شریف کا ورد جاری رکھے۔ جب آسیب زدہ کو کچھ نظر آئے تو ڈرے نہیں اور عامل کو بتاتا رہے کہ کون تشریف لایا۔ جب کوئی بزرگ تشریف لائیں۔

حاضرات آیت الکرسی

اَللّٰہُ لَا اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ الْحَیُّ الْقَیُّوْم عَزَمْتُ عَلَیْکُمْ وَاَقْسَمْتُ عَلَیْکُمْ رَبِّ الْمَلٰئِکَۃِ الْمُقَرَّبِیْنِ اَجِبْ یَا جِبْرَائِیْل یَا زُفْتَمَائِیْل سَامِعًا مُطِیْعًا بِحَقِّ لَا تَاْخُذُہٗ سِنَۃٌ وَّلَا نَوْمٌ لَہٗ مَافِی السَّمٰوٰتِ وَمَا فِی الْاَرْض عَزَمْتُ عَلَیْکُمْ وَاَقْسَمْتُ عَلَیْکُمْ بِرَبِّ الْمَلٰئِکَۃِ الْمُقَرَّبِیْن ٥

طریقہ زکوٰۃ:

عروج ماہ قمری ماہ بروز نوچندی اتوار تھوڑی سی جوار لے کے سفوف ہلدی خالص سے جوار کو زرد کرے اور صبح سورج طلوع ہونے سے قبل سورج مکھی کے پودے کے پاس جا کر اس کے نیچے رکھ دے اور پودے پر اپنا سایہ نہ پڑنے دے اور پودے سے مخاطب ہو کر کہے کہ "میں آج تجھے دعوت دیتا ہوں کل میں تجھے اپنے کام کے لئے لے جاؤں گا اور تجھے میرا کام کرنا ہوگا"۔ اب دوسرے دن اسی پودے کے پاس جائے اور کہے کہ "میں ابھی تجھے لینے آیا ہوں میرے ساتھ چل۔" اب اس پودے کے پتے توڑ لائیں اور کچل کر اسکا عرق نکالیں اور اس میں کپاس کی کوری روئی بھگو کر سائے میں خشک کریں۔ اب روغن کنجد سیاہ کو کورے مٹی کے چراغ میں ڈالیں اور روئی کی بتی بنا کر بر روز اتوار چراغ میں روشن کر کے اسکا کاجل بناتے وقت عبارت عمل برابر معہ اول آخر گیارہ بار درود شریف کے ورد کرتے رہیں۔ جب تمام بتی جل جائے تو درود شریف پڑھ کر کاجل اتار کر اور چراغ والا تیل اس میں ملا کر دم کر دیں اور چراغ کے تیل پر بھی دم کر کے محفوظ کر لیں اور شرینی پر نیاز دے کر خود بھی کھائیں اور معصوم بچوں کو بھی تقسیم کر دیں۔ اب آپ حاضرات ھذا کے عامل ہیں۔

ترکیب حاضرات

جب بھی حاضرات کرنا مقصود ہو تو اول نیاز موکلات کی دے کر طفل نابالغ پاک وطاہر کی ہتھیلی پر کاجل لگا کر معمول اس سیاہی میں نگاہ رکھے اور عامل عزیمت پڑھ کر معمول پر دم کرے فوراً حاضرات کھل جائیگی جو سوال کریں گے بالکل صحیح جواب ملے گا۔

حاضرات واسطے حاضر کرنے جنوں کے اور واسطے نکالنے جنوں کے حاضرات

عزمت علیکم برب اقاعیل و اسماعیل ملکان مُسلِطًا یا سَلاَ طِینَ الْجِنِ وَالْاِنْسِ درد ہدش بینگندش بحرمت ایں نامہا ایں نامہاں ایں نامہا حاضر شو حاضر شوز ودآمدز ود آمد یہ حاضرہ واسطے حاضر کرنے جنوں کے اور واسطے نکالنے جنوں کے لئے لیکن بوقت خروج کے خارج شو

حاضرہ دیگر

علیقا علیقا انت تعلم مافی قلوبھم طلیقا صدیقاً صدیقا طلیقا۔

جیجون میجون ادلعون

نقش برائے جن مسلمان

سکک بکک مکک

الوان الوان الوان

ھھھ ھھھ ھھھ

نقش برائے جن کافر

ایں ھر دو نقش ھا بسرخ نوشتہ مقابل اعین ذی الجن دادند فی الحال جن بیاید و حاضرہ بخواند

عمل برائے سٹہ وانعامی بانڈز

طریقہ:

اس افسوں کو 19 رات روزانہ 595 مرتبہ پڑھ کر زکوۃ ادا کریں۔ بعد ادائے زکوۃ جو پوچھیں گے وہ معلوم ہو جائے گا۔ عمل کو ہمیشہ قابوں میں رکھنے کے لئے روزانہ 80 مرتبہ ورد میں رکھیں۔ **﴿اَلرَّحِیۡمُ رَمُحَالِی آوِ﴾**

تسخیر یرلم

طریقہ:

اس افسوں کو 40 یوم متواتر 539 مرتبہ مع پرہیز جمالی جلالی پڑھ کر زکوۃ ادا کریں۔ مکمل تنہائی میں بعد زکوۃ یرلم حاضر ہوگا۔ شرائط طے کرلیں۔

﴿یَرلَمُ آخ رَحِیۡمُ حَاضِر کر﴾

حاضرات موکل

ترکیب: یہ وظیفہ باوضو 40 طاق راتوں تک تنہائی میں بیٹھ کر بلا تعداد پڑھنا ہے۔ اس کی تعداد کی قید نہیں۔ طاق راتیں اسی طرح ہیں۔ 1'3'5 وغیرہ۔ اگر چاند 29 کا ہے تو پہلی شب ہی پہلی طاق تاریخ ہو۔ دوسرا ضروری بھی نہیں کہ پہلی تاریخ سے ہی شروع کیا جائے۔ کسی بھی طاق رات یعنی دن طاق ہو۔ نقش درج ذیل ہے۔

حمِ حم حم حم حم حمٍ وَ جاء اللّٰه النصرُ
فَعلَینا لاَ یُنصرُون و صلیٰ اللّٰه تعالیٰ علیٰ خیرِ
خَلقِہٖ مُحمَّدٍ وَ آلِہٖ وَ اَصحَابِہٖ اَجمَعِین بِرَحمَتِكَ
یَا اَرحَمَ الرَّاحِمِین

وظیفہ درج ذیل ہے۔

وَجاء اللّٰه النصرُ فَعَلینا لاَ یُنصَرُون تک

فوائد تعویز:

اگر کسی کے مکان سے جنات بھگانا ہوتو اوپر والے نقش کو لکھ کر گھر میں لٹکائیں۔

اگر عورت کے بدن پر خبیث جنات ہیں تو لال کپڑے پر لکھ کر گلے میں تعویز ڈال دیں۔

اگر مد کے جسم پر خبیث جنات یا ستانے والی حرکت ہوتو یہی نقش سفید کپڑے پر لکھ کر تعویذ گلے میں ڈال دیں۔

اگر حاضرات کرنا ہوتو 40 طاق راتوں تک وظیفہ پڑھ کر تابع کر لیں۔

حاضری بچہ موکل

عبارتِ عمل:

یَا حَلِیمُ ذَالاٰ یَاتِ لَہٗ، کُلُّ شَیءٍ مِّنَ خَلقٍ

طریقہ زکوۃ:

جاننا چاہیے کہ یہ ایک زبردست قسم کا اسراری عمل ہے اور بالکل بے خطا عمل ہے لہٰذا اگر کوئی شخص موکل کی تسخیر کا خواہاں ہوتو اس کو چاہیے کہ اس عمل کا چلہ ضرور کرے کیونکہ اس میں کسی قسم کا خوف نہیں اور حصار تک کرنے کی ضرورت بھی نہیں۔ نہ ہی چلہ کے دوران خوفناک مناظر سامنے آتے ہیں۔ البتہ ہفتہ عشرہ کے بعد ایک طفل عامل کے مصلے پر بیٹھ جاتا ہے اور پڑھائی کی تعداد مکمل ہونے پر چلا جایا کرتا ہے اور عامل کو کوئی نقصان نہیں پہنچاتا۔ دراصل یہ بچہ موکل ہے جب تک یہ عامل سے خود کلام نہ کرے عامل کو چاہیے کہ اس سے قطعی گفتگو نہ کرے ورنہ ہلاکت کا خوف ہے۔ عامل ترکِ جلالی و جمالی کا پابند ہو کر بوقتِ شب بعد نمازِ عشاء قبلہ رُخ جائے نماز پر بیٹھ کر گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھ کر عبارتِ عمل کو گیارہ سو اِکیس مرتبہ پڑھ کر گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھ کر کامیابی کے لئے دُعا مانگ لے۔ روزِ اوّل کا عمل تمام ہوا۔ دوران عمل بخور خوشبودار روشن کرتے رہنا چاہیے۔ اسی طرح روزانہ وقتِ مقررہ پر پڑھائی کیا کریں۔ چند روز کے بعد بچہ موکل آپ کے مصلے پر دورانِ پڑھائی غیب سے نمودار ہوگا۔ اور آپ جب تک پڑھائی کی تعداد مکمل نہ کرلیں ہرگز نہ جائے گا۔

آپ کی پڑھائی کی تعداد مکمل ہونے پر غائب ہو جائے گا۔ پھر روزانہ یہ آپ کے پاس دورانِ پڑھائی حاضری دیا کرے گا۔ لیکن آپ سے کسی بھی قسم کی گفتگو نہیں کرے گا۔ الغرض جب آپ سے وہ خود بات کرے تو آپ کر سکتے ہیں۔ اگر وہ آپ سے دریافت کرے کہ مجھ سے کیا چاہتے ہو؟ تو آپ اس سے کہیں کہ میں تم سے دوستی کرنا چاہتا ہوں تا کہ میں اپنے دنیاوی کاموں میں تم سے مدد لوں۔ جب وہ اقرار کرلے تو اس سے اُسے بلانے کا طریقہ بھی دریافت کر لینا۔ وہ اپ کو جلد حاضری کا مخصوص طریقہ بتائے گا۔ یہ بھی اقرار لیں کہ ہر وقت میرے ساتھ نہیں رہنا بلکہ صرف بلانے پر فوراً حاضر ہونا۔ جب وہ آپ کی تمام شرائط مان جائے تو پھر اس کو جانے کی اجازت دے دیں۔ فوراً غائب ہو جائے گا۔ اب آپ فوراً کسی سفید شیرینی پر موکلات کی نیاز دیں۔ شیرینی خود بھی کھا سکتے ہیں اور معصوم بچوں کو بھی تقسیم کر سکتے ہیں۔

عامل ہونے کے بعد آپ کو عبارتِ عمل روزانہ ایک سو ایک مرتبہ پڑھنا ہوگا۔ اور اس راز کو کسی پر ظاہر نہ کرنا۔ نیز یہ کہ موکل سے کسی بھی ناجائز کام کو نہیں کروانا چاہیے۔ ورنہ آپ کو زندہ نہیں چھوڑے گا۔ بظاہر قد وقامت کے لحاظ سے موکل ہذا چھوٹا ہے لیکن زبردست روحانی قوت کا مالک ہے۔

اگر محبت کے لئے کام کرنا ہے تو

زہرہ کے دن اور زہرہ کی ساعت میں عمل کرنا ضروری ہے۔

اگر تمام مخلوق کو تسخیر کرنا ہے تو

یعنی تمام مخلوق تسخیر خلائق وغیرہ کام کے لئے زہرہ کا دن اور عطارد کی ساعت بہت ضروری ہے ان ساعتوں میں بہت طاقت اور تاثیر ہے۔

اگر حکام وغیرہ کے لئے کام کرنا ہے تو

بزرگی کے واسطے شمس کا دن قمر کی ساعت میں عمل کرتے ہیں۔

دو دشمنوں میں صلح کرانی ہو تو

مشتری کے روز اور زہرہ کی ساعت میں عمل کرتے ہیں۔

حاضرات الجن

اَللّٰھُمَّ اهتَدَیتُكَ بِفَضلِكَ وَکَرَمِكَ وَاِستَقبَلتُكَ شَلخَصنَا شَلخَصنَا شَلخَسنَا بَلخَسنَا بَلخَسنَا مَلكَسنَا مَلكَسنَا تَنَا عَزهُم عَلَقَتُ عَزَمتُ عَلَیکُم یَا مَعشَرَ الجِنِ وَالاِنسِ بِحَقِ خَاتِمِ سُلَیمَان بِن دَائود عَلَیهِمَا السَّلَامُ حَاضِرَ شَوُ حَاضِرُ شَوُ حَاضِرُ شَوُ۔

طریقہ زکوۃ:

واضح ہو کہ یہ حاضرات بغیر زکوۃ موثر ثابت نہ ہوگی۔ اس حاضرات کے متعلق کتب معتبرہ میں رقم ہے کہ یہ حاضرات بغیر زکوۃ ادا کیے فوراً کھل جاتی ہے جبکہ میرا ذاتی تجربہ و مشاہدہ یہ ہے۔ کہ بغیر زکوۃ کے یہ ہرگز نہ کھلے گی۔

طریقہ زکوٰۃ یہ ہے کہ بروز سورج گرہن عامل پاک وظاہر باوضو ہوکر ایک عدد مٹی کا چراغ، روغن چنبیلی حسب ضرورت ایک عدد مٹی کا بخورہ اور اس میں کنویں کا پانی رکھیں، عود یا لوبان برائے بخور، لکڑی کا کوئلہ حسب ضرورت روئی کا ایک عدد چھوٹا سا فتیلہ چراغ میں جلانے کیلئے، ماچس ایک عدد، ایک عدد لوہے کی چھوٹی سی کڑاہی جس میں کوئلہ دہکایا جائے گا، مٹی کا تیل حسب ضرورت۔ یہ تمام سامان لیکر آپ کسی لق ودق میدان یا پہاڑ پر چلے جائیں۔ اول کڑاہی میں کوئلے مٹی کے تیل سے جلائیں بعدہٗ چراغ کو فتیلہ سے روشن کریں۔ چراغ کے آگے مٹی کا پانی والا آبخورہ رکھیں اور بخور روشن کر کے رو بقبلہ ہوکر عزیمت مذکور اس وقت تک ورد کرتے رہیں جب تک کہ سورج گرہن لگا ہو۔ جب پڑھائی ختم ہو تو نیاز شرینی پر دیکر خود بھی کھائیں اور معصوم بچوں کو بھی تقسیم کردیں نیز آبخورے کا پانی حفاظت سے کسی بوتل میں رکھیں۔ اسی آب میں حاضرات نظر آئیگی۔ نیز چراغ بھی حفاظت سے رکھ لیں یہ بھی بوقت حاضرات استعمال ہوگا۔ زکوٰۃ ادا کرنے کے بعد عامل عزیمت روزانہ کم از کم گیارہ بار وقت مقررہ پر ورد کیا کریگا۔

ترکیب حاضرات

جب بھی عامل حاضرات کا طالب ہو۔ اس وقت ایک طفل نابالغ پاک وطاہر کو حاضر کرے او اول شرینی پر نیاز حضرت سلیمان بن داؤد علیہ السلام کی دے کر اسکا ثواب جملہ جن وانس کو پہنچائیں اور موکلات عزیمت کو بھی اسکا

ثواب بخشیں۔ اب آپ چراغ میں روغن چنبیلی ڈالکر روئی کا فتیلہ اس میں روشن کریں چراغ طفل کے سامنے تقریباً ایک فٹ کے فاصلے پر ہوگا۔ اب معمول کے سامنے زمین پر رکھیں تاکہ چراغ کے فتیلے کی لو پانی میں نظر آئے اور معمول اس آبخور کے آب میں چراغ کے فتیلے کی لو پر نگاہ رکھتے ہوئے دیکھئے عامل گیارہ بار درود شریف پڑھ کر عزیمت چند مرتبہ پڑھ کر معمول پر دم کرے۔ انشاء اللہ اس لمحے حاضرات کھل جائے گی اور ایک جن معمول کو نظر آئے گا۔ اس وقت اس کو سلام پیش کر کے اپنا مقصد عامل معمول کے ذریعے پوچھے۔ ہر سوال کا جواب بالکل درست ملا کرے گا۔ پھر اس کو شکریہ کے ساتھ رخصت کریں۔

حاضرات

عَزَمْتُ عَلَیْکُمْ یَا مَعْشَرَ الجِنّ وَ الاِنْسِ بِحَقِّ جَمْھُورِش جمھورش اَخُوكَ اَخُوكَ اَتَا جُ الملك اَتَاجُ الملك اَلسَّاعَتَه اَلسَّا عَتَه کَھُولاَ کَھُولاَ خُطمًا میثًا بِحَقِّ مَمُون زَنگی اِبن مَیْمُون حُبشی۔

__طریقہ:__

اس عزیمت کو بعد نماز عشاء باوضو ہوکر گیارہ دن تک اکتالیس مرتبہ پڑھیں اول وآخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھیں گیارہ یوم بعد حاضرات انشاءاللہ کھل جائے گی اس حاضرات سے آپ ہر قسم کے سوالات کے جوابات سو فیصد درست معلوم کر سکتے ہیں۔

حاضرات

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط عَزَمْتُ عَلَیْکُمْ وَاَقْسَمْتُ عَلَیْکُمْ بِرَبِّ جِبْرائِیْلَ وَ اِسْرافِیْلَ وَ مِیْکَائِیْلَ وَ عِزْرائِیْلَ مَلِكُ اِسْمٰعِیْل سُلطان عَلَی السَّلاطِین وَ الجِنّ وَ الاِنس وَ الشَّیَاطِینِ مِن جانِبِ المَشَارِق وَجانِبِ الجُنُوب وَالشِّمالِ بِحَقِ لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ وَبِحَقِ سُلَیْمَان بن دَاؤد عَلَیہِ السَّلام بِرَحْمَتِكَ یَا اَرْحَمَ الرَّحِمِیْن o

طریقہ:

مندرجہ بالاعزیمت کو بعد عشاء باوضو ہو کر عطر وغیرہ لگا کر گیارہ دن تک اکتالیس مرتبہ روزانہ پڑھیں۔ اول وآخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھیں۔ گیارہ یوم بعد انشاء اللہ حاضرات کا نزول ہو جائے گا جس سے آپ اپنے مسائل کے بارے میں ہر قسم کی تسلی بخش معلومات حاصل کر سکتے ہیں۔

حاضری مطلوب

طریقہ:

اس افسوں کو 7 دن بلاناغہ 997 مرتبہ پڑھیں۔ عصر سے مغرب تک زکوٰۃ ادا ہوگی۔ بعدہٗ ادائے زکوٰۃ جس کسی کے نام کے اعداد کے مطابق پڑھیں گے تو وہ مطلوب شخص حاضر ہوگا۔

﴿مَعَ اِنبالِرِ یل شیر مج فلانی کو حاضر کر رَبُّ العَالَمِین﴾

عمل برائے مفرور وگمشدہ

طریقہ:

اس افسوں کو 21 روز بلاناغہ 352 مرتبہ پڑھ کر زکوٰۃ ادا کریں۔ دورانِ عمل اگربتی ضرور جلائیں۔ بعد ادائے زکوٰۃ گریختہ کے لئے بکری کے شانہ پر نام گریختہ مع والدہ لکھیں اور 100 مرتبہ پڑھ کر دَم کریں اور ہوا میں لٹکائیں۔ گریختہ واپس آجائے گا۔

﴿عَنْ لَدَكَ لِی اُوم مَالِكْ﴾

عمل عجیب سورہ اخلاص برائے حاضری مؤکل

عبارتِ عمل:

یَا اَحَدُ یَا صَمَدُ یَا مَالِكُ عَبْدُ الصَّمَد۔ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ o قُلْ ھُوَ اللّٰہُ اَحَدٌ o اَللّٰہُ الصَّمَدُ o لَمْ یَلِدْ وَلَمْ یُوْلَدْ o وَلَمْ یَکُنْ لَّہٗ کُفُوًا اَحَدٌ o

طریقہ زکوٰۃ:

یہ حاضری مؤکل کا ایک نہایت سریع التاثیر وسہل قسم کا سورۂ اخلاص کا عمل ہے۔ شاید اس سے بہتر وآسان عمل آپ کو نہ ملے۔ لہٰذا ہر خاص وعام کو دعوت دی جاتی ہے کہ اس سے بھرپور استفادہ حاصل کریں۔

پرہیز جلالی و جمالی کے ساتھ اور ہر وقت باوضو ہونا ضروری ہے۔ نو چندی بدھ کو شب کے وقت کھلے آسمان کے نیچے ایک لکڑی کی چوکی بچھا کر اس پر مصلّہ بچھائیں اور ایک مٹی کا کوزہ لے کر اس میں چینی بھر کے سامنے رکھیں اور اگر بتی کا بخور روشن کریں اور اپنے گرد حصار کھینچیں۔ پھر اوّل گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھ کر عبارتِ عمل کو صرف ایک سو ایک مرتبہ پڑھ کر گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھ کر روزِ اوّل کا عمل تمام کریں اور کامیابی کے لئے دُعا مانگ لیں۔ اسی طرح روزانہ وقتِ مقررہ پر عمل کیا کریں۔ پہلے، تیسرے، پانچویں، ساتویں، نویں یا گیارہویں روز موکل ہاتھ جوڑ کر حاضر ہوگا اور عامل سے کہے گا کہ میں حاضر ہوں۔ آپ پڑھائی بند کر دیں۔ اس وقت پڑھائی کی تعداد مکمل کر لے کے بعد آپ اس سے کہیں کہ میں تم کو اپنے جائز معاملات کے لئے بلاؤں گا تم کو فوراً آ کر میرا کام کرنا ہوگا۔ وہ اقرار کرے گا۔ پھر آپ سے جلد حاضر ہونے کا طریقہ کار بھی دریافت کرلیں اور بغیر بلائے حاضر نہ ہونے کا عہد لیں۔ وہ آپ کی تمام شرائط مان جائے گا۔ پھر آپ اس سے تخت پر سے اٹھنے کا طریقہ بھی دریافت کرلیں۔ وہ جس طرح بتائے اسی پر عمل کریں۔ بعدہٗ آپ موکل کو جانے کا حکم دیں۔ فوراً آپ کی نظروں سے اوجھل ہوگا۔ اب آپ اس عمل کے عامل ہیں لیکن زکوٰۃ قائم رکھنے کے لئے روازنہ گیارہ مرتبہ مہارتِ عمل ورد کرنا لازمی ہے۔ آخری دن کامیابی کے بعد سفید شیرینی پر موکلات کی نیاز ضرور دیں۔ اور شیرینی خود بھی کھائیں اور معصوم بچوں کو بھی تقسیم کریں۔

نمک و تلخ چیزوں کا پرہیز رکھیں۔ نیز کچا لہسن پیاز بھی بالکل استعمال نہ

کریں۔ میٹھی چیز کا زیادہ استعمال رکھیں۔ گیارہ یوم باوضو ہونا ضروری ہے۔ آخر دِن نیاز چینی پر جو کہ روزِ اوّل آپ نے رکھی تھی ساتھ ساتھ کوئی مٹھائی بھی جو کہ سفید ہو نیاز میں شامل کرلیں۔ جب بھی آپ کسی کام کی غرض سے موکل کو حاضر کریں گے فی الفور حاضر ہو کر آپ کا کام کرے گا۔

تسخیر منو ماہی

طریقہ:

اس افسوں کو 21 رات بلا ناغہ 352 مرتبہ نمازِ عشاء تنہائی میں پڑھ کر زکوٰۃ ادا کریں۔ پرہیز جمالی وجلالی کریں۔ خوشبویات ضرور استعمال کریں۔ مُنو ماھی حاضر ہوگی اور ایک لڑکا حوالے کر کے جائے گی۔ شرائط وعدے کے مطابق وہ لڑکا ہر کام کرے گا۔ عمل کی عبارت یہ ہے۔

﴿مَنو مَاھِی یَل لَدکَ یو دہن﴾

حاضرات (جنات)

اب جو عمل لکھ رہا ہوں اس سے جنات کی حاضری ہوتی ہے۔ طریقہ اس کا یہ ہے کہ کس کاغذ پر آیت شریف لکھ کر بچے کے ماتھے پر کسی دھاگے وغیرہ سے اس طرح باندھیں کہ وہ سامنے سے پڑھی جا سکے۔

فَکَشَفْنَا عَنکَ .... من الموقنین

اس کے بعد نیچے لکھا ہوا نقش بنائیں اور بیچ میں دائرہ بنا کر اس میں بڑے بڑے نقطے کالی سیاہی سے بنائیں۔ یہ نقش بچے کی داہنی ہتھیلی پر رکھ کر

اس کو تاکید کریں کہ وہ اپنی مٹھی بند نہ کرے اور نقطوں کو غور سے دیکھتا رہے اور اپنی نظر ان سے نہ ہٹائے۔ اس کے بعد عامل کو چاہیے کہ وہ ایک مرتبہ آیت الکرسی اور یسٰین سے مقعمون تک پڑھ کر بچے کے جسم پر پھونک دیں۔ پھر چار سو مرتبہ اطرود پڑھیں۔

یہ سب پڑھ کر لینے کے بعد نقش کے اندر ایک کالی شکل کا آدمی حاضر ہوگا۔ پھر عامل بچے سے کہے کہ اس کو کہیں کہ اپنے بھائی کو بلائے۔ جب وہ بھی آجائے۔ دو صورتیں دکھائیں دینے لگیں تو پھر بچے سے کہلواؤ کہ دونوں میدان کی صفائی کریں۔ جھاڑو دیں۔ جب وہ جھاڑو دے چکیں تو پھر ان کو کہو کہ ایک دنبہ لائیں۔ جب وہ بھی آجائے تو پھر کہو کہ سات کرسیاں لاکر بچھاؤ۔ جب وہ بھی لاکر بچھا دیں تو پھر کہو کہ دنبہ ذبح کر کے اس کا گوشت تیار کریں۔ جب گوشت تیار ہو جائے تو پھر ان سے کہو کہ سات بادشاہ جنات کو لاؤ۔ جب وہ حاضر ہوں تو ان کی تعظیم کے لئے کھڑے ہو جاؤ اور پھر ان کو کرسیوں پر بیٹھنے کو کہا جائے۔ جب وہ بیٹھ جائیں تو عامل بھی سلام کر کے بیٹھ جائے اور وہ گوشت کھانے کو ان سے کہا جائے۔ جب وہ گوشت کھالیں تو پھر ان سے کہیں کہ آج کے دن جس بادشاہ کی باری ہے وہ موجود رہیں اور باقی چلے جائیں۔ اس کے بعد جو سوالات پوچھنے ہوں ان سے پوچھیں۔ اگر کوئی کام لینا ہے تو ان کو بتا دیں وہ پورا کر دیں گے۔ اس کے بعد کسی میٹھی چیز پر حضرت علیؑ کی فاتحہ دے کر بچوں میں تقسیم کر دیں۔

اس حاضرات کے لئے کسی ریاضت یا چلہ کی ضرورت نہیں ہے۔ جس

کا جی چاہے وہ کرے۔ اس حاضرات کے دوران اگر کوئی سرخ رنگ کا مؤکل حاضر ہو تو اس کو جو کام بھی کہیں گے وہ فوراً انجام دے گا۔ اس حاضرات میں عمر کی قید نہیں ہے۔ جس شخص پر حاضرات ہوتی ہو۔ خواہ وہ بڑا ہو یا چھوٹا آپ کر سکتے ہیں۔

نقش درج ذیل ہے

عزرائیل
اطرود
جبرائیل
میکائیل
۷۸۶

بادشاہوں پر اپنی حیثیت جمانے کے لئے

شمس کا دن، عطارد کی ساعت میں عمل شروع کریں۔

تمام مخلوق کے

دلوں پر حکومت کرنا چاہتے ہو تو شمس کا دن زہرہ کی ساعت میں عمل بہت ضروری ہے۔

دشمن کو مغلوب کرنا

یا زبان بندی وغیرہ کے لئے شمس کا دِن زحل کی ساعت نزول ماہ میں عمل ضروری ہے۔

مکان، دوکان میں خیر و برکت کے لیے

قمر کا دن مشتری کی ساعت میں کام کر کے دوکان و مکان میں یعنی دوکان میں گاہک بہت آئیں گے اور سودا زیادہ فروخت ہوگا۔

کسی مرد یا عورت کو زنا کاری سے روکنا

تو عطارد کا دن اور زحل کی ساعت میں عمل کا کام شروع کریں۔

کسی مفرور یا غائب شخص کو حاضر کرنا

تو قمر کا دن عطارد کی ساعت میں عمل کرے تو کام جلد اور پُر تاثیر ہوگا۔

چور کا معلوم کرنا

اگر چور یا بھاگے ہوئے کے لئے کام کرنا ہو تو اپ چاہیں کہ پُر تاثیر ہو تو قمر کا دن، زحل کی ساعت لازم ہے۔

بدکار عورت کو مرد سے جدا کرنا

مریخ کا دن اور زہرہ کی ساعت میں عمل کریں۔

آگ لگانے کا عمل

بغض یا آگ لگانے کا عمل شروع کرنا ہو تو زحل کا دن زحل کی ساعت میں عمل کرنا ضروری ہے۔

حاضرات

يَا حَيُّ يَا قَيُّومُ بِحَقِّ اِيَّاكَ نَعْبُدُوَ اِيَّاكَ نَسْتَعِيْنَ وَ بِحَقِّ كٓهٰيٰعٓصٓ حٰمٓ عٓسٓقٓ وَ بِحَقِّ سُلَيْمَان بِنْ دَائود عَلَيه السَّلام ؑ اے قوم حاضرات حَاضِر شُو۔

طریقہ:

مندرجہ ذیل بالا عزیمت کو بعد نماز عشاء باوضو ہو کر صاف ستھرے کپڑے پہن کر و عطر لگا کر اگربتی وغیرہ سلگا کر گیارہ دن تک اکتالیس یوم بعد حاضرات کھل جائے گی اس حاضرات سے آپ ہر قسم کے جائز سوالات کے سو فیصد درست معلوم کر سکتے ہیں چوٹی کی حاضرات ہے۔

تسخیر یکامی

طریقہ:

اس افسوں کو 21 رات روزانہ 351 مرتبہ مع پرہیز جمالی وجلالی پڑھ

کرز کوٰۃ ادا کریں عمل مکمل تنہائی میں کریں۔ عمل کا آغاز نوچندی ہفتہ یا منگل سے کریں۔ یکامی حاضر ہوگی۔

﴿یُکَامِی دَم نَل لُویُوم﴾

نوٹ: یکامی کی حاضری کے وقت کسی بھی کام میں پیش قدمی نہ کریں اور نہ ہی محبت جتائیں اور نہ ہی کوئی برا خیال ذہن میں لائیں ورنہ جان کا خطرہ ہے۔

تسخیر لکی

طریقہ:

اس افسوں کو 40 یوم بلاناغہ بعد نماز عشاء مکمل تنہائی میں مع پرہیز جمالی وجلالی 382 مرتبہ پڑھ کر زکوٰۃ ادا کریں۔ لکی حاضر ہوگی جو کہ ایک خوبصورت عورت ہے مگر بغیر شرائط وعدہ کے اس کے ساتھ دوستی نہ کریں اور نہ ہی اس کی رضامندی کے بغیر اس سے کوئی کام لیں ورنہ جان کا خطرہ ہے۔

﴿مَالِكَ لَا مَدَم لُکّی یَن یُوم﴾

تسخیر نویا

طریقہ:

اس افسوں کو 41 یوم مع پرہیز جمالی وجلالی مکمل تنہائی میں 306 مرتبہ پڑھ کر زکوٰۃ ادا کریں۔ آخری دن نویا حاضر ہوگا۔ شرائط طے کرلیں۔ دوران عمل کسی سے بھی ذکر نہ کریں۔

﴿نُو یَا عِیَا سِکَن نَستَعِیَن﴾

عمل حاضری مطلوب

طریقہ:

اگر کسی کو اپنی محبت میں گرفتار کرنا ہو تو صرف 7 یوم یہ افسوں تصورِ مطلوب نام کے عدد کے ساتھ پڑھیں۔ یا اس کے سر کے بالوں پر پڑھ کر جلائیں۔ حاضر ہوگا۔

﴿اِیَّاكَ کیتی آسنا نوآح﴾

حاضرات کا سرتاج عمل

یہ حاضرات بہت ہی قیمتی ہے اس لئے اس کو سرتاج الحاضرات کا نام دیا گیا ہے۔ یہ حاضرات ہیرے جواہرات سے کہیں زیادہ قیمتی ہے۔ جس عامل کو اس حاضرات کی کامیابی نصیب ہوجائے اس کی خوش نصیبی میں کوئی کمال نہیں ہوسکتا۔ یہ حاضرات بڑے لوگوں پر ہوتی ہے۔ دوسری اس حاضرات کی خوبی یہ ہے کہ عامل تین چار چلوں کے بعد اس حاضرات کا خود مشاہدہ کرسکتا ہے۔ حاضرات کا یہ عمل حضرت خواجہ غریب نواز قطب جیلانی سے منسوب ہے۔

اس سے قبل حاضرات نادعلیؑ کا تین روزہ اور گیارہ روزہ عمل لکھا گیا ہے۔ اگر کوئی شخص اس طرح چلہ نہ کرسکے تو اس کا دوسرا طریقہ زکوٰۃ کا جو کہ مجھے بزرگوں کی طرف سے ملا ہے وہ یہ ہے کہ نادعلیؑ کو روزانہ ایک وقت مقرر کرکے ایک سو گیارہ مرتبہ پڑھتا رہے۔ اول و آخر گیارہ مرتبہ درود شریف بھی پڑھے۔ کوشش کرے کہ ناغہ ہرگز نہ ہو۔ اس عمل کو نوچندی جمعرات یا چاند کی گیارہویں تاریخ سے شروع کرے۔

دو تین چلو کے بعد عامل کے اندر زبردست قسم کی روحانی قوتیں پیدا ہوجائیں گی اور اس کا فائدہ یہ ہوگا کہ حاضرات کے علاوہ عامل اس عمل سے بہت سے کام لے سکتا ہے۔ مثلاً حاضری مطلوب و برائے بعض، دشمنوں کو دفع کرنا، دشمنوں کو زیر کرنا، جنات کو حاضر کر کے اپنا غلام بنانا، جنات کو مسلط شدہ مریضوں پر حاضر کرنا اور ان کو جنات سے نجات دلانا وغیرہ وغیرہ۔ لیکن یہاں پر صرف حاضرات کا طریقہ ظاہر کیا جا رہا ہے۔

حاضرات کرنے کا طریقہ

نادعلی صغیر کو گیارہ مرتبہ پڑھ کر معمول پر دم کریں اور معمول کو تاکید کریں کہ وہ اپنی آنکھیں بند کرلے۔ اگر ایک دفعہ پڑھنے سے حاضرات نہ ہو تو اس عمل کو تین مرتبہ پڑھیں اور معمول پر دم کریں۔ انشاءاللہ حاضرات کھل جائے گی۔ اس حاضرات کا سب سے بڑا فائدہ یہ ہے کہ اس میں عمر کی قید نہیں ہے۔ خواہ آپ سوسالہ کسی بوڑھے شخص پر کریں۔ یہ حاضرات بڑے لوگ آسانی سے دیکھ سکتے ہیں۔

پرہیز:۔ اس عمل میں کسی طرح کی پرہیز نہیں ہے صرف دوران عمل باوضو ہونا ضروری ہے جو لوگ سگریٹ یا نسوار کے عادی ہیں ان کو چاہیے کہ عمل پڑھنے سے قبل کم از کم ایک گھنٹہ پہلے پرہیز کریں۔

ہدایات: اس عمل کے لیے یہ شرط نہیں ہے کہ کمرہ یا جگہ مخصوص ہو۔ جس جگہ پر آپ ہوں اگر عمل کا وقت ہوجائے تو آپ پڑھ سکتے ہیں لیکن پڑھائی کرنے کا ایک وقت مقرر ہونا نہایت ضروری ہے۔

جیسے کہ ایک جگہ عمل پڑھنے کی شرط نہیں ہے تاہم اگر کوئی شخص اس عمل کو ایک ہی جگہ پر پڑھے گا یا جگہ کی تبدیلی کی صورت میں جائے نماز یا کپڑا (جس پر بیٹھ کر عمل پڑھتا ہے) ساتھ لے جائے اور عمل پڑھے تو یہ باتیں نفع سے خالی نہ ہوں گی۔

کوشش کریں کہ ناغہ ہرگز نہ ہونے پائے۔ ناغہ ہونے کی صورت میں عمل کی تاثیر کم ہوجائے گی اس طرح جتنے ناغے ہوتے جائیں گے تاثیر کم سے کم ہوتی چلی جائے گی۔

اس عمل میں جتنی بھی روحانیت حاضر ہوتی ہے خواہ وہ اہل جنات سے ہوں یا کہ بزرگوں کی ارواح ہوں یا موکلات ہوں سب سے حضرت غوث پاک کے مریدوں میں سے ہوتے ہیں اس لئے عامل کو چاہیے کہ وہ ہر جمعرات کو کسی شرینی پر فاتحہ دے کر اس کا ثواب حضرت غوث پاک اور ان کے مریدوں کو بخش دے اور شرینی بچوں میں تقسیم کردے۔ اگر کسی جمعرات کو ناغہ ہوجائے تو کوئی ہرج نہیں ہے۔

ایسے لوگ جو کہ کسی آسیبی مرض کا شکار ہوں یا کسی پر جنات کے اثرات ہوں یا کوئی ذی روح مسلط ہو وہ جب تک تندرست نہیں ہوجاتے اس کو یہ عمل کرنے کی اجازت نہیں ہے ورنہ نقصان اٹھائیں گے۔

دوران عمل ذہن بالکل خالی ہونا چاہیے۔ کسی قسم کے خیالات نہ آنے پائیں۔ عمل کو صحیح تلفظ اور الفاظ کی صحیح ادائیگی کے ساتھ پڑھے تاکہ غلطی کا امکان نہ رہے۔

مندرجہ ذیل جگہ یا مقامات جن کا ذکر کیا جا رہا ہے۔ عمل کرنا نہایت منع ہے ورنہ خطرہ عظیم ہوگا۔

کھنڈرات یا کسی ویرانے میں جہاں پر جنات کا قبضہ ہو یا رہتے ہوں۔

مرگھٹ کے نزدیک۔

ایسا گھر یا مقام جہاں پر کسی بھی شخص کی موت غیر طبعی ہوئی ہو۔ قبرستان کے نزدیک۔

ایسا گھر جہاں پر جنات کا ڈیرہ ہو یا گھر میں کوئی آسیبی مریض ہو۔

عمل سورہ مزمل برائے حاضری مؤکل

عبارتِ عمل:

شروع سے آخیر تک لیکن مندرجہ ذیل آیات کی تکرار تین تین مرتبہ کرنا ہوگی۔

رَبُّ الْمَشْرِقِ وَالْمَغْرِبِ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ فَاتَّخِذْهُ وَكِيْلًا ۝ وَاللّٰهُ يُقَدِّرُ الَّيْلَ وَالنَّهَارَ ؕ وَاسْتَغْفِرُوا اللّٰهَ ؕ اِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ۝

طریقہ زکوٰۃ:

اس عمل کے لیے ضروری ہے کہ عامل تقویٰ و طہارت کا پابند ہو کر اس عمل کا چلہ کرنے کا قصد کرے۔ نیز پہلے کسی عامل سورۂ مزمل شریف سے اجازت لے۔ پھر پرہیز جلالی و جمالی کا پابند بن کر بعد نماز عشاء عروج ماہ قمری میں نوچندی جمعرات کو مصلے پر بیٹھ کر سب سے پہلے اپنا حصار چہار قل و آیت

الکرسی سے کرے۔ جس کا طریقہ یہ ہے کہ چار عدد دائرے اپنے گرد کھینچ کر درمیانی دائرے میں خود بیٹھے اور اکتالیس مرتبہ درود شریف پڑھ کر اکتالیس مرتبہ سورۂ مزمل شریف پڑھے۔ اسی طرح روزانہ وقتِ مقررہ پڑھائی کرنا چاہیے۔ ساتویں روز دورانِ پڑھائی عامل کے سامنے یکا یک تین مرد اور چار عورتیں غیب سے نمودار ہوں گی۔ عامل ان سے قطعی خوف نہ کرے ورنہ ہلاکت کا خوف ہے۔

اگر وہ ساتوں آپ سے گفتگو کرنے کی کوشش کریں تو آپ جب تک اپنی سورۂ کی مکمل تعداد ختم نہ کرلیں ہرگز ان سے گفتگو نہ کریں۔ تعداد کے مکمل ہونے پر ان سے کہیں کہ عندالحاجت طلب کرنے پر فوراً حاضر ہونا اور جو کام بھی کہیں اس کو پورا کرنا اور ہمیشہ مطیع رہنے کا اقرار کرلیں۔ نیز ان سے جلد حاضر ہونے کا طریقہ کار بھی دریافت کرلینا چاہیے۔ اگر آپ کی بات ماننے سے انکار کریں تو پھر آپ دوبارہ روزانہ پڑھائی کرتے رہیں۔ بالا آخر یہ روحانی مؤکلات بہت مجبور ہوں گے اور آپ کی کسی بھی شرط کے ماننے سے انکار نہیں کریں گے۔ یہاں یہ بات قابلِ یادداشت رہے کہ زیادہ سے زیادہ چہل و یک روز میں مکمل تسخیر ہو جائیں گے لیکن کبھی چودہ یوم یا اکیس یوم یا اکتیس یوم یا پھر اکتالیسویں روز تابع داری کا اقرار لازمی کرلیتے ہیں۔ دورانِ پڑھائی بخور خوشبودار لازمی جلنا چاہیے۔ اور اس عمل کا اظہار کسی بھی دوسرے شخص پر ہرگز نہ کرنا چاہیے۔ سوائے اپنے پیر و مرشد یا استاد سے جس نے آپ کو اجازت دی ہو۔ جس دِن آپ کامیاب ہو جائیں تو کسی سفید شیرینی پر مؤکلات کی نیاز دیں۔ شیرینی خود بھی کھائیں اور معصوم بچوں کو بھی تقسیم کرسکتے ہیں۔ زکوٰۃ قائم رکھنے

کے لئے روزانہ سورہ مزمل شریف ایک مرتبہ وِرد کرنا لازمی ہے۔ جب بھی آپ مؤکلات کو کسی کام کے لئے حاضر کریں گے فوراً حاضر ہوکر آپ کا کام کر دیں گے چاہے وہ مشکل ترین کام کیوں نہ ہو۔

مریض کی بیماری کے واسطے

مریخ کا دِن مریخ کی ساعت میں تعویز و عاید دعا جو بھی کام کرنے ہوں ان ہی وقتوں میں کریں۔ فوراً ہی اثر ظاہر ہوگا۔

ہر دن کا ستارہ حسب ذیل ہے

جمعہ	بدھ	سوموار	ہفتہ	جمعرات	منگل	اتوار
زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس

سلمان بن داؤد نے فرمایا معرفت ساعت کے وہ فوائد بیان کئے ہیں جو زمانہ حال میں کار آمد نہیں ہیں اور عبادت کو بھی بہت طویل دیا ہے۔ فقیر نے اس جگہ ایک مختصر فائدہ اور جدول نقل کیا ہے۔ جس سے ساعت کا بخوبی علم ہوسکتا ہے۔

واضح ہو کہ ایک طلوب آفتاب سے دوسرے طلوع آفتاب تک پورے چوبیس گھنٹے ہوتے ہیں۔ یعنی ایک شبانہ روز کے جسم موسم میں رات بڑی ہوتی ہے اور دن چھوٹا ہوتا ہے اور جسم موسم میں دن بڑا ہوتا ہے اور رات چھوٹی ہوتی ہے۔ غرضیکہ پورے چوبیس گھنٹے ایک رات دن کے ہوتے ہیں۔ اس کی ایک گھنٹہ تک ایک ستارہ کی حکومت رہے گی اور جب دوسرا گھنٹہ شروع ہوگا تو دوسرے ستارے کی ساعت شروع ہوگی۔ مثلاً ہفتہ کے روز پورے 6 بجے سورج

طلوع ہوگا۔ پس چھے بجے سے سات بجے تک زحل کی ساعت شروع ہوگی اور سات بجے سے آٹھ بجے تک مشتری کی ساعت شروع ہوگی۔ اس طرح جب تمام ہفتہ کے شب و روز کی ساعت کا حساب کرتے چلے جاؤ گے تو ہفتہ کی شب کی آخری ساعت قمر کی ہوگی اور ہفتہ کے روز پہلی ساعت پھر زحل کی ہوگی۔

اس جدول میں ساعات میں یومیہ ملاحظہ فرمائیں گے۔

جدول ہائے ساعات شب و روز ہفتہ کا دن

۱ زحل	۲ مشتری	۳ مریخ	۴ شمس
۵ زہرہ	۶ عطارد	۷ قمر	۸ زحل
۹ مشتری	۱۰ مریخ	۱۱ شمس	۱۲ زہرہ

اتوار کی رات

۱ عطارد	۲ قمر	۳ زحل	۴ مشتری
۵ مریخ	۶ شمس	۷ زہرہ	۸ عطارد
۹ قمر	۱۰ زحل	۱۱ مشتری	۱۲ مریخ

اتوار کا دن

۱ شمس	۲ زہرہ	۳ عطارد	۴ قمر
۵ زحل	۶ مشتری	۷ مریخ	۸ شمس
۹ زہرہ	۱۰ عطارد	۱۱ قمر	۱۲ زحل

سوموار کی رات

۱ مشتری	۲ مریخ	۳ شمس	۴ زہرہ
۵ عطارد	۶ قمر	۷ زحل	۸ مشتری
۹ زہرہ	۱۰ عطارد	۱۱ قمر	۱۲ زحل

سوموار کا دن

۱ قمر	۲ زحل	۳ مشتری	۴ مریخ
۵ شمس	۶ زہرہ	۷ عطارد	۸ قمر
۹ زحل	۱۰ مشتری	۱۱ مریخ	۱۲ شمس

منگل کی رات

۱ زہرہ	۲ عطارد	۳ قمر	۴ زحل
۵ مشتری	۶ مریخ	۷ شمس	۸ زہرہ
۹ عطارد	۱۰ قمر	۱۱ زحل	۱۲ مشتری

منگل کا دن

۱ مریخ	۲ شمس	۳ زہرہ	۴ عطارد
۵ قمر	۶ زحل	۷ مشتری	۸ مریخ
۹ شمس	۱۰ زہرہ	۱۱ عطارد	۱۲ قمر

بدھ کی رات

۱ زحل	۲ مشتری	۳ مریخ	۴ شمس
۵ زہرہ	۶ عطارد	۷ قمر	۸ زحل
۹ مشتری	۱۰ مریخ	۱۱ شمس	۱۲ زہرہ

بدھ کا دن

۱ عطارد	۲ قمر	۳ زحل	۴ مشتری
۵ مریخ	۶ شمس	۷ زھرہ	۸ عطادر
۹ قمر	۱۰ زحل	۱۱ مشتری	۱۲ مریخ

جمعرات کی رات

۱ مشتری	۲ زھرہ	۳ عطارد	۴ قمر
۵ زحل	۶ مشتری	۷ مریخ	۸ شمس
۹ زھرہ	۱۰ عطارد	۱۱ قمر	۱۲ زحل

جمعرات کا دن

۱ مشتری	۲ مریخ	۳ شمس	۴ زھرہ
۵ عطارد	۶ قمر	۷ زحل	۸ مشتری
۹ مریخ	۱۰ شمس	۱۱ زھرہ	۱۲ عطارد

جمعہ کی رات

۱ قمر	۲ زحل	۳ مشتری	۴ مریخ
۵ شمس	۶ زھرہ	۷ عطارد	۸ قمر
۹ زحل	۱۰ مشتری	۱۱ مریخ	۱۲ شمس

جمعہ کا دن

۱ زھرہ	۲ عطارد	۳ قمر	۴ زحل
۵ مشتری	۶ مریخ	۷ شمس	۸ زھرہ
۹ عطارد	۱۰ قمر	۱۱ زحل	۱۲ مشتری

ھفتہ کی رات

۱ مریخ	۲ شمس	۳ زھرہ	۴ عطارد
۵ قمر	۶ زحل	۷ مشتری	۸ مریخ
۹ شمس	۱۰ زھرہ	۱۱ عطارد	۱۲ قمر

ماہ قمری سعد منقلب ونحس

ثابت وسعد	محرم	ربیع الثانی	رجب	شوال
ذوجدین منقلب	ربیع الاول	جمادی الاول	شعبان	ذی القعد
نحس ومنقلب	ربیع الاول	جمادی الثانی	رمضان	ذی الحج

جو لوگ ماہ سعید منقلب اور نحس کا خیال نہیں رکھتے۔ جب چاہیں عمل شروع کر دیتے ہیں وہ ناکامی کا منہ دیکھتے ہیں اس لئے انتہائی ضروری ہے کہ ماہ سعید میں دعوت وغیرہ دی جاتی ہے اگر منقلب مہینوں میں عمل شروع کریں تو تاثیر الٹی ہو کر رجعت طاری ہو کر پاگل یا دیوانہ کر دیتی ہے۔ جیسا کہ کئی مجبوط الحواس لوگ نظر آتے ہیں جو کہ اپنی غلطی سے رجعت میں گرفتار ہو کر حواس کھو بیٹھتے ہیں۔

نحس مہینوں میں عمل کا کوئی اثر نہیں ہوتا عمل بالکل ضائع ہو جاتا ہے۔ لہٰذا ماہ سعید کا خیال کر کے عمل کرنا چاہیے تاکہ کامیابی و کامرانی سے ہمکنار ہو سکے۔

خواص واحکام روزہائے ہفتہ

ہفتہ کا دن: مکلا وہ اور غسل صحت و نوخوردن دھنیا (ہنی) جسے کہتے ہیں رکھنا چاہتے ہو تو تحویل مکان نقل مکان و خرید فروخت چوپائیہ اور سواری گھوڑا ہاتھی وغیرہ کے لیے بہتر ہے۔

بروز اتوار: یہ نام رکھنے اور نیا کھانے اور نیا کپڑا پہننے سرخ کا اور آغاز تعلیم اور عملیات اور زمین میں جوتنے اور ملازمت بادشاہوں کے لئے نیک اور بہتر ہے۔

دن سوموار: مکلا وہ کرنے، نام رکھنے، غسل صحت، زمین جوتنے یا بنیاد رکھنے تحویل ونقل مکان اور خرید وفروخت اسباب چوپائیہ اور سواری وسفر کے لیے بہتر اور اچھا گنا جاتا ہے۔

منگل دن: غسل صحت وعملیات ونوخوردن یا پوشیدن پارچہ سرخ اور نقل وتحویل اور خرید وفروخت چوپایہ سواری وسفر کے لئے بہتر ہے اور نیک ہے۔

دن بدھ: مکلا وہ کرنے، نام رکھنے، نیا کپڑا پہننے، نیا کھانا کھانے، تعلیم، زمین جوتنے، بنیاد رکھنے، تحویل مکان، حجامت بنوانا وملازمت سلاطین خرید وفروخت چوپایہ سواری نیک ہے۔

دن جمعرات: مکلا وہ کرنے، نام رکھنے، پوشش نوتعلیم وغیرہ بمطابق بدھ کے نیک اور بہت بہتر اور خوش دہ ہے۔

دن جمعہ: مکلا وہ لباس نوزمین جوتنے، نوتعلیم بنیاد رکھنا، تحویل خرید و فروخت، حجامت بنوانا اور سواری ہاتھی، گھوڑا کو نیک سمجھا جاتا ہے۔ یہ عامل لوگوں کے لئے دنوں کے خواص لکھ دیئے ہیں۔

خصوصیات ایام کا

معلوم ہونا چاہیے کہ خداوند تعالیٰ کے سات آسمانوں اور سات ستارے اور سات زمین سات سمندر، سات دن اور سات اقلیمیں اور سات

معدن، سات ملوک علوی، سات ملوک سفلی پیدا کیئے اور بہت ہی مواصلے شروع ہوئے۔ سات آسمانوں میں پہلا آسمان۔ یعنی سب کے اوپر وہ ہے جس کو ساتواں آسمان کہتے ہیں اور اس آسمان کی تدبیر خداوند تعالیٰ نے کوکب زحل سے متعلق کی ہے۔

دعوت زحل اور شنبہ مجون سیاف سجابی ابی نوح کے واسطے۔

اَجِب یَا ابا نوخ وَ بِحقِ المَلَکِ المؤکل بِکَ الَّذِی لتَسرَعُ اِلٰی خِدمتِہٖ کسفیائیل و بحق ازلی از دارو اتفحش ھلکما کثلطلش کلست لطه نفعائِم بسمخلیص علشاقش مھراقش اقثامقش ثقمونهش ارکشالیخ کباغ بکشلیخ علمش لھش نموه اجب یا میمون امانوخ وَتوَکَّلُ بِکَذا وَکَذا بِحق مَا اقسمت بِهٖ علیکَ العَجل ۲ بار الوَحا ۲ بار السَّاعَة ۲ بار۔

یہ دعوت شنبہ (یعنی ہفتہ کے دن کی ہے اس کا موکل بادشاہ موکل زمین کے موکلات سے کام۔

حاضرات ہفت شہنشاہ

فَکَشَفْنَا عَنکَ غِطَا ئَکَ فَبَصَرُکَ الیَومَ حَدِیدٌ ۝ نُرِیٓ اِبْرَاھِیمَ مَلَکُوتَ السَّمٰوٰتِ وَالاَرضِ وَلِیَکُونَ مِنَ المُو قِنِینَ ۝

طریقہ زکوٰۃ:

واضح ہو کہ جیسا کہ کتابوں اور رسالوں میں درج ہے کہ بغیر زکوٰۃ ادا کیئے ہوئے بھی عامل اس حاضرات کو کرسکتا ہے اور جواب بھی درست ملے گا تو ان عاملون کی یہ بھول ہے۔ ہرگز ایسا نہیں ہے وہ الگ بات ہے کہ کسی کی بہت زبردست روحانی طاقت ہے تو وہ اپنی روحانی طاقت سے حاضرات میں کامیاب ہوجائے۔

اس عمل کی زکوٰۃ صرف ایک یوم میں مکمل ہوجاتی ہے زیادہ طویل چلہ کشی نہیں ہے۔ طریقہ یہ ہے کہ بروز نوچندی اتوار یا شرف شمس میں یا شمس کی کسی سعد ساعت میں ایک عدد ذہب کا چراغ بنوائے یا فضہ خالص کا چراغ بنوا کر اس پر ذہب کا پانی چڑھوا کر اس کے اندر نقش کندہ کرائے اور ایک عدد اسی دھات کی پلیٹ بھی بنوائے۔ اس کے اندر بھی نقش کندہ کرائے۔ ایک ایک عدد نقش کاغذ پر تحریر کرکے اسکا فتیلہ بھی بنائے۔ اب آپ بخور شمس لیکر ساعت شمس میں پاک وطاہر ہوکر قبلہ رو جائے نماز پر بیٹھ کر بخور شمس کوئلے جلا کر روشن کریں اور چراغ میں روغن چنبیلی یا گلاب ڈال کر اس میں فتیلہ روشن کریں اور پلیٹ اس کے اوپر فتیلہ کا دھواں جمع کریں اور سات چھٹانک سات قسم کی مٹھائی پر موکلات آیت مذکور کی نیاز دے کر ثواب پہنچائیں۔ پھر گیارہ بار درود شریف پڑھ کر آیت مذکور پانچ ہزار دوسو چھیانوے مرتبہ پڑھ کر گیارہ بار درود شریف پڑھ کر کاجل اور چراغ کے روشن پر پھونک ماردیں۔ ایک بات کا خیال رکھیں جب آپکی پڑھائی ختم ہوتو تمام فتیلہ بھی جل کر ختم ہوجانا چاہیے۔ اب آپ پلیٹ

اور چراغ ٹھنڈا ہونے پر کاجل کو پلیٹ سے کھرچ لیں اور کسی شیشی میں رکھ کر اس میں چراغ کا روغن ملا کر بند کر کے محفوظ رکھیں۔ چراغ اور پلیٹ کو بھی محفوظ جگہ پر رکھیں۔ خیال رہے کہ پلیٹ کو اندرونی طرف سے خوب صاف کسی روئی وغیرہ سے کر دیں تا کہ نقش میں صاف اور واضح نظر آئے۔ کہیں پر سیاہی لگی ہوئی نہیں ہونی چاہیے۔

ترکیب حاضرات

پہلی حاضرات بروز اتوار کرنا لازم و واجب ہے۔ پھر آپ جس دن چاہیں حاضرات کر سکتے ہیں۔ چراغ، پلیٹ، بخور ہفت کواکب کا اور ایک عدد نقش کا فتیلہ تحریر کر کے چراغ میں روشن کر کے کوئلے پر بخور روشن کر کے سات قسم کی مٹھائی پر موکلات کی نیاز دیکر پلیٹ کے درمیان دائرے میں کاجل لگا کر طفل نابالغ شریف النفس پاک و طاہر کے دست میں دیکر اس کو ہدایت کریں کہ وہ سیاہی میں نگاہ رکھے۔ اب آپ گیارہ بار درود شریف پڑھ کر عربی میں پوری آیت مذکور پڑھ پڑھ کر مریض پر دم کرتے رہیں اور بچے سے پوچھتے رہیں کہ کیا نظر آتا ہے۔ جب وہ کہے کہ روشنی میں ایک میدان نظر آتا ہے اور اس میں ایک سیاہ شکل نظر آتی ہے تو معمول سے کہلوائے کہ اس شخص سے کہو کہ اپنے بھائی کو بلا کر جھاڑو دلواؤ۔ جب جھاڑو دے دی جائے تو کہیے کہ ایک دنبی صحیح سالم لا کر اسکو ذبح کر کے پکاؤ۔ پھر سات عدد کرسی بچھوا کر سات بادشاہ جنات کو بلوائے جب وہ آ جائیں تو عامل اٹھ کر ان کی تعظیم کر کے ان کو کرسی پر بیٹھنے کیلئے کہلوائیں۔ جب وہ بیٹھ جائیں تو ان سے کہیے کہ جب گوشت پک جائے تو

آپ لوگ نوش کر لیں۔ جب یہ لوگ کھا کر فارغ ہوں تو کہیے کہ آج بادشاہ کی باری ہے۔ وہ موجود رہیں باقی تشریف لے جائیں۔ جو بادشاہ موجود رہے ان سے جو بھی سوال معلوم کریں گے آپ کو درست جواب دیں گے۔ جب عامل کا مقصد پورا ہو جائے تو ان کو شکریے کے ساتھ رخصت کریں۔ نیاز کی شرینی عامل خود بھی کھائے اور معصوم بچوں کو بھی تقسیم کر دے۔

عمل برائے سٹہ

(تیر بہدف)

﴿کالا کلوا کالا بیر (موکل) اڑی بیٹھ چلاوے تیز، کہاتا کلوا آوے جاوے، ہر سٹہ صحیح بتاوے، جھوٹا بچن کبھی نہ لاوے، جو میرے بچن سے خالی جاوے، لان کا جوتا سر پہ خاوے﴾

طریقہ:

نوچندی منگل رات بارہ بجے 313 بار منہ مشرق کی طرف کر کے 41 یوم تک پڑھیں دوران عمل روزانہ ایک پوا شراب رکھے۔ وہی پوا جو پہلے روز رکھا تھا 41 دن تک اسی کو رکھیں۔

حاضرات کا جنتر

ت	۸	۳	۸	۱
ر	۶	۳	۲	۵
ر ر	ک	۹	۲	۸
لو	۴	۵	۴	۶

طریقہ:

مندرجہ بالا نقش کو تابنہ پر کندہ کروالیں اور میڈھل پھول کو جلا کر راکھ کرلیں۔ پھر یہ راکھ روئی کے فتیلہ میں ملا کر چراغ میں سرسوں کا تیل ڈال کر روشن کریں اور بچہ کو چراغ کی لَو میں دیکھنے کو کہیں۔ تھوڑی ہی دیر میں بچہ کو انسانی شکل نظر آئے گی۔ پھر آپ بچہ کے ذریعے اپنا سلام اور معمول کا سلام موکل کو

پیش کریں اور جو بھی سوال ہو طفل کے ذریعے کریں۔ آپ کے ہر سوال کا جواب تسلی بخش ملے گا۔

حاضرات بر چراغ

﴿دیوَا بلے لَٹ لَٹ وِیکھاں سَیدُ و تیری سَت۔ حَاضِر ہوویں حَاضَرات جھَٹ پَٹ۔ تینوں گورَکھ نَا تھ دی رَکھ﴾

طریقہ:

نوچندی منگل کو 108 بار روزانہ 21 یوم تک پڑھیں زکوۃ ادا ہو جائے گی۔ جب بھی حاضرات کی ضرورت پیش آئے تو ایک نیا مٹی کا چراغ لیں۔ اس میں صاف ستھری روئی لے کر بتی بنائیں اور چنبیلی کا خوشبودار تیل لے کر اس میں ڈال کر بتی روشن کریں اور چراغ کے روبرو کسی طفل نابالغ کو بٹھائیں اور اسے ہدایت کرے کہ وہ چراغ کی لو پر نظر جما کر دیکھے اور آپ عامل مندرجہ بالا کلمات عمل کو 28 بار پڑھ کر بچہ پر دم کرے۔ تھوڑی ہی دیر میں چراغ کی لو پر کسی عورت کی شکل نظر آئے گی۔ پھر آپ بچے کی معرفت سوال و جواب کا سلسلہ شروع کریں۔ ہر سوال کا جواب تسلی بخش ملے گا۔

حاضرات

﴿رام لچھمن و سیتا مائی۔ ہنومان۔ نے دھوم مچائی۔ کھا کر پان جوتالی بجائی۔ حاضرات دوڑتی حاضر آئی﴾

طریقہ:

نوچندی منگل کو روزانہ 241 بار 8 یوم تک پڑھیں۔ دوران زکوٰۃ روزانہ دولڈو موتی چور کرے رکھیں۔ بخور اگربتی جلائیں۔

جب بھی حاضرات کی ضرورت پیش آئے تو کسی طفل نابالغ کو نہلا دھلا کر صاف کپڑے پہنا کر اس کے دائیں ہاتھ کے انگوٹھے کے ناخن پر یا ہاتھ کی ہتھیلی پر کاجل لگائیں اور بچہ کو اس کاجل میں غور سے دیکھنے کو کہیں اور آپ (عامل) مندرجہ بالا کلمات عمل کو 28 بار پڑھ کر بچے پر دم کریں۔ چند ہی ثانیہ بعد حاضرات کا نزول ہوگا جس سے آپ بچہ کی معرفت سوال و جواب کا سلسلہ شروع کریں۔ ہر سوال کا جواب سو فیصد درست و تسلی بخش ملے گا۔

حاضرات

بِسمِ اللّٰہِ اَللّٰہُ اَکبَر مُحَمَّد رَسُولُ اللّٰہ کُل دَفتَر مُحَمَّد رَسُولُ اللّٰہ دفتر میں۔ مُحَمَّد رَسُولُ اللّٰہ چودہ طبق حضرت علیؑ نوشیروان حضرات کا میدان یا پاک پروردگار تیرا حکم۔ یا علیؑ مدد۔ یا علیؑ یا علیؑ بِحَقِّ لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مُحَمَّدٌ رَّسُولُ اللّٰہ۔

ترکیب وترتیب:

اس عمل کو روزانہ 1250 مرتبہ پڑھے اکتیس سے چالیس روز تک عمل کرے نوچندی جمعرات سے عمل شروع کرے۔ عمل شروع کرنے سے پہلے

تھوڑی نیاز حضرت علی شیر خدا اور حضرت محمد ﷺ کی دلائے۔ روزانہ اگربتی سلگائے اور خوشبو لگائے پاکیزہ ہو کر عمل شروع کرے۔

پرہیز:

بدبودار اشیاء حیوانات۔ اکیس دن بعد عمل میں کامیابی ہوجاتی ہے اگر چالیس یوم پڑھے تو بہتر ہے۔ اول و آخر گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھے۔

اس عمل حاضرات کو چھوٹے و بڑے ہر ایک پر کرسکتا ہے' آئینہ' انڈہ' پانی کا پیالہ' انگوٹھی اس پر بھی حاضرات کرسکتا ہے لاجواب و آزمودہ عمل ہے۔

حاضرات

اِنَّہٗ مِن سُلَیمَانَ وَاِنَّہٗ بِسمِ اللّٰہِ الرَّحمٰنِ الرَّحِیمِ ؕ بِحَقِّ یَا لَطِیفُ الخَبِیرِ یَا عَلَّامُ الغُیُوبِ ؕ

ترکیب:

اس عمل کو چالیس دن میں سوا لاکھ پڑھے۔ باپرہیز ترک حیوانات و بدبودار اشیاء سے پرہیز کرے اول و آخر گیارہ مرتبہ درود پڑھے۔ روزانہ عمل کو بعد نماز عشاء ۳۱۲۵ بار پڑھے۔ چالیس روز میں سوا لاکھ ہوجائے گا۔ نیاز' فاتحہ حضرت سلیمان علیہ السلام کی دلائے۔ عمل کے دوران کشف بھی ہونے لگتا ہے۔ آنے والے حالات سے آگاہی ہوتی ہے۔ یہ ایک بہترین استخارہ بھی ہے عامل رات کو اٹھارہ مرتبہ عمل پڑھ کر سوائے اور جو معلوم کرنا چاہیے وہ رات کو بذریعہ خواب سب کچھ صاف صاف نظر آئے گا۔ حاضرات میں سرتاج و چوٹی کا عمل ہے جو بھی اس عمل حاضرات کو کرے گا وہ تعریف کئے بغیر نہ رہے گا عمل وہ ہے جو خود بولے بہترین اور لاجواب عمل ہے۔

حاضرات

﴿اوم نموسواہے۔ بہن سرارہ آئے۔ آحاضرات دکھائے جے کرشن مہاراج کی﴾

طریقہ:

نوچندی سنیچر کو روزانہ 706 بار 13 دن تک پڑھیں۔ زکوٰۃ ادا ہوجائے گی۔ جب کبھی حاضرات کی ضرورت پیش آئے تو کسی طفل نابالغ کے دائیں انگوٹھے کے ناخن پر کاجل لگائیں اور معروف طریقہ سے حاضرات کریں۔ ہر سوال کا جواب تسلی بخش و درست ملے گا۔

حاضرات

﴿جے رام جی کی۔ جے مہاراج ہنومان۔ لڈو تیرے ہاتھ میں منہ میں تیرے پان۔ جلد دکھاؤ حاضرات اے مہاراج ہنومان﴾

طریقہ:

نوچندی منگل یا نوچندی سنیچر کو مندرجہ بالا کلمات کو 267 بار 6 یوم تک پڑھیں۔ دوران عمل روزانہ 6 یوم تک دو عدد لڈو موتی چور اور ایک عدد پان الائچی والا رکھیں۔ زکوٰۃ ادا ہوجائے گی۔ جب کبھی حاضرات کی ضرورت پیش آئے تو کسی طفل نابالغ کو اپنے روبرو بٹھائیں اور اس کے دائیں ہاتھ کی ہتھیلی پر کاجل لگائیں اور بچہ کو کاجل میں غور سے دیکھنے کو کہیں اور آپ عامل بچہ پر 28 بار مندرجہ بالا کلمات عمل کو پڑھ کر پھونکے۔ تھوڑی ہی دیر میں حاضرات کا مشاہدہ ہوگا۔ پھر آپ بچہ کی معرفت سوال و جواب کا سلسلہ شروع کریں۔ آپ کے ہر سوال کا جواب تسلی بخش و درست ملے گا۔

حاضرات تسخیر گنیش دیوتا

﴿اُوم گنپتی نمہ﴾

طریقہ:

نوچندی اتوار بائیس مالا روزانہ 40 یوم رات بارہ بجے پڑھیں۔ باپرہیز عمل کریں۔

توشہ:

سواپاؤ گندم کا آٹا۔ گڑ پرانا سیاہ سواپاؤ۔ سرخ ریشمی کپڑے میں لپیٹ کراوپر سرخ دھاگہ لپٹ دیں اور چڑھاوا چڑھائیں اور بولیں کہ۔

﴿اے گنیش دیوتا یہ تیرا توشہ ہے اسے قبول فرما اور میرا کام کر﴾

روزانہ اسی طرح 40 یوم تک توشہ رکھیں۔ چالیسویں یوم حاضری ہوگی عہد و پیمان کریں۔ اس کا عامل لاکھوں میں کھیلتا ہے اور دولت اس کے پاس ہر وقت رہتی ہے۔

رزق کی فراوانی

اگر کوئی عامل یہ نقش لکھ کر جس کو بھی دے گا اس کے گھر خدا کی برکت کی فراوانی ہوگی۔ مفلسی دور ہوگی۔ مگر جانوروں، پرندوں کو دانہ وغیرہ کا بندوبست ضرور کرے۔ اس نقش کو اپنے دائیں بازو پر باندھے۔ تو وہ خدا کے فضل سے کبھی مفلس نہ رہے گا۔ خدا روز اسے اپنے حضور سے خرچ غیب لگادے گا۔ وہ نقش یہ ہے۔

ھوالرزاق علی الا طلاق ۹۱۱۱ بسط ۱۱ ۱۱ ھاوبعہ

تسخیر موکل

اپنے نام کے اعداد ابجد قمری سے نکال کر مربع آتشی میں پُر کریں۔

خانہ ۹ میں جو عدد ہے اگر وہ احد تک ہے تو اسے لے لیں۔ احد سے زیادہ ہے تو پہلے دو عدد لیں باقی کو چھوڑ دیں۔ مثال کے طور پر نویں خانہ میں ۲۵ ہے تو پانچ کو لے لیں ۲ کو چھوڑ دیں اگر مکمل عشرات ہے۔ مثال کے طور پر ۳۰، ۴۰، ۵۰ اس حالت میں دوسرا حرف لے لیں جیسے ۳، ۴، ۵۔

اسی طرح خانہ نمبر ۹-۱۰/۱ ۱۱-۱۲/۲ ۱۳-۱۴/۳ ۱۵-۱۶/۴

کے حروف لے لیں ور ہر دو جوڑ کر موکل بنالیں۔ جیسے خانہ ۹ میں سے ۵ لیا۔ خانہ دس میں سے ۶ موکل بنالیں۔ نیا

اسی طرح ۹-۱۰/۱ ۱۱-۱۲/۲ ۱۳-۱۴/۳ ۱۵-۱۶/۴

چار موکل بنالیں اب آپ کے پاس چار موکل ہوگئے اور آٹھ حروف۔ اب ان آٹھ حروف کے اعداد ابجد قمری سے بنا کر عزیمت بنالیں۔

عزمت و اعلیکم ....(مؤکلات کے نام)

......احضر و واطیعُو بِحَقِ یا حیّ یا قیوم

یا اپنے نام کے ابجد کے اعداد کے مطابق اور موافق اسماء الٰہی یا کے مطابق اس عمل کو آٹھ روز تک پڑھیں۔ اس کا نتیجہ یہ ہوگا کہ کسی وقت بھی آپ تنہائی میں جا کر محسوس کریں گے کہ کوئی اور ذی روح آپ کے ساتھ ہے۔ وہ نظر نہیں آئے گا۔

مگر آپ یقین رکھا کریں کہ موکل آپ کے ساتھ ہے۔ اگر آپ تنہائی میں ان کے نام لے کر کوئی کام کہیں وہ ضرور کریں گے۔ سب بے ضرر اور کمزور قسم کے مؤکلات ہیں اس لئے چھوٹے چھوٹے کام کر سکتے ہیں۔ مثلاً بازار سے کوئی چیز منگانا (بھاری چیز نہیں) یا کسی کے دل میں اپنی محبت پیدا کرنا وغیرہ۔

قبولیت دعا کا لاجواب عمل

آیت **وَاِذا جآتھُم** آیت **قالو** سے **رسالة** تک اس آیت میں جو دو بار اللہ متصل آیا ہے۔ ان کے درمیان جو دعا مانگی جائے قبول ہوتی ہے۔ آیت یہ ہے۔

وَاِذا جَآتھُم ایَةٌ قَالُو الَن نُومِنَ حَتیٰ نُؤتی مِثلَ ما اُوتِی رُسُلُ اللّٰہِ م اللّٰہُ اَعلَمُ حَیثُ یَجعَلُ رِسلَتَه‘۔

یہ دعا قبولیت کے لئے بہترین ہے۔ اس سے اچھی کوئی دعا نہیں ملے گی اور بہت جلدی دُعا قبول ہوتی ہے۔

حاضرات سلطان سکندر شاہ

عَزَمتُ عَلَیکُمْ وَاَقسَمتُ عَلَیکُم بِرَبِّ جِبرَائیلَ اَنا فِیلَ اِسمَاعِیلَ مَلَکَانِ سُلطَانِ عَلٰی سَلاطِینَ الجِنَّ وَالشَّیَاطِینَ مِنَ جَانِبِ المَشَارِقِ وَ المَغَارِبِ اُحضِرُو مِنَ جَانِبِ الجُنُوبِ وَالشِّمَالِ بِحَقِ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰه

مُحَمَّدُ الرَّسُوْلُ اللّٰهِ بِحقِّ سُلِيْمَانِ بِنْ دَاؤُ عَلَيْهِمَا السَّلَام بِرَحْمَتِكَ يَا أَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ۔

طریقہ زکوٰۃ:

عروج ماہ قمری میں عامل ترک جلالی کر کے بروز نو چندی اتوار یا نو چندی جمعرات سے بخور عود روشن کر کے شب ٹھیک بارہ بجے لباس سرخ، عمامہ سرخ، مصلہ سرخ پر کھڑا ہو کر دائیں پاؤں کا پنجہ بائیں پاؤں کے گھٹنے پر رکھ کر عبارت عمل ایک سو ایک بار ورد کرے۔ اول آخر گیارہ گیارہ بار درود شریف پڑھے۔ اسی طرح روزانہ سبعہ یوم عمل کرے۔ آخری دن عزیمت کے موکلات کی نیاز دیں نیاز سفید شرینی و ایک گلاس آب تازہ مصفی پر دیکر شرینی خود بھی کھائیں اور معصوم بچوں کو بھی تقسیم کریں نیز آدھا آب آپ خود پیئں اور آدھا بچوں کو پلادیں۔ اب آپ حاضرات ھذا کے عامل ہیں۔ لیکن زکوٰۃ قائم رکھنے کے لیے روزانہ اس عزیمت کو وقت مقررہ پر ہفت مرتبہ ورد کرنا پڑیگا۔

ترکیب حاضرات

ایک گلاس میں شیشے کا لے کر اس میں آب تازہ مصفی بھر کر رکھ دیں اور طفل نابالغ کو کوئی کپڑا سرخ رنگ کا اوڑھا کر سرخ کپڑے کے فرش پر بیٹھائیں اور سامنے اسکے شیشے کا گلاس رکھیں تا کہ طفل اس میں نگاہ رکھے۔ اب عامل عزیمت پڑھ کر معمول پر دم کرتا رہے۔ چند لمحے بعد حاضرات کھل جائے گی۔ جو بھی سوال معمول کے ذریعے کیا جائے گا درست جواب ملے گا۔ بعدہٗ ان کو شکریے کے ساتھ رخصت کریں۔

حاضرات برائے آسیب

عَزَمْتُ عَلَيْكُم فَتَحُوْنَ فَتَحُوْنَ حَبِيْبِكَ حَبِيْبِكَ حَبِيْبِكَ اَلْمِيْم اَلْمِيْم اَلْمِيْم صَفَكَ صَفَكَ صَفَكَ اَلسَنَ اَلسَنَ اَلسَنَ بَلسَنَ بَلسَنَ بَلسَنَ مَهْلاً مَهْلاً مَهْلاً كَهْلاً كَهْلاً كَهْلاً شَرُرَ شَرُرَ شَرُرَ مَرُدَ مَرُدَ مَرُدَ شَقِيَا شَقِيَا شَقِيَا بِحقِّ سُلَيْمَان بِنْ دَاؤد عَلَيْهِ السَّلَام حَاضِر شَو۔

طریقہ زکوٰۃ:

عروج ماہ قمری میں عامل ترک جلالی کر کے بروز منگل بوقت شب جائے نماز پر بیٹھ کر رو بقبلہ ہو کر اول آخر گیارہ گیارہ بار درود شریف پڑھے اور درمیان میں عزیمت مذکور کو ستر مرتبہ تلاوت کرے لیکن پہلے نقش بدوح بیس عدد کاغذ کا لکھیں۔ روزانہ شب کو دوران چلہ کشی اگر بتی ضرور جلایا کریں۔ اسی طرح کل بیس یوم کا چلہ پورا کریں۔ آخری دن شرینی ہفت قسم کی لے کر اس پر موکلات کی نیاز دے کر شرینی خود بھی کھائیں اور معصوم بچوں کو بھی تقسیم کریں۔ اب آپ اس حاضرات کے عامل ہیں نیز روزانہ عزیمت ہفت مرتبہ تلاوت کیا کریں اور نقش ایک عدد لکھا کریں تا کہ زکوٰۃ قائم رہے۔ نقوش کو دریا یا سمندر میں آٹے میں گولی بنا کر ایک ایک کر کے ڈالیں۔ اگر عامل کی روحانی قوت بیدار ہے تو زکوٰۃ ادا کرنے کی ضرورت نہیں۔ جب بھی آپ حاضرات کرنا چاہیں کر سکتے ہیں۔ چلہ کرنے کی ضرورت نہیں۔

ترکیب حاضرات:

اگر جا ہے کہ لشکر سلیمانی نے آسیب وارواح خبیثہ کو قید کرے تو ایک عدد نقش لکھ کر اس کے درمیانی دائرے میں عطر لگائے اور طفل نابالغ کی پیشانی اور نقش پر بھی عطر لگائے اور نقش طفل کے ہاتھ میں دے کر اس کو ہدایت کرے کہ درمیانی دائرے میں نگاہ رکھے اور عامل عزیمت پڑھ پڑھ کر معمول پر دم کرتا رہے چند لمحے بعد حاضرات کھل جائے گی۔ یہ عمل بروز سہ شنبہ کرنا بہتر ہے۔ عمل شب کو کرے۔ جس وقت لشکر کا نزول ہو اس وقت اس کو عامل اپنا و معمول کا سلام پیش کرے اور اٹھ کر تعظیم کرے۔ بعدہٗ اگر کسی پر آسیب وسحر وغیرہ ہے تو اس مریض کے متعلق تمام معلومات حاصل کرنے کے بعد حاضرات سے عرض کرے کہ آسیب وسحر کو ختم کر دیں۔ پس وہ قید کر لیں گے اور مریض شفایاب ہو جائے گا۔ بعد مقصد حل ہونے کے حاضرات کو شکریے کے ساتھ رخصت کریں۔ جس نقش پر حاضرات کیا گیا ہے۔ اس کو آٹے میں گولی بنا کر دریا میں ڈال دیا کریں۔

۷۸۶
۱
۸
۱۰
۲
۳
۷
۹
۴
۵
☆

حاضرات

یا جبرائیلؑ ۷۸۶ یا میکائیلؑ

۸	۱۱	۸۸۳	۱
۸۸۲	۲	۷	۱۲
۳	۸۸۵	۹	۶
۱۰	۵	۴	۸۸۴

یا اسرافیلؑ **بِحق یا قابِضُ** حاضر شو حاضر شو یا عزرائیلؑ

مندرجہ بالا نقش ایک سفید کاغذ پر لکھیں۔ سولہویں خانہ میں جہاں سیاہی کا داغ لگایا گیا ہے وہاں تھوڑا سا عطر لگا دیں اور بچے کو تعویذ دیکر کہیں کہ سیاہی والے خانہ پر نظر جما کر رکھے۔ تھوڑی ہی دیر میں حاضرات کا نزول ہو جائے گا جن سے آپ اپنے حل طلب مسائل کے بارے میں معلومات حاصل کر سکتے ہیں۔ حاضرات کرنے سے پہلے بچے پر گیارہ مرتبہ درود ابراہیمی اور گیارہ مرتبہ سورہ اخلاص پڑھ کر پھونکیں اور ۲۱ مرتبہ **بِحق یا قابِضُ حاضر شو حاضر شو حاضر شو** پڑھ کر پھونکیں۔

حاضرات

یاجبرائیلؑ ۷۸۶ یامیکائیلؑ

۲۰۲	۲۰۶	۲۰۹	۱۹۵
۲۰۸	۱۹۶	۲۰۱	۲۰۷
۱۹۷	۲۱۱	۲۰۵	۲۰۰
۲۰۵	۱۹۹	۱۹۸	۲۱۰

یااسرافیلؑ **بِحقِ یَاخَبِیرُ** حاضرشو حاضرشو حاضرشو یاعزرائیلؑ

مندرجہ بالانقش ایک صاف کاغذ پر لکھیں جہاں سیاہی کا داغ لگایا ہے وہاں تھوڑا سا عطر لگادیں اور بچے کونقش کو دیکھنے کو کہیں جب تک حاضرات نہ کھلے بچے پر گیارہ مرتبہ درود شریف اور سورہ اخلاص پڑھ پڑھ کر پھونکتے رہیں انشاءاللہ تھوڑی ہی دیر میں حاضرات کا نزول ہوجائے گا۔ جس سے آپ گمشدہ اشیاء وچوری کے بارے میں اور دیگر مشکلات مسائل کے بارے میں پوچھ سکتے ہیں۔ تمام سوالات کے جوابات سوفیصد درست پائیں گے انشاءاللہ تعالیٰ۔

حاضرات: مندرجہ ذیل نقش نادعلیؑ کا ہے یہ حاضرات مصنف و مؤلف کی تجربہ شدہ ہے۔ یہ نادعلیؑ کا خاص تحفہ ہے۔ نااہل اور سفلیوں سے مخفی رکھیں اس حاضرات کے انکشافات واسرار مانع ہیں۔

حاضرات

یاجبرائیلؑ ۷۸۶ یامیکائیلؑ

۱۱۶۸	۱۱۳۲	۱۱۳۵	۱۱۲۱
۱۱۳۴	۱۱۲۲	۱۱۲۷	۱۱۳۳
۱۱۲۳	۱۳۷	۱۱۳۰	۱۱۲۶
۱۱۳۱	۱۱۲۵	۱۱۲۴	۱۱۳۶

یااسرافیلؑ حاضرشو حاضرشو حاضرشو یاعزرائیلؑ

طریقہ ولوازمات: ایک سفید کاغذ پر مندرجہ بالانقش بنائیں کالے دائرے پر عطر لگائیں اور بچے کو کالے دائرہ میں غور سے دیکھنے کو کہیں۔

حاضرات کرنے سے پہلے اپنی حیثیت کے مطابق حضرت علیؑ شیر خدا کی نیاز فاتحہ دلائیں اور ایصال ثواب پہنچائیں اگربتی سلگائیں اور عامل بچے پر نادعلیؑ بلاتعداد پڑھ پڑھ کر پھونکتا رہے تھوڑی دیر میں حاضرات کا نزول ہوجائے گا جس سے آپ اپنے مسائل کے بارے میں ہر قسم کی معلومات سوفیصد درست معلوم کرسکتے ہیں۔ اس حاضرات میں کسی قسم کی زکوٰۃ یا چلہ کی ضرورت نہیں۔ ایک تحفہ جس سے آپ یقیناً بہت فائدہ اٹھائیں گے اور خلق خدا کو بھی فیض پہنچائیں گے۔ حاضرات میں سرتاج وچوٹی کا عمل ہے۔ جو بھی اس حاضرات کو کرے گا تعریف کئے بغیر نہ رہے گا۔ بھروسہ واعتقاد کی ضرورت ہے۔ حاضرات کے لئے سب سے زیادہ قوت ارادی ویکسوئی کا ہونا لازمی ہے۔

حاضرات الحب (موہنی منتر)

﴿کل کلمہ تیر تیرہ سو جوگنی باندھوں۔ نو سو باندھوں ویر۔ آس باندھوں پاس باندھوں۔ رستہ چلت تریا باندھوں۔ ندھوں سیس کی موہنی۔ موہنی موہنی کرے پکار۔ موہنی جھک کر کرسلام۔ دوہائی مہادیو گورا پاربتی کی﴾

طریقہ: دیوالی کی رات منتر بالا کو 303 بار روزانہ سات یوم تک پڑھیں۔ اگربتی (دھوپ) جلائے۔

توشہ: 5 رنگ کی مٹھائی۔ 5 عدد گلاب کے پھول۔ توشہ روزانہ نیا رکھنا ہوگا۔

جس کام کے لئے پڑھا جائے گا وہ کام ہوگا۔ جس شخص کو مخاطب کرنا منظور ہو تو مٹی کی چٹکی پر سات مرتبہ عمل پڑھ کر دَم کرے گا اور مطلوب کو مارے یا کسی میٹھی چیز پر منتر بالا سات مرتبہ پڑھ کر وہ چیز کھلائے فوراً مطیع ہوگا۔ حیرت انگیز عمل ہے۔

حاضرات الحُب (موہنی منتر)

حُب عمل کالی

طریقہ:

جس وقت سورج گرہن لگے یا جس دن دیوالی ہو تو غسل کر کے پاک کچی زمین پر بیٹھ کر مندرجہ ذیل عمل کو 41 بار پڑھیں اور شراب پر دَم کریں اور اس شراب کو دھار باندھ کر زمین پر گرائیں۔ اگر عمل شراب پر نہ کرنا چاہیں تو اکیس عدد لونگ لیں اور ہر لونگ پر علیحدہ علیحدہ اکیس بار عمل پڑھ کر دَم کر کے لونگ کو آگ میں جلائیں۔ ہر لونگ کے ساتھ ایک ایک قطرہ شراب کا آگ پر

ڈالیں۔ بس اب آپ عامل ہو گئے۔ اب جب بھی ضرورت پیش آئے تو اس منتر کو اکتالیس دفعہ پڑھ کر کسی چیز پر دَم کریں اور مطلوب کو کھلا دیں۔ دَم بھر میں دیوانہ وار قدموں میں آ جائے گا اور عمر بھر جدا نہ ہوگا۔ جب عمل پڑھیں تو (جس کو ہم چاہیں) اس کی جگہ نام مطلوب مع والدہ لیں۔ اب آپ اس عمل کے صرف ایک سال کے لئے عامل ہوں گے۔ ایک سال کے بعد پھر عمل دوبارہ پڑھنا پڑے گا۔ عمل یہ ہے۔

﴿کالی کلای مہاں کالی۔ برہما کی بیٹی۔ اندر کی سالی۔ مدھو پاس پیے ادھار۔ ایت گن تیرو کارن دھاری۔ بان بٹھاواں بھیروں کے پاس۔ تیرا گن بھولے میرا گن لاگے۔ کانپور کی جوگنی۔ بنارس کی تیلنی۔ چوکا نند کی سندری۔ تینوں ایک ٹھاؤں ہو کے بار بار باندھن۔ کلیجہ باندھ۔ کالی کپاؤ باندھ۔ پاربتی سب کھٹ باندھ۔ گورکھ جتی۔ گورکھ جتی۔ جے پور سنکھنی دوارے جائے۔ تیار ہو بیٹھے۔ سنگ ہونے کے گورو گیان دھیان (جس کو ہم چاہیں) اس کو جاپ لے بیٹھے﴾ (آزمودہ است)۔

حاضرات موہنی برائے حب

﴿موہنی جوہنی دونوں بہنیں چل چل بیٹھیں راول جائیں جلتی آگ بجھائیں۔ جلتے منگل کو کری شور۔ بس انتر کھائے۔ ناہر سنگھ کی موہنی تورے مکھ پر چھائے۔﴾

طریقہ: ہولی یا دیوالی کی رات 12 بجے 500 بار سات یوم تک پڑھیں۔

توشہ: 5 رنگ کی مٹھائی۔ 5 عدد گلاب کے پھول۔

بخور: دھوپ (اگربتی) جلائیں۔ جس شخص کو مخاطب کرنا منظور ہو تو مٹی کی چٹکی پر سات بار یا گیارہ بار عمل پڑھ کر دم کریں اور ماریں یا کسی میٹھی چیز یا سفید الائچی پر پڑھ کر دم کریں اور مطلوب کو کھلائیں۔ جو شخص بھی کھائے گا مطیع وفرمانبردار ہوگا اور آپ کے ہر اشارے پر سر تسلیم خم کرے گا۔ مجرب ہے۔

حاضرات

یا جبرائیلؑ ۷۸۶ یا میکائیلؑ

۳۲۱	۳۲۴	۳۶۷	۳۱۴
۳۲۶	۳۱۵	۳۲۰	۳۲۵
۳۱۶	۳۲۹	۳۲۲	۳۱۹
۳۲۳	۳۱۸	۳۱۷	۳۲۸

یا اسرافیلؑ حاضر شو حاضر شو حاضر شو یا عزرائیلؑ

مندرجہ بالا نقش میں جہاں سیاہی کا داغ لگایا ہے وہاں تھوڑا سا عطر لگا دیں اور بچے کو نقش دے کر کہیں کہ سیاہی والے خانہ میں نظر جما کر رکھے اور عامل بچے پر درود ابراہیمی اور آیت کریمہ پڑھ پڑھ کر برابر پھونکتا رہے جب تک کہ حاضرات کا نزول ہو جائے گا۔ جس سے آپ اپنے حل طلب مسائل کے بارے میں مکمل معلومات حاصل کر سکتے ہیں۔

عمل سورہ یسٓین برائے حاضری ہفت موکل

عبارتِ عمل:

سورہ یٰس شریف شروع سے آخیر تک لیکن ہر مبین پر عزیمت مندرجہ ذیل ہفت، ہفت مرتبہ تکرار کریں۔ اور آخیر مبین پر عزیمت پڑھنے کے بعد جہاں سے سورۃ چھوڑی تھی یعنی آخیر مبین کی کے بعد سے پڑھائی شروع کریں اور سورۃ ختم کر دیں۔ یہ ایک مرتبہ کی پڑھائی ہوئی۔ اسی طرح کل اکتالیس مرتبہ وِرد کریں۔ عزیمت درجِ ذیل ہے۔

عَزَمْتُ عَلَيْكُمْ اَيُّتُهَا الْمَلٰئِكَةِ الْكِرَامِ اَجِبْ يَا عَبْدُ السَّلَامُ وَيَا عَبْدُ الرَّبُّ وَ يَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ وَيَا عَبْدُ الْحَی وَيَا عَبْدُ الْوَهَّابُ وَيَا عَبْدُ الْكَرِيْمُ وَيَا عَبْدُ الشَّكُوْر سَامِعًا مُطِيْعًا بِحَقِّ سَلَامٌ قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ رَّحِيْمٍ ٥ وَبِحَقِّ سُوْرَةُ يٰسٓ۔

طریقہ زکوٰۃ:

یہ ایک اسراری ولاثانی عمل جو کہ صدری ہے ہرگز اِلّا ماشاءاللہ کبھی بھی خطا نہیں کرتا۔ شاید کہ سورۂ یسٓین کا اس سے بہتر عمل حاضری موکلات کا دنیا کے کسی بھی عامل و کتاب سے نہ مل سکے گا۔ اس عمل کا جو شخص بھی عامل ہوگا دنیا کا بے تاج بادشاہ ہوگا اور درجہ ولایت پر فائز ہوگا۔ دورانِ چلہ کشی اس قدر حسین و جمیل اور حیرت انگیز عجائبات کا دیدار ہوتا ہے۔ کہ اگر کوئی شخص صد سال بھی

ریاض کرے تو ایسا لطف ہرگز نہیں آئے گا۔ جیسا کہ اس عمل میں اللہ رب العزت نے بیش بہاں خوبیاں رکھی ہیں۔ ایک سب سے بڑی خوبی اس میں یہ بھی ہے کہ کسی بھی قسم کی رجعت کا اندیشہ قطعی نہیں ہے۔ کیونکہ سورہ یٰسین شریف کے یہ ہفت موکلات نہایت رحم دِل ہیں اور عامل کو کسی بھی قسم کا نقصان نہیں پہنچاتے۔ لیکن اگر کوئی شخص ان کو تسخیر کرنے کے بعد کسی بھی قسم کا ناجائز کام موکلات سے کرائے گا تو پھر عامل کی جان خطرے میں ہوگی۔ لہٰذا میرا مخلصانہ مشورہ یہ ہے کہ کسی بھی قسم کا ناجائز کام موکلات سے آپ ہرگز نہ لیجئے گا۔ کیونکہ آپ کے پاس سے اس عمل کا تصرف چلا جائے گا اور آپ ساری زندگی ہاتھ ملتے رہیں گے۔ بحث کافی طویل ہوتی جا رہی ہے لہٰذا آخری بات کہہ کر طریقہ زکوٰۃ واضح کرتا ہوں آخری بات یہ ہے کہ اس کتاب ''تسخیر الارواح'' کا صرف اسی عمل کا چلہ کر کے آپ اپنی دنیا و دین سنوار سکتے ہیں۔ اور میرا دعویٰ ہے کہ آپ کو پھر کسی بھی دیگر عمل کی حاجت باقی نہیں رہے گی۔ کیونکہ عملِ ہٰذا کے موکلات دنیا کا تقریباً ہر کام سیکنڈوں میں کرنے کی قوت رکھتے ہیں۔ جو لوگ تقویٰ و طہارت کے پابند ہیں اور رزقِ حلال کھاتے ہوں نیز فسق و فجور سے دور ہوں اللہ و محمدؐ اور اہلِ بیتؑ سے ظاہر و باطن قلبی الفت رکھتے ہوں گے بے شک اللہ پاک ان کو کامیابی و کامرانی عطا فرمائیں گے۔

میری یہ بھی دُعا ہے کہ جو لوگ محمدؐ و آلِ محمدؐ سے بغض و کینہ رکھتے ہوں اللہ پاک ہرگز ہرگز ایسے بدبختوں کو اس عمل میں کامیابی عطا نہ فرمائے نہ ہی اس کے اسرار و رموز ان پر منکشف ہوں۔

عروج ماہ قمری ثابت میں عامل ترکِ جلالی و جمالی کا پابند بنے اور ایک علیحدہ کمرہ کا انتظام کرے کہ اس کمرے میں چہل و یک یوم کے دوران سوائے عامل کے کوئی دوسرا شخص نہ جائے۔ نوچندی جمعرات یا جمعرات کے دِن سے اس عمل کا چلہ بعد نمازِ تہجد کیا جاتا ہے۔ جس کا طریقہ یہ ہے کہ عامل نمازِ پنجگانہ کی پابندی کرے۔ بخور سبع سیارگان کا نسخہ میری کتاب اسرارِ عجیبہ حصہ دوئم سے آپ حضرات ملاحظہ فرما سکتے ہیں۔ بخور روشن کرنے کے بعد آپ چاقو یا داہنے ہاتھ کی انگشتِ شہادت سے اپنے گرد حصار کریں اور جائے نماز پر قبلہ کی طرف منہ کر کے بیٹھ کر اکتالیس مرتبہ درود شریف پھر اکتالیس مرتبہ درود شریف پڑھ کر سجدہ میں جا کر اللہ پاک سے کامیابی کے لئے دُعا مانگیں۔ دُعا مانگنے کے بعد اسی مقام پر سو جائیں۔ اگر پیاس یا دیگر کسی ضرورت کے لئے کمرے سے باہر جانا پڑے تو کوئی حرج نہیں لیکن اس کے لئے آپ پہلے حصار کاٹیں گے پھر باہر نکلیں گے۔ اسی طرح روزانہ مقررہ وقت پر آپ کو روزانہ چلہ کشی کرنا ہوگی اور یہ سلسلہ اکتالیس یوم تک جاری رہے گا۔

یہ بات قابلِ ذکر ہے کہ چلہ کشی کے وقت عامل کا لباس بصورتِ احرام ہونا چاہیے۔ جیسا کہ حج کرتے وقت حاجی لوگ استعمال کرتے ہیں جس کا رنگ سفید ہونا چاہیے۔ سر پر سفید رومال ہونا چاہیے جس میں سوئی سے سلائی نہ ہوئی ہو۔ اسی طرح مصلّہ بھی سفید ہونا چاہیے اور یہ بھی سِلا ہوا نہیں ہونا چاہیے۔ البتہ سوتے وقت آپ سِلا ہوا کپڑا پہن سکتے ہیں۔ دِن کے وقت آپ اپنے دُنیاوی کام کام میں مشغول رہ سکتے ہیں۔ لیکن نماز کی پابندی ضروری ہے۔ اور درود

شریف واستغفار کا وِرد کثرت سے کرنا چاہیے۔ اس عمل کا اظہار سوائے اپنے پیر و مرشد یا استاد کے علاوہ کسی سے نہیں کرنا چاہیے۔ عامل کا ظاہر و باطن جس قدر پاک وطاہر ہوگا اتنی ہی جلدی عامل کے سامنے عجائبات کا ظہور

ہونا شروع ہو جائے گا۔ دورانِ پڑھائی نہایت بزرگ ہستیاں عامل کے سامنے آیا کریں گی اور کلام بھی کریں گی۔ لہٰذا عامل کو چاہیے کہ ان کے کسی بھی سوال کا جواب نہ دے۔ صرف آپ نظارہ کرتے رہیں اور سنتے رہیں۔ اکثر آپ کے خواب میں بھی مؤکلات نظر آیا کریں گے اور خواب میں مختلف قسم کی خبریں دیا کریں گے جو کہ سچ ثابت ہوں گی۔

جوں جوں دِن گزرتے رہیں گے عجائبات و اسرارِ نہانی آپ پر منکشف ہوتے رہیں گے حتیٰ کہ پینتیس دِن کے بعد روزانہ دورانِ پڑھائی عمل

حاضرات الحب موہنی منتر

﴾ تیل تیل مہا تیل۔ دیکھوں ری موہنی تیرا کھیل۔ لونگ لونگا لونگا۔ بیر ایک لونگ میری آتی پاتی۔ دوسری لوگ دکھائے چھاتی۔ روٹھی کو منالائے۔ بیٹھی کو اٹھالائے۔ سوتی کو جگالائے۔ چلتی پھرتی کو لوالائے۔ آکاس کی جوگنی پتال کا سدھ۔ فلاں بن کو لاگ لاگ ری موہنی تجھے بھیروں کی آن ﴿

ترکیب عمل: نوچندی اتوار کی رات 12 بجے عمل پڑھیں۔ دو لونگ ثابت کلاہ دار اپنے پاس رکھیں۔ روزانہ 41 بار عمل پڑھ کر لونگوں پر دَم کریں۔

بخور: دھوپ (اگربتی) کی دھونی دیں۔ اپلے کی آگ جلائیں۔

چراغ سرسوں کے تیل کا جلائیں۔ عمل نوچندی اتوار سے شروع کریں اور ہفتہ کی رات ختم کریں یعنی سات دن تک پڑھیں۔

توشہ: 5 رنگ کی مٹھائی۔ 5 عدد گلاب کے پھول۔

جس شخص کو مخاطب کرنا منظور ہو تو دونوں لونگ اس شخص کی پشت پر ماریں۔ انشاءاللہ وہ شخص مطیع وفرمانبردار ہوگا اور آپ کے ہر اشارے پر سرتسلیم خم کرے گا۔ مجرب ہے۔

حاضرات برائے آسیب، جنات وارواح خبیثہ

۷۸۶

8/ ۱۴۴۱	1/ ۱۴۳۳	6/ ۱۴۳۸
3/ ۱۴۳۵	5/ ۱۴۳۷	7/ ۱۴۴۰
4/ ۱۴۳۶	9/ ۱۴۴۲	2/ ۱۴۳۴

طریقہ:

تین نقش لکھیں۔ ایک نقش کو پانی میں گھول کر پلا دیں اور ایک نقش مریض کے ہاتھ میں پکڑا دیں اور ایک نقش اس کے سر پر رکھ دیں اور مریض کو کہیں کہ وہ اپنی آنکھیں بند کرلے۔ نقش ہاتھ میں پکڑتے ہی مریض چیخنے لگے گا اور مریض کا وجود بھاری ہو جائے گا اور بیہوشی طاری ہو جائے گی۔ اس کے بعد نادِ علی یا سورۂ فاتحہ 41 مرتبہ پانی پر دم کر کے مریض کو پلا دیں۔ اگر ایک مرتبہ عمل کرنے سے مریض ٹھیک نہ ہو تو اس عمل کو تین چار بار کریں۔

نوٹ: اگر نقش مریض کو پلانے اور ہاتھ میں پکڑانے سے اس کو کچھ بھی محسوس نہیں ہو تو سمجھ لیں کہ مریض کو مرض روحانی نہیں بلکہ جسمانی ہے۔

حاضرات دیواں و پریاں

فَکُبْکِبُو فِیْھَا ھُمْ وَالْغَاوٗنَ وَجُنُوْدُ اِبْلِیْسَ اَجْمَعُوْنَ اِنَّہٗ مِنْ سُلَیْمَانَ وَاِنَّہٗ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحِیْمِ اَنْ لَّا تَعَالُوْ عَلَیَّ وَاْتُوْنِیْ مُسْلِمِیْنَ اَلْعَجَلْ اَلْعَجَلْ اَلسَّاعَتہ اَلسَّاعَتہ۔

طریقہ زکوٰۃ:

واضح ہو کہ یہ حاضرات صرف وہ عامل حضرات کر سکتے ہیں جو عزیمت فتحون کی زکوٰۃ ادا کر چکے ہوں۔ یہ عزیمت اس سے قبل والی "حاضرات برائے آسیب" میں درج کی جا چکی ہے۔ وہاں سے آپ ملاحظہ کر سکتے ہیں۔ مندرجہ بالا آیت مذکور کی زکوٰۃ عروج ماہ قمری میں ترک جلالی کر کے بروز نوچندی جمعرات یا نوچندی اتوار سے شب کے وقت بخور عود کا روشن کر کے ایک عدد فضہ خالص چوکھا چراغ میں روغن انکول یا روغن چنبیلی ڈال کر چار عدد اس چراغ میں روئی کے فتیلے روشن کر کے آیت مذکور معہ اوّل آخر گیارہ گیارہ بار درود شریف کے گیارہ سو گیارہ مرتبہ تلاوت کرے۔ بوقت ریاضت مصلہ سرخ، جامہ سرخ، عمامہ سرخ ہونا چاہیے۔ کل گیارہ یوم کا عمل ہے نیز روزانہ چار عدد نقش بھی روئی کے فتیلے میں لپیٹ کر چراغ میں جلانا واجب ہے۔ گیارھویں دن عمل کے تمام ہونے پر سات رنگ کی مٹھائی پر موکلات کی نیاز دے کر عمل ختم کریں شرینی خود

بھی کھائیں اور معصوم لڑکیوں کو بھی تقسیم کریں۔ زکوٰۃ ہمیشہ قائم رکھنے کیلئے روزانہ گیارہ بار آیت مذکور ورد کرنا چاہیے۔

ترکیب حاضرات

بوقت حاضرات بخور عود کا روشن کر کے چراغ میں چار عدد نقش کے فتیلے روشن کر کے نابالغہ کو چراغ کی لو پر نگاہ کرنے کو کہیں اور اسکے سر کے آگے کے بال پکڑ کر سورۃ قریش گیارہ بار پڑھ کر گرہ لگائے اور اول آیت مذکرہ بعدہٗ عزیمت فتحون اوپر جو کے پڑھ کر پھونک ماریں بعدہٗ اس جو کو لڑکی پر ماریں اور چند جو چہار سمت بھی پڑھ کر پھینکیں۔ چند لمحے بعد تخت پریاں کا نزول ہوگا۔ ایسے وقت پر عامل اپنا اور معمول کا لشکر پریزادوں کو سلام پیش کرے اور جو مدعا ہو اسے بیان کرے۔ فی الفور پورا ہوگا اور اگر کوئی بات معلوم کریں گے تو درست جواب معمول کے ذریعے ملے گا۔ جب آپ کا مقصد حاضرات ھذا سے پورا ہو جائے تو ان کو سلام پیش کر کے رخصت کریں۔ بوقت حاضرات عامل و معمول کا لباس سرخ ہونا چاہیے۔ نیز لڑکی کے سر پر سرخ دوپٹہ اور عامل کے سر پر سرخ ٹوپی یا عمامہ ہونا چاہیے۔ نیز مصلہ یا چادر سرخ بچھی ہونا چاہیے۔

قبل از حاضرات نیاز موکلات کی ضرور دیں۔

عو	ا	و	اا	صرعد
صراب صراب صراب صراب				

حاضرات

یاجبرائیلؑ ۷۸۶ یامیکائیلؑ

۸	۶	۴	۲
۲	۴	۶	۸
۶	۸	۲	۴
۴	۲	۸	۶

یااسرافیلؑ حاضرشو حاضرشو حاضرشو یاعزرائیلؑ

مندرجہ بالانقش کوکسی سفید کاغذ پرلکھیں اور بچے کوسیاہ خانہ میں بغور دیکھنے کوکہیں سیاہ خانہ میں کچھ نظرآئے گا تو اس سے کہوکہ بھنگی آئے اور جھاڑو دے سقہ کو بلواکر چھڑکاؤ کراؤ۔ تخت بچھواؤ اور بادشاہ سلامت کو حاضر کرو بادشاہ سلامت کوحاضر کرکے اپنے مسائل کے بارے میں مکمل معلومات حاصل کریں اورشکریہ ادا کرکے انہیں اجازت دیں۔

حاضرات

یاجبرائیلؑ ۷۸۶ یامیکائیلؑ

۳۳۳۰	۳۳۳۳	۳۳۳۶	۳۳۲۳
۳۳۳۵	۳۳۲۴	۳۳۲۹	۳۳۳۴
۳۳۲۵	۳۳۳۸	۳۳۳۱	۳۳۶۸
۳۳۳۲	۳۳۲۷	۳۳۲۶	۳۳۲۷

یااسرافیلؑ حاضرشو حاضرشو حاضرشو یاعزرائیلؑ

مندرجہ بالانقش کوایک سفید کاغذ یا گتہ پرلکھیں اور۱۲/۱۰سال کے بچہ /بچی کواس میں غور سے دیکھنے کوکہیں سیاہ نشان میں 5 منٹ کے وقفہ کے بعد کچھ نظر آئے گا۔ عامل کو چاہیے کہ معمول پر گیارہ مرتبہ درود ابراہیمی پڑھ کر پھونکے اور سورۃ الضحیٰ پڑھ پڑھ کر برابر پھونکتا رہے تب تک پڑھتا رہے جب تک حاضرات نہ کھلے جب حاضرات کا نزول ہوجائے تو بچہ /بچی سے معلومات حاصل کرے۔

حاضرات

طریقہ:

عامل بروز جمعہ 8اور9 کے درمیان غسل کرکے ہرے رنگ کا احرام باندھ لے یا پھر ہرے رنگ کی چادر اوڑھ لے اوراسی رنگ کا تہبند باندھ لے اور ایک پاؤ کھجور، ایک پاؤ چھوارے، ایک پاؤ کشمش، ایک پاؤ بتاشے، ایک پاؤ بھنے ہوئے کالے چنے اور سوگرام زیتون کا تیل اپنے پاس رکھ کر مندرجہ ذیل نقش

برائے حاضرات تیار کرے۔ عامل نقش لکھتے وقت قبلہ رو بیٹھے۔ نقش تیار کرنے کے بعد مذکورہ تمام چیزیں خیرات کردے اور اس کو ثواب آنحضورؐ کے طفیل تمام اہل بیت اور بزرگان دین کو پہنچادے۔ جب حاضرات کرنی ہو تو اس عبارت کا عامل ورد کرے۔ عبارت یہ ہے۔

﴿بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ۔ لَا هُوَ يَا عَلِيُّ لِحَاسٌ مَحِوَ حَقٌ سِرَّہ،﴾

حاضرات

یاجبرائیلؑ ۷۸۶ یامیکائیلؑ

۳۰۹۲۳	۳۰۹۱۸	۳۰۹۱۹
۳۰۹۱۶	۳۰۹۲۰	۳۰۹۲۴
۳۰۹۲۱	۳۰۹۲۲	۳۰۹۱۷

یااسرافیلؑ حاضر شو حاضر شو حاضر شو یاعزرائیلؑ

طریقہ:

مندرجہ ذیل بالا نقش کو لکھ کر درمیان کے خانہ میں کاجل یا کالی سیاہی لگا کر اور اس پر عطر لگا کر بچے کو غور سے دیکھنے کو کہیں اور عامل بچے پر سورہ اخلاص و درود شریف پڑھ پڑھ کر پھونکتا رہے۔ جب تک حاضرات نہ کھلے۔

جب حاضرات کا نزول ہوجائے تو بچے سے سوال و جواب کرے۔ یہ

نہایت زبردست اور طاقتور حاضرات ہے۔ ہر جائز کام منٹوں میں کردیتی ہے۔ زبردست جن و بھوت و سحر بھی اتار دیتی ہے۔ قابل قدر تحفہ ہے۔ اس کی قدر کریں۔

روحانی قوت بیدار کرنے کا عمل

ہر عامل کے لئے ضروری ہے کہ ہمزاد موکل کے اعمال اور حاضرات کے اعمال کرنے سے پہلے اپنے اندر روحانی قوت پیدا کرنے کی جدوجہد کرے۔ اس کا آسان طریقہ یہ ہے کہ روزانہ 505 مرتبہ **يَا هَادِيُ يَا خَبِيۡرُ يَا مَتِيۡنُ يَا عَلَّامُ الۡغُيُوۡبِ ٥** پڑھ لیا کرے۔ اول و آخر گیارہ گیارہ بار درود ابراہیمی بھی پڑھیں۔ انشاء اللہ ان اسماء مبارک کے طفیل سے عامل کے اندر زبردست روحانی قوت پیدا ہوگی اور حاضرات و تسخیرات کے عملیات اس ورد کے بعد انشاء اللہ سو فیصد کامیابی سے ہمکنار ہوں گے۔ متبدی حضرات و عاملین کے لئے قابل قدر تحفہ ہے۔

حاضرات

یاجبرائیلؑ ۷۸۶ یامیکائیلؑ

۱۷۶۵۸	۱۷۶۶۱	۱۷۶۶۴	۱۷۶۵۱
۱۷۶۶۳	۱۷۶۵۲	۱۷۶۵۷	۱۷۶۶۲
۱۷۶۵۳	۱۷۶۶۶	۱۷۶۵۹	۱۷۶۵۶
۱۷۶۶۰	۱۷۶۵۵	۱۷۶۵۴	۱۷۶۶۵

یااسرافیلؑ حاضر شو حاضر شو حاضر شو یاعزرائیلؑ

مندرجہ بالا حاضرات کے نقش کو ایک سفید کاغذ پر لکھیں۔ سب سے پہلے چند اگربتیاں سلگائیں عامل اور معمول دونوں پاکیزہ ہوں۔ کمرہ پاکیزہ ہو اور خوشبو سے معطر ہو۔ عامل کو چاہیے کہ معمول پر گیارہ مرتبہ درود ابراہیمی پڑھ کر پھونکے اور سورۃ اخلاص پڑھ پڑھ کر پھونکے پھر معمول کو سیاہ خانہ میں غور سے دیکھنے کو کہے۔ کچھ عرصہ بعد بچے کو سیاہ خانہ میں کوئی نظر آئے گا بچے کو کہوان کو سلام عرض کرے اور بچہ /بچی سے ان بزرگ ہستی سے اپنے حل طلب مسائل کے بارے میں پوچھیں بعدہ ان سے اپنا مطلب مکمل کر کے ان کو سلام عرض کر کے شکریہ کے ساتھ اجازت دیں۔

حاضرات

یا جبرائیلؑ ۷۸۶ یا میکائیلؑ

۲۵۶۱	۲۵۶۴	۲۵۶۸	۲۵۵۴
۲۵۶۷	۲۵۵۵	۲۵۶۰	۲۵۶۵
۲۵۵۶	۲۵۷۰	۲۵۶۲	۲۵۵۹
۲۵۶۳	۲۵۵۸	۲۵۵۷	۲۵۶۹

یا اسرافیلؑ حاضر شو حاضر شو یا عزرائیلؑ

مندرجہ بالا حاضرات کا نقش ایک قابل قدر تحفہ ہے اس کی خوبیاں حاضرات کرنے پر معلوم ہوں گی جوں جوں عامل حاضرات کرتا رہے گا اسی مناسبت سے اس حاضرات کے اسرار و رموز اس پر منکشف ہوتے رہیں گے۔

عامل کو چاہئے کہ حاضرات کرنے سے پہلے چند اگربتیاں سلگائے کمرہ صاف ستھرا ہو عامل پاک ہو اور کپڑے عطر سے معطر ہوں۔ حسب حیثیت برفی پر اس نقش کے مؤکلوں کی نیاز دلائے چند عدد گلاب کے پھول بھی رکھے بعد کسی بچہ /بچی یا کسی بڑے فرد پر حاضرات کرے سیاہ خانہ میں جہاں سیاہ نشان لگا دیا ہے اس میں بچے یا بڑے کو غور سے دیکھنے کو کہے اور آپ (عامل) معمول پر درود شریف پڑھ کر پھونکے اور سورۃ اخلاص برابر پڑھ کر پھونکتا رہے جب تک کہ حاضرات کا نزول نہ ہو چند ثانیہ کے بعد حاضرات کا نزول ہو جائے گا جس سے آپ مسائل کے بارے میں مکمل درست معلومات کر سکتے ہیں۔

حاضرات بذریعہ ہمزاد

قارئین کے لئے ایک نہایت ہی سہل طریقہ حاضرات کا لکھ رہا ہوں۔ یہ طریقہ کسی بھی کتاب میں نہیں ہے اور نہ ہی کوئی شخص جانتا ہے۔ مجھے کامل یقین ہے کہ میرے علاوہ شاید ہی کوئی شخص ایسا ہو جو اس راز سے وقف ہو۔ یہ حاضرات کا طریقہ ایک عامل کامل شخص نے مجھے بتایا تھا۔ میں اس کو مخلوق خدا کی بھلائی کے لئے عام کرتا ہوں۔ امید ہے کہ قارئین ایسی چیزوں کی قدر کریں گے۔ اس حاضرات کے بیشمار فائدے ہیں۔ سب سے بڑا فائدہ یہ ہے کہ اس میں کسی چلہ یا ریاضت کی ضرورت نہیں ہے اور نہ ہی کوئی عمل پڑھنے کی ضرورت ہے اور نہ ہی کسی طرح کی پرہیز ہے۔

ترکیب: عامل کو چاہیے کہ وہ کسی بچے کو اپنے سامنے تقریباً ایک فٹ کے فاصلے پر بٹھائے اور اس کو تاکید کرے کہ وہ آپ کی (عامل) آنکھوں میں

آنکھیں ڈال کر غور سے دیکھے۔ پلک نہ جھپکے۔ تھوڑی دیر کے بعد معمول کو یہ محسوس ہوگا کہ عامل کی آنکھیں مجھے اپنی طرف کھینچ رہی ہیں اور معمول کی آنکھیں بھاری ہو جائیں گی۔ سر اور دماغ پر بوجھ محسوس ہونے لگے گا۔ جب ایسی کیفیت ہو جائے تو پھر معمول کو تاکید کریں کہ وہ پہلے سلام کرے۔ جب سلام کا جواب مل جائے تو پھر سوال و جواب کا سلسلہ شروع کرے۔ اس میں معمول کو محسوہوگا کہ عامل کا چہرہ مجھ سے گفتگو کر رہا ہے۔ اس حاضرات میں جو بھی سوالات پوچھیں گے انشاء اللہ تسلی بخش جوابات ملیں گے۔

حاضرات بذریعہ ہمزاد نمبر 2

یہ جو حاضرات کا دوسرا عمل دے رہا ہوں نہایت ہی مجرب اور آزمودہ ہے۔ ایک عامل کامل کا عطیہ ہے امید ہے کہ قارئین قدر کریں گے کیونکہ ایسے اعمال برسوں ٹھوکریں کھانے کے بعد بھی کوئی نہیں بتاتا۔ قارئین خود ہی محسوس کریں گے کہ میں نے کس قدر فراغ دلی کا ثبوت دیا ہے اور بخل کو قریب تک نہیں آنے دیا اور سینے کے رازوں کو ظاہر کر دیا ہے۔

دن دس بجے کے بعد کسی ہوشیار اور چالاک بچے کو لے کر کھلی جگہ پر چلے جائیں۔ ایسا معمول جس پر عمل پہلے کسی طرح کی حاضرات کرتا ہو۔ جہاں پر جگہ پرسکون ہو اور کسی طرح کا شور وغل نہ ہو۔ بچے کو اس طرح کھڑا کریں کہ اس کا سایہ سامنے پڑے۔ اس کے بعد بچے پر حصار کر دیں اور تاکید کریں کہ وہ اپنے سائے کی گردن کی جگہ پر غور سے دیکھتا رہے۔

اسم یابدوح کو اکیس مرتبہ پڑھ کر بچے پر پھونک دیں۔ اس طرح تین مرتبہ پڑھ کر دم کرنا ہے۔ بچے کو سائے کی جگہ پر مختلف رنگوں کی روشنیاں نظر آئیں گی اور سایہ مجسم ہو کر معمول کے سامنے حاضر ہوگا۔ بچے کو پہلے تاکید کردیں کہ وہ کسی طرح کا خوف اپنے دل میں نہ لائے۔ جب معمول یہ بتادے کہ میری شکل کا ایک شخص کھڑا ہے تو سب سے پہلے بچے کی معرفت سلام کریں اس کے بعد باقی سوالات پوچھیں۔ جب حاضرات کا اختتام کریں تو اس اسم کو اکیس مرتبہ پڑھ کر بچے پر دم کردیں۔

مندرجہ بالا حاضرات کا وہ معتبر طریقہ لکھا گیا ہے کہ جس میں کامیابی کا مل جانا یقینی ہے لیکن عامل کو اسی عمل کی زکوٰۃ ادا کرنی ہوگی۔ اگر زکوٰۃ ادا نہیں کرے گا تو کامیابی محض اتفاق ہوگی۔

ترکیب زکوٰۃ: نوچندی جمعرات بعد از نماز عشاء اسم یابدوح کو اکیس صد مرتبہ روزانہ اکیس یوم تک باپرہیز پڑھیں۔ اول و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھیں۔ اکیس یوم کے بعد زکوٰۃ ادا ہو جائے گی۔ آخری یوم سوا کلو یا سوا پاؤ شرینی لے کر اس پر فاتحہ دلا کر بچوں میں تقسیم کردیں۔

انتباہ: عامل کو چاہیے کہ کسی ایسے بچے پر حاضرات نہ کرے جو کمزور دل ہو اور ڈرپوک ہو۔ دوسرا یہ کہ بچہ کسی آسیبی مرض کا شکار نہ ہو یا کسی بیماری میں مبتلا نہ ہو ورنہ عامل اور معمول دونوں کے لئے خطرہ عظیم ہوگا۔

جس روز موسم ابر آلود ہو اس روز یہ حاضرات نہ کریں۔

حاضرات

مندرجہ ذیل نقش کو 15 دن تک روزانہ گیارہ عدد لکھ کر روزانہ ہی دریا میں ڈالیں۔ بہ نیت زکوٰۃ حاضرات جب حاضرات کرنی ہو۔ ایک ایسے لڑکے کو جس کی عمر دس سال سے کم ہو نہلا کر صاف کپڑے پہنا کر کسی پاک چٹائی کر کسی پاک چٹائی پر بٹھالیں اور پندرہ کا نقش لکھ کر لڑکے کے سر پر رکھیں۔ عامل اپنی ہتھیلی پر ایک بوند پانی ڈالے اور عامل لڑکے سے کہے کہ وہ عامل کی ہتھیلی کی طرف دیکھے۔ انشاء اللہ لڑکے پر حاضرات کھل جائے گی۔ عامل لڑکے کی معرفت موکلین سے سوال وجواب کریں۔ نقش درج ذیل ہے۔

۷۸۶		
۸	۱	۶
۳	۵	۷
۴	۹	۲

برائے کشف

کمرہ علیحدہ اور پرسکون ہو۔ بعد از نماز عشاء دوزانو آلتی پالتی مار کر بیٹھ جائیں اور سوہ فاتحہ پڑھیں۔ جب **اِهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ** پر پہنچیں تو اس کا تکرار 15 منٹ تک کریں۔ تکرار آنکھیں بند کر کے کریں۔ جس دن آپ کا جسم سن ہو جائے اور آگے پیچھے حرکت اور جسم میں جھٹکے محسوس ہوں۔ اس دن سمجھ لیں کہ عمل چل پڑا ہے اس کے بعد دنیا کھلی ہوئی کتاب کی طرح

آپ کو نظر آئے گی۔ نہایت ہی مجرب عمل ہے۔ میں نے جن شاگردوں کو یہ عمل بتایا ہے انہوں نے اس عمل کی بہت تعریف کی ہے۔ اس عمل کو خوبیاں احاطہ تحریر میں نہیں لائی جاسکتیں۔

برائے روحانی ترقی

حضرت خواجہ غریب نواز رحمۃ اللہ علیہ کا ارشاد ہے کہ جو شخص ان غوث کی خدمت و تعظیم کرے گا۔

پہلے روز۔

لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ، لَا شَرِيْكَ لَهٗ، لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ يُحْيِ وَيُمِيْتُ وَهُوَ حَيٌّ لَّا يَمُوْتُ بِيَدِهِ الْخَيْرُ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ o

دوسرے روز۔

اَشْهَدُ اَنْ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ، لَا شَرِيْكَ لَهٗ، وَاحِدًا اَحَدًا صَمَدًا فَرْدًا وِتْرًا لَمْ يَتَّخِذْ صَاحِبَتَهٗ وَلَا وَلَدًا o

تیسرے روز۔

اَشْهَدُ اَنْ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ، لَا شَرِيْكَ لَهٗ، اَحَدًا صَمَدًا لَمْ يَلِدْ وَلَمْ يُوْلَدْ وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ، كُفُوًا اَحَدٌ

چوتھے روز۔

اَشْهَدُ اَنْ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ، لَا شَرِيْكَ لَهٗ، لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ يُحْيِ وَيُمِيْتُ وَهُوَ حَيٌّ لَّا يَمُوْتُ بِيَدِهٖ

الْخَيْرِ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَئٍ قَدِيْرٌ ہ

پانچویں روز۔

حَسْبِیَ اللّٰهُ وَ كَفٰى وَسَمِعَ اللّٰهُ لِمَنْ دَعَاهُ وَلَيْسَ وَرَآءَ هُ الْمُنْتَهٰى سُبْحَانَ مَنْ لَّمْ يَذَلْ كَرِيْمًا وَلَا يَذَالُ رَحِيْمًا ہ

پانچوں روز اسی ترتیب سے ان کلمات کو روزانہ 100 مرتبہ پڑھیں اور چھٹے روز پھر اسی ترتیب سے شروع کردیں۔

برائے کشف

اول و آخر درود شریف سات بار پھر سورہ فاتحہ سات بار پھر دو رکعت نفل بہ رضائے الٰہی پڑھیں۔ پہلی رکعت میں سورہ الفاتحہ کے بعد سورہ اخلاص سو بار دوسری رکعت میں سورہ الفاتحہ 100 بار اور سورہ اخلاص ایک بار پڑھیں۔ بعد سلام درود شریف سات بار اور سورہ الفاتحہ سات بار پھر ایک تسبیح۔

يَا نُوْرُ نُوْرٌ بِلُطْفِكَ الْخَفِيِّ وَالْجَلِيِّ ہ

پھر 100 بار درود شریف اور سجدہ میں سر رکھ کر

يَا نُوْرُ يَا عَلِيْمُ يَا سِرُّ الْاَسْرَارِ ہ

پانچ سو بار پھر مراقبہ اسم ذات کریں کہ میرے دل پر اللہ لکھا ہوا ہے اور روشنی نے میرے جسم کو گھیر رکھا ہے۔ (یہ عمل حضرت پیر مہر علی شاہؒ سے منسوب ہے)

مزارات

جو شخص حاضرات کا شغل اختیار کرنا چاہے اس پر لازم ہے کہ وہ ہر جمعرات کو بزرگوں کے مزار پر حاضری دیا کرے اور ہر جمعرات کو مغرب سے پہلے چراغ روشن کیا کرے۔ مجھے جو طریقہ بزرگوں کی طرف سے ملا ہے وہ اس طرح کہ مزار پر جا کر مندرجہ ذیل عمل پڑھیں اس سے بزرگوں کی طرف سے روحانی فیض جاری ہوجائے گا۔

عمل یہ ہے۔

چاروں قل شریف ایک ایک مرتبہ اول و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف۔

سورہ یٰسین کی ساتویں آیت (**انا جعلنا** سے لے کر **مقمعون** تک) تین بار بمعہ اول و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف۔

ترکیب اس طرح ہے۔

یہ عمل پڑھنے کے بعد اس کا ثواب حضور ﷺ اور اہل بیت اور حضرت غوث پاکؒ اور ان کے خصوصی گیارہ مریدین اور پھر جس مزار پر حاضری دے رہے ہیں ان کی روح مبارک کو بخش دیں۔ عمل پڑھنے کے وقت اپنے پاس الائچی دانے رکھ لیں اور اس کے بعد بانٹ دیں۔ انشاء اللہ تمام بزرگوں کی طرف سے روحانی فیض جاری ہوجائے گا۔

بزرگوں کی ارواح سے ملاقات کرنے کا عمل

نوچندی بدھ یعنی دن منگل کا ہو اور رات بدھ کی ہو سورہ اخلاص کو تین صد مرتبہ پڑھیں۔ اول وآخر سو سو مرتبہ درود شریف پڑھیں۔ یہ سب کچھ پڑھنے کے بعد اس کا ثواب ان بزرگوں کی روح مبارک کو بخش دیں۔ جن سے آپ ملاقات کر کے مسائل کا حل پوچھنا چاہتے ہیں۔ یہ عمل بدھ، جمعرات، جمعہ تین راتوں تک لگاتار کریں۔ انشاء اللہ آپ جس بزرگ کی ملاقات کے طالب ہوں گے وہ آپ سے خواب میں آکر ملاقات کریں گے۔

اس عمل کو آپ عشاء کی نماز کے وقت وتروں سے پہلے پڑھیں۔ عمل کے بعد بولنا کسی سے نہیں ہے۔ کمرہ علیحدہ ہو۔ بستر پاک صاف ہو۔ کمرے میں اگربتی بھی جلالیں۔ جب تک نیند نہ آئے درود شریف بلا تعداد پڑھتے رہیں۔

انشاء اللہ تین راتوں میں سے کسی ایک رات میں ملاقات ہو جائے گی۔ عمل کرنے سے قبل کسی میٹھی چیز پر بزرگوں کے نام کی فاتحہ دلا کر وہ چیز بچوں میں تقسیم کر دیں۔ یہ عمل سینکڑوں مرتبہ کا آمودہ ہے۔ جس شخص کا جی چاہے وہ تجربہ کر سکتا ہے۔

نوٹ: یہ عمل حضرت سخی سلطان باہوؒ سے منسوب ہے

روح سے خواب میں ملاقات کرنا

اگر کسی روح سے خواب میں ملاقات کرنی ہو تو اس عمل کو پڑھ کر سو جائیں۔ خواب میں روح سے ملاقات ہوگی۔ یہ عمل پہلی یا دوسری یا ساتویں رات کو کریں۔

طریقہ: بعد از نماز عشاء سونے سے پہلے باوضو پاک وصاف کپڑے پہن کر خوشبو وغیرہ لگا کر پہلے سات مرتبہ سورہ الشمس اور والیل پھر سات مرتبہ سورہ اخلاص آخر میں مندرجہ ذیل عمل پڑھیں۔

اَللّٰهُمَّ اَرِنِیْ فِیْ مَنَامِیْ (یہاں اپنا مقصد لکھیں) وَجْعَلْ لِّیْ مِنْ اَمْرِیْ مَرْجًا وَّمُخْرَجًا وَّرْزُقْنِیْ فِیْ مَنَامِیْ مَا اَسْتَدِلُّ بِهٖ عَلٰی اِجَابَةِ دَعْوَتِیْ ۝

روح سے ملاقات کرنے کا عمل

اگر آپ یہ چاہیں کہ اپنے کسی مردہ دوست یا رشتہ دار سے ملاقات ہو جائے اور وہ آپ کو خواب میں نظر آجائے تو لگاتار تین دن تک یہ عمل کرنے سے انشاء اللہ آپ کی مراد پوری ہوگی اور آپ کا دوست یا رشتہ دار خواب میں آکر آپ سے مل جائے گا۔ یہ عمل بدھ، جمعرات، جمعہ کو کرنا چاہیے۔ جہاں کوئی دوسرا موجود نہ ہو۔ مکمل تنہائی ہو اور بستر وغیرہ بالکل صاف ہو۔ کمرے میں کسی طرح کی خوشبو بھی بسا لینی چاہیے۔ اگربتی وغیرہ جلائیں تو بہتر ہے۔

سونے سے پہلے آپ مندرجہ ذیل نقش کو اپنے تکیے کے نیچے رکھ لیں اور بستر پر ہی بیٹھ کر تین مرتبہ درود شریف پھر سات مرتبہ سورہ التکاثر پھر سات مرتبہ والضحیٰ پھر تین مرتبہ درود شریف پڑھ کر سو جائیں جب تک نیند کا غلبہ نہ ہو درود شریف بلا تعداد پڑھتے رہیں۔ تین دن تک روزانہ نیا نقش لکھیں اور نقش کے نیچے اس شخص کا نام مع والدہ لکھیں جس سے ملاقات کی خواہش ہو۔ صبح کو اٹھ کر

یہ نقش آٹے میں گولی بنا کر پانی میں پھینک دیں۔ کسی نہر یا تالاب یا پھر کنویں میں پھینک دیں۔ انشاء اللہ تین راتوں میں سے کسی ایک رات میں ملاقات ہو جائے گی۔ یاد رکھیں کہ اللہ تعالیٰ ہر چیز پر قادر ہے۔ یہ عمل صرف در حقیقت بار گاہ خداوندی میں درخواست ہے کہ ہماری ملاقات خواب میں فلاں فرنے والے سے کرا دیں تو بحکم الٰہی اس کی روح خواب میں آجاتی ہے۔ نقش یہ ہے

ن	ق	ط	م	س					
ق	ط	م	س	ن					
ط	م	س	ن	ق					
م	س	ن	ق	ط	ن	ق	ط	م	س
س	ن	ق	ط	م					

حاضرات المیمون

عَزَمْتُ عَلَیْکُمْ یَا مَعْشَرَ الْجِنِّ وَالْاِنْسِ وَالْاَرْوَاحِ وَیَا صَاحِبَ السِّحْرِ وَالْوَسْوَاسِ الْخَنَّاسِ بِحَقِّ مَیْمُوْنَ زَنْگِیْ وَبِحَقِّ مَیْمُوْن حَبْشِیْ اُخْرِجَ الْجِنِّ وَالْجِنِّیْ وَلَا تَنِیْرُ مِنْ کُلِّ مَقَامٍ وَّمَکَانٍ بِحَقِّ سُلَیْمَانَ بِنْ دَاؤُدَ عَلَیْهِمَا السَّلَامَ یَا قُوْقَلُ یَا قُوْقَلَانِ یَا حَرْقَلُ یَا حَرْقَلَانِ یَا

عَجُوْزُ اُمُّ الصِّبْیَانِ خُذْ هٰذِهٖ بِحَقِّ تَوْرِیْتُ مُوْسٰی وَاِنْجِیْلِ عِیْسٰی وَزَبُوْرِ دَاؤُدَ وَفُرْقَانِ مُحَمَّدًا لرَّسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمْ بِرَبِّ جِبْرَائِیْلَ وَمِیْکَائِیْلَ وَاِسْرَافِیْلَ وَعِزْرَائِیْلَ حَاضِرْ شَوْ حَاضِرْ شَوْ حَاضِرْ شَوْ

طریقہ زکوٰۃ:

یوں تو یہ جملہ جائز مقاصد کیلئے اکسیر کا حکم رکھتی ہے لیکن تجربہ شاہد ہے کہ اس سے حاضرات بھی نہایت عمدہ کھلتی ہے۔ طریقہ یہ ہے کہ عروج ماہ قمری میں عائل ترک جلالی کر کے بروز نوچندی جمعرات سے اسکی زکوٰۃ نکالنے کا قصد کرے۔ شب جمعرات ٹھیک بارہ بجے قبلہ رو جائے نماز پر بیٹھ کر بخور عود کا روشن کر کے شرینی برفی پر موکلات عزیمت کی نیاز دیں۔ برفی کل گیارہ عدد ہو گی۔ بعدہٗ درود شریف گیارہ مرتبہ پڑھ کر عزیمت ایک سو گیارہ مرتبہ پڑھ کر پھر درود شریف گیارہ مرتبہ پڑھ کر عمل تمام کرے۔ اسی طرح کل گیارہ یوم تک روزانہ وقت مقررہ پر عمل پڑھا کرے۔ روزانہ گیارہ عدد برفی پر نیاز دینا قبل از عمل واجب ہے۔ بعد فراغت عمل ان برفیوں کو کسی ویران جگہ پر درخت کے نیچے رکھ دیا کرے یعنی روزانہ پڑھائی کے بعد درخت کے نیچے برفیوں کو رکھنا ہو گا۔ برفی رکھتے وقت یہ کہے کہ یہ برفی صاحب عزیمت کو پہنچے۔ چلہ کے تمام ہونے پر روزانہ عزیمت گیارہ بار ورد میں رکھنا ہو گا۔

ترکیب حاضرات

طفل نابالغ پاک وطاہر کے انگوٹھے کے ناخن پر عطر ملا ہوا کاجل لگا کر گیارہ بار عزیمت ھذا پڑھ کر دم کر کے معمول کو ہدایت کرے کہ کاجل کی سیاہی میں نگاہ رکھے۔ فوراً حاضرات کا نزول ہوگا جو چاہیں پوچھیں۔

حاضرات

یاجبرائیلؑ ۷۸۶ یامیکائیلؑ

۲۱۴	۲۱۷	۲۲۰	۲۰۶
۲۱۹	۲۰۷	۲۱۳	۲۱۸
۲۰۸	۲۲۲	۲۱۵	۲۱۲
۲۱۶	۲۱۱	۲۰۹	۲۲۱

یااسرافیلؑ **بحق سلام قولا من الرب الرحیم** یاعزرائیلؑ

حاضر شو حاضر شو حاضر شو

طریقہ:

مندرجہ بالا نقش میں جہاں سیاہ نشان لگا دیا اس میں تھوڑا سا عطر لگائیں اور بچے کو غور سے دیکھنے کو کہیں۔ اگر بتی وغیرہ سلگائیں عامل بچے پر گیارہ مرتبہ درود ابراہیمی پڑھ کر پھونکے اور اس عزیمت کو ۸۱۸ مرتبہ بچے پر پڑھ پر پھونکے۔

سَلَامٌ قَوْلًا مِنْ رَبٍّ الرَّحِیْمِ ۝ چند ہی ثانیہ میں بچے کو سیاہ خانہ میں کچھ نظر آئے گا آپ بچے سے اپنے حل طلب مسائل کے بارے میں معلومات حاصل کریں اور ان بزرگ کو سلام عرض کر کے شکریے کے ساتھ جانے کی اجازت دیں۔

نوٹ: اگر عامل خود حاضرات کرنی چاہے تو اس عزیمت کو روزانہ بعد نماز عشاء ۸۱۸ مرتبہ چالیس یوم پڑھے (باپرہیز) اول و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھے۔ سیاہ دائرہ میں نظر قائم کر کے اپنا مقصد ذہن میں رکھ کر عزیمت پڑھے حتیٰ کہ حاضرات کھل جائے تمام مقصد واحوال ٹی۔وی کی طرح نظر آئے گا۔

حاضرات

یاجبرائیلؑ ۷۸۶ یامیکائیلؑ

۱۹۵۴	۱۹۴۹	۱۹۵۶
۱۹۵۵	۱۹۵۳	۱۹۵۱
۱۹۵۰	۱۹۵۷	۱۹۵۲

یااسرافیلؑ **بحق سورۃ فیل** حاضر شو یاعزرائیلؑ

حاضر شو حاضر شو

طریقہ:

مندرجہ بالا نقش کو کاغذ پر لکھ کر مٹی کے نئے چراغ میں سرسوں کا تیل

ڈال کر جلائیں۔ کسی بچہ / بچی کو چراغ کے سامنے بیٹھائیں اور ہدایت کریں کہ چراغ کی بتی کی لو پر نظر جما کے رکھے۔ بس تھوڑی دیر بعد اسے غیر معمولی چیز نظر آئے گی۔ آپ اس گمشدہ اشیاء پر چوری کے بارے میں اور دیگر مشکل مسائل کے بارے میں پوچھ سکتے ہیں۔ تمام سوالات کے جوابات تسلی بخش و سو فیصد درست ملیں گے۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔ حاضرات کا دوسرا طریقہ یہ ہے کہ سیاہ خانہ میں جہاں سیاہی کا داغ لگایا ہے وہاں تھوڑا سا عطر لگادیں اور بچے کو کہیں کہ سیاہی والے خانہ پر نظر جما کر رکھے اور عامل بچے پر گیارہ مرتبہ درود ابراہیمی پڑھ کر پھونکے اور سورۃ فیل ۲۷ مرتبہ پڑھ کر پھونکے تھوڑی ہی دیر میں حاضرات کا نزول ہوجائے گا۔ جس سے آپ اپنے حل طلب مسائل کے بارے میں سو فیصد درست معلومات حاصل کرسکتے ہیں۔

ملاقات حضرت خضر علیہ السلام

سب سے پہلے اس عمل کے لئے ایک علیحدہ کمرے کا انتخاب کریں جہاں پر کسی دوسرے کا آنا جانا نہ ہو۔ کمرہ بالکل پاک و صاف ہو۔ کمرے میں موجود بستر بھی پاک وصاف ہونا شرط ہے۔ کمرے میں کوئی ایسی چیز نہ ہو جس سے روحانیت آ کر بیزار ہو۔ کوئی ایسا کیلنڈر نہ ہو جس پر عورت کی برہنہ تصویر بنی ہوئی ہو یا دیواروں پر اس طرح کے اخبار نہ لگے ہوئے ہوں جن پر فلمی ستاروں کی تصاویر ہوں۔

نوچندی بدھ سے یہ عمل شروع کریں اور تین دن تک (بدھ، جمعرات، جمعہ) لگاتار کریں۔ انشاء اللہ ان تین راتوں میں سے کسی ایک رات میں حضرت

خضر علیہ السلام سے ملاقات ہوگی۔ عمل پڑھتے وقت کمرے میں اگربتی جلائیں اور عمل پڑھنے کے بعد بغیر کسی سے بات کئے سوجائیں۔ جب تک نیند نہ آئے بلاتعداد درود شریف پڑھتے رہیں۔ انشاء اللہ آپ کی ملاقات ضرور ہوگی۔ یقین کامل اور پختہ ہونا چاہیے۔ عمل یہ ہے۔

دو رکعت نماز نفل پڑھیں۔ ہر رکعت میں بعد سورہ فاتحہ تین بار آیت الکرسی اور تین بار الم نشرح اور گیارہ دفعہ سورہ اخلاص پڑھیں۔ بعد سلام اس عزیمت کو سات بار پڑھ کر سینے پر دم کر کے سوجائیں۔ حضرت خضر علیہ السلام کی زیارت خواب میں ہوگی۔ عزیمت یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝ حُبٌّ قُبٌّ طَنَا بِيَقٌ طَاءٍ طِبٌّ شَافِعٌ وَشَفِيْعٌ وَحِرْزٌ وَحَرِيْرٌ وَدِيْقٌ وَحَبَّةٌ بِحَقِّ اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَاِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ ۝

اس عمل کو شروع کرنے سے قبل بزرگوں کی نام کی فاتحہ دلا کر شرینی بچوں میں تقسیم کردیں۔

کشف القبور کے مجرب اعمال

قبرستان میں جانے سے قبل جن باتوں کا جاننا ضروری ہے سب سے پہلے ان کو غور سے سمجھ لیں۔ سب سے جو ضروری بات ہے وہ یہ ہے کہ عمل کا اظہار کسی پر بھی ہرگز نہ کریں۔ کسی سے بھی یہ ذکر نہ کریں کہ میں قبرستان جاتا ہوں ورنہ کچھ ہاتھ نہ آئے گا۔ اگر کسی کو علم ہوجائے یا قبرستان آتے جاتے کوئی

شخص دیکھ لے تو عمل بیکار جائیں۔ کسی بھی دوسرے شخص کو آپ قبرستان میں نہیں لے جاسکتے ہیں نہ ہی اپنے ساتھ روشنی لے کر جائیں بلکہ عمل کو شروع ہی عروج ماہ سے کریں تاکہ رات چاندنی ہو۔ اگر گھر سے قبرستان دور ہو تو سائیکل گاڑی وغیرہ پر جاسکتے ہیں لیکن ان کو قبرستان کی حدود سے دور رہی کھڑا کردیں تاکہ کسی کی نظر اس پر نہ پڑے۔ میں یہ امر بھی واضح کردوں کہ کشف القبور کے عملیات میں مطلق کسی قسم کا ڈر و خوف نہیں ہے نہ ہی رجعت کا خوف ہے اگر ایک قبرستان میں جاکر کامیابی نہ ہو تو دوسرے قبرستان میں چلے جائیں۔ اگر پھر بھی کامیابی نہ ہو تو عمل کو فرضی اور غلط مت تصور کریں بلکہ یہ مت سمجھیں کہ میرے اندر کوئی نقص ضرور ہے۔ اس کو دور کریں۔

کشف القبور کا تین روزہ عمل

عروج ماہ میں جمعرات کے دن کسی قبرستان میں جاکر السلام علیکم یا اہل القبور کہیں۔ نماز مغرب پڑھ کر جائیں اور ہر ایک قبر پر فاتحہ پڑھیں۔ فاتحہ کا طریقہ یوں ہے کہ تین مرتبہ درود شریف اول و آخر ایک بار الحمد شریف اور ایک بار سورہ الکفرون ایک بار سورہ التکاثر پڑھ کر اس کا ثواب صاحب قبر کی روح کو بخش دیں۔ اسی طرح ہر قبر پر سلام اور فاتحہ پڑھ کر ثواب بخش کر اس قبر پر اللہ اس طرح انگلی یا کسی چیز سے لکھیں تاکہ شناخت ہوسکے اور قریب وقت عشاء تک یہ عمل جاری رکھیں۔ جب عشاء کا وقت ہوجائے تو سب کو سلام کرکے چلا آئے۔

اب خاص راز کی بات سنئے کہ ان تمام قبروں میں سے کسی قبر سے اگر

سلام کا جواب ملے تو یا فاتحہ پڑھتے وقت کوئی آواز آئے تو اس کی نہایت ہی غور سے سنیں اور اس قبر پر سر کی طرف نشان لگادیں تاکہ اس کی شناخت ہوسکے۔

دوسر روز پھر اسی قبرستان میں جائے اور اول آواز والی قبر پر سلام کرکے فاتحہ پڑھے پھر بقایا قبروں پر بھی اسی طرح پڑھنا شروع کرے اور لفظ اللہ بھی لکھے۔ اگر دوسرے روز بھی کسی قبر سے آواز آئے تو اسی طرح شناخت کے لئے اس پر بھی نشان لگادیں۔ تیسرے روز بھی کسی قبر سے آواز آئے تو اسی طرح شناخت کے لئے اس پر بھی نشان لگادیں۔ تیسرے روز بھی جاکر یہی عمل دہرائیں۔ جیسا کہ اوپر لکھا جاچکا ہے کہ اگر ایک قبرستان میں تین روز جاکر کامیابی نہ ہو تو پھر اس عمل کو کسی دوسرے قبرستان میں جاکر کریں۔ اگر دوسرے سے بھی ناکامی ہو تو پھر تیسرے قبرستان میں چلے جائیں۔

اول تو ایسا کبھی بھی نہیں ہوگا کہ آواز کسی بھی قبر سے نہ آئے۔ اگر خدانخواستہ محرومی رہے تو پھر سمجھ لیں کہ میرے اندر کوئی نہ کوئی نقص ضرور ہے۔ اس کا تدارک کریں۔ بعض اوقات ایسا ہوتا ہے کہ آوازیں تو آتی ہیں لیکن سمجھ میں نہیں آتیں اس لئے چاہیے کہ آوازوں کو غور سے سنیں۔ ایسا نہ ہو کہ آپ قبرستان میں عمل کر رہے ہوں اور خیال آپ کا گھر یا کسی اور جگہ ہو۔

یاد رہے کہ آوازیں جو آتی ہیں وہ کانوں میں آکر سنائی نہیں دیتیں بلکہ محسوس ہوتا ہے کہ دماغ کے ساتھ کوئی چیز آکر ٹکرا رہی ہے یا پھر دل میں محسوس ہوتا ہے کہ کوئی آواز آرہی ہے۔ اگر خیال یا ذہن کسی اور جگہ ہوگا تو پھر کچھ بھی سنائی نہیں دے گا۔

اب روزانہ بعد نماز عشاء قبرستان میں جا کر سلام کریں۔ پھر عام فاتحہ پڑھیں۔ پھر خاص ان قبروں پر فاتحہ پڑھیں جن سے آوازیں آئی ہیں یعنی جن پر آپ نے نشانات لگائے تھے۔ اب ان پر لفظ اللہ لکھنے کی ضرورت نہیں ہے بلکہ ان پر **یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ** لکھ دیں اور قبر کے دائیں جانب بیٹھ جائیں اور آنکھیں بند کر کے صاحب قبر کی جانب متوجہ ہوں اور آہستہ آہستہ **یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ** پڑھتے رہیں اور یہ تصور کریں کہ صاحب قبر میرے سامنے لیٹا ہوا ہے اور مسکرا رہا ہے۔ اس عمل کو کم از کم ایک گھنٹہ جاری رکھیں۔ پھر دوسرے دن جائیں اور دوسری قبر پر اسی طرح عمل کریں مگر ہر روز اول جاتے وقت سلام اور فاتحہ خوانی کریں اور پھر واپسی کے وقت بھی سلام کریں۔ تیسرے روز بھی قبر پر جا کر اسی طرح عمل کریں۔ یاد رہے کہ عمل ان قبروں پر کرنا ہوگا جن سے آوازیں آتی ہیں اور جن پر آپ نے نشانات بھی لگائے تھے۔ ان قبروں میں سے کسی ایک قبر کو منتخب کریں اور پھر روزانہ اسی قبر پر جایا کریں اور سلام کرنے کے بعد آنکھیں بند کر کے صاحب قبر کی جانب متوجہ ہوں۔ صاحب قبر کی روح سے جو بات چیت ہو اس کو راز رکھیں اور جو مشاہدات نظر آئیں ان کو سینے میں دفن کر دیں۔

حاضرات غوثیہ

عَزَّمْتُ عَلَیْکُمَا وَاَقْسَمْتُ عَلَیْکُمَا اَجِبْ یَا ھَمْرَائِیْلُ یَا طَاطَائِیْلُ بِحَقِّ یَا شَیْخ عَبْدُ الْقَادِر جِیْلَانِیْ شَیْءٍ لِلّٰہِ یَا مُحَمَّدُ یَا مُحَمَّدُ یَا مُحَمَّدُ اِفْتَحْ اَبْوَابَ الْحَاضِرَاتِ یَا بُدُّوحُ یَا بُدُّوحُ یَا بُدُّوحُ بِرَحْمَتِکَ یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ۔

نوعدیگر:

عَزَّمْتُ عَلَیْکُمْ وَاَقْسَمْتُ عَلَیْکُمْ اَجِیْبُوْ یَا ھَمْرَائِیْل یَا لُوْمَائِیْل یَا لُوْطَائِیْل بِحَقِّ یَا شَیْخ عَبْدَ الْقَادِرُ جِیْلَانِیْ مَحْبُوْب سُبْحَانِیْ شَیْءٍ لِلّٰہِ یَا مُحَمَّدُ یَا مُحَمَّدُ یَا مُحَمَّدُ اَفْتَحُ الْاَبْوَابَ الْحَاضِرَ اِتِیْ بِحَقِّ یَا بُدُّوحُ یَا بُدُّوحُ یَا بُدُّحُ بِرَحْمَتِکَ یَا اَرْحَمَ الرَّحِمِیْنَ۔

طریقہ زکوٰۃ:

مندرجہ بالا دونوں عزیمتیں مثلِ آفتاب و مہتاب کے ہیں۔ ایک دوسرے سے کوئی کمتر درجہ نہیں رکھتی۔ لہٰذا آپکو جو بھی پسند آئے اسکی زکوٰۃ ادا کر سکتے ہیں۔ میرا مخلصانہ مشورہ یہ ہے کہ جو لوگ مضبوط قادری نسبت رکھتے ہیں اور تقویٰ وطہارت کے پابند ہیں ان کو چاہیے کہ اس جلیل القدر حاضرات کو اپنا معمول بنائیں۔ انشاءاللہ آپکو کسی دیگر حاضرت کی تمنا نہیں رہے گی۔

طریقہ یہ ہے کہ عروج ماہ قمری میں عامل چاند کی پہلی تا گیارہ یا سترہ تاریخ تک پرہیز جلالی کو اپنا معمول بنائے اور ایک عدد چاندی کا چراغ بنوائے جو کہ بوقت پڑھائی برابر روشن رہے گا۔

اس چراغ میں روغن چنبیلی ڈال کر روئی کا فتیلہ روشن کرنا ہوگا۔ ایک عدد لوبان دانی جس میں کوئلے دھکتے ہوئے ہوں گے اس میں پسا ہوا لوبان بوقت چلہ کشی وقفے وقفے سے چٹکی چٹکی ڈالنا ہوگا۔ یہ بخور ہے۔ ایک عدد لکڑی کی تقریباً ایک سوا فٹ چوکی بھی سامنے رکھنی ہوگی اس چوکی کے درمیان میں چراغ رکھا ہوگا۔ چراغ کے ساتھ لوبان دانی رکھیں اور گیارہ تا سترہ عدد گلاب کے پھول چوکی کے اوپر کناروں پر چاروں طرف رکھنا ہونگے۔ پھول روزانہ تازے لیں۔

جبکہ روز اوّل کے پھول بحفاظت محفوظ رکھنے ہونگے روزانہ گیارہ تا سترہ عدد چاندی کی کٹوریوں میں چاولوں کی کھیر ڈال کر چراغ کے چاروں طرف رکھنی ہونگی۔ ایک بات کا خیال رکھیں وہ یہ ہے کہ چوکی سبز رنگ کی لیں پھر اس پر سامان رکھیں۔ کھیر میں سات قسم یا گیارہ یا پھر سترہ قسم کے میوے و پھل ڈالنا ہونگے۔ کھیر روزانہ تازی بنا کر رکھنا ہوگی۔ روزانہ کی کھیر عامل ہر پیالی میں سے تھوڑی تھوڑی خود کھائے اور بقیہ نابالغوں کو تقسیم کردے۔ یہ خیال رہے کہ زمین پر کھیر نہ گرے۔ بوقت چلہ کشی عامل کا جامہ سبز ہوگا جو کہ دو ٹکڑوں میں ہوگا۔ ایک کو ناف سے اوپر سر تک اوڑھ لیں بجکہ دوسرے کو زیر ناف سے ٹخنے تک لپیٹ لیں۔ جب یہ تمام لوازمات آپ اکٹھے کرلیں تو پھر آپ کو نماز مغرب ادا کرنے

کے بعد اپنا منہ شمال کی سمت رکھنا ہوگا اور جائے نماز سبز بچھا کر تمام لوازمات عمل سامنے رکھیں اور حضرت شیخ عبدالقادر جیلانی کی نیاز دیکر اسکا ثواب آپؒ و موکلات عزیمت کو پہنچائیں۔ نیاز کے وقت چراغ و بخور روشن کرنا ضروری ہے بہتر ہے کہ آپ اذان مغرب کے وقت فوراً چراغ روشن کردیں پھر نماز مغرب ادا کرنے کے بعد عمل ھذا کی نیاز کھڑے ہوکر شمال کی سمت منہ کر کے نہایت ادب سے دیں۔ بعدہ اول گیارہ بار درود قادری پڑھ کر پھر عبارت عمل ایک سو گیارہ بار پڑھ کر گیارہ بار درود شریف پڑھ کر عمل ختم کریں۔ ان تمام اوقات میں بخور لوبان برابر روشن کرتے رہنا ہوگا اور چراغ بھی مسلسل جلتا رہے گا۔ بعد ختم پڑھائی اللہ رب العزت سے عمل حاضرات کی کامیابی کی دعا مانگیں۔ اسی طرح کل گیارہ یا سترہ یوم کا چلہ کریں۔ چراغ کے دھوئیں کو کسی صاف پلیٹ میں جمع کرتے رہیں اور اس میں روغن چنبیلی چراغ والا ملانا چاہیے۔ اور روزانہ اس پر دم بھی کرنا ہوگا۔ یہ خیال رہے کہ اگر آپ گیارہ یوم کا چلہ کریں گے تو گیارہ عدد پھول گیارہ عدد کھیر کی پیالیاں رکھنی ہونگی اور اگر چلہ سترہ یوم کا کرنا ہے تو یہ چیزیں سترہ سترہ عدد لینی ہوں گی۔ چلہ ختم ہونے کے بعد گلاب کے تمام پھولوں کو دریا یا سمندر میں ڈال دیں نیز زکوۃ قائم رکھنے کیلئے عزیمت روزانہ گیارہ بار معہ اول آخر گیارہ بار درود شریف ورد میں رکھیں اور چاند کی گیارہ یا سترہ تاریخ کو ہر ماہ تمام لوازمات عمل سامنے رکھ کر نیاز ضرور دینا ہوگی۔ روزانہ ایک عدد نقش دوران زکوۃ لکھنا ہوگا اور چراغ میں روئی کے فتیلہ میں جلانا ہوگا۔

دونوں عزیمتوں کا نقش آئندہ لکھا جائیگا۔ گو کہ یہ حاضرات مجھے کتاب ھذا میں تحریر

نہیں کرنا تھی کیونکہ یہ انتہائی خطرناک حاضرات ہے پیر فقیر اس کو اپنے سینہ میں ہی محفوظ رکھتے ہیں۔ دنیا میں بہت کم لوگ ہوں گے جو اس حاضرات کو راز واسرار نہانی سے واقف ہوں گے۔ اگر ایسا کوئی ہے تو وہ سامنے آ کر مشاہد کرائے۔

ترکیب حاضرات

یہ حاضرات عامل خود بھی مشاہدہ کر سکتا ہے اور طفل نابالغ و پایل پر بھی چلتی ہے۔ بوقت ضرورت تمام لوازمات عمل سامنے رکھ کر اول شیخ عبدالقادر جیلانی کی نیاز دیکر ایک عدد گول آئینہ لے کر اسکو کاجل مذکور سے سیاہ کرے اور اس میں روغن چنبیلی اچھی طرح لگادے تاکہ اس میں چمک پیدا ہو۔ اب عامل اس آئینہ کو اپنے دونوں ہاتھوں سے پکڑ کر اسکی سیاہی میں نگاہ کرے۔ بعدہٗ گیارہ بار درود قادری پڑھ کر عزیمت پڑھنا شروع کردے۔ زیادہ سے زیادہ ایک سو گیارہ بار عزیمت پڑھنا ہوگی۔ اسی دوران حاضرات کھل جائیگی۔

واضح ہو کہ یہ دونوں نقوش ساعت مریخ میں لکھے جائیں گے اور اسی دوران بخور بھی مریخ کا روشن کیا جائے گا۔ اگر آپ ان نقوش کو شرف مریخ یا اوج مریخ میں یا پھر مریخ کی ساعت میں چراغوں پر کندہ کروالیں تو اس حاضرات میں چار چاند لگ جائیں گے۔

عزیمت اول کا نقش درج ذیل ہے۔

۲۴۵	۲۵۴	۲۶۲	۲۷۰	۲۷۸	۲۸۶	۲۳۷
۲۶۳	۲۷۱	۲۷۹	۲۸۰	۲۳۸	۲۴۶	۲۵۵
۲۷۳	۲۸۱	۲۳۹	۲۴۷	۲۵۶	۲۶۴	۲۷۲
۲۴۰	۲۴۸	۲۵۷	۲۶۵	۲۶۶	۲۷۴	۲۸۲
۲۵۸	۲۵۹	۲۶۷	۲۷۵	۲۸۳	۲۴۱	۲۴۹
۲۶۸	۲۷۶	۲۸۴	۲۴۲	۲۵۰	۲۵۲	۲۶۰
۲۸۵	۲۴۳	۲۴۴	۲۵۳	۲۶۱	۲۶۹	۲۷۷

عزیمت دوئم کا نقش درج ذیل ہے

۲۹۲	۲۷۴	۳۰۷	۲۹۷	۲۸۰	۲۶۹	۳۰۲
۲۹۳	۲۸۳	۲۶۵	۳۰۵	۲۸۸	۲۷۷	۳۱۰
۳۰۱	۲۹۱	۲۷۳	۳۱۳	۲۹۶	۲۷۹	۲۶۸
۳۰۹	۲۹۹	۲۸۲	۲۶۴	۳۰۴	۲۸۷	۲۷۶
۲۶۷	۳۰۰	۲۹۰	۲۷۲	۳۱۲	۲۹۵	۲۸۵
۲۷۵	۳۰۸	۲۹۸	۲۸۱	۲۷۰	۳۰۳	۲۸۶
۲۸۴	۲۶۶	۳۰۶	۲۸۹	۲۷۱	۳۱۱	۲۹۴

کشف القبور ایک روزہ عمل

دو رکعت نفل قضائے حاجت الحمد شریف کے بعد سورہ اذا جاء نصر 25 بار پڑھیں۔ دو رکعت میں کل تعداد سورہ نصر 50 ہوگی۔ بعد سلام 100 بار یہ درود شریف پڑھیں۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ کُلِّ مَعْلُوْمٍ لَّکَ وَ بَارِکْ وَسَلِّمْ ٥

41 بار یہ پڑھیں۔

سُبُّوْحٌ قُدُّوْسٌ رَبُّنَا وَرَبُّ الْمَلٰئِکَةِ وَالرُّوْحِ اور پھر گیارہ بار یہ پڑھیں **یا روح اکشفلی** پھر مراقبہ کریں۔ یہ سارا عمل تنہائی میں قبر پر بیٹھ کر کریں۔ فوراً صاحب قبر کی روح سے ملاقات ہوگی۔ یہ عمل سینکڑوں مرتبہ کا آزمودہ ہے۔ جس کا جی چاہے وہ تجربہ کرسکتا ہے۔ صاحب عمل نے لکھا ہے کہ اللہ اور رسول اور اپنے پیرومرشد کے بعد اس عمل کی صداقت کا ذمہ دار ہوں۔ یہ عمل حضرت سخی سلطان باہو سے منسوب ہے۔

کشف القبور کا مجرب عمل

اب جو عمل لکھ رہا ہوں یہ پہلے والے عمل سے بہت آسان ہے۔ اس عمل میں بھی کسی قسم کا ڈر خوف نہیں ہے اور نہ ہی کسی طرح کی پرہیز اور پابندی ہے جس کا جی چاہے تجربہ کرسکتا ہے۔ اس عمل میں عالم خواب کے علاوہ عالم بیداری میں بھی ارواح سے ملاقات ہوتی ہے۔

عروج ماہ نوچندی جمعرات یا چاند کی گیارہویں شریف کو بعد از نماز عشاء کسی قبرستان میں چلے جائیں۔ قبرستان میں جانے س قبل جن باتوں کا جاننا ضروری ہے وہ پہلے لکھ دی گئی ہیں۔ سب سے پہلے قبرستان والوں کو سلام کریں۔ السلام علیکم یا اہل القبور۔ اس کے بعد گیارہ صد مرتبہ درود شریف پڑھیں۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ٥ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَ عَلٰی آلِ مُحَمَّدٍ وَبَارِکْ وَسَلِّمْ ٥

اس کا ثواب تمام قبرستان والوں کو ارواح کو بخشش دیں اور واپس چلے آئیں اور پیچھے مڑ کر نہ دیکھیں اور اگر گھر آ کر بغیر بات کیئے سو جائیں۔ یہ عمل تین یوم تک کریں یعنی کہ قبرستان جا کر درود شریف پڑھ کر اس کا ثواب بخش دیا کریں۔ انشااللہ خواب میں روحوں سے ملاقات ہوگی جو کہ عامل کو آنے والے واقعات کی خبر دیتی رہیں گی۔

بعض اوقات عامل کو عالم بیداری میں بھی محسوس ہوتا ہے۔ کوئی ذی روح ساتھ ہے لیکن بعض لوگوں کو نظر آتی ہیں اور بعض کو نہیں۔ اگر تین یوم میں عالم خواب میں ملاقات نہ ہو تو سمجھ لیں کہ عمل ناکام رہا ہے۔ اگر تین یوم کے بعد کوئی ذی روح خواب میں آ کر ٹوکے کہ آج قبرستان کیوں نہیں آئے تو سمجھ لیں کہ کامیابی کی طرف واضح اشارہ ملا ہے اس لئے پھر اسی قبرستان میں جا کر اپنا شغل جاری رکھیں۔

اگر ناکامی ہو تو دوسرے قبرستان میں اسی طرح تین یوم تک عمل کریں۔ اگر دوسرے قبرستان میں بھی ناکامی ہو تو پھر تیسرے میں چلے جائیں۔ انشاءاللہ

ضرور کامیابی ہوگی۔ یہ عمل ناچیز کا تجربہ شدہ ہے اور یہ عمل حضرت خواجہ غریب نواز قطب جیلانی سے منسوب ہے۔

کشف القبور۔ روحوں سے ملاقات کا عمل

نوچندی جمعرات یا چاند کی گیارہویں شریف کو بعد از نماز عشاء قبرستان میں جا کر پہلے تمام قبرستان والوں کو سلام کریں۔ اس کے بعد اس عمل کو روزانہ دو ہزار ایک سو مرتبہ چالیس یوم تک پڑھیں۔ اول و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھیں۔ عمل شروع کرنے سے قبل کسی میٹھی چیز پر ان روحوں کی نام کی فاتحہ دلا کر بچوں میں تقسیم کردیں۔ جن کو آپ اپنی آنکھوں کے سامنے لانا چاہتے ہیں یعنی جن سے آپ روحانی ناطہ جوڑنا چاہتے ہیں۔ قبرستان آتے جاتے وقت کوئی نہ دیکھے۔ اگر کسی نے دیکھ لیا تو عمل بیکار جائیں۔ روزانہ وقت مقررہ پر عمل کریں۔ چالیس یوم تک بعد آپ اس عمل کے عامل ہو جائیں گے۔

ترکیب: جب کسی ذی روح سے ملاقات کرنے کا ارادہ ہو تو قبرستان چلے جائیں اور قبر پر دو زانو یا چوکڑی مار کر آرام سے بیٹھ جائیں۔ اول و آخر اکیس اکیس مرتبہ درود شریف اور ایک سو ایک بار عمل پڑھ کر آنکھیں بند کرلیں اور صاحب قبر کی روح مبارک کا تصور کریں۔ اس طرح پندرہ منٹ تک مراقبہ کریں۔ انشاء اللہ صاحب قبر کی روح سے ملاقات ہوگی۔ عمل درج ذیل ہے۔

سُبُوحٌ قُدُوسٌ رَبُّنَا وَرَبُّ الْمَلٰئِكَةِ وَ الرُّوحُ

کشف القبور

پہلے قبر پر جا کر سلام کریں۔ پھر سرہانے قبر کے بیٹھ کر انگشت شہادت قبر پر رکھیں اور آنکھیں بند کر کے اکیس مرتبہ یا روح یا روح اور اکیس بار **یَا رُوحَ الْاَرْوَاحِ یَا رُوحَ الْاَرْوَاحِ** کہے۔ اور بعد میں **سَلَامٌ قَوْلًا مِنْ رَّبِّ الرَّحِيْم** لاتعداد بار پڑھتا رہے۔ اس کے بعد ایک سو ایک بار اوپر والا عمل **سُبُّوحٌ قُدُّوسٌ** پڑھ کر مراقبہ کریں۔ انشاء اللہ روح سے ملاقات ہوگی۔

روحوں سے کلام

نوچندی جمعرات کو اس نقش کو لکھیں اور مغرب سے قبل گیارہ روپے کی شرینی لے کر اس پر فاتحہ دلائیں اور اس روح کو ثواب بخش دیں جس سے ملاقات کے طالب ہوں اور شرینی بچوں میں تقسیم کر دیں۔

۲۸۶

ھ ۱۱ ۱۱ [illegible] ۲۸۶ ۱۱۲ ٥

۸۵	۱۵	۲۵
۶۵	۵۵	۷۵
۶۵	۴۵	۶۵

اللھم ارنی فی المنامکارید

بعد از نماز عشاء قبرستان میں جا کر سلام کریں لیکن یہ بات یاد رکھیں کہ آتے جاتے وقت آپ کو کوئی شخص نہ دیکھے۔ قبر پر بیٹھ کر سات ہزار مرتبہ **یا قنوی** پڑھیں اور پڑھنے کے بعد اس نقش کو قبر میں دفن کریں اور سیدھا گھر چلا آئے اور پیچھے مڑ کر ہرگز نہ دیکھے ورنہ خطا ہوگی۔ رات کو سوتے وقت اس روح کا تصور کر کے سو جائیں انشاء اللہ روح سے ملاقات ضرور ہوگی۔

اعلیٰ قسم کی خوشبو دار اگر بتی

(موکلات کو اپنی طرف دیوانہ وار کھینچنے کا بخور)

معزز قارئین کرام آپ نے اکثر بعض اعمال میں پڑھا ہوگا کہ عود، عنبر، مشک، زعفران کا بخور جلائیں۔ اب آپ خود فیصلہ و انصاف کریں کہ ایک غریب آدمی جس کو پیٹ بھر کر روٹی نصیب نہ ہو وہ یہ قیمتی بخور کہاں سے خرید کر جلائے گا۔ لہٰذا قارئین کرام و عاملین کی خدمت میں ایسا بخور و اگر بتی پیش کی جاتی ہے جو ان چیزوں سے سستی، اعلیٰ و خوشبو دار ہوگی۔ عود، عنبر، مشک، زعفران بھی ان کی خوشبو کے آگے کوئی حیثیت نہیں رکھتے۔ یا تو آپ ان اجزء کو کوٹ کر تھوڑا تھوڑا سا جلائیں یا ان تمام اجزاء کو کوٹ کر اگر بتی تیار کر لیں۔ بس عمل کے دوران پڑھائی کے وقت ایک ہی اگر بتی سلگانا کافی ہے۔ کمرہ خوشبو سے معطر ہو جائے گا۔ یا تھوڑا سا ان اجزء کو جلائیں جیسا کہ آپ کا دل چاہے استعمال کریں۔ ان اجزاء کی خوشبو سے دور دور سے حاضرات الارواح و موکلات مقناطیس کی طرح دیوانہ وار کھچے چلے آتے ہیں۔ اگر سچ پوچھا جائے تو یہ موکلات کو حاضر کرنے اور کھینچنے کا حیرت انگیز و نایاب بخور (دخنہ) ہے۔

نسخہ / فارمولا یہ ہے:

(۱) برہمی بوٹی ...... ۱ تولہ (۲) بالچھڑ ...... ۱ تولہ
(۳) گلاب کے پھول ...... ۱ تولہ (۴) کافور ...... ۱ تولہ
(۵) دیودار کا برادہ ...... ۱ تولہ (۶) مشک دانہ ...... ۱ تولہ
(۷) سفید صندل کا برادہ ...... ۱ تولہ (۸) ناگر موتھا ...... ۱ تولہ
(۹) رال ...... ۱ تولہ (۱۰) سگندھ بالا ...... ۱ تولہ
(۱۱) گوگل ...... ۱ تولہ (۱۲) لوبان ...... ۱ تولہ
(۱۳) دار چینی ...... ۱ تولہ (۱۴) جائفل ...... ۱ تولہ
(۱۵) جاوتری ...... ۱ تولہ (۱۶) تیز پات ...... ۱ تولہ
(۱۷) چھوٹی الائچی ...... ۱ تولہ
(۱۸) پانڑی (ایک خوشبودار گھاس) ...... ۱ تولہ
(۱۹) اگر (خوشبودار لکڑی) ...... ۱ تولہ
(۲۰) زرنب (ایک خوشبودار گھاس) ...... ۱ تولہ
(۲۱) خس ...... ۱ تولہ (۲۲) چھیل چھبیلہ ...... ۱ تولہ

نورانی اعمالِ حاضرات

حاضرات اسم ذات اللہ

اللہ اسم ذات ہے اور باقی تمام نام صفاتی ہیں۔ اسم ذات چونکہ تمام

کائنات پر محیط ہے۔ اس لئے جو شخص اسم ذات کا عامل ہوگا اس کو اٹھارہ ہزار عالم کی جملہ مخلوقات پر تصرف حاصل ہوگا۔ اور پھر وہ علوی و سفلی مخلوقات سے بالمشافہ ملاقات کر کے جملہ سوالات کے جواب خود حاصل کر سکتا ہے۔ اسے میڈیم یا واسطہ کی ضرورت نہیں رہتی۔ اس اسم کے چار حروف یعنی (ا ل ل ہ) ہیں اور اعداد 66 ہیں۔ آپ پرہیز جلالی و جمالی کے ساتھ 41 یوم 4356 کے حساب سے روزانہ پڑھیں یا اسم ذات کے ہر حرف کو ایک ہزار شمار کر کے چار ہزار روزانہ کے حساب سے 41 یوم پڑھیں۔ ہر دو صورتوں میں سے جو صورت بھی آپ کو آسان لگے اختیار کر کے زکوٰۃ ادا کریں۔ دوران زکوٰۃ جو مشاہدات و کیفیات سے آپ آگاہ ہوں وہ کسی پر سوائے اپنے مرشد کے ظاہر نہ کریں۔ زکوٰۃ کی ادائیگی کے لئے ورد اس وقت شروع کریں جب نیا چاند نظر آئے۔ کہ پہلی منزل یعنی شرطین میں کس دن داخل ہوگا۔ جس دن چاند اس منزل میں قیام پذیر ہو آپ مکمل پاکیزگی اور پرہیز کا خیال رکھ کر زکوٰۃ کی نیت سے اسم ذات کو روزانہ مقررہ تعداد میں پڑھ کر 41 یوم پورے کریں اور پھر روزانہ 66 بار بلاناغہ پڑھیں تاکہ عمل قبضہ میں رہے۔ جب حاضرات کرنا ہو درج ذیل نقش کو اسم ذات اللہ کا ہے اس کے درمیانی خانہ کو معطر کر کے حاضراتی سیاہی لگا کر اس خانہ میں نظر جما کر دیکھے اور جب موکلات حاضر ہو جائیں تو اپنے مسائل کے بارے میں سوال کر کے جواب حاصل کرے۔ جیسا کہ لکھا گیا ہے کہ یہ جلالی اسم ہے اور پرہیز خاص اہتمام کر کے زکوٰۃ ادا کرنا ہے۔ ورنہ ذرا سی کوتاہی رجعت میں مبتلا کر دے گی۔

اس اسم کی زکوٰۃ ادا کرتے وقت اپنے مرشد کا تصور جما کر پڑھیں تاکہ رجعت و پریشانی کا اندیشہ نہ رہے۔ جس نقش کو آپ نے بعد زکوٰۃ کام میں لینا ہے اور دوران زکوٰۃ سامنے رکھ کر زکوٰۃ ادا کرنا ہے وہ یہ ہے۔ اس نقش کو اگر تانبہ کے پترے پر کندہ کرا کر درمیانی خانہ کو دوران زکوٰۃ معطر رکھیں۔ البتہ بعد زکوٰۃ جب سوال و جواب کا مرحلہ آئے تو درمیانی خانہ معطر کریں اور حاضراتی سیاہی بھی لگائیں۔ نقش یہ ہے۔

۷۸۶		
۲۵	۱۸	۲۳
۲۰	۲۲	۲۴
۲۱	۲۶	۱۹

نوٹ: یہ عمل چونکہ حاضرات فنافی اللہ اور ناظرات بقا باللہ کا ہے اس لئے جملہ قواعد جو درج کئے گئے ہیں ان کا لحاظ رکھ کر کریں اور بغیر اجازت ہرگز ہرگز نہ کریں تاکہ کسی قسم کا نقصان یا رجعت سے دوچار نہ ہو۔

حاضرات کلمہ طیبہ

سب سے پہلے کلمہ طیبہ **لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ** کی زکوٰۃ ادا کریں۔ روزانہ عروج ماہ میں 619 مرتبہ 21 یوم تک پڑھیں۔ عامل ہو جائیں گے۔ بعدہٗ ورد میں 23 مرتبہ پڑھ لیا کریں عمل ہمیشہ قابو میں رہے گا۔

۷۸۶			
۱۵۴	۱۵۷	۱۶۱	۱۴۷
۱۶۰	۱۴۸	۱۵۳	۱۵۸
۱۴۹	۱۶۳	۱۵۵	۱۵۲
۱۵۶	۱۵۱	۱۵۰	۱۶۲

﴿بِحقِ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰه مُحَمَّدٌ رَّسُول اللّٰه﴾

﴿حاضرات حاضرشو حاضرشو حاضرشو﴾

طریقہ: جب بھی حاضرات کی ضرورت پیش آئے تو 7 تا 14 سال کے لڑکے / لڑکی کو اپنے روبرو بٹھائیں اور اسے کہیں کہ وہ نقش کے سیاہ خانے میں غور سے دیکھتا رہے اور عامل بچے سے یہ الفاظ گیارہ مرتبہ کہلوائے

﴿اے اللہ اپنے نور کی اندھیرے میں شمع روشن کر﴾

عامل بچے پر گیارہ مرتبہ درود ابراہیمیؑ اور 28 مرتبہ کلمہ طیبہ پڑھ کر دَم کرے۔ چند ہی ثانیہ بعد سیاہ خانے میں روشنی نظر آئے گی۔ جب بچہ بتائے کہ اجالا ہو گیا ہے تو پھر معروف طریقہ سے حاضرات کریں اور سوال و جواب کا سلسلہ شروع کرے۔ انشاء اللہ ہر بات کا اور ہر سوال کا جواب سو فیصد درست و سچا ملے گا۔

حاضرات

﴿یَا حَیُّ یَا قَیُّومُ﴾

طریقہ: اس اسم مبارک کی زکوٰۃ سوا لاکھ 40 یوم میں ادا کریں۔ روزانہ 3125 مرتبہ 40 دن تک پڑھے۔ زکوٰۃ ادا ہو جائے گی۔ روزانہ ایک تسبیح ورد میں ہمیشہ رکھیں تاکہ عمل قبضہ میں رہے۔ جب بھی حاضرات کی ضرورت پیش آئے تو کسی طفل نابالغ کو اپنے روبرو بٹھائیں اور عامل بچہ کو کہے کہ وہ آنکھیں بند کر لے۔ پھر گیارہ مرتبہ درود شریف ابراہیمیؑ اور 28 مرتبہ مندرجہ بالا اسم مبارک پڑھ کر بچہ پر دَم کرے۔ تھوڑی ہی دیر میں بچہ کو روشنی نظر آئے گی اور میدان وغیرہ نظر آئے گا۔ پھر معروف طریقہ سے حاضرات کر کے سوال و جواب کا سلسلہ شروع کریں۔ ہر سوال کا جواب درست ملے گا انشاء اللہ۔ اس حاضرات کو آپ ہر طریقے سے کر سکتے ہیں۔ مثلاً پانی میں، انڈہ پر، شیشہ پر، بچے کی ہتھیلی اور ناخن پر بھی حاضرات کر سکتے ہیں۔

عمل حاضرات اسم یَا لَطِیفُ

۷۸۶			
۱۵۴	۱۵۷	۱۶۰	۱۴۷
۱۵۹	۱۴۸	۱۵۳	۱۵۸
۱۴۹	۱۶۲	۱۵۵	۱۵۲
۱۵۶	۱۵۱	۱۵۰	۱۶۲

﴿یَا فَتَّاحُ یَا لَطِیفُ﴾

طریقہ زکوۃ:

سب سے پہلے عروج ماہ نو چندی جمعرات کو عمل شروع کریں اور اسم الٰہی **یَا لَطِیْفُ** کی زکوۃ ادا کریں۔ 265 مرتبہ روزانہ بعد نمازِ عشاء فرض نماز کی ادائیگی کے بعد پڑھیں اور پھر سنتیں اور وتر ادا کریں۔ صرف 5 یوم تک بلا ناغہ۔ وقت اور جگہ کی پابندی کا خیال رکھیں۔

طریقہ حاضرات:

بعد ادائیگی زکوۃ مندرجہ بالا نقش کو لکھ کر کسی طفلِ نابالغ کو سیاہ خانہ میں دیکھنے کو کہیں چند ثانیہ بعد سیاہ خانہ میں بچے کو ارواحِ حاضرات نظر آئیں گی۔ ان سے پھر آپ اپنے ہر مشکل امور کے بارے میں سو فیصد درست و سچی معلومات حاصل کریں اور راقم الحروف کو دعا میں یاد فرمائیں۔

حاضرات مؤکل یا بُدُوحُ یا لَطِیْفُ

عروج ماہ نوچندی جمعرات یا نو چندی پیر کو خلوف میں باوضو ہو کر 121 مرتبہ پڑھیں اور پڑھتے وقت آئینہ سامنے ہو۔ اس آئینہ کے عکس کی بائیں آنکھ پر پتلی پر ٹکٹکی باندھ کر دیکھتے رہیں۔ آنکھ کم جھپکیں۔ 4.1 دن بلا ناغہ ایک ہی مقام پر عمل کریں۔ انشاء اللہ مؤکل تسخیر ہوگا اور ہر کام کرے گا۔

نوٹ: پرہیز جمالی کریں۔

حاضرات اسم "بَاسِطُ"

طریقہ: بروز نوچندی جمعرات پھول عطر شیرینی رکھ کر عمل پڑھیں۔ لوبان وغیرہ جلاتے رہیں 101 مرتبہ 41 یوم تک پڑھیں پھر عمل کو ہمیشہ قابو میں رکھنے کے لئے روزانہ 21 مرتبہ ورد رکھیں۔ عمل یہ ہے۔

﴿یَابَاسِطُ یَا رَزَّاقُ ع ع ع ع ع ع ع ع ع ع ع ع

پھر پندرہ کا نقش بھریں اور بائیں طرف سات زنجیر اس طرح سے تعویذ کے بھریں۔ پھر دوسرا پندرہ کا نقش لکھ کر اور اس کا فتیلہ بنا کر چراغ میں بتی بنا کر جلائیں اور کاجل بنائیں۔ پھر لڑکی یا لڑکا نابالغ کے کاجل بائیں ہاتھ کی ہتھیلی پر معہ زنجیر داہنے ہاتھ میں دے کر عمل پڑھیں۔ زنجیر سات شوشہ سے کم نہ ہو۔ پندرہ کا نقش یہ ہے۔

زنجیر سات شوشہ یہ ہے

v v v v v v v
v v v v v v v
v v v v v v v
v v v v v v v
v v v v v v v
v v v v v v v
v v v v v v v

نقش یہ ہے

۸۷۶

۸	۱	۶
۳	۵	۸
۴	۹	۳

حاضرات "یا نور"

عبارت عمل: ﴿یَا نُوْرُ﴾

طریقہ عمل: چاند کی چودہ تاریخ کو چاند پر نظر رکھ کر اٹھائیس سو (2800) بار پڑھیں عامل ہو جائیں گے۔ معروف طریقہ سے طفل نا بالغ پر حاضرات کریں۔ لڑکیوں پر بہت اچھی چلتی ہے۔ لہٰذا لڑکیوں پر کرنا بہتر ہے۔

باطنی نگاہ کھولنے کے مجرب اعمال

(1) ﴿یَا ذُو الْجَلَالِ وَالْاِکْرَام .... مجھے مشکل تجھے آسان﴾

طریقہ: عروج ماہ نو چندی جمعرات بعد نمازِ عشاء پاکیزہ سفید روئی لے کر اس پر باریک پسی ہوئی کالی مرچ چھڑکیں اور روئی کو ہلکا سا گیلا یا نم کرلیں۔ اور اپنے دونوں کانوں میں رکھ لیں اور مندرجہ بالا عمل کو 313 مرتبہ 21 یوم تک بلا ناغہ آنکھیں بند کر کے پڑھیں۔ انشاء اللہ چند یوم میں باطنی نگاہ کے حجابات ختم ہوجائیں گے اور ہر چیز اور حالات منکشف ہونے شروع ہوجائیں گے۔

(2) ﴿یَا عَلِیْمُ یَا بَصِیْرُ﴾

طریقہ: عروج ماہ نو چندی جمعرات بعد نماز عشاء پاکیزہ روئی لے کر کالی مرچ باریک پسی ہوئی چھڑک کر روئی کو پانی سے معمولی گیلا کر کے دونوں کانوں میں رکھ لیں اور مندرجہ بالا عزیمت کو 313 مرتبہ 21 یوم متواتر آنکھیں بند کر کے پڑھیں۔ چند یوم میں باطنی نگاہ کھل جائے گی اور حالات منکشف

ہونے لگیں گے اور 21 یوم بعد آپ اپنے تصور کی نگاہ سے جو کچھ دیکھنا چاہیں گے وہ آپ کے سامنے من وعن اسی طرح ظاہر ہوجایا کرے گا۔

حاضرات

﴿یَا خَبِیْرُ یَا بَصِیْرُ اَخْبِرْنِیْ وَاَبْصِرْنِیْ﴾

8000 بار بعدہٗ یہ شعر 10 بار پڑھیں۔

میں بے خبر ہو یارب، تو ہے خبیر مولا
میں بے بصر ہوں یا رب، تو ہے بصیر مولا

طریقہ: عروج ماہ نوچندی جمعرات بعدازنماز عشاء آٹھ یار یَا خَبِیْرُ یَا بَصِیْرُ اَخْبِرْنِیْ وَاَبْصِرْنِیْ پڑھیں۔ ہر ہزار کے بعد 10 بار مندرجہ بالا شعر پڑھنا ہے۔ عمل مدت یوم زکوٰۃ گیارہ دن ہے۔

جب بھی حاضرات کی ضرورت پیش آئے تو مندرجہ بالا آیت کو 11 بار اور مندرجہ بالا شعر کو بھی 11 پڑھ کر طفل نابالغ پر دم کریں۔ اول و آخر 11`11 بار درود شریف پڑھیں۔ حاضرات کا نزول ہوگا۔ ہر سوال کا جواب سو فیصد درست و تسلی بخش ملے گا۔

حاضرات اللّٰہ الصَّمَدُ

طریقہ:

ایک مربع قسم کا آئینہ لیں اور اس کے بیچ میں ایک گول سیاہ دائرہ بنائیں۔ ٹھیک رات کے بارہ بجے سے عمل شروع کریں۔ ایک ہزار بار **اللّٰہ الصَّمَدُ** پڑھیں۔ روزانہ اول و آخر گیارہ گیارہ بار درود ابراہیمی بھی پڑھیں۔

اکیس یوم کا عمل ہے۔ سیاہ دائرہ میں نظر جما کر عمل پڑھیں۔ پرہیز جمالی کریں۔ چند دنوں میں آئینہ میں عجیب وغریب مخلوق نظر آئے گی گھبرانے کی ضرورت نہیں۔ اکیسویں دن آئینہ میں تمام مخلوق کے ساتھ بادشاہ نظر آئے گا جو بھی مشکل سوال ہو بیان کریں۔ انشاء اللہ تسلی بخش وحتمی جواب ملے گا۔

تسخیر موکل بسم اللہ شریف

طریقہ:

اس عزیمت کو صرف 21 یوم با پرہیز جلالی و جمالی نوچندی جمعرات سے پڑھیں۔ عروج ماہ میں 1170 مرتبہ روزانہ۔ صرف سفید کپڑے جو کہ پاک وصاف ہوں اور معطر ہوں پہن کر عمل کریں۔ ہر کام میں فتح ہوگی اور موکل ہر کام میں بھرپور مدد کرے گا۔

عزیمت: ﴿عَزَمْتُ وَاَقْسَمْتُ عَلَیْکُمْ یَا لَتَسْزَ طِیْشُ اُحْضُرُوْ وَاَطِیْعُوْ بِحَقِّ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ﴾

حاضرات سورہ فاتحہ

طریقہ زکوٰۃ:

سب سے پہلے اس عمل کی زکوٰۃ ادا کریں۔ زکوٰۃ ادا کرنے کا طریقہ یہ ہے کہ سورہ فاتحہ 786 مرتبہ پڑھیں۔ پھر **یَا عَلِیُّ** 121 بار پڑھیں۔ لگاتار سات یوم۔ عمل کو ہمیشہ قابو میں رکھنے کے لئے روزانہ 10 بار سورہ فاتحہ اور گیارہ مرتبہ **یَا عَلِیُّ** پڑھیں۔ جب بھی حاضرات کی ضرورت پیش آئے تو کسی طفل نابالغ کو نہلا دھلا کر اس کے دائیں ہاتھ کی ہتھیلی پر کاجل لگائیں اور آپ

(عامل) بچہ پر 10 بارہ سورہ فاتحہ اور گیارہ مرتبہ **یَا عَلِیُّ** اور گیارہ مرتبہ درود ابراہیمی پڑھ کر دم کرے۔ تھوڑی ہی دیر میں حاضرات کا نزول ہوگا۔ عامل بچہ کی معرفت ہر مشکل سوال کا جواب پوچھ سکتا ہے۔ انشاء اللہ ہر سوال کا جواب سو فیصد درست وتسلی بخش ملے گا۔

مردہ یا زندہ شخص سے خواب میں ملاقات

اگر آپ یہ چاہیں کہ اپنے کسی مردہ دوست یا رشتہ دار سے ملاقات ہوجائے یا اگر کسی امر کا نتیجہ معلوم کرنا ہو کہ یہ کام میرے لئے ٹھیک ہے یا کہ نہیں یا کسی بزرگ کی روح سے ملاقات کرنی ہو تو لگاتار تین دن تک یہ عمل کریں۔ انشاء اللہ آپ کی مراد ضرور پوری ہوگی۔ یہ عمل بدھ جمعرات اور جمعہ کو کرنا چاہیے۔ جہاں پر کوئی دوسرا موجود ہو۔ مکمل تنہائی ہو۔

سونے سے قبل بستر پر ہی اس عمل کو اکتالیس مرتبہ پڑھیں۔ اول وآخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھیں۔ اس کے بعد بولنا کسی سے نہیں ہے۔ جب تک نیند نہ آئے بلا تعداد درود شریف پڑھتے رہے اور اپنا مقصد ذہن میں رکھیں۔ انشاء اللہ تین راتوں میں کسی ایک رات آپ کی مراد پوری ہوجائے گی۔

عمل یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ○ مَنْ مُرِیْدَ حَالِ نُسْتَ یَا عِجَازَ الْغَیْبَ یَا عَطَائے عَلِیٌّ یَا عَطَائے رَسُوْلُ ○

حصار عامل حضرات کے لیے

ڈائن، جوگن، بھگت، جادوگر اور شعبدے باز کا حسد ڈاہ بدگمانی اور ضرر پہنچانا فطرتی بات ہوتی ہے اس لئے عامل حضرات اس ترکیب کے ساتھ اپنی جگہ یا دور دراز سائل کے ساتھ جائیں گے تو انشاء اللہ ان لوگوں کا کوئی بھی حربہ کارگر نہ ہوگا بلکہ عامل حضرات کی موجودگی تک وہ جگہ چھوڑ دیں گے۔

بَسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○

1: قَالَ اَلْقُوْا فَلَمَّآ اَلْقَوْا سَحَرُوْآ اَعْيُنَ النَّاسَ وَاسْتَر هَبُوَهُمْ وَجَآءَ وَبِسِحْرٍ عَظِيْمٍ ○

(پارہ 9 رکوع 3 آیت 115)

2: قَالَ مُوْسٰى مَا جِئْتُمْ رُبِهٖ السِّحْر ○ اِنَّ اللّٰه سَيُبْطِلُهٗ ○ اِنَّ اللّٰه لا يُعْلِحُ عَمَلَ الْمُفْسِدِيْنَ ○

(پارہ 11 رکوع 13 آیت 81)

3: والْفَاسِدَاتِ وَالسَّاحِرَاتِ ○

4: وَيُحِقُّ اللّٰه اَلْحَق بَكَلِمَةِ وَلَمْ كَرِهَ الْمجْرمون ○

(پارہ 11 رکوع 13 آیت 82)

5: وَبَطَلَ مَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ○ (پارہ 9 رکوع 3 آیت 118)

اس ترکیب سے تین بار پڑھ کر جو عطر استعمال کرتے ہوں اس پر پھونک ماریں یا ایک چھوٹی سی سوئی پر پھونک مار کر پاکٹ میں رکھنا ہے۔ عطر ختم ہوجائے یا سوئی کھوجائے تو دوبارہ پڑھ لیں۔

حاضرات کھولنے کا نایاب عمل

روحانی قوتوں کا راز

اکثر لوگوں کی یہ خواہش ہوتی ہے کہ کاش ہمیں کوئی ایسا عمل یا کوئی ایسی ترکیب ہاتھ آجائے جس کی بدولت ہم خود حاضرات کا مشاہدہ کرسکیں۔ لہٰذا اس فن کے شائقین کے لئے وہ عمل لکھا جاتا ہے۔ جس کی بدولت حاضرات نظر آتی ہے۔ اس عمل میں ڈروخوف آتا ہے اس لئے کمزور اور ڈرپوک قسم کے لوگ ایسے عملوں سے دور رہیں تو بہتر ہے ورنہ رجعت کا خطرہ ہے۔

حاضرات کا یہ عمل حضرت خواجہ غریب نواز قطب جیلانیؒ سے منسوب ہے۔ عمل کیا ہے ایک قسم کا چلتا جادو ہے جو لوگ کریں گے وہ اس کی تاثیر خود ہی دیکھ لیں گے۔ یہ عمل ایک سینے کا راز تھا جو میں نے آج تک کسی شاگرد کو بھی نہیں بتایا بلکہ اس عمل کو کسی کو ہوا تک نہیں لگنے دی۔ یہ عمل کئی برسوں سے میرے سینے میں دفن تھا۔ جو لوگ شکایت کرتے ہیں کہ مجھے عمل میں کامیابی نہیں ہوتی یا کسی طرح کے مشاہدات نظر نہیں آتے وہ اس عمل کو ضرور کریں کیونکہ یہ عمل بارہا کا آزمودہ ہے اور پتھر پر لکیر ہے۔ سورج مشرق کی بجائے مغرب سے طلوع ہوسکتا ہے۔ لیکن اس عمل کا اثر بے خطا نہیں ہوسکتا۔ یعنی عمل ہے اس میں ڈروخوف آتا ہے اس لئے ڈرپوک لوگ اس عمل کو نہ کریں وہ اس طرح کے عملیات سے دور رہیں ورنہ خطرہ جان بھی ہوسکتا ہے۔ جو لوگ اس عمل کو کرنا چاہتے ہیں وہ ان پر لازم ہے کہ سب سے پہلے بروز جمعرات کسی شرینی پر حضرت غوث پاکؒ اور

ان کے خصوصی گیارہ مریدین کے نام کی فاتحہ دلا کر شرینی بچوں میں تقسیم کریں
اور کامیابی عمل کی دعا کریں۔ عمل یہ ہے۔

یَا ذُوالْجَلَالِ وَالاکرام مجھے مشکل تجھے آسان

ترکیب اس عمل کی اس طرح ہے کہ اس عمل کے لئے خاص دن یا مہینہ
مقرر نہیں ہے۔ عامل کو چاہیے کہ ایسے مقام پر چلا جائے جہاں پر ہر طرف سبزہ
ہی سبزہ ہو۔ ہرے بھرے درخت ہوں اور جگہ ایسی ہو جہاں پر کسی طرح کا شور و
غل نہ ہو۔ مکمل تنہائی ہو۔ سب سے پہلے اپنے گرد حصار کر لیں تا کہ دل کو تسلی
رہے۔ اس کے بعد عمل مبارک کو باوضو لاتعداد پڑھنا شروع کریں۔ اسی طرح
اٹھتے بیٹھتے چلتے پھرتے روزانہ ورد کریں۔ کچھ دنوں کے بعد یا ممکن ہے کہ اسی
روز سے عامل کو مختلف قسم کی ڈراؤنی صورتیں نظر آنی شروع ہو جائیں گے۔
عامل کو چاہیے کہ وہ دل میں کسی طرح کا خوف نہ لائے اور مندرجہ ذیل ترکیب
عمل میں لائے۔

اگر خوفناک صورتیں نظر آئیں تو عامل کو چاہیے کہ وہ فوراً **لَا حَولَ
وَلَا قُوۃ** پڑھ کر اپنا منہ دائیں طرف پھیر لے۔ اسی طرح جب بھی خوفناک
اور ڈراؤنی صورتیں نظر آئیں اسی طرح پڑھ کر منہ پھیر لیا کرے۔ روزانہ اسی
طرح اس عمل کو کریں۔ ایک وقت آئے گا کہ آپ کو اچھی صورتیں نظر آنی شروع
ہو جائیں گی۔ لیکن یہ واضح نہ ہوں گی یعنی صاف دکھائی نہیں دے گی۔ جب
اچھی صورتیں نظر آنے لگیں تو پھر یہ عمل پڑھیں **سُبْحَانَ رَبِّیَ الاعلیٰ**
گیارہ مرتبہ۔ پھر تھوڑا سا وقفہ دیں۔ پھر اسی طرح گیارہ مرتبہ پڑھیں۔ اگر پھر

بھی صاف نظر نہ آئے تو پھر اسی طرح پڑھیں۔ آپ جتنی مرتبہ پڑھتے رہیں گے
انشاءاللہ صاف نظر آنا شروع ہو جائے گا۔

حاضری شاہِ جنات

عبارت عمل:

**یَا اَیُّھَا الْمُزَّمِّلُ ہ قُمِ الَّیْلَ اِلَّا قَلِیْلًا ہ نِّصْفَہٗ اَوِانْقُصْ مِنْہُ
قَلِیْلًا ہ اَوْزِدْ عَلَیْہِ وَرَتِّلِ الْقُرْآنَ تَرْتِیْلًا ہ**

طریقہ زکوۃ:

جاننا چاہیے کہ یہ عمل حاضری جنات کا عجیب وغریب وصدری بزرگانِ
دین کا ہے اور بے خطا ہے۔ ہرگز ہرگز اس میں ناکامی نہیں ہوتی لیکن اس قسم
کے سریع التاثیر اعمال بدقسمتی سے ہمارے مسلمان بھائیوں کے پاس ہیں جو کہ
بخل کے لیے دنیا میں تمام مذاہب وقومیتوں کو پیچھے چھوڑ گئے ہیں۔ کاش کہ اعمالِ
مجربہ کسی غیر مسلم کے پاس ہوتا تو وہ اس کے سرِ عام کر دیتا تا کہ ہر مذہب وملت
کے لوگ اس سے فیض اٹھاتے۔ آج کے دور میں بھی بدھ مت، ہندو، عیسائی
علمائے روحانیت نے بیشتر ممالک میں باقاعدہ طور پر سرِ عام ہر خاص وعام کے لیے
مدارس کھول رکھے ہیں جہاں پر طلبہ وطالبات کو روحانی علوم کی تعلیم دی جاتی ہے۔
کاش کہ پاکستان کے ہر شہر میں علوم مخفی کی تعلیم کا سلسلہ شروع ہو جائے
تا کہ جعلی پیر وفقیر وجعلی عاملین سے لوگ نجات پائیں اور سچے عاملوں کا بول بالا
ہو اور جھوٹوں پر خدا کی لعنت ہو۔ شہا جنات کو حاضر کرنے کے لیے عامل کو عروج

ماہ قمری میں ترکِ جلالی کرنا چاہیے اور نماز پنجگانہ پر کاربند رہنا چاہیے اور بعد نماز
تہجد قبلہ رو جائے نماز پر بیٹھے اور گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھ کر عبارتِ عمل کو
گیارہ سو مرتبہ پڑھے لیکن عملِ ہذا کی عبارت کو پہلے زعفران سے کورے کاغذ پر
تحریر کرکے آبِ گرم کی دیگچی میں ڈالے تاکہ آب اُبلتا رہے اور عامل عبارتِ
عمل کو پڑھتا رہے۔ تعداد مکمل ہونے پر گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھ کر روزِ اوّل
کا عمل تمام کرے اور کامیابی کے لیے دُعا مانگ لے۔ اور چولہے کو بند کردے۔
دیگچی کے آب کو کسی بھی پاک جگہ پر روزانہ ڈال دیا کرے۔ عمل سے قبل حصار
ضرور کرلیا کرے۔ اسی طرح روزانہ وقتِ مقررہ پر عمل کا چلہ کیا کرے اور روزانہ
عبارت کو تحریر کرکے آب میں ڈال کر اُبالنا ضروری ہے اور اسی دوران عبارتِ
عمل کو پڑھتا رہے۔ الغرض اکتالیسویں یوم شاہِ جنات حاضر ہوگا مناسب شرائط
طے کرلیں۔ ہر کام میں آپ کی معاونت کرے گا۔

حاضری تختِ سلیمانؑ

عبارتِ عمل:

**اُترنشا نے دیت ہے سلیمانؑ پیام۔ چاروں مؤکل
سنگ چلیں نبی رسولؐ ساتھ۔ پورب پچھم اُتر
دکھن زمین و آسمان دوست دشمنی قاتل یار خون
ٹپکتے سب کو دیکھا بس مے کرے سَنسَار۔ اُڑت
جوگنی بس میں کرے دشمنی کی کرے ناس۔**

**دشمن کو دوست بنائے برائے خدا جو قاتل میں
تئیں۔ مجھ کو بچائے خدا۔ شکل جگ بس میں
کرو تختِ سلیمانؑ برائے خدا یہ کام نکالو اتنا کہنا
میرا مانو تم کو واسطہ خدا کا۔**

طریقہ زکوٰۃ:

اِس عمل کی زکوٰۃ ادا کرنے سے ایک تخت دریا میں تیرتا ہوا نظر آتا
ہے۔ اس پر ایک بادشاہ اور مصاحبین بیٹھے ہوئے نظر آتے ہیں۔ جس وقت تخت
نمودار ہو جو چاہے مانگ لیں خواہ کسی قسم کی جائز حاجت ہوگی وہ پوری ہوگی۔
خواہ یہ مانگ لیں کہ جب کوئی حاجت ہو تو آپ تشریف لاکر امداد کیجئے گا۔ اگر
آپ چاہتے ہیں کہ جب جس کام کی ضرورت پڑے ہو جایا کرے تو پھر آپ کو
اِکیس اِکیس یوم کے تین چلّے کرنا ہوں گے۔ اگر کسی شخص کی روحانی قوت مضبوط
ہوگی تو چالیسویں روز تختِ سلیمانؑ و بادشاہ و مصاحبین حاضر ہوکر اقرارِ تابعداری
کریں گے۔

بروز نوچندی جمعرات سے عامل ترکِ جلالی کرے اور روزہ بھی اسی
دن رکھے۔ شام کو اذانِ مغرب کے وقت افطار کرے پھر نمازِ مغرب ادا کرنے
کے بعد شیر برنج پکا کر ایک نئی گلی کوری ہانڈی میں رکھے اور تمام قسم کے میوہ مٹھائی
عطر گلاب کی ایک شیشی‘ پھول گلاب ایک گلی طباق میں رکھے۔ لوبان کوئلہ دہکتا
ہوا یا کوئلہ وہیں دہکائے اور دریا یا سمندر کی طرف منہ کرکے بیٹھے۔ سامنے طباق
وشیر برنج والی ہانڈی ودیگر سامان رکھے۔ چاہے تو روشنی کے لیے لالٹین یا ٹیوب

لائٹ وغیرہ رکھے۔ پھر کسی چاقو سے حصارِ سلیمانی کرے اور چاقو سامنے گاڑ دے۔ پھر عبارتِ عمل کو اکتالیس بار پڑھے۔ لوبان کا بخور برابر جلاتا رہے۔ پڑھائی کی تعداد مکمل ہونے کے بعد حصار' چاقو سے سات مقام پر کاٹے پھر تمام سامان کو دریا یا سمندر میں ڈال دے اور واپس گھر آ جائے۔ روزانہ اسی مقام پر عمل پڑھا کرے اور ہر جمعرات کو شیرینی' میوہ' مٹھائی' عطر دریا برد پڑھائی کے بعد کیا کرے۔ مگر بخور لوبان کا روزانہ روشن کیا کرے۔ آتے جاتے وقت کسی سے راستے میں گفتگو نہ کرے تو بہت اچھا ہے۔ روزانہ عجائبات کا ظہور ہوگا۔ اور آب میں عجیب وغریب مخلوق و جانور نظر آیا کریں گے اور عامل کو خوف دلانے کی کوشش کریں گے۔ آپ قطعی ان سے خوف نہ کھائیں۔ آپ کو کچھ نقصان نہ ہوگا۔ چالیسویں روز اختتامِ عمل پر یکا یک ایک تخت دریا یا سمندر میں تیرتا ہوا نظر آئے گا۔ جس پر ایک تاجدار بادشاہ و اس کے مصاحبین جلوہ افروز ہوں گے۔ عامل ان کو نہایت ادب سے السلام علیکم کہے اور عہد و پیمان لے کہ جب بھی مجھے کوئی حاجت ہوگی تو میرے بلانے پر آپ تشریف لائیں گے اور میری حاجت پوری کریں گے۔ وہ عامل سے اقرار کریں گے۔ پھر عامل کو ان کا شکریہ و تعریفی کلمات ادا کرنے کے بعد السلام علیکم کہہ کر رخصت کر دینا چاہیے اور کسی سے اس راز کو نہ بتائے۔ روزانہ اِکیس مرتبہ عبارتِ عمل کو شب کے وقت کسی پہر پڑھ لیا کریں تا کہ عمل کی زکوٰۃ قائم رہے اور ہر جمعرات کو شیر برنج وغیرہ بعد مغرب دریا یا سمندر برد کر دیا کریں مگر ہر جمعرات کو آب میں ڈالنے سے قبل عبارتِ عمل کو اکتالیس مرتبہ لازمی پڑھنا ہوگا۔ اور بخور روشن کرنا ہوگا۔

اس عمل کی قوت سے آپ دنیا کا بڑے سے بڑا کام فی الفور کرنے کی قدرت رکھیں گے۔ محبت' عداوت' رہائی محبوس' مقدمات' ملازمت' ترقی کاروبار' دوستی یا دشمنی' دنیا کے کونے کونے کی خبریں غرض ہر ایک کام ہو جاتا ہے۔ طریقہ مجرب و بے خطا ہے مگر محنت شرط ہے۔

سورۃ مزمل کا حیرت انگیز عمل

طریقہ:

''سورۃ مزمل'' شریف روزانہ چار بار اکتالیس روز تک پڑھیں۔ اول و آخر گیارہ گیارہ بار درود شریف پڑھیں۔ مکان یا کمرہ بالکل تنہا ہو اور ہر وقت خوشبو سے معطر ہو۔ دوران عمل پانچوں وقت کی نماز ادا کریں اور پرہیز جلالی و جمالی لازمی کرنا ہے۔ آخری یوم چار اشخاص سامنے حاضر ہو کر سلام عرض کریں گے۔ ان کا لباس یا تو سبز ہوگا یا سیاہ۔ ڈرنے کی بالکل ضرورت نہیں۔ ان سے عہد و پیمان لے کر اپنے تابع ہونے اور جائز کام لینے کا اقرار کرا لیں۔

حاضرات سورۂ مزمل

سورۂ مزمل کے نقش کے ذریعے جو حاضرات کی جاتی ہے وہ بہت اہم ہوتی ہے اور کے مؤکلین عامل کی زبردست مدد کرتے ہیں لیکن یہ حاضرات اسی وقت کھلتی ہے جب عامل نے سورۃ مزمل کی زکوٰۃ ادا کر رکھی ہو۔

طریقہ زکوٰۃ:

یہ ہے کہ 41 دن تک عامل دن کی چاروں نمازوں کے بعد تین مرتبہ سورۂ مزمل کی تلاوت کرے اول و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھے

اورعشاء کی نماز کے بعد 41 مرتبہ سورۂ مزمل کی تلاوت کرے۔ آگے پیچھے گیارہ گیارہ مرتبہ درودشریف پڑھے۔ 41ویں دن بچوں کومٹھائی تقسیم کریں۔ انشاء اللہ تعالیٰ حسب قاعدہ عامل حاضرات کریں۔ انشاء اللہ چار موکل حاضر ہوں گے ایک کا نام ''لومائیل'' دوسرے کا نام ''لوخائیل'' ہوگا۔ تیسرے کا نام روبائیل ہوگا اور چوتھے موکل کا نام طاطائیل ہوگا۔ عامل جوانہیں حکم دے گا یہ انشاءاللہ اس حکم کی تعمیل کریں گے اور عامل کی روحانی طور پر مدد بھی کریں گے۔

نقش حاضرات درجِ ذیل ہے۔

۸۷۶		
۲۲۸۲۳	۲۲۸۱۸	۲۲۸۲۵
۲۲۸۲۴	۲۲۸۲۲	۲۲۸۲۰
۲۲۸۱۹	۲۲۸۲۶	۲۲۸۲۱

حاضرات سورۃ القیمۃ

طریقہ:

سورۃ القیمۃ کوسات بار پڑھیں۔اول وآخر گیارہ مرتبہ درود ابراہیمی بھی پڑھیں اور سوا پاؤ برفی پر حضرت فاطمہ الزہرہ علیہ السلام کی نیاز دلائیں اور پھر سات بار سورۃ القیمۃ پڑھ کر نقش مکرم پردم کریں۔بعدہٗ سیاہ خانہ میں غور سے ٹکٹکی باندھ کریں دیکھیں۔تقریباً دس منٹ بعد نقش مکرم میں ایک باوقار خاتون کی تصویر نظر آئے گی۔اس حاضرات کا مشاہدہ عامل اور معمول دونوں کرسکتے ہیں۔

حاضرات کے نزول ہونے پر جائز کام اور جائز مشکل امور کے بارے میں احتراماً وعاجزانہ طریقہ سے پوچھیں انشاء اللہ ہر جائز سوال کا جواب سو فیصد درست ملے گا۔ نقش مکرم درجِ ذیل ہے۔

۷۸۶			
۱۳۶۵۱	۱۳۶۵۴	۱۳۶۵۸	۱۳۶۴۴
۱۳۶۵۷	۱۳۶۴۵	۱۳۶۵۰	۱۳۶۵۵
۱۳۶۴۶	۱۳۶۶۰	۱۳۶۵۲	۱۳۶۴۹
۱۳۶۵۳	۱۳۶۴۸	۱۳۶۴۷	۱۳۶۵۹
حاضرات حاضرشو حاضرشو حاضرشو			

حاضرات سورۂ یٰسین (خود)

طریقہ:

یہ عملیات کی دنیا کا سب سے زبردست عمل ہے لیکن اس عمل کا عامل بننے کے لئے سب سے پہلے اس آیت کو سوالاکھ مرتبہ پڑھ کر اس کی زکوٰۃ ادا کریں پھر اس سے حسب ذیل کام لے سکتے ہیں کہ کسی بھی بارہ سال کے بچے یا بچی پر سب کچھ معلوم کرسکتے ہیں اور اگر اس آیت کو سوالاکھ سے زیادہ پڑھ لیں تو کسی بھی بڑے مرد یا عورت جو پاک وصاف ہو اس پر حاضرات کر کے خود بھی اور دوسروں کو بھی وہ سب کچھ دکھا سکتے ہیں۔ جو ایک عام انسان کو دکھائی نہیں دیتا۔ عامل بننے کے لئے اس آیت کو پرہیز جلالی و جمالی کرتے ہوئے پڑھیں۔ آیت یہ ہے۔

﴿وَجَعَلْنَا مِنْ بَيْنِ أَيْدِيهِمْ سَدًّا وَّمِنْ خَلْفِهِمْ سَدًّا فَأَغْشَيْنَٰهُمْ فَهُمْ لَا يُبْصِرُونَ ۝﴾

پھر بوقت ضرورت اپنے سیدھے ہاتھ سے دونوں آنکھیں بند کر کے صرف 21 مرتبہ مذکورہ بالا عزیمت پڑھیں اور پھونک ماریں تو جو بھی مخلوق ہوگی وہ فوراً حاضر ہو کر کلام کرے گی اور ہر مشکل سوال کا جواب سو فیصد درست بتائے گی۔

حاضرات سورۂ رحمٰن

سورۂ رحمٰن کو 7 مرتبہ اول و آخر 11 مرتبہ درود شریف کے پڑھیں اور ساتھ میٹھی چیزیں ضرور رکھیں۔ 7 مرتبہ سورۂ رحمٰن پڑھنے سے حاضرات شروع ہوگی۔ سفید داڑھی والے ایک بزرگ حاضر ہوں گے اور جو چاہیں اُن سے مانگ لیں وہ حاضر ہوگی۔ مگر جائز چیزیں۔ طلسم یہ ہے۔

طلسم				
عزرائیل				جبرائیل
	۴۰۰۴۱۷	۴۰۰۳۸۸	۴۰۰۴۰۹	
	۴۰۰۳۹۶	۴۰۰۴۰۵	۴۰۰۴۱۳	
	۴۰۰۴۰۱	۴۰۰۴۲۱	۴۰۰۳۹۲	
میکائیل				اسرافیل

حاضرات سورۂ کوثر

یہاں پر اس عمل کی مکمل زکوٰۃ کا طریقہ دے رہے ہیں۔ جو عامل اس زکوٰۃ کبیر کو ادا کرے گا وہ بالمشافہ خود اس سورۃ کے مؤکلات کا نظارہ کر سکتا ہے۔ اور ان میں سے جس مؤکل کو حکم دے گا وہ معمول پر فوراً حاضر ہو کر تمام پوچھے گئے سوالات کے صحیح صحیح جواب دے گا۔

اس عمل میں پرہیز جلالی و جمالی کرنا لازمی ہے۔ روٹی پانی یا قہوہ سے کھائے گا۔ باقی کوئی چیز نہ کھائے گا۔ ہر وقت باوضو دوران زکوٰۃ رہے گا۔ جب مؤکلات حاضر ہو جائیں تو ان سے عامل قول و قرار کرتے وقت وہ کلمات بھی پوچھ لے جن کے پڑھنے سے وہ فوری حاضر ہوں اور وقت بھی پوچھ لے کہ کب بلایا جائے۔

پہلے مؤکل کا نام **همرائیلُ** ہے۔

دوسرے مؤکل کا نام **لوماائیلُ** ہے۔

تیسرے مؤکل کا نام **تنکافیلُ** ہے۔

چوتھے مؤکل کا نام **اموَاکیلُ** ہے۔

تسخیر مؤکل

طریقہ:

اس مؤکل کی تسخیر کے لیے لازمی ہے کہ عامل صوم وصلوٰۃ کا پابند ہو۔ نفس کی ظاہری وباطنی پاکیزگی شرطِ اولین ہے۔

عامل اس عزیمت مبارکہ کو 7 یوم بلاناغہ مع پرہیز جمالی جلالی کے ساتھ 360 مرتبہ پڑھیں۔ اول وآخر درود شریف 11-11 مرتبہ لازمی ہے۔ اس عمل میں مؤکل تیسرے یا پانچویں دن بھی آجاتا ہے مگر 7 یوم پورے کرنا لازمی ہے۔ بعدہٗ مؤکل سے شرائط طے کرلیں اور دوبارہ بلانے کا طریقہ بھی پوچھیں۔ صرف اور صرف جائز کام لیں۔

﴿یَا اللّٰہُ یَا رَبُّ یَا رَحْمٰنُ یَا رَحِیْمُ۔ لَا تَکِلْنِیْ اِلٰی نَفْسِیْ فِیْ حِفْظِ مَا مَلَّکْتَنِیْ اِلٰی نَفْسِیْ فِیْ حِفْظِ مَا مَلَّکْتَنِیْ کَمَا اَنْتَ اَمْلَکُ بِہٖ o﴾

حاضرات

کالا دیو بیابانی آکے مل میرے جانی

طریقہ: مندرجہ بالا عمل کو روزانہ بعد نماز عشاء ۴۱۴۰ مرتبہ اکتالیس دن پڑھیں زکوٰۃ ادا ہوجائے گی (باپرہیز) جب بھی کوئی مسئلہ درپیش ہو کسی بچہ کو آنکھیں بند کرنے کو کہیں اور مندرجہ بالا عمل کو صرف اکیس مرتبہ پڑھ کر پھونکیں فوراً ہی حاضرات کا نزول ہوجائے گا جس سے آپ سو فیصد درست معلومات حاصل کرسکتے ہیں۔

حاضرات

یا میکائیلؑ ۷۸۶ یا جبرائیلؑ

۳۳	۳۷	۴۰	۲۶
۳۹	۲۷	۳۲	۳۸
۲۸	۴۲	۳۵	۳۱
۳۶	۳۰	۲۹	۴۱

یا عزرائیلؑ حاضرات حاضرشو حاضرشو یا اسرافیلؑ

طریقہ:

مندرجہ بالا نقش کو کسی صاف کاغذ یا گتہ پر بنائیں اور جہاں سیاہ نشان لگایا ہے وہاں بچے کو غور سے دیکھنے کو کہیں اور آپ (عامل) بچے پر درود ابراہیمی وسورۃ اخلاص برابر پڑھ کر پھونکتا رہے۔ چند ثانیہ بعد حاضرات کا نزول ہوجائے گا جس سے آپ اپنے حل طلب مسائل کے بارے میں معلومات حاصل کرسکتے ہیں۔

حاضرات

یاجبرائیلؑ ۷۸۶ یامیکائیلؑ

۴۷۶	۴۷۹	۴۸۳	۴۶۹
۴۸۲	۴۷۰	۴۷۵	۴۸۰
۴۷۱	۴۸۵	۴۷۷	۴۷۴
۴۷۸	۴۷۳	۴۷۲	۴۸۴

یااسرافیلؑ بحق شیخ عبدالقادر جیلانیؒ یاعزرائیلؑ

حاضرشو حاضرشو حاضرشو

طریقہ:

سب سے پہلے چند اگربتیاں سلگائیں چند گلاب کے پھول ایک پاؤ برفی یا حسب حیثیت جناب حضرت شیخ عبدالقادر جیلانی کی فاتحہ دلائیں اور ایصال ثواب کریں۔ عامل اور معمول دونوں پاکیزہ ہوں بعد عامل بچے کو سیاہ خانہ میں غور سے دیکھنے کو کہے۔ (عامل) بچے پر درود ابراہیمی اور سورۃ اخلاص پڑھ پڑھ کر پھونکتا رہے۔ تھوڑی دیر بعد حاضرات کا نزول ہوجائے گا جس سے آپ اپنے مشکل امور کے بارے میں تسلی بخش معلومات حاصل کرسکتے ہیں۔

حاضرات

یاجبرائیلؑ ۷۸۶ یامیکائیلؑ

۱۴۸۹	۱۴۹۲	۱۴۹۶	۱۴۸۲
۱۴۹۵	۱۴۸۳	۱۴۸۸	۱۴۹۳
۱۴۸۴	۱۴۹۸	۱۴۹۰	۱۴۸۷
۱۴۹۱	۱۴۸۶	۱۴۸۵	۱۴۹۷

یااسرافیلؑ حاضرشو حاضرشو حاضرشو یاعزرائیلؑ

طریقہ:

مندرجہ بالا نقش کو کسی صاف کاغذ یا گتہ پر لکھیں اگربتی وغیرہ سلگائیں۔

حاضرات البروج

طریقہ زکوۃ:

جس دن آفتاب برج حمل میں داخل ہو اسی دن سے اس حاضرات الحمل کا چلہ شروع کیا جاتا ہے نیز دوران عمل ترک جلالی کرنا لازم ہے۔ آفتاب ایک برج میں تقریباً ایک ماہ قیام کرتا ہے لہٰذا اس حاضرات کا چلہ ایک ماہ میں عامل کو مکمل کرنا ہوگا۔ عامل کو چاہیے کہ روزانہ دن کے وقت 33 نقوش زعفران سے تحریر کیا کرے اور آخری دن یعنی تیسویں دن انچاس نقوش تحریر کرے۔ ان تمام نقوش کو کھلے آسمان کے نیچے تحریر کرنا لازم ہے اور عامل کا منہ بطرف مشرق ہونا چاہیے۔

ایک عدد حدید کا چراغ ایک منہ کا بنوا کر اس کے اندر نقش کندہ کرنا
چاہیے اور بوقت شب عامل اپنا منہ مشرق کی سمت رکھ کر چراغ کو اپنے سامنے
رکھے اور ایک عدد کوری روئی کا فتیلہ چراغ میں ڈال کر اس میں روغن تلخ ڈال کر
فتیلہ کو روشن کرے اور عامل کھلے آسمان کے نیچے بیٹھے۔ جائے نماز و لباس و کلاہ
عامل کا سرخ ہونا لازم ہے۔ بخور عود و چندرس کا روشن کرنا چاہیے۔ اب گیارہ بار
درود شریف پڑھ کر عزیمت عمل چار ہزار تین سو ستر مرتبہ پڑھ کر گیارہ بار درود
شریف پڑھ کر عمل ختم کرے۔ دوران پڑھائی عامل کی نگاہ چراغ کی لو پر ہونی
چاہیے۔ اس طرح روزانہ وقت مقررہ پر شب عمل پڑھنا چاہیے۔ انشاء اللہ چند
یوم کے بعد چراغ کی لو میں حاضرات کا نزول ہو جائے گا۔ لیکن جب تک چلہ
مکمل نہ ہو ہرگز حاضرات سے گفتگو نہیں کرنی چاہیے۔ کل تیس یوم تک روزانہ
آپ کو عزیمت کی پڑھائی کرنا ہوگی۔ نیز نقوش تحریر کرتے وقت بخور روشن کرنا
چاہیے اور روزانہ کے تحریر کیے ہوئے نقوش کو جلا دینا چاہیے۔ اگر آپ شب کے
وقت ایک عدد علیحدہ نقش تحریر کریں اور اسکا فتیلہ بنا کر کوری روئی اس پر لپیٹ کر
چراغ میں روشن کریں تو عمل کی تاثیر بڑھ جاتی ہے۔

آخری دن جب عامل کی پڑھائی ختم ہو تو حاضرات سے نہایت ادب
سے السلام علیکم کرنا چاہیے اور ان سے وعدہ لینا چاہیے کہ عندالحاجت طلب کرنے
پر حاضر ہوں۔ اور جو بھی سوال کریں اس کا سچ سچ جواب دیں۔ چنانچہ جب وہ
اقرار کر لیں تو پھر آپ ان کو جانے کی اجازت دے دیں۔ بعدہٗ آپ کسی سرخ
شرینی پر موکلات کی نیاز دیں اور شرینی خود بھی کھائیں اور معصوم بچوں کو بھی

تقسیم کریں۔ اب آپ اس حاضرات کے عامل ہیں زکوٰۃ قائم رکھنے کے لئے کم
از کم گیارہ بار عزیمت عمل کا ورد کرنا لازم ہے۔ نیز چراغ کو بحفاظت محفوظ
کر کے رکھ لینا چاہیے۔ اب آپ جب بھی حاضرات کرنا چاہیں موکلات کے
بتائے ہوئے طریقے پر عمل کریں۔ فی الفور حاضرات کا نزول ہوگا۔ جاننا چاہیے
کہ چراغ پر نقش طالع وقت حمل میں یا قمر میں جب برج حمل میں ہو اس وقت
تحریر کرنا لازم ہے۔

ترکیب حاضرات

جب بھی کسی سوال کا جواب معلوم کرنا ہو اس وقت عامل غسل کر کے
پاک و طاہر ہو اور لباس و کلاہ سرخ پہن کر جائے نماز بھی سرخ بچھائے اور بخور
روشن کر کے ایک عدد نقش تحریر کرے اور اس کا فتیلہ بنا کر چراغ میں ڈالے اور
روغن تلخ چراغ میں ڈال کر فتیلہ کو روشن کرے اور گیارہ بار درود شریف پڑھ کر
موکلات کی شرینی سرخ پر نیاز دے کر اسکا ثواب موکلات کو پہنچائے پھر چند
مرتبہ عزیمت پڑھ کر چراغ کی لو پر نگاہ کرے۔ فی الفور حاضرات کی مخفی مخلوق کا
نزول ہوگا۔ پھر آپ ان کو سلام کر کے اپنا مدعا بیان کریں۔ ہر سوال کا جواب تسلی
بخش ملے گا۔ بعدہٗ حاضرات کو شکریے کے ساتھ رخصت کرنا چاہیے۔ شرینی خود
بھی کھائے اور معصوم بچوں کو بھی تقسیم کریں۔

عزیمت: اَجِبْ یَا تَضْنَیْئِل بحَقِّ وَالسَّمَاءِ ذَاتِ الْبُرُوْجِ o اَجِبْ یَا خَفِیْئِیل بحَقِّ حمل العجل اساعة الوحا۔

حاضرات الحمل صرف وہ حضرات کر سکتے ہیں جن کے پیدائشی زائچہ کے طالع میں برج حمل موجود ہو یا جن کی پیدائش 21 مارچ تا 20 اپریل ہوئی ہو یا پھر جن کے اسم کا حرف اول مندرجہ ذیل چار حروف میں سے کوئی ایک حروف ہو۔

ا	ل	ع	ی

جخیئیل

۶۰۰	۶۴۹	۶۴۱	۶۳۲	۶۲۴	۶۱۶	۶۰۸
۶۱۷	۶۰۹	۶۰۱	۶۴۳	۶۴۲	۶۳۳	۶۲۵
۶۳۴	۶۲۶	۶۱۸	۶۱۰	۶۰۲	۶۴۴	۶۳۶
۶۴۵	۶۳۷	۶۲۸	۶۲۷	۶۱۹	۶۱۱	۶۰۳
۶۱۲	۶۰۴	۶۴۶	۶۳۸	۶۲۹	۶۲۱	۶۲۰
۶۲۲	۶۱۴	۶۱۳	۶۰۵	۶۴۷	۶۳۹	۶۳۰
۶۴۰	۶۳۱	۶۲۳	۶۱۵	۶۰۷	۶۰۶	۶۴۸

حاضرات برج الثور

اَجِبْ یَا تَضْنِیْئِیل بَحقِ وَالسَّمَاءِ ذَاتِ الْبُرُوْجِ ٥ اَجِبْ یَا اِثْرَوْئِیل بَحِق ثور العجل اساعة الوحا۔

طریقہ زکوٰۃ:

جن دن آفتاب برج ثور میں داخل ہو اسی دن سے عامل ترک جلالی کر کے اس حاضرات الثور کا چلہ شروع کریں۔ چونکہ آفتاب تقریباً ایک ماہ تک برج ثور میں قیام کریگا لہذا اس عمل کا چلہ ایک ماہ میں مکمل کیا جائے گا۔ دن کے وقت عامل روزانہ ستائیس عدد نقوش تحریر کیا کرے اور تیسویں روز اکتیس عدد نقش تحریر کریں۔ بوقت نقش ھذا کے تحریر کیلئے ضروری ہے کہ عامل بخور عود، صندل سفید اور زعفران کا روشن کرے اور لباس و کلاہ سیاہ و سبز پہنے اور جائے نماز بھی اسی رنگ کی بچھائے نیز اپنا منہ بطرف جنوب رکھے۔ بہتر ہے کہ طالع وقت ثور میں ہو تو نقوش تحریر کیا کرے یا قمر برج ثور میں ہو چراغ پر بھی نقش طالع وقت ثور یا قمر برج ثور میں اس وقت تحریر کریں۔ ایک عدد نحاس کا چراغ بنائے اور اس کے اندر نقش کندہ کرے اور شب کے وقت لباس و کلاہ جائے نماز سیاہ و سبز کے ساتھ جنوب کی سمت منہ کر کے بیٹھے اور بخور روشن کر کے چراغ میں عطر سہاگ ڈالے اور ایک عدد نقش تحریر کر کے اس پر روئی لپیٹے اور چراغ میں اس فتیلہ کو روشن کر کے گیارہ بار درود شریف پڑھے۔ پھر عزیمت کو چار ہزار اٹھہتر مرتبہ پڑھ کر گیارہ بار درود شریف پڑھ کر عمل کرے لیکن دوران پڑھائی چراغ کی لو پر عامل کی نگاہ برابر رہے گی۔ اسی طرح کل تیس یوم کا چلہ مکمل کرے۔

دوران عمل عامل کو عجائبات سے واسطہ پڑے گا لہٰذا ایسے وقت عامل اپنا دل قوی رکھے۔ لہٰذا ایسے وقت عامل اپنا دل قوی رکھے۔ آخری دن جب عامل کا عمل ختم ہوگا اس وقت مکمل طور پر حاضرات کا نزول چراغ کی لو میں ہوگا۔ پس جب حاضرات عامل سے گفتگو کرے تو لازم ہے کہ عامل ان کو نہایت ادب سے السلام علیکم کہے اور ان سے عہد و پیمان لے کر عندالحاجت طلب کرنے پر فوراً حاضر ہوں اور جو بھی سوال کروں اسکا سچ سچ جواب دیں اور ان سے جلد حاضری کا طریقہ بھی معلوم کرنا چاہیے۔ چنانچہ جب وہ اقرار کرلیں تو پھر عامل ان کو شکریے کے ساتھ رخصت کریں۔ بعدہٗ کسی سیاہ و سبز شرینی پر موکلات کی نیاز دے اور شرینی عامل خود بھی کھائے اور معصوم بچوں کو بھی تقسیم کردے۔ اب آپ اس حاضرات الثور کے عامل ہیں۔ زکوٰۃ قائم رکھنے کے لئے کم از کم گیارہ بار عزیمت کو روزانہ ورد کرنا لازم ہے۔ چلہ کشی و نقوش تحریر کرتے وقت عامل کے سر پر کسی قسم کی چھت وغیرہ نہ ہونا چاہیے بلکہ کھلے آسمان کے نیچے یہ تمام کرنا چاہیے۔

روزانہ کے تحریر کیے ہوئے تمام نقوش کو پاک صاف کچی زمین پر پہاڑ میں دفن کردینا چاہیے۔ اور چراغ میں جو فتیلہ کا نقش ہوگا وہ روزانہ ایک عدد تحریر کرنا ہوگا اور اس انداز سے فتیلہ کو جلانا ہوگا کہ روزانہ پڑھائی کے آخیر تک یہ جل کر ختم ہوجائے۔

ترکیب حاضرات

جب بھی عامل کو کسی سوال کا جواب لینا ہو تو عامل غسل کرکے لباس و کلاء سیاہ و سبز پہنے اور جائے نماز بھی اسی رنگ کی بچھائے اور منہ بطرف جنوب

رکھے اور اول موکلات کی نیاز کرے۔ بعدہٗ ایک عدد نقش تحریر کرے۔ اس پر روئی لپیٹ کر چراغ میں رکھے۔ پھر چراغ میں نظر سہاگ ڈال کر فتیلہ کو روشن کرے اور گیارہ بار درود شریف پڑھ کر عزیمت کو موکلات کی بنائی ہوئی تعداد کے مطابق پڑھے۔ فی الفور حاضرات کا نزول ہوگا۔ پس ان سے جو بھی سوال کریں ہر سوال کا جواب تسلی بخش ملے گا پھر آپ کو حاضرات کے موکلات کو شکریے کے ساتھ رخصت کرنا چاہیے۔ موکلات کی نیاز ہمیشہ سیاہ و سبز شرینی پر دینا چاہیے۔

حاضرات الثور صرف وہ حضرات کرسکتے ہیں جن کے پیدائشی زائچہ کے طالع میں برج ثور موجود ہو یا جن کی پیدائش 21 اپریل تا 21 مئی ہوئی ہو یا پھر جن کے اسم کا حرف اول مندرجہ ذیل دو حروف میں سے کوئی ایک حروف ہو۔

و	ب

۸۰۹	۸۱۶	۸۲۲	۸۲۸	۸۰۳
۸۲۳	۸۲۴	۸۰۴	۸۱۰	۸۱۷
۸۰۵	۸۱۱	۸۱۸	۸۱۹	۸۲۵
۸۱۴	۸۲۰	۸۲۶	۸۰۶	۸۱۲
۸۲۷	۸۰۷	۸۰۸	۸۱۵	۸۲۱

حاضرات برج الجوزا

اَجِبْ یَا تَضْنِیْیِل بَحقِّ وَالسَّمَاءِ ذَاتِ الْبُرُوْجِ ٥ اَجِبْ یَا حِزَوْئِیل بَحقِ جواز العجل الساعة الوحا۔

طریقہ زکوٰۃ:

جس دن آفتاب برج جوزا میں داخل ہو اسی دن سے عامل ترک جلالی کر کے اس حاضرات الجوا کا چلہ تیس یوم تک کرے۔ جس کا طریقہ یہ ہے کہ عامل لباس وکلاہ زردی مائل سفید پہن کر جائے نماز بھی اسی رنگ کی بچھائے اور اپنا منہ مغرب کی سمت کر کے بخور عودٗ صندل سرخ اور مصطگی رومی کا روشن کرے اور طالع وقت جوزا یا قمر جوزا میں ہو یا پھر ساعت عطارد میں ستائیس عدد نقوش زعفران سے تحریر کیا کرے اور آخری دن یعنی تیسویں دن تینتالیس عدد نقوش تحریر کرے اور روز اول ایک عدد جست کا چراغ بنائے اور اس کے اندر نقش کندہ کرے لیکن لباس و جائے نماز و بخور و سمت کا دھیان رکھے یعنی نقوش تحریر کرتے وقت آپ نے جن باتوں کا خیال رکھا تھا ان ہی باتوں کا دھیان رکھتے ہوئے نقش کندہ کریں۔ کاغذ آپ جن نقوش کو مطلوبہ تعداد میں زعفران سے تحریر کریں گے وہ دن میں کیا کریں اور کھلے آسمان کے نیچے یہ کام کریں اور چراغ بھی کھلے آسمان کے نیچے کندہ کریں۔ اب آپ بوقت شب کھلے آسمان کے نیچے مطلوبہ رنگ کا لباس وکلاہ و جائے نماز اور بخور روشن کر کے مغرب کی سمت منہ کر کے بیٹھیں اور ایک عدد نقش کاغذ پر زعفران سے تحریر کر کے روئی اس پر لپیٹ کر فتیلہ کو

چراغ میں رکھیں اور عطر مجموعہ چراغ میں ڈال کر فتیلہ کو روشن کر دیں اور فتیلہ کی لو پر نگاہ رکھیں اور گیارہ بار درود شریف پڑھ کر عزیمت عمل چار ہزار نوے مرتبہ پڑھیں اور چراغ کی لو پر برابر نگاہ رکھیں۔ اگر پلک جھپکنے لگے تو آہستہ سے آنکھیں بند کر لیں پھر آنکھیں کھول کر لو نگاہ کریں۔ جب عزیمت مطلوبہ تعداد میں پڑھ کر فارغ ہو جائے تو پھر گیارہ بار درود شریف پڑھ کر روز اول کا عمل تمام کرے۔ اسی طرح روزانہ دن کو نقوش تحریر کریں اور رات کے وقت عزیمت مطلوبہ تعداد میں ورد کیا کریں۔ اسی طرح کل تیس یوم کا چلہ کریں اور زکوٰۃ قائم رکھنے کیلئے کم از کم عزیمت روزانہ گیارہ مرتبہ ورد کرنا لازم ہے اور اول آخر گیارہ بار درود شریف پڑھنا چاہیے۔ دوران زکوٰۃ عامل کو مختلف قسم کی عجیب وغریب مخلوقات نظر آئیں گی لیکن عامل کو چاہیے کہ ان سے اس وقت تک ہرگز گفتگو نہ کرے جب تک کہ عامل کا چلہ ختم نہ ہو جائے۔ آخری دن جب حاضرات آپ سے گفتگو کرے تو پھر آپ ان کو السلام علیکم کہیں اور ان سے وعدہ لیں کہ عندالحاجت طلب کرنے پر فوراً حاضر ہوں اور جو بھی سوال کریں ان کا سچ سچ جواب دیں اور ان سے جلد حاضر ہونے کا طریقہ بھی دریافت کر لینا چاہیے۔ چنانچہ جب وہ ان تمام کا اقرار کر لیں تو ان کا شکریہ ادا کریں اور السلام علیکم کہہ کر ان کو رخصت کرنا چاہیے۔ بعدہٗ کسی زردی مائل سفید شرینی پر موکلات کی نیاز دیں اور شرینی خود بھی کھائیں اور معصوم بچوں کو بھی تقسیم کریں۔ اب آپ چراغ کو بحفاظت محفوظ مقام پر رکھ لیں اور لباس وکلاء جائے نماز و بخور کو بھی حفاظت سے رکھ لیں۔

ترکیب حاضرات

جب بھی حاضرات کرنا مقصود ہو تو عامل غسل کر کے پاک و طاہر ہو کر اور لباس و کلاہ و جائے نماز زردی مائل سفید استعمال کرے اور بخور روشن کرے اور اپنا منہ مغرب کی سمت رکھے۔ پھر زردی مائل سفید شرینی پر موکلات کی نیاز دے۔ پھر زعفران سے کاغذ پر نقش تحریر کرے اور اس پر روئی لپیٹ کر فتیلہ بنائے اور چراغ میں عطر مجموعہ ڈال کر فتیلہ کو اس میں تر کر کے روشن کرے اور گیارہ بار درود شریف پڑھ کر چراغ کی لو پر نگاہ کرے اور عزیمت عمل موکلات کی بتائی ہوئی تعداد کے مطابق ورد کرے۔ خدا چاہے فی الفور حاضر ہوں گے۔ جب حاضرات کا نزول ہو تو ان کو السلام علیکم کہ کہ اپنا مدعا بیان کریں۔ انشاء اللہ آپ کے ہر سوال کا جب تسلی بخش ملے گا۔ جب آپ سوال کا جواب معلوم کر چکیں تو پھر ان کو السلام علیکم کہ کر شکریے کے ساتھ رخصت کریں۔ فوراً آپ کی نظروں سے اوجھل ہو جائیں گے۔ اب آپ چراغ کو بجھا دیں اور حفاظت سے چھپا کر رکھ دیں اور جائے نماز و لباس و کلاہ وغیرہ بھی حفاظت سے رکھ دیں۔

حاضرات الجوزا صرف وہ حضرات کر سکتے ہیں جن کے پیدائشی زائچہ کے طالع میں برج جوزا موجود ہو یا جن کی پیدائش 22 مئی یا 21 جون ہوئی ہو یا پھر جن کے اسم کا حرف اول مندرجہ ذیل دو حروف میں سے کوئی ایک حرف ہو۔

ک	ق

۱۰۲۵	۱۰۲۲	۱۰۱۵	۱۰۲۸
۱۰۱۶	۱۰۲۷	۱۰۲۶	۱۰۲۱
۱۰۳۰	۱۰۱۷	۱۰۲۰	۱۰۲۳
۱۰۱۹	۱۰۲۴	۱۰۲۹	۱۰۱۸

حاضرات برج الاسد

اَجِبْ یَا تَضْنَیْئِیل بحقِ وَالسَّمَاءِ ذَاتِ الْبُرُوجِ ٥ اَجِبْ یَا زُسِئِیلُ وَبحَقِ اسد العجل الساعة الوحا۔

طریقہ زکوٰۃ:

جس دن آفتاب برج اسد میں داخل ہو اسی دن سے عامل اس حاضرات الاسد کا چلہ معہ ترک جلالی شروع کرے۔ جس کی مدت تیس یوم ہے۔ طریقہ یہ ہے کہ دن کے وقت کھلے آسمان کے نیچے لباس و کلاہ زرد و سرخ پہنے ور

جائے نماز بھی اسی رنگ کی بچھائے اور اپنا منہ بطرف مشرق رکھے اور بخور عود دار
چینی کا روشن کرے اور طالع وقت اسد یا قمر برج اسد میں ہو یا ساعت شمس ہو۔
اس وقت عامل کاغذ پر ایک عدد نقش تحریر کریں اور اس نقش کو جلا دے۔ اسی طرح
روزانہ ایک عدد نقش تحریر کرنا چاہیے۔ اور آخری یعنی تیسویں دن دس عدد نقوش
تحریر کرنے ہیں اب اسی دن مذکورہ ساعت میں ایک عدد ذہب خالص کا چراغ
بنائیں یا پھر فضہ کا چراغ بنوا کر اس پر ذہب خالص کا آب چڑھائیں اور اس
کے اندر نقش کندہ کریں۔ اور شب کے وقت عامل کھلے آسمان کے نیچے مشرق کی
سمت منہ کر کے بیٹھے اور لباس و کلاہ زرد و سرخ پہنے اور جائے نماز بھی اسی رنگ کی
بچھائے اور ایک عدد نقش کاغذ پر زعفران سے تحریر کریں اور اس پر روئی لپیٹ کر
فتیلہ بنائے اور چراغ میں ڈال کر رکھے اور عطر مشک چراغ میں ڈال کر فتیلہ کو
روشن کرے اور بخور عود دار چینی کا روشن کرے۔ اب گیارہ بار درود شریف پڑھ کر
فتیلہ کی لو پر نگاہ کرے اور عزیمت تین ہزار تین سو تین مرتبہ پڑھے۔ پھر گیارہ بار
درود شریف پڑھ کر روز اول کا عمل تمام کرے اور تمام سامان کو حفاظت سے محفوظ
مقام پر رکھ دے۔ اسی طرح روزانہ شب کو کھلے آسمان کے نیچے مندرجہ بالا
طریقہ پر عمل پڑھا کریں اور آخری دن یعنی تیسویں دن جب حاضرات کا نزول
ہو اور آپ کی پڑھائی ختم ہو چکی ہو تو اس وقت موکلات کو نہایت ادب سے
السلام علیکم کہنا چاہیے پھر ان سے عہد و پیمان لے کر عندالحاجت طلب کرنے پر
فوراً حاضر ہوں اور جو سوال بھی کریں انکا سچ سچ جواب دیں اور ان سے جلد حاضر
ہونے کا طریقہ بھی دریافت کر لینا چاہیے۔ جب وہ ان باتوں کا اقرار کرلیں تو

پھر ان کو السلام علیکم کہہ کر شکریے کے ساتھ رخصت کرنا چاہیے۔ اور کسی زرد و
سرخ شرینی پر موکلات کی نیاز دینا چاہیے۔ شرینی خود بھی کھانی چاہیے اور معصوم
بچوں کو بھی تقسیم کرنی چاہیے۔ زکوٰۃ قائم رکھنے کے لیے کم از کم عزیمت گیارہ
مرتبہ روزانہ ورد کرنا چاہیے۔

ترکیب حاضرات

جب بھی کسی سوال کا جواب لینا مقصود ہو تو اول غسل کر کے لباس و
کلاہ سرخ پہنے اور جائے نماز بھی اسی رنگ کی بچھائے اور بخور عود دار چینی کا روشن
کرے اور ایک عدد نقش تحریر کرے اور اس پر روئی لپیٹ کر فتیلہ بنائے اور اس کو
چراغ مذکور میں عطر مشک ڈال کر روشن کرے اور کسی زرد و سرخ شرینی پر موکلات
کی نیاز دے۔ پھر گیارہ بار درود شریف پڑھ کر عزیمت عمل کو موکلات کی بتائی
ہوئی تعداد کے مطابق مشرق کی سمت منہ کر کے ورد کرنا چاہیے۔ چنانچہ موکلات و
حاضرات کا نزول فوراً ہوگا۔ اب آپ ان کو السلام علیکم کہہ کر اپنا مدعا بیان کریں
آپ کے ہر سوال کا جواب تسلی بخش اور صحیح ملے گا۔ جب آپ کا مقصد حل
ہو جائے تو پھر آپ ان کا شکریہ ادا کریں اور السلام علیکم کہہ کر ان کو رخصت کریں
اور شرینی خود بھی کھائیں اور معصوم بچوں کو بھی تقسیم کریں اور چراغ بجھا کر رکھ دینا
چاہیے۔ اور دیگر سامان بھی حفاظت سے رکھ دینا چاہیے۔

حاضرات الاسد صرف وہ حضرات کر سکتے ہیں جن کے پیدائشی زائچہ
کے طالع میں برج اسد موجود ہو یا جن کی پیدائش 24 جولائی تا 23 اگست ہوئی
ہو یا پھر جن کے اسم کا حرف اول صرف (م) ہو۔

ذسٹیل

۵۳۳	۵۵۰	۵۶۳	۵۶۲	۵۵۱	۵۴۴
۵۵۶	۵۶۰	۵۳۴	۵۴۳	۵۶۵	۵۴۵
۵۶۴	۵۴۲	۵۵۵	۵۴۶	۵۳۵	۵۶۱
۵۴۱	۵۶۶	۵۵۴	۵۴۷	۵۵۹	۵۳۶
۵۵۲	۵۳۷	۵۵۸	۵۶۷	۵۴۰	۵۴۹
۵۵۷	۵۴۸	۵۳۹	۵۳۸	۵۵۳	۵۶۸

حاضرات برج المیزان

اَجِبْ یَا تَضَنیئِیل بحقِ وَالسَّمَاءِ ذَاتِ الْبُرُوجِ ۝ اَجِبْ یَا زَوَئِیلُ بحقِ میزان العجل الساعة الوحا۔

طریقہ زکوٰۃ:

جب آفتاب برج میزان میں داخل ہو اسی دن سے عامل ترک جلالی کر کے اس حاضرات المیزان کا چلہ تیس یوم تک کریں۔ جس کا طریقہ یہ ہے کہ عامل لباس وکلاہ سفید زردی مائل پہن کر جائے نماز بھی اسی رنگ کی بچھائے اور بخور عود صندل سفید وزعفران کا روشن کرے اور مغرب کی طرف منہ کر کے جائے نماز پر بیٹھے اور یہ تمام کام کھلے آسمان کے نیچے کرے اور کاغذ پر ستتر عدد نقوش زعفران سے تحریر کرے اور ان تمام نقوش کو کسی ثمر دار درخت میں لٹکا دے۔ اسی

طرح روزانہ نقوش طالع وقت میزان یا قمر برج میزان میں ہو یا پھر ساعت زہرہ ہو اس وقت روزانہ تحریر کیا کرے اور آخری دن یعنی تیسویں روز اٹھاسی عدد نقوش تحریر کرے۔ روزانہ کے تمام نقوش کو ثمر دار درخت میں روزانہ لٹکانا چاہیے۔ اب روز اوّل نحاس خالص کا ایک عدد چراغ بنائے اور مذکورہ ساعت میں اس پر نقش کندہ کرنا چاہیے۔ لیکن کھلے آسمان کے نیچے یہ کام کرنا چاہیے۔ اب بوقت شب عامل مذکورہ رنگ کا کلاہ ولباس پہنے اور اسی رنگ کا جائے نماز بھی بچھائے اور بخور مذکور روشن کرے اور ایک عدد نقش کاغذ پر تحریر کر کے اس پر روئی لپیٹ کر فتیلہ بناوے اور فتیلہ کو چراغ میں رکھے اور چراغ میں عطر سہاگ ڈال کر فتیلہ کو روشن کرے اور فتیلہ کی لو پر نظر رکھے اور گیارہ بار درود شریف پڑھ کر عزیمت پانچ ہزار پانچ سو پچاسی مرتبہ پڑھ کر گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھ کر روز اول کا عمل تمام کرے اور روزانہ شب کے وقت مقررہ اوقات مں عزیمت پڑھا کرے اور تمام لوازمات کا مدنظر رکھنا چاہیے۔ اور پڑھائی کھلے آسمان کے نیچے کرنا چاہیے اور جب تک پڑھائی کرتا رہے اپنی نگاہ چراغ کی لو پر برابر رکھے اور جب پلک جھپکنے لگے تو اس وقت آہستہ سے آنکھ بند کر لے پھر آنکھ کھول کر لو پر نگاہ کرے۔ دن کے وقت نقوش تحریر کرنا چاہیے اور شب کو عزیمت ورد کرنا چاہیے۔ جب تک آپ پڑھائی جاری رہے فتیلہ اس وقت تک برابر روشن رہنا چاہیے دوران چلہ کشی عامل کو عجائبات وغائبات سے واسطہ پڑے گا۔ لہٰذا عامل کو چاہے کہ اپنا دل قوی رکھے اور کسی قسم کا خوف نہ کھائے اور نہ ان سے کسی قسم کی گفتگو کرے۔ جب آخری دن یعنی تیسویں دن جب حاضرات کا نزول ہو اور

آپکا عمل تمام ہو تو اس وقت موکلات کو السلام علیکم کہے اور ان سے عہد و پیمان لے کہ عند الحاجت طلب کرنے پر فوراً حاضر ہوں اور ہر سوال کا جواب سچ سچ دیں اور ان سے جلد حاضر ہونے کا طریقہ بھی دریافت کر لینا چاہیے۔ جب وہ ان تمام باتوں کا اقرار کر لیں تو پھر ان کا شکریہ ادا کر کے السلام علیکم کہہ کر رخصت کرنا چاہیے۔ بعدہٗ کسی زردی مائل سفید شرینی پر موکلات کی نیاز دیں اور شرینی خود بھی کھائیں اور معصوم بچوں کو بھی تقسیم کریں۔ اب آپ حاضرات المیز ان کے عامل ہیں لیکن زکوٰۃ قائم رکھنے کے لئے کم از کم عزیمت روزانہ گیارہ مرتبہ ورد کرنا لازم ہے۔ پڑھائی کے بعد چراغ و دیگر لوازمات حفاظت سے رکھ دینا چاہیے۔ اور شب کی پڑھائی جب ختم ہو جائے تو اس وقت چراغ کو بجھا دینا چاہیے۔ اور روزانہ فتیلہ جلانے کے لئے ایک عدد علیحدہ نقش کاغذ پر تحریر کرنا چاہیے اور روزانہ یہ نقش فتیلہ کی شکل میں چراغ میں دوران پڑھائی جل جانا چاہیے۔

ترکیب حاضرات

عامل کو جب بھی حاضرات کرنا مقصود ہو تو سب سے پہلے غسل کر کے مطلوبہ رنگ کا لباس پہنے اور جائے نماز بھی اسی رنگ کر بچھائے اور مغرب کی سمت منہ کر کے بیٹھے اور بخور روشن کر کے سفید زردی مائل شرینی پر موکلات کی نیاز دے۔ بعدہٗ ایک عدد نقش زعفران سے تحریر کر کے اس پر روئی لپیٹ کر فتیلہ بنائے اور چراغ میں عطر سہاگ ڈال کر فتیلہ کو اس میں روشن کرے اور گیارہ بار درود شریف پڑھ کر عزیمت کو موکلات کی بتائی ہوئی تعداد کے مطابق پڑھے اور چراغ کی لو پر برابر نگاہ رکھے۔ مطلوبہ تعداد کے ختم ہونے کے بعد حاضرات کے

موکلات کا یکا یک نزول ہوگا۔ پس عامل ان کو نہایت ادب سے السلام علیکم کہے پھر جو بھی سوال ہو ان سے دریافت کرے۔ ہر سوال کا جواب مکمل اور حتمی دیں گے۔ جب آپ ان سے سوال پوچھ کر جواب حاصل کر چکیں اس وقت ان کا شکریہ ادا کر کے السلام علیکم کہہ کر رخصت کر دیں اور چراغ کو بجھا دیں اور دیگر سامان وغیرہ کو حفاظت سے رکھ دیں اور شرینی خود بھی کھائیں اور معصوم بچوں کو بھی تقسیم کر دیں۔

حاضرات المیز ان صرف وہ حضرات کر سکتے ہیں جن کے پیدائشی زائچہ کے طالع میں برج میزان موجود ہو جن کی پیدائش 24 ستمبر تا 23 اکتوبر ہوئی ہو یا پھر جن کے اسم کا حرف اول مندرجہ ذیل تین حروف میں سے کوئی ایک حرف ہو۔

ر	ت	ط

۱۱۱۱	۱۱۱۷	۱۱۲۳	۱۱۲۹	۱۱۰۵
۱۱۲۴	۱۱۲۵	۱۱۰۶	۱۱۱۲	۱۱۱۸
۱۱۰۷	۱۱۱۳	۱۱۱۹	۱۱۲۰	۱۱۲۶
۱۱۱۵	۱۱۲۱	۱۱۲۷	۱۱۰۸	۱۱۱۴
۱۱۲۸	۱۱۰۹	۱۱۱۰	۱۱۱۶	۱۱۲۲

حاضرات برج السنبلہ

اَجِبْ یَا تَضْنَیْئِیل بحقِ وَالسَّمَاءِ ذَاتِ الْبُرُوْجِ ٥ اَجِبْ یَا اسمیل بحق سنبلہ العجل الساعۃ الوحا۔

طریقہ زکوٰۃ:

جس دن آفتاب برج سنبلہ میں داخل ہو اسی دن سے عامل ترک جلالی کر کے اس حاضرات السنبلہ کا چلہ تیس یوم تک کرے۔ جس کا طریقہ یہ ہے کہ عامل لباس و کلاہ سیاہ و سبز پہن کر اسی رنگ کی جائے نماز بھی کھلے آسمان کے نیچے بچھائے اور جائے نماز پر جنوب کی سمت منہ کر کے بیٹھے اور بخور عود، صندل سرخ و مصطگی رومی کا روشن کرے اور اکہتر عدد نقوش کاغذ پر زعفران سے طالع وقت سنبلہ یا قمر برج سنبلہ میں ہو یا پھر ساعت عطارد میں تحریر کرے اور ان تمام نقوش کو زمین کے اندر دفن کردے جہاں پر لوگوں کا پاؤں نہ پڑے یا پھر پہاڑ پر دفن کردیں اسی طرح روزانہ اکہتر عدد نقوش تحریر کر کے دفن کردیا کرے اور آخری دن یعنی تیسویں دن بہتر عدد نقوش تحریر کرنا چاہیے اور روز اول مذکورہ ساعت میں ایک عدد جست خالص کا چراغ بنا کر اس کے اندر نقش کندہ کرے اور شب کے وقت مذکورہ رنگ کا لباس و کلاہ پہن کر جائے نماز بھی اسی رنگ کی بچھائے اور خود عامل جنوب کی سمت منہ کر کے بیٹھے اور بخور مذکور روشن کرے اور یہ تمام کام کھلے آسمان کے نیچے کرنا چاہیے اور ایک عدد نقش کاغذ پر زعفران سے تحریر کریں اس پر روئی لپیٹ کر فتیلہ تیار کرے اور اس فتیلہ کو جست کے چراغ میں رکھے اور عطر

مجموعہ چراغ میں ڈال کر فتیلہ کو روشن کرے اور چراغ کی لو پر نگاہ رکھے۔ اب گیارہ بار درود شریف پڑھ کر عزیمت عمل پانچ ہزار تین سو چھیانوے مرتبہ پڑھ کر گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھ عزیمت عمل پانچ ہزار تین سو چھیانوے مرتبہ پڑھ کر گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھ کر روز اول کا عمل تمام کرے۔ دوران پڑھائی عامل کی نگاہ فتیلہ کی لو پر برابر ہونی چاہیے۔ جب پلک جھپکنے لگے تو آہستہ سے آنکھیں بند کر لے پھر آنکھیں کھول کر لو پر نگاہ کرے اسی طرح روزانہ شب کے وقت کھلے آسمان کے نیچے عزیمت ورد کرنا چاہیے۔ اور روزانہ فتیلہ کے لئے ایک عدد علیحدہ نقش تحریر کرنا چاہیے اور دن کے وقت مقررہ تعداد میں نقوش تحریر کریں چاہیے۔ شب کے وقت چراغ میں فتیلہ اس انداز سے جلانا چاہیے کہ روزانہ آپکی پڑھائی کے آخیر میں تمام فتیلہ جل جانا چاہیے۔ دوران چلہ کشی عامل کو عجیب و غریب مخلوقات سے واسطہ پڑے گا لہٰذا عامل کو چاہے کہ ان سے خوفزدہ قطعی نہ ہو اور ان سے اس وقت تک گفتگو ہرگز نہ کرے جب تک کہ آپکی آخری دن کی پڑھائی ختم نہ ہو جائے۔ چنانچہ تیسویں دن جب آپکی پڑھائی ختم ہوگی اس وقت حاضرات کے موکلات آپ سے گفتگو کریں گے۔ لہٰذا عامل کو چاہیے کہ ان سے نہایت ادب سے السلام علیکم کہے اور ان سے عہد و پیمان لے کہ عندالحاجت طلب کرنے پر فوراً حاضر ہوں اور جو بھی سوال کریں اس کا سچ سچ جواب دیں اور ان سے جلد حاضر ہونے کا طریقہ بھی دریافت کرنا چاہیے۔ جب وہ ان تمام باتوں کا اقرار کرلیں تو پھر ان کا شکریہ ادا کر کے سلام کر کے رخصت کرنا چاہیے۔ جب وہ ان تمام باتوں کا اقرار کرلیں تو پھر ان کا شکریہ ادا کر کے

سلام کر کے رخصت کرنا چاہیے۔ فوراً عامل کی نظروں سے اوجھل ہو جائیں گے پھر عامل کو چاہیے کہ کسی سیاہ وسبز شرینی پر موکلات کی نیاز دے اور اس شرینی کو خود بھی کھائے اور معصوم بچوں کو بھی تقسیم کرے۔ اب آپ اس حاضرات السنبلہ کے عامل ہیں لیکن زکوۃ قائم رکھنے کیلئے روزانہ کم از کم گیارہ مرتبہ عزیمت ورد کرنا لازم ہے۔

ترکیب حاضرات

جب بھی عامل کو کسی سوال کا جواب لینا مقصود ہو تو عامل سب سے پہلے غسل کر کے سیاہ وسبز کلاہ ولباس پہنے اور جائے نماز بھی اسی رنگ کی بچھائے اور اپنا منہ جنوب کی سمت کر کے بیٹھے اور بخور عود صندل سرخ و مصطگی رومی کا روشن کرے اور سیاہ وسبز شرینی پر موکلات کی نیاز دے اور ایک عدد نقش تحریر کرے اس پر روئی لپیٹ کر فتیلہ تیار کرے اور چراغ کی میں عطر مجموعہ ڈال کر فتیلہ کو چراغ میں روشن کرے اور فتیلہ کی لو پر نگاہ رکھے اور گیارہ بار درود شریف پڑھ کر عزیمت موکلات کی بتائی ہوئی تعداد کے مطابق پڑھے۔ انشاء اللہ فی الفور حاضرات کا نزول ہوگا۔ پس اس وقت عامل ان کو السلام علیکم کہے اور اپنا مدعا ان سے بیان کرے آپ کے ہر سوال کا تسلی بخش اور مکمل جواب دیں گے اور جب آپ ان سے جواب حاصل کر چکیں تو ان کا شکریہ ادا کر کے السلام علیکم کہہ کر رخصت کرنا چاہیے۔ اور چراغ کو بجھا دینا چاہیے۔ اور تمام سامان ولباس وغیرہ حفاظت سے رکھ دیں اور نیاز کی شرینی خود بھی کھائیں اور معصوم بچوں کو بھی تقسیم کر دیں۔

حاضرات السنبلہ صرف وہ حضرات کر سکتے ہیں جن کے پیدائشی زائچہ کے طالع میں برج سنبلہ موجود ہو یا جن کی پیدائش 24 اگست تا 23 ستمبر ہوئی ہو یا پھر جن کے اسم کا حروف اول مندرجہ ذیل دو حروف میں سے کوئی ایک حرف ہو۔

غ	پ

اُسمئیل

۱۳۴۱	۱۳۵۵	۱۳۵۲	۱۳۴۸
۱۳۵۳	۱۳۴۷	۱۳۴۲	۱۳۵۴
۱۳۴۶	۱۳۵۰	۱۳۵۷	۱۳۴۳
۱۳۵۶	۱۳۴۴	۱۳۴۵	۱۳۵۱

حاضرات برج العقرب

اَجِبْ یَا تَضْنَیْئِیل بحقِ وَالسَّمَاءِ ذَاتِ الْبُرُوْجِ ٥ اَجِبْ یَا بَکَئِیلُ بحقِ عقرب العجل الساعۃ الوحا۔

طریقہ زکوٰۃ:

جس دن آفتاب برج عقرب میں داخل ہو اسی دن سے عامل ترک جلالی کر کے اس حاضرات العقرب کا چلہ تیس یوم تک کرے جس کا طریقہ یہ ہے کہ عامل لباس وکلاہ سفید پہن کر اسی رنگ کی جائے نماز بھی کھلے آسمان کے نیچے بچھائے اور شمال کی سمت منہ کر کے بیٹھے اور بخور عود و چندرس کا روشن کرے اور کاغذ پر زعفران سے تیرہ عدد نقوش تحریر کرے اور یہ کام طالع وقت عقرب یا قمر برج عقرب میں ہو یا پھر ساعت مریخ ہو۔ اس میں کرنا چاہیے۔ آخری دن یعنی تیسویں دن پچیس عدد نقوش تحریر کرنا چاہیے۔ نیز روزانہ کے تحریر کیے ہوئے تمام نقوش کو آب رواں میں گولی آٹے سے بنا کر ڈالنا چاہیے جلانے کیلئے علیحدہ تحریر کرنا چاہیے۔ اور ایک عدد حدید کا چراغ لے کر اس کے اندر نقش کندہ کرنا چاہیے۔ اور شب کے وقت مذکورہ رنگ کا لباس وکلاہ پہن کر جائے نماز بھی اسی رنگ کی کھلے آسمان کے نیچے بچھائے اور بخور مذکور روشن کرے اور چراغ کے اندر فتیلہ رکھ کر اس میں روغن تلخ ڈال کر فتیلہ کو روشن کرے اور چراغ کی لو پر نگاہ رکھے اور گیارہ بار درود شریف پڑھ کر عزیمت کو تین ہزار چھ سو چھیاسٹھ مرتبہ مغرب کی سمت منہ کر کے پڑھے اور تعداد مکمل ہونے پر گیارہ بار درود شریف پڑھ کر روز اول کا عمل تمام کرے اور اسی طرح روزانہ عزیمت ورد کیا کرے دوران چلہ کشی مختلف قسم کے عجیب وغریب موکلات وغیرہ نظر آئیں گے ان سے قطعی خوف نہیں کرنا چاہیے اور جب آپ کا عمل آخری دن تمام ہوگا اس وقت حاضرات کے موکلات کا نزول مکمل طور پر ہوگا۔ عزیمت کی تعداد ختم ہونے پر

حاضرات کو السلام علیکم کہنا چاہیے اور ان سے عہد و پیمان لینا چاہیے۔ کہ عندالحاجت طلب کرنے پر فوراً حاضر ہونا اور ہر سوال کا جواب سچ سچ بتانا اور ان سے جلد حاضر ہونے کا طریقہ بھی دریافت کر لینا چاہیے۔ جب وہ ان تمام باتوں کا اقرار کر لیں تو پھر ان کا بہت شکریہ ادا کریں اور السلام علیکم کہہ کر رخصت کرنا چاہیے۔ پھر کسی سفید شرینی پر موکلات کی نیاز دیں اور شرینی خود بھی کھائیں اور معصوم بچوں کو بھی تقسیم کر دیں۔ اب آپ اس حاضرات العقرب کے عامل ہیں لیکن زکوٰۃ قائم رکھنے کیلئے کم از کم عزیمت گیارہ مرتبہ ورد کرنا لازم ہے۔ روزانہ ایک عدد نقش فتیلہ جلانے کے لئے علیحدہ تحریر کرنا چاہیے جو کہ دورانِ پڑھائی برابر روشن رہیگا اور یہ روزانہ دوران پڑھائی جل جانا چاہیے۔

ترکیب حاضرات

جب بھی عامل کسی بھی حل طلب امور کیلئے حاضرات العقرب سے معلومات کرنا چاہیے تو سب سے پہلے غسل کر کے لباس وکلاہ مذکورہ رنگ کا پہنے اور اسی رنگ کی جائے نماز بھی بچھا کر شمال کی سمت منہ کر کے بیٹھے اور بخور مذکور روشن کر کے کسی بھی سفید شرینی پر موکلات کی نیاز دے پھر ایک عدد نقش تحریر کرے اور اس پر روئی لپیٹ کر فتیلہ بناوے اور چراغ میں ڈال کر روغن تلخ کی مدد سے روشن کرے اور لو پر نگاہ رکھے پھر گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھ کر عزیمت ورد کرنا شروع کر دے جس وقت موکلات کی بتائی ہوئی تعداد پوری ہوگی فی الفور حاضرات کا نزول ہوگا۔ پس ان کو السلام علیکم کہنا چاہیے پھر جو بھی سوال پوچھنا

مذکورہ کو چار ہزار پچھتر مرتبہ ورد کریں۔ پھر گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھ کر روز
اول کی پڑھائی ختم کریں۔ دوران پڑھائی اگر آپکی پلک جھپکنے لگے تو آہستہ سے
آنکھیں بند کرلیں پھر آنکھیں کھول کرلو پر نگاہ کریں۔ اسی طرح روزانہ دن کے
وقت نقوش تحریر کریں اور شب کے وقت عزیمت عمل پڑھا کیں۔ آخری دن یعنی
تیسویں روز جب حاضرات کا نزول ہو تو ان سے عہد پیمان لیں کہ عندالحاجت
طلب کرنے پر فوراً حاضر ہوں اور جو بھی سوال پوچھوں اس کا جواب دیں اور ان
سے جلد حاضر ہونے کا طریقہ بھی دریافت کرلینا چاہیے۔ چنانچہ وہ ان تمام
باتوں کا اقرار کریں گے۔ بعدہ' آپ ان کا شکریہ ادا کریں اور السلام علیکم کہہ کر
ان کو جانے کی اجازت دے دیں چشم زدن میں آپ کی نظروں سے اوجھل
ہوجائیں گے۔ اب آپ کسی سفید شرینی پر موکلات کی نیاز دیں اور شرینی خود بھی
کھائیں اور معصوم بچوں کو بھی بانٹ دیں۔ اب آپ اس حاضرات کے عامل ہیں
لیکن زکوۃ قائم رکھنے کے لیے عزیمت کم از کم روزانہ گیارہ مرتبہ ورد کرنا لازم ہے۔

ترکیب حاضرات

جب بھی عامل کو حاضرات کرنا مقصود ہو تو غسل کرکے لباس وکلاہ سفید
پہنے اور جائے نماز بچھا کر اپنا منہ شمال کی سمت رکھے اور بخور عود کافور اور لوبان کا
روشن کرے اور ایک عدد نقش کاغذ پر زعفران سے تحریر کرے اس پر روئی لپیٹ کر
فتیلہ بنائے اور چراغ کو رکھ کر عطر کیوڑہ و عطر گلاب سے تر کرکے روشن کرے اور
کسی سفید شرینی پر موکلات کی نیاز دیں۔ بعدہ' گیارہ بار درود شریف پڑھ کر
عزیمت مذکورہ موکلات کی بتائی ہوئی تعداد کے مطابق پڑھیں۔ فی الفور

حاضرات کا نزول ہوگا۔ پس عامل ان کو نہایت ادب سے السلام علیکم کہے اور جو
بھی سوال ہو ان سے دریافت کرے۔ آپکے ہر سوال کے جواب تسلی بخش ملے
گا۔ جب آپ ان سے سوال دریافت کرچکیں تو پھر شکریہ ادا کرکے نہایت ادب
سے السلام علیکم کہہ کر رخصت کرنا چاہیے اور چراغ کو بجھا دینا چاہیے۔ اور حفاظت
سے تمام سامان رکھ لینا چاہیے۔

حاضرات السرطان صرف وہ حضرات کرسکتے ہیں جن کے پیدائشی
زائچہ کے طالع میں برج عقرب موجود ہو یا جن کی پیدائش 22 جون تا 23
جولائی ہوئی ہو یا پھر جن کے اسم کا حروف اول مندرجہ ذیل دو حروف میں سے
کوئی ایک حرف ہو۔

ہ	ح

۱۳۵۹	۱۳۶۱	۱۳۵۵
۱۳۵۴	۱۳۵۸	۱۳۶۳
۱۳۶۲	۱۳۵۶	۱۳۵۷

حاضرات برج القوس

اَجِبْ يَا تَضْنِيْئِيل بحقِ وَالسَّمَاءِ ذَاتِ الْبُرُوْجِ ٥ اَجِبْ يَا سغْيَئِل بحَقِ قوس العجل الساعة الوحا۔

طریقہ زکوٰۃ:

جس دن آفتاب برج قوس میں داخل ہو اسی دن سے عامل ترک جلالی کر کے اس حاضرات السرطان کا چلہ تیس یوم تک کرے جس کا طریقہ یہ ہے کہ عامل لباس وکلاہ زرد و سرخ رنگ کا پہن کر اسی رنگ کی جائے نماز بھی بچھائے لیکن کھلے آسمان کے نیچے یہ تمام کام کرے اور جائے نماز پر بیٹھ کر بخور عود شکر کا روشن کرے اور عامل کا منہ مشرق کی سمت ہونا چاہیے اب سینتیس عدد نقوش کاغذ پر زعفران سے تحریر کر کے آگ میں جلا دے اور یہ کام یعنی نقوش طالع وقت قوس یا قمر برج قوس میں ہو یا پھر ساعت مشتری ہو اس وقت تحریر کرنا چاہیے۔ آخری دن یعنی تیسویں دن ستاون عدد نقوش تحریر کرنا چاہیے۔ دن کے وقت کھلے آسمان کے نیچے نقوش تحریر کرنا چاہیے جبکہ شب کے وقت کھلے آسمان کے نیچے عزیمت ورد کرنا چاہیے۔ جس کا طریقہ یہ ہے کہ مذکورہ رنگ کا لباس وکلاہ پہن کر جائے نماز بھی اسی رنگ کی بچھائے اور اپنا منہ مشرق کی سمت رکھے نیز بخور مذکور بھی روشن کرے اب مذکورہ ساعت میں ایک عدد چراغ قلعی کا بنائے اور اس کے اندر نقش کندہ کرے اور ایک عدد کاغذ پر علیحدہ نقش فتیلہ جلانے کیلئے تحریر کرے اور اس پر روئی لپٹ کر فتیلہ بنا وے اور چراغ میں رکھ کر عطر گلاب چراغ میں ڈال کر فتیلہ کو روشن کرے اور چراغ کی لو پر نگاہ رکھے پھر گیارہ

بار درود شریف پڑھ کر عزیمت کو چار ہزار تین سو چورانوے مرتبہ پڑھ کر گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھ کر روز اول کا عمل تمام کرے اسی طرح وقت مقررہ پر روزانہ عزیمت کو ورد کرنا چاہیے دوران زکوٰۃ چرغ کی لو میں مختلف قسم کے لوگ نظر آئیں گے ان سے قطعی خوف نہیں کرنا چاہیے۔ اور نہ ہی کسی قسم کی گفتگو کرنا چاہیے۔ لیکن آخری دن جب وہ عامل سے گفتگو کریں اور عامل کے عمل کا تیسواں دن ہو اور عمل کا اختتام ہو چکا ہو تو ان کو السلام علیکم کہے اور ان سے عہد و پیمان لے کر عندالحاجت طلب کرنے پر فوراً حاضر ہوں اور ہر سوال کا جواب سچ سچ دیں اور ان سے جلد حاضری کا طریقہ بھی دریافت کر لینا چاہیے۔ جب وہ ان تمام باتوں کا اقرار کرلیں تو پھر ان کا شکریہ ادا کر کے السلام علیکم کہہ کر رخصت کرنا چاہیے بعدہٗ کسی زرد و سرخ شرینی پر موکلات کی نیاز دینا چاہیے۔ شرینی خود بھی عامل کھائے اور معصوم بچوں کو بھی تقسیم کرنا چاہیے۔ اب آپ اس حاضرات القوس کے عامل ہیں لیکن زکوٰۃ قائم رکھنے کیلئے عزیمت روزانہ کم ازکم گیارہ مرتبہ ورد کرنا لازم ہے۔ روزانہ فتیلہ چراغ میں جلانے کیلئے ایک عدد علیحدہ روزانہ نقش تحریر کرنا لازم ہے۔

ترکیب حاضرات

جب بھی کسی حل طلب سوال کیلئے جواب لینا مقصود ہو تو عامل سب سے پہلے غسل کر کے پاک صاف ہو پھر لباس وکلاہ مذکورہ رنگ کا پہن کر جائے نماز بھی اسی رنگ کی بچھائے اور مذکورہ بخور روشن کرے اور اپنا منہ مشرق کی سمت رکھ کر ایک عدد نقش کاغذ پر زعفران سے تحریر کر کے اس پر روئی لپیٹ کر فتیلہ بناوے

اور چراغ میں فتیلہ وعطر گلاب ڈال کر فتیلہ کو روشن کردے اور کسی زرد سرخ شرینی پر موکلات کی نیاز دیں اب گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھ کر عزیمت عمل کو موکلات کی تعداد کے مطابق پڑھے فوراً حاضرات کا نزول ہوگا پس ان کو السلام علیکم کہہ کر اپنے سوالات کے جوابات پوچھے چنانچہ وہ آپ کے ہر سوال کا جواب درست دیں گے جب آپ ان سے سوالات کے جوابات حاصل کر چکیں تو پھر ان کا شکریہ ادا کریں اور السلام علیکم کہہ کر ان کو جانے کی اجازت دیں وہ فوراً آپ کی نظروں سے اوجھل ہو جائیں گے اب آپ تمام سامان کو حفاظت سے رکھ دیں اور چراغ بھی بجھا دیں نیز شرینی خود بھی کھائیں اور معصوم بچوں کو بھی تقسیم کر دیں۔

حاضرات القوس صرف وہ حضرات کر سکتے ہیں جن کے پیدائشی زائچہ کے طالع میں برج قوس موجود ہو یا جن کی پیدائش 23 نومبر تا 21 دسمبر ہوئی ہو یا پھر جن کے اسم کا حرف اول صرف (ف) ہو۔

سِغَیُئیل

۵۱۷	۵۷۹	۵۶۸	۵۲۲	۵۳۴	۵۶۳	۵۵۲	۵۴۹
۵۵۳	۵۴۸	۵۳۵	۵۶۲	۵۶۹	۵۳۱	۵۱۸	۵۷۸
۵۳۰	۵۶۶	۵۸۱	۵۱۹	۵۴۷	۵۵۰	۵۶۵	۵۳۶
۵۶۴	۵۳۷	۵۴۶	۵۵۱	۵۸۰	۵۲۰	۵۲۹	۵۶۷
۵۴۵	۵۵۶	۵۵۹	۵۳۸	۵۲۸	۵۷۲	۵۷۵	۵۲۱
۵۷۴	۵۲۲	۵۲۷	۵۷۳	۵۵۸	۵۳۹	۵۴۴	۵۵۷
۵۴۰	۵۶۱	۵۵۴	۵۴۳	۵۲۳	۵۷۷	۵۷۰	۵۲۶
۵۷۱	۵۲۵	۵۲۴	۵۷۶	۵۵۵	۵۴۲	۵۴۱	۵۶۰

حاضرات برج الجدی

اَجِبْ یَاتَضیئلُ بحق وَالسَّمَاءِ ذَاتِ البُرُوج ٥ اَجِبْ یَااَرئیلُ بحق جدی العجل الساعة الوحا۔

طریقہ زکوۃ:

جس دن آفتاب برج جدی میں داخل ہو اسی دن عامل ترک جلالی کر کے اس حاضرات الجدی کی زکوۃ تیس یوم میں ادا کرے جس کا طریقہ یہ ہے کہ عامل سیاہ وسبز رنگ کا لباس وکلاہ پہن کر اسی رنگ کی جائے نماز بھی کھلے آسمان کے نیچے بچھا کر اس پر جنوب کی سمت منہ کر کے بیٹھے اور بخور عود ولوبان کا روشن کرے اور طالع وقت جدی یا قمر برج جدی میں ہو یا پھر ساعت زحل میں یہ تمام کام کرنا افضل ہے اب تینتیس عدد نقوش کاغذ سفید پر زعفران سے تحریر کرے ان کو زمین کے اندر یا کسی پہاڑ وغیرہ کے اندر دفن کر دیا کریں اور تیسویں روز تریپن عدد نقوش تحریر کرنے چاہیں اسی طرح دن کے وقت روزانہ نقوش تحریر کر کے دفن کر دیا کرے اور شب کے وقت کھلے آسمان کے نیچے مذکورہ ساعت میں ایک عدد سرب خالص کا چراغ بنائے اور اس کے اندر نقش کو تحریر کرے اور نقوش تحریر کرتے وقت آپ نے جن چیزوں کی پابندی کی تھی وہی پابندی اس میں بھی کرنا لازم ہے اب ایک عدد علیحدہ نقش تحریر کرے اور اس پر روئی لپیٹ کر فتیلہ بناوے اور چراغ میں فتیلہ وعطر گل ڈال کر فتیلہ کو روشن کرے اور اپنی نگاہ

چراغ کی لو پر رکھے اور گیارہ بار درود شریف پڑھ کر عزیمت مذکور کو چار ہزار دو سو ستتر مرتبہ پڑھ کر گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھ کر روز اول کا عمل تمام کرے اسی طرح روزانہ وقت مقررہ پر تمام سامان ولوازمات کو مدنظر رکھتے ہوئے تیس یوم تک چلہ کشی برابر کرتا رہے درمیان چلہ کشی نہایت عجیب وغریب مناظر آپ کے سامنے پیش آئیں گے لہذا اپنے دل کو قوی رکھے اگر حاضرات آپ سے گفتگو کرنے کی کوشش کرے تو آپ ان کے کسی سوال کا جواب ہرگز نہ دیں ہاں جب تیسویں دن آپ کی پڑھائی ختم ہو جائے تو جس وقت موکلات آپ سے گفتگو کریں اس وقت آپ ان کو نہایت ادب سے السلام علیکم کہیں اور ان سے عہد و پیمان لیں کہ عندالحاجت طلب کرنے پر فوراً حاضر ہوں حاضر ہونے کا طریقہ بھی دریافت کرلینا چاہیے چنانچہ وہ آپ کی ان تمام باتوں کا اقرار کریں گے اب آپ ان کا شکریہ ادا کر کے السلام علیکم کہہ کر رخصت کردیں بعد آپ کسی سیاہ سبز شرینی پر موکلات کی نیاز دیں اور شرینی خود بھی کھائیں اور معصوم بچوں کو بھی تقسیم کردیں۔ اب آپ اس حاضرات الجدی کے عامل ہیں لیکن زکوۃ قائم رکھنے کے لئے عزیمت کم از کم گیارہ مرتبہ وردکرنا لازم ہے۔

چراغ میں جلانے کے لئے روزانہ ایک عدد علیحدہ نقش تحریر کرنا چاہیے اور روزانہ یہ فتیلہ پڑھائی کے ختم ہونے تک جل جانا چاہیے۔

ترکیب حاضرات

جب بھی عامل کو کسی بھی سوال کا جواب حاصل کرنا ہو اس وقت عامل غسل کر کے پاک و طاہر ہو اور لباس وکلاہ سیاہ و سبز رنگ کی پہنے اور اسی رنگ کی جائے نماز بھی بچھائے اور اپنا منہ جنوب کی سمت کر کے جائے نماز پر بیٹھ کر بخور عود و لوبان کا روشن کرے اور ایک عدد نقش کاغذ پر زعفران سے تحریر کرے اس پر روئی لپیٹ کر فتیلہ بنا کر چراغ میں عطر گل وفتیلہ ڈال کر فتیلہ کو روشن کرے اور کسی سیاہ سبز شرینی پر موکلات کی نیاز دیں پھر گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھ کر چراغ کی لو پر نگاہ کر کے عزیمت کو موکلات کی بتائی ہوئی تعداد کے مطابق پڑھے۔ تعداد کے ختم ہوتے ہی موکلات کا نزول ہوگا پس عامل کو چاہیے کہ ان کا نہایت ادب کرتے ہوئے السلام علیکم پیش کرے بعدہ جو بھی سوال ہو ان سے جواب طلب کرے آپ کے ہر سولا کا جواب مکمل و درست دیں گے۔ بعدہ عامل حاضرات کے موکلات کا بہت بہت شکریہ ادا کرے اور ان سے السلام علیکم کہہ کر جانے کی اجازت دے اور چراغ کو بجھا دے اور تمام سامان کو بحفاظت رکھ دے اور شرینی خود بھی کھائے اور معصوم بچوں کو بھی تقسیم کردے۔

حاضرات الجدی صرف وہ حضرات کر سکتے ہیں جن کے پیدائشی زائچہ کے طالع میں برج جدی موجود ہو یا جن کی پیدائش 22 دسمبر تا 20 جنوری ہوئی ہو یا پھر جن کے اسم کا حروف اول مندرجہ ذیل سات حروف میں سے کوئی ایک حرف ہو۔

فتیلہ کو روشن کرے اب عزیمت کو چار ہزار پانچ سو بہتر مرتبہ ورد کرے لیکن اول و آخر گیارہ گیارہ بار درود شریف پڑھنا لازم ہے دوران پڑھائی فتیلہ کی لو پر برابر نگاہ رکھنا چاہیے جب روز اول کی پڑھائی تمام ہو تو چراغ کو بجھا دیں اور تمام لوازمات کو حفاظت سے اٹھا کر کسی محفوظ مقام پر رکھ دیں۔ اسی طرح روزانہ وقت مقررہ پر پڑھائی کیا کریں۔ دوران چلہ کشی نہایت عجیب وغریب مناظر عامل کو نظر آئیں گے لہذا اپنا دل قوی رکھے اور اگر کسی قسم کی کوئی گفتگو کرے تو قطعی اس سے بات نہ کرنا چاہیے ہاں جب آخری دن آپ کا چلہ تمام ہوا اس وقت حاضرات کے موکلات آپ سے خود گفتگو کرنا چاہیں گے۔ پس ان کو نہایت ادب سے السلام علیکم کرنا چاہیے اور ان سے عہد و پیاں لینا چاہیے کہ عندالحاجت طلب کرنے پر فوراً حاضر ہونا اور جو بھی سوالات کریں ان کا سچ سچ جواب دینا اور ان کے جلد حاضر ہونے کا طریقہ بھی دریافت کرلینا چاہیے جب وہ ان تمام باتوں کا اقرار کرلیں تو پھر انکا بہت بہت شکریہ ادا کر کے السلام علیکم کہ کر رخصت کرنا چاہیے۔ پس وہ چشم زدن میں آپ کی آنکھوں سے اوجھل ہو جائیں گے اب کسی سفید و سبز شرینی پر موکلات کی نیاز دیں اور شرینی خود بھی کھائیں اور معصوم بچوں کو بھی تقسیم کردیں اب آپ اس حاضرات الدلو کے عامل ہیں لیکن زکوۃ قائم رکھنے کے لئے عزیمت کم از کم گیارہ مرتبہ بمعہ اول آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف کے ورد کرنا چاہیے۔ روزانہ ایک عدد نقش علیحدہ تحریر کرنا چاہیے جو کہ چراغ میں فتیلہ کی شکل میں روشن کیا جائے گا۔

ترکیب حاضرات

جس وقت عامل حاضرات کرنا چاہے اس وقت غسل کر کے پاک و طاہر ہو اور مذکورہ رنگ کا لباس وکلاہ پہن کر جائے نماز بھی اسی رنگ کی بچھائی اور بخور مذکور روشن کر کے جائے نماز پر مغرب کی سمت منہ کر کے بیٹھے اور ایک عدد نقش کاغذ پر زعفران سے تحریر کرے اور اس پر روئی لپیٹ کر فتیلہ بناوے اور چراغ میں عطر گل وفتیلہ ڈال کر روشن کرے اور کسی سفید و سبز شرینی پر موکلات کی نیاز دے اور گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھ کر موکلات کی بتائی ہوئی تعداد کے مطابق عزیمت ورد کرے اور فتیلہ کی لو پر برابر نگاہ رکھے یکا یک تعداد کے ختم ہونے پر حاضرات کا نزول ہوگا اس وقت ان کو نہایت ادب سے السلام علیکم کہ کر اپنا مدعا بیان کرنا چاہیے۔ آپ کے مشکل سے مشکل ترین سوالات کا جواب بالکل درست دیں گے جب آپ ان سے سوال پوچھ چکیں تو پھر ان کا شکریہ ادا کر کے السلام علیکم کہ کر رخصت کرنا چاہیے اور چراغ کو بجھا دینا چاہیے اور دیگر سامان کو بھی حفاظت سے محفوظ مقام پر رکھ دینا چاہیے اور شرینی خود بھی کھائے اور معصوم بچوں کو بھی تقسیم کرے۔

حاضرات الدلو صرف وہ حضرات کرسکتے ہیں جن کے پیدائشی زائچہ کے طالع میں برج دلو موجود ہو یا جن کی پیدائش 21 جنوری تا 19 فروری ہوئی ہو یا پھر جن کے اسم کا حروف اول مندرجہ ذیل چار حروف میں سے کوئی ایک حرف ہو۔

حاضرات

یا اللہ مدد کن　اعوذ باللہ من الشیطان الرجیم. بسم اللہ الرحمٰن الرحیم.　یا اللہ مدد کن

یا جبرائیل　یا میکائیل

یَا اللّٰہُ جَلَّ جَلَالُہٗ

لَا شَرِیْکَ لَہٗ

اَللّٰھُمَّ اِیَّاکَ نَعْبُدُ

یا اسرافیل　یا عزرائیل

وَ اِیَّاکَ نَسْتَعِین. اِھْدِنَا الصِراط

الْمُسْتَقِیم. بِحقِّ مٰلِکِ یوم الدِّین.

یا اللہ مدد کن　یا اللہ مدد کن

طریقہ:

مندرجہ بالا نقش روزانہ گیارہ مرتبہ گیارہ یوم لکھیں۔ بعدہ آٹے میں گولیاں بنا کر دریا میں بہا دیں۔ بعدہ مندرجہ بالا عزیمت گیارہ سو مرتبہ گیارہ یوم پڑھیں اور 101 مرتبہ درود شریف بھی پڑھیں۔ پڑھنے کی عزیمت درج ذیل ہے۔

(اَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْم۔ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْم یَا اللّٰہ مدد کن یَا اللّٰہ مدد کن یَا اللّٰہ جَلَّ جَلَالُہٗ۔ اَللّٰھُمَّ اِیَّاکَ نَعْبُدُ وَاِیَّاکَ نَسْتَعِیْنُ اِھْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِیْمَ ۔ بِحَقِّ مٰلِکِ یَوْمِ الدِّیْن۔ یَا اللّٰہ مدد کن یَا اللّٰہ مدد کن ۝)

جب بھی حاضرات کی ضرورت پیش آئے مندرجہ بالا نقش بنائیں اور سیاہ خانہ میں عطر لگائیں اور عزیمت بالا کو صرف گیارہ مرتبہ پڑھیں اور 101 مرتبہ درود شریف پڑھیں اور سیاہ خانہ میں نظر قائم کر کے اور اپنا مقصد ذہن میں رکھ کر دیکھیں۔ تھوڑی ہی دیر میں حاضرات کا نزول ہوگا اور تمام احوال مقصد سیاہ خانہ میں نظر آئے گا۔

کشف القلوب

کشف القلوب یہ علم عزائم سے ہے اور نہایت عظیم النفع ہے۔ جو شخص یہ چاہے کہ لوگوں کے دلوں کی بات معلوم ہو جائے تو وہ روزانہ اللہ الصمد یا ھمو اکیل 12,000 مرتبہ پڑھے۔ بعد نماز عشاء درود شریف 21-21 مرتبہ اول و آخر یہ عمل 21 یوم برابر کرے۔ اللہ کے حکم سے ہر کسی کے دل کی بات معلوم ہو جائے گی۔ پرہیز جلالی و جمالی کریں اور عمل نوچندی جمعرات سے شروع کریں۔ جہاں پڑھیں وہ جگہ پاک وصاف اور خوشبو سے معطر ہو۔

برائے کشف القلوب

جو شخص یہ چاہے کہ لوگوں کے دل کی بات معلوم ہو جائے۔ وہ تین ہفتہ تک روزے رکھے۔ ترک حیوانات کے ساتھ اور ان اسماء سبعہ کو جو مفاتیح العلم کہلاتے ہیں۔ اول و آخر درود شریف سو بار پڑھے پھر ان اسماء کو روزانہ ہزار بار پڑھے۔ وہ اسماء یہ ہیں۔

(سهد يد هليهون لا لهون دمداعوت هاجنی فلیشآء هيلوب) پھر یہ تین بار پڑھے ۔ (اَللّٰهُمَّ اكْشِفْ عَنْ قَلْبِىْ حِجَابُ الْغَفْلَةَ وَعَلِّمْنِىْ مَالَمْ اَكُنْ اَعْلَمُ وَبَيِّنْ لِىْ مِنْ كُلّ مَا اَسَلُ عَنْهُ يَامَنْ لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ وَلَا مَعْبُوْد سَوَالا)

21 روز کے بعد اثر ظاہر ہونا شروع ہو جائے گا۔ جو شخص سامنے آئے گا جو کچھ اس کے دل میں ہوگا عامل منکشف ہو جائے گا۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔

حاضرات تسبیح

۷۸۶

۱۱۲	۱۱۹	۱۲۲	۱۰۸
۱۲۱	۱۰۹	۱۱۵	۱۲۰
۱۱۰	۱۲۴	۱۱۷	۱۱۴
۱۱۸	۱۱۳	۱۱۱	۱۲۳

سُبحانَ رَبِّیَ الاَعْلٰی یَا تسهائیلُ حاضرشو

طریقہ:

عروج ماہ نوچندی جمعرات کو روزانہ 150 مرتبہ سبحان رب الاعلی اوریا

تسہائیل 150 مرتبہ پندرہ دن تک پڑھیں ۔ زکوۃ ادا ہو جائے گی ۔ بعدہ عمل کو قابو میں رکھنے کے لئے ہمیشہ پندرہ مرتبہ پڑھ لیا کریں۔

حاضرات

شمال

مغرب — مشرق

جنوب

طریقہ:

مندرجہ بالا نقش کسی سفید کاغذ پر بنا کر کسی طفل نابالغ کو سیاہ دائرہ میں دیکھنے کو کہیں۔ اگربتیاں وغیرہ سلگائیں۔ عامل بچہ پر گیارہ مرتبہ درود ابراہیمی پڑھ کر اور اسم **اَنَّہٗ مَنْ سُلَیْمَان وَاِنَّہٗ لَیْسَ لَھَا مِنْ دُوْنِ اللّٰہِ کَاشِفَہ** "28 مرتبہ پڑھ کر بچہ کے سر پر اور سیاہ دائرہ میں پھونکے۔ تھوڑی ہی دیر میں سیاہ خانہ میں حاضرات کا نزول ہوگا۔ پھر آپ بچہ کے توسط سے اپنے جملہ پیچیدہ مسائل کے بارے میں سو فیصد مکمل و درست حالات معلوم کرسکتے ہیں۔ جو یقیناً سچے و درست ہوں گے۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔

نایاب حاضرات

مندرجہ ذیل حاضرات کسی کرامت سے کم نہیں ۔ یہ الہامی حاضرات ہے۔ اس کی جتنی بھی تعریف و خوبیاں بیان کی جائیں وہ احاطہ تحریر سے باہر ہیں۔ گویا یہ ایک گوہر نایاب ہے۔ اس حاضرات کی قدر و قیمت تجربہ کرنے پر معلوم ہوں گی ۔ زیادہ تعریف لکھنا دانشمندی کے خلاف ہے۔ جو بھی اس حاضرات کو کرے گا وہ اپنا دامن خوشیوں و مرادوں سے بھر لے گا۔

یاد رکھیں سچائی تجربہ کی محتاج ہوتی ہے۔ ایک مرتبہ آزمائیں اور بار بار آزمائیں اور اپنی دلی مراد پائیں۔ جوں جوں آپ حاضرات کرتے جائیں گے اسی طرح آپ اس پر عبور حاصل کرتے جائیں گے۔ ہر چیز محنت و کوشش سے حاصل ہوتی ہے۔ بغیر محنت کوشش و ریاضت کے کچھ نہیں ملتا۔

حاضرات لاثانی

۷۸۶

۵۴۰	۵۵۳	۵۵۰	۵۴۷
۵۵۱	۵۴۲	۵۴۱	۵۵۲
۵۴۵	۵۴۸	**۵۵۵**	۵۴۲
۵۵۴	۵۴۳	۵۴۴	۵۴۹

جیسا کہ عزیمت سے ظاہر ہے یہ حاضرات قابل احترام و مقدس حاضرات ہے۔ اس حاضرات کی جتنی بھی تعریف کی جائے کم ہے۔ اس حاضرات کی سب سے بڑی خوبی یہ ہے کہ یہ تمام سوالوں کے جوابات سو فیصد درست بتاتی ہے۔ عامل و معمول کے لئے شرط یہ ہے کہ دونوں پاک وصاف اور باوضو ہوں۔ کمرہ پاک وصاف وخوشبو سے معطر ہو۔

طریقہ ولوازمات:

ایک سفید کاغذ یا گتہ پر مندرجہ بالا نقش مبارک بنائیں اور سیاہ دائرہ میں بچہ کو غور سے دیکھنے کو کہیں ۔ پھر عامل گیارہ مرتبہ درود شریف تین مرتبہ سورہ اخلاص پھر ۲۸ مرتبہ یہ عزیمت پڑھ کر دم کرے۔ عزیمت درج ذیل ہے۔

(بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْم۔ یَامُحَمَّدُ یَاعلی یَافَطِمَه یَا صَاحِبِ الزَّمَان اَدْرِکْنِیْ وَلَا تُلْکِنِیْ)

تھوڑی ہی دیر میں حاضرات کا نزول ہوگا جس سے آپ اپنے تمام مشکل امور کے بارے میں معلومات حاصل کر سکتے ہیں۔ انشاء اللہ سو فیصد درست جواب ملیں گے۔

توشہ:

حاضرات کرنے سے پہلے وضو کریں۔ چھ عدد اگر بتی سلگائیں اور چند عدد تازہ گلاب کے پھول پانی بھرے گلاس میں رکھیں ۔ یہ حاضرات میں سرتاج و چوٹی کا عمل ہے۔ یہ ایک قابل قدر تحفہ ہے جس سے آپ یقیناً فائدہ اٹھائیں گے اور خلق خدا کو بھی فیض پہنچائیں گے۔

حاضرات برائے زیارت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم

بسم اللہ الرحمن الرحیم

محمد۹۲	کامل ۹۱	علیم ۱۵۰
المحسن ۱۶۹	کافی ۱۱۱	احمد ۵۳
باسط ۷۲	سالم ۱۳۱	مکمل ۱۳۰

نقش کی چال

۴	۳	۸
۹	۵	۱
۲	۷	۲

طریقہ:

اس لوح مبارکہ کو ساعت سعید میں لکھ کر رات کو سوتے وقت سر کے نیچے رکھیں۔ باطہارت اور معطر حالت میں رہیں۔ اور یہ اسماء مبارکہ 92 مرتبہ درود کریں۔

اسماء مبارکہ:

یَامُکَمّلُ ۔ الکَامِلُ ۔ العَلِیْمُ ۔ الکَافِی ۔ البَاسِطُ ۔ السَّالِمُ ۔ المُحَمّدُ ۔ اَلاَحمَد

اللہ کے حکم سے جمال نبی محمدؐ کے دیدار سے مشرف ہوں گے۔ اس عمل کے لیے عامل کو صوم وصلوۃ کا پابند رزق حلال کا پابند ہونا لازمی ہے اور تمام امور شرعی کی پابندی لازمی ہے۔ ورنہ رجعت و جان کا خطرہ ہے۔ عامل کے لئے ضروری ہے کہ اس کے دل میں نورانیت قلب کے ساتھ عشق خداوندی اور عشق رسولؐ و پنجتن پاک بھی موجزن ہو۔ اور کثرت سے درود کا ورد کرتا ہو۔

حاضرات

(وَلَا یَئُوْدُہ، حِفْظُھُمَا وَھُوَالعَلِیُّ العَظِیْمُ ۵ اَللّٰھُمَّ اَرِنِیْ)

طریقہ زکوۃ:

سب سے پہلے اس آیت کی ی 2305 مرتبہ روزانہ گیارہ یوم پڑھ کر زکوۃ ادا کریں اور سات مرتبہ آخر میں **اَللّٰھُمَّ اَرِنِیْ** (اے اللہ ہم سب جانتے ہیں) پڑھیں۔ اول و آخر گیارہ گیارہ بار درود شریف بھی پڑھیں۔ انشاء اللہ زکوۃ ادا ہو جائے گی۔ اب جب کبھی حاضرات کی ضرورت پیش آئے تو مندرجہ ذیل نقش کے سولہویں خانہ میں بچے کو دیکھنے کو کہیں اور آپ (عامل) بچے پر مندرجہ بالا آیت گیارہ مرتبہ اور سات مرتبہ **اَللّٰھُمَّ اَرِنِیْ** (اے اللہ ہم سب جانتے ہیں) پڑھ کر دم کرے۔ تھوڑی ہی دیر میں حاضرات کا نزول ہوگا۔ پھر عامل بچے کو معرفت سوال و جواب کا سلسلہ شروع کرے۔ انشاء اللہ ہر سوال کا جواب سو فیصد درست ملے گا۔ حاضرات کا نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۵۷۲	۵۷۹	۵۸۲	۵۲۸
۵۸۱	۵۲۹	۵۷۵	۵۸۰
۵۷۰	۵۸۴	۵۷۷	۵۷۴
۵۷۸	۵۷۳	۵۷۱	۵۸۳

غیب کی خبریں معلوم کرنا

(سُبْحَانَ رَبِّیَ الْاَعْلٰیo)

475بار روزانہ 21یوم تک پڑھیں اور 100مرتبہ اول و آخر درود ابراہیمی بھی پڑھیں۔ پھر 70مرتبہ مداومت کریں۔ انشاء اللہ غیب سے خبریں ملیں گی۔ نا اہلوں سے اس عمل کو پوشیدہ رکھیں تا کید ہے۔

حاضری چہار مؤکل

عبارت عمل:

اُحْضِرُوْ مِنَ اللّٰهِ تَعَالٰی یَا قَائِمَ الْهَمْزَاتُ یَا حَنَّانُ یَامَنَّانُ یَادِیْوَانُ لَا لُوْ شَاهُ کَالُوْ شَاه، مَانْ شَاهُ سُبْحَانُ شَاه حَاضِرْ هو حَاضِرْ هو حَاضِرْ هو دوهائی حَضْرَتْ سُلَیْمَانْ کی۔

طریقہ زکوۃ:

یہ عمل کانپور کے مشہور و معروف عامل محترم جناب لزگری استاد مرحوم کا ہے۔ مجھے یہ عمل ان کے شاگرد محترم جناب سمیع صاحب سے حاصل ہوا۔ میری علمی روحانی صلاحیتوں سے متاثر ہو کر سمیع صاحب نے اب میری شاگردی اختیار کرلی ہے۔ ماشاء اللہ اچھے قسم کے عاملوں میں ان کا شمار ہوتا ہے۔ اور مخلوق خدا کو فیض پہنچا رہے ہیں۔ بروز نوچندی جمعرات سے عامل گوشت، انڈہ، مچھلی، جماع، کچا لہسن و کچی پیاز کا سختی سے پرہیز کرے۔ چلہ کشی کے لیے ایک ایسے کمرے کا انتخاب کرے جس میں ابتدائے چلہ سے اختتام چلہ تک عامل کے علاوہ کوئی دوسرا شخص داخل نہ ہو۔ بعد نماز عشاء کمرے میں داخل ہوں۔ قبلہ رو مصلے پر بیٹھ کر سامنے ایک عدد چوکھا روغنی چراغ روشن کریں۔ سات رنگ کی خالص دیسی گھی کی مٹھائی رکھیں۔ چار عدد اعلیٰ قسم کی اگر بتی روشن کر کے چہار قل و آیۃ الکرسی کا چھری سے حصار کریں۔ پھر نیاز حضرت سلیمان علیہ السلام و چاروں مؤکلات کی دیں۔ شیرینی کو دوسرے دن معصوم بچوں میں تقسیم کردیں۔ عبارت عمل کو سوا لاکھ مرتبہ جتنے بھی دنوں میں چاہیں آپ مکمل کرلیں لیکن روزانہ کی ایک مخصوص تعداد مقرر کرلیں۔ محنتی عامل کے لیے یہ عمل چنداں مشکل نہیں ہوگا۔ دو ماہ میں یہ عمل مکمل کیا جاسکتا ہے مگر ہر نوچندی جمعرات کو نیاز ضرور دیا کریں۔ تقریباً بیس یوم کے بعد عمل کے اثرات ظاہر ہونا شروع ہوجائیں گے۔ اکثر خوفناک آوازیں اور ڈراؤنی اشکال دوران عمل ظاہر ہوا کریں گی۔ ان سے

ہرگز خوف نہ کریں۔ آپ کو کچھ نقصان نہ ہوگا اور حصار کے اندر کوئی شے داخل نہ ہو سکے گی۔ پینتیس یوم کے بعد خوفناک اشکال و آوازوں کا ظہور بڑھ جائے گا۔ پس اس وقت آپ کو نہایت ثابت قدم رہنا ہوگا۔ بالآخر چالیسویں روز جس وقت عبارت عمل کی تعداد مکمل ہوگی خدا کی قدرت سے عامل کے روبرو چاروں مئوکل کالو شاہ، لالو شاہ، مان شاہ اور سبحان شاہ حاضر ہوں گے اور عامل سے وفاداری کریں گے۔ نیز ہر وقت عامل کے ساتھ رہیں گے اور عامل کے پاس ہر آنے والے کے دل کا بھید دیا کریں گے۔ دیگر دنیاوی جائز امور میں بھی عامل کی معاونت کریں گے اور عامل کو غنی کر دیں گے۔ یہ چاروں مئوکلات ہر وقت عامل سے بار بار کام پوچھ کر تنگ نہ کریں گے بلکہ جب عامل چاہے گا کام کریں گے۔ اگر عامل چاہے تو ہر وقت ان کو اپنے پاس حاضر نہ رکھے بلکہ جب ضرورت ہو بلا کر کام لے۔ ان سے آخری دن اختتام چلہ پر مناسب معاہدہ طے کر لینا چاہیے۔ عامل ہونے کے بعد عبارت عمل کو روزانہ ایک سو ایک مرتبہ ورد میں رکھنا چاہیے اور روزانہ بعد نماز مغرب چراغ کو روشن کرنا چاہیے۔ ہر جمعرات یا نوچندی جمعرات کو نیاز ضرور دینا چاہیے۔ یہ عمل خصوصیت سے ان عامل حضرات کے لیے مفید ثابت ہوگا جو کہ اپنا آستانہ عالیہ کھول کر مخلوق خدا کی خدمت کرنے کے شائق ہیں۔ اسی طرح پیروں، فقیروں کے لیے بھی یہ عمل مفید ثابت ہوگا۔ یہ عمل عملیاتی کتب میں معدوم ہے۔

حاضرات مئوکل

۷۸۶

۶ ۱۴۲۰	۱ ۱۴۱۴	۸ ۱۴۲۲
۷ ۱۴۲۱	۵ ۱۴۱۹	۳ ۱۴۱۶
۲ ۱۴۱۵	۹ ۱۴۲۳	۴ ۱۴۱۸

طریقہ:

مندرجہ بالا نقش کو 4256 مرتبہ لکھیں۔ زکوۃ نوچندی جمعرات سے شروع کریں۔ اگربتی سلگائیں۔ کمرہ الگ ہو۔ پرہیز جمالی کریں۔ منہ مشرق کی طرف رکھیں۔ مندرجہ ذیل عبارت ایک مرتبہ پڑھ کر نقش پر پھونک ماریں۔ زکوۃ گیارہ دنوں میں ادا کریں۔ عمل بعد از نماز عشاء کیا کریں۔ زکوۃ مکمل ہونے کے بعد ایک نقش اپنے پاس رکھ لیں۔ یہ نقش زعفران سے لکھیں۔ زکوۃ کے تمام نقوش آٹے میں گولیاں بنا کر حوض، دریا، سمندر، جھیل یا کسی نہر میں ڈال دیں۔ زکوۃ ادا کرنے کے بعد روزانہ تین نقوش لکھ لیا کریں اور تین مرتبہ عبارت بھی پڑھ لیا کریں تاکہ عمل ہمیشہ قبضہ میں رہے۔ اب جب بھی حاضرات کی ضرورت پیش آئے تو زعفران سے لکھا ہوا نقش معمول کے سر پر رکھیں اور ایک مرتبہ معمول پر مندرجہ ذیل عبارت پڑھ کر دم کریں۔ فی الفور مئوکل حاضر ہوگا۔ جو جی چاہے پوچھیں۔ ہر سوال کا جواب سو فیصد درست و تسلی بخش ملے گا انشاء اللہ تعالیٰ۔

عبارت عمل یہ ہے۔

(اَللّٰہُ الصَّمَدُ یَا اَللّٰہُ یَا حَیُّ یَا قَیُّومُ یَا ا ذُوالجَلَالِ وَالاِکرَام بِرَحمَتِكَ اَستَغِیثُ o)

مؤکل حاضرات ایک روزہ

طریقہ:

سفید معطر کپڑے ہوں، کمرہ الگ ہو، جمعرات کو روزہ رکھیں۔ سیاہ رنگ کا عمامہ سر پر باندھیں۔ روزہ سرخ رنگ کی کھجور یا میوہ سے افطار کریں۔ بعد نماز عشاء دو رکعت نماز نفل برائے حاضری مؤکل پڑھ قبلہ کی طرف منہ کر کے ایک بار سورۂ کہف پڑھیں۔ اس کے بعد یہ دعا دس ہزار بار پڑھیں۔

(یَا لَطِیفُ یَا خَفِیَّ الاَلطَافِ اَدرِکنِی بِلُطفِكَ الخَفِیِّ الَّذِیْ مَن لُطِفتَ بِہٖ کَفٰی)

تعداد پوری ہونے پر مؤکل انسانی صورت میں تلوار لئے حاضر ہو کر پوچھے گا کہ مجھے کیوں یاد کیا ہے؟ بلا خوف وخطر کہہ دیں کہ میں آپ سے دوستی چاہتا ہوں۔ بس اتنا کہہ کر خاموش ہو جائیں اور کچھ نہ بولیں۔ مؤکل آپ کو رقم دے گا۔ ضرورت کے مطابق خرچ کریں۔ بقیہ خیرات کر دیں۔ مؤکل آپ کو سیاہ رنگ کا پتھر دے گا۔ بوقت ضرورت آگ پر سینکیں حاضر ہوگا۔ رخصت کرنے کے لئے یہ دعا پڑھیں۔

(اَللّٰھُمَّ اِنِّی تَبَرَّاتُ مِن حَولِی وَقُوَّتِی وَاَلقَیتُ بِحَولِكَ وَقُوَّتِكَ فَاَرِنِی عَجَائِب صُنعِ لُطفِكَ بِرَحمَتِكَ یَا اَرحَمَ الرَّاحِمِینَ o)

تسخیر اگیا بتیال

عبارت عمل:

آگی رکھوں آگ پیچھے رکھوں۔ اگیا بتیال۔ آئی ہلا کو ٹال۔ جو کوئی کرے کرائوے۔ الٹ بھید پلٹ کا یا۔ جب ھانك ماروں۔ اگیا بیتال آیا۔ لنکا سا کوٹ سمندر سی کھائی۔ جو آنکے نہ حاضر ہو تو حضرت سلیمانؑ کی دوھائی۔ پھر و منتر ایشو رواچا۔

طریقہ زکوۃ:

بروز نوچندی اتوار یا نوچندی منگل سے ہر قسم کے گوشت، انڈہ، مچھلی، جماع، کچا لہسن اور پیاز کا سختی سے پرہیز کریں۔ کسی دریا سمندر یا نہر کے کنارے اس کا چلہ کریں۔ اگ کنارے آب رواں کے کوئی مکان ہو تو وہاں بھی چلہ کشی کیا جا سکتا ہے۔ رات آٹھ بجے کنارے آب رواں جاویں اور اپنا منہ مشرق یا شمال کی سمت کر کے زمین پر بیٹھیں۔ ایک عدد چراغ گلی نیا لے کر اس میں روغن تلخ و دیسی شکر ڈال کر روئی کے فتیلے کی مدد سے روشن کریں۔

حاضرات

طریقہ:

ایک طشت پاکیزہ یا پیالہ مٹی کا پاکیزہ لے کر پانی سے بھرے اور چراغ روشن کرے اور بخور عود کا جلائے اور کسی لڑکی نابالغہ کو بٹھائے اور اس سے کہے کہ پانی اور چراغ پر نظر رکھے اور خود (عامل) باوضو اس عزیمت کو تین یا سات بار پڑھے اور جو جی چاہے پوچھے اور سو فیصد دُرست جواب سنے عزیمت یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ٥

اَللّٰهُمَّ اهْتَدَ يُتكَ بِفَضْلِكَ وَكَرمكَ وَاِسْتَقبَلْتُكَ شَلْخَصْنَا شَلْخَصْنَا شَلْخَصْنَا بَلْخَسْنَا بَلْخَسْنَا بَلْخَسْنَا مَلْكَسْنَا مَلْكَسْنَا مَلْكَسْنَا تَاعَزْهُمْ عَلَقتْ عَزَمْتُ عَلَيْكُمْ يَامَعْشَرَالْجِنِّ وَالْاِنْسِ بِحَقِّ خَاتِمِ سُلَيْمَان بِنْ دَائود عَلَيْهِ السَّلام حَاضِر شُو حَاضِر شُوحَاضِر شُو۔

حاضرات

مندرجہ ذیل نقش کو سفید کاغذ پر لکھے اور کورے مٹی کے چراغ میں جلائے اور کسی لڑکی نابالغہ کے ہاتھ پاؤں اور منہ دھلا کر تھوڑا عود جلائے اور اس لڑکی کے سرے کے آگے کے بال پکڑ کر سورہ لایلاف پڑھے اور گرہ لگائے تخت پریوں کا حاضر ہوگا پس جو مقصد ہو عرض کرے وہ انشاء اللہ پورا کریں گے اور مندرجہ ذیل عزیمت اوپر جو کے دانہ پر پڑھ کر لڑکی پر مارے جلد حاضر ہوں گے۔

چراغ میں جلانے کا نقش یہ ہے۔

عو	ا	و	اا	صرعد
صراب صراب صراب صراب				

جو پر پڑھنے کی عزیمت

فَكَبكَبُو ا فِيهَما هُمْ وَالْغَائُون وَجنُودَ اِبْلِيْسَ اَجْمَعُوْن اِنَّهُ مِنْ سُلَيْمَانِ وَاِنَّه، بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ اَنْ لا تَعَالُو عَلٰى وَاَتُوْنِى مُسْلِمِيْنَ اَلْعَجَل اَلْعَجَل السَّاعَته السَّاعَته۔

حاضرات

جبرائیلؑ ۷۸۶ میکائیلؑ

۴۴عو	۵۷عو	۵۴عو	۵۱عو
۵۵عو	۵۰عو	۴۵عو	۵۶عو
۴۹عو	۵۲عو	۵۹عو	۴۶عو
۵۸عو	۴۷عو	۴۸عو	۵۳عو

اسرافیلؑ عزرائیلؑ

طریقہ:

مندرجہ بالا نقش کو کسی سفید کاغذ پر بنائیں اور جہاں ہم نے سیاہ نشان

لگایا ہے اس خانہ میں کاجل لگا دیں اور تھوڑا سا عطر لگا دیں اور بچے کو سیاہ خانہ
میں غور سے دیکھنے کو کہیں اور آپ (عامل) بچے پر درود ابراہیمی اور سورۃ اخلاص
قل ھو اللہ احد) پڑھ پڑھ کر پھونکتا رہے چند ثانیے بعد بچے کو سیاہ خانہ میں کچھ نظر
آئے گا جس سے آپ اپنے مشکل امور کے بارے میں مکمل تسلی بخش معلومات
حاصل کر سکتے ہیں۔

حاضرات

جبرائیلؑ ۷۸۶ میکائیلؑ

۷۷	۸۰	۸۳	۷۰
۸۲	۷۱	۷۶	۸۱
۷۲	۸۵	۷۸	۷۵
۷۹	۷۴	۷۳	۸۴

اسرافیلؑ عزرائیلؑ

طریقہ:

مندرجہ بالا نقش کسی سفید کاغذ پر لکھیں سیاہ خانہ میں جہاں سیاہی کا
نشان لگایا گیا ہے اس میں تھوڑا سا کاجل لگائیں بعدہ تھوڑا سا عطر لگا دیں تا کہ
خانہ میں چمک پیدا ہو جائے اور بچے کو نقش دے کر کہیں کہ سیاہ خانہ میں غور سے
دیکھتا رہے اور عامل بچے پر گیارہ مرتبہ درود ابراہیمی اور سورۃ اخلاص پڑھ کر دم
کرے۔ تھوڑی ہی دیر میں حاضرات کا نزول ہو جائے گا۔ جس سے آپ اپنے
حل طلب مسائل کے بارے میں مکمل معلومات حاصل کر سکتے ہیں۔

حاضرات

جبرائیلؑ ۷۸۶ میکائیلؑ

۴۸	۵۱	۵۵	۴۱
۵۴	۴۲	۴۷	۵۲
۴۳	۵۷	۴۹	۴۲
۵۰	۴۵	۴۴	۵۶

اسرافیلؑ عزرائیلؑ

طریقہ:

مندرجہ بالا نقش کو کسی سفید کاغذ یا گتہ پر لکھیں جہاں سیاہ نشان لگایا ہے
اس کو کاجل سے کالا کریں بعدہ تھوڑا سا عطر لگا دیں تا کہ اس میں چمک پیدا ہو
جائے پھر اس خانہ میں بچہ /بچی کو نقش پر غور سے دیکھنے کو کہیں اور آپ بچے پر
درود شریف و سورۃ اخلاص پڑھ پڑھ کر پھونکتے رہیں اس وقت تک پڑھتے رہیں
جب تک حاضرات کا نزول نہ ہو جائے تو بچے سے جو چاہیں پوچھیں انشاء اللہ
تمام سوالات کے جوابات تسلی بخش ملیں گے جو سو فیصد درست ہونگے۔

حاضرات

جبرائیلؑ ۷۸۶ میکائیلؑ

۲۷۶	۲۷۹	۲۸۲	۲۶۹
۲۸۱	۲۷۰	۲۷۵	۲۸۰
۲۷۱	۲۸۱	۲۷۷	۲۷۴
۲۷۸	۲۷۳	۲۷۲	۲۸۳

اسرافیلؑ عزرائیلؑ

طریقہ:

مندرجہ بالا نقش کسی صاف سفید کاغذ پر بنائیں اگر بتی وغیرہ سلگائیں۔ عامل اور معمول دونوں پاکیزہ ہوں صاف ستھرے کپڑے ہوں اور ان پر عطر لگا ہو۔ عامل بچہ یا بچی جو نابالغ ہو اس کو سیاہ خانہ میں غور سے دیکھنے کو کہیں سیاہ خانہ میں معمولی سا کاجل لگائیں اور تھوڑا سا عطر لگا دیں تاکہ خانہ میں چمک پیدا ہو جائے عامل بچے پر درود شریف گیارہ مرتبہ پڑھ کر پھونکے اور سات مرتبہ آیت الکرسی پڑھ کر بچے پر دم کرے تھوڑی ہی دیر میں حاضرات کا نزول ہو جائے گا جس سے آپ اپنے مشکل مسائل کے بارے میں مکمل تسلی بخش معلومات حاصل کر سکتے ہیں۔

حاضرات

جبرائیلؑ ۷۸۶ میکائیلؑ

۲۰۰	۲۰۳	۲۰۶	۱۹۳
۲۱۵	۱۹۴	۱۹۹	۲۰۴
۱۹۵	۲۰۸	۲۰۱	۱۹۸
۲۰۲	۱۹۷	۱۹۶	۲۰۷

اسرافیلؑ بحق یا مخفی یا باسط حاضرات عزرائیلؑ

حاضر شو حاضر شو

طریقہ:

مندرجہ بالا حاضرات نہایت ہی طاقتور ہے ہر سوال کا جواب سو فیصد درست دیتی ہے اس حاضرات کو آپ چراغ کی لو، انڈہ اور انگوٹھی پر بھی کر سکتے ہیں۔ اس کے علاوہ اس نقش کو لکھ کر شیشہ پر چسپاں کر دیں اور حاضرات کا مشاہدہ فرمائیں۔ دیگر یہ حاضرات بچوں اور بڑوں پر بھی کی جا سکتی ہے غرض ہر ایک پر کام کرتی ہے۔ سب سے پہلے اگر بتیاں سلگائیں کمرہ پاک وصاف ہو عامل اور معمول دونوں پاک وصاف ہوں کپڑوں پر خوشبو لگی ہو۔ بچے یا بڑے آدمی کو جہاں ہم نے سیاہ نشان لگا دیا ہے اس خانہ میں تھوڑا سا کاجل لگائیں اور تھوڑا سا عطر لگا دیں تاکہ سیاہ خانہ میں چمک پیدا ہو جائے۔ اب عامل بچے

ابڑے کو غور سے سیاہ خانہ میں دیکھنے کو کہے اور آپ (عامل) درود ابراہیمی اور سورۃ اخلاص پڑھ پڑھ کر بچے ابڑے پر پھونکتا رہے جب تک کہ حاضرات نہ کھلے۔ تھوڑی دیر بعد انشاء اللہ حاضرات کا نزول ہو جائے گا۔ جس سے آپ اپنے مقصد کے بارے میں سو فیصد درست معلومات حاصل کر سکتے ہیں ہر سوال کا جواب سو فیصد سچا درست ملے گا۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔

حاضرات نادعلیؓ

حاضرات کا یہ عمل حضرت خواجہ غریب نواز قطب جیلانی (اجمیر شریف) سے منسوب ہے۔ یہ جلالی قسم کا عمل ہے اور تسخیر کا کامل حکم رکھتا ہے۔ اس عمل کی بدولت بہت سارے لوگ کامیاب ہو چکے ہیں۔ جن کی تصدیقات بذریعہ خطوط مجھے ملی ہیں۔ کچھ لوگ ذاتی طور پر بھی مجھے آ کر ملے ہیں۔ قارئین کی پرزور فرمائش پر اس عمل کو کتاب میں تفصیل سے لکھا جا رہا ہے۔ اس فن کے شائقین کے لئے یہ ایک خاص تحفہ ہے جو تیر بہدف کی حیثیت رکھتا ہے۔ اس حاضرات کے ذریعے عامل دین و دنیا کی بیشمار نعمتوں سے سرفراز ہو سکتا ہے۔ ایک بہت بڑے جلالی بزرگ حاضر ہوتے ہیں اور عامل کی روحانی مدد کرتے ہیں اور اس کی سرپرستی اور راہنمائی کا عہد کرتے ہیں۔ اگر کسی کو نصیب ہو جاے تو روحانی عملیات کی دنیا میں ایک عجیب و غریب دولت ہے جیسا اوپر لکھا گیا ہے کہ یہ زبردست جلالی عمل ہے اس لئے عامل کو چاہیے کہ وہ اپنی طاقت اور حوصلہ کو دیکھ کر یہ عمل کرے کیونکہ اس میں رجعت کا خوف ہے۔ عمل یہ ہے۔

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ ٥ نَادِعَلِيًّا مَظۡهَرَ الۡعَجَائِبِ تَجِدۡهُ عَوۡنًا لَّكَ فِي النَّوَآئِبِ كُلُّ هَمٍّ وَغَمٍّ سَيَنۡجَلِي بِنُبُوَّتِكَ يَامُحَمَّدُ بِوَلَايَتِكَ يَاعَلِيُّ يَاعَلِيُّ يَاعَلِيُّ ٥

ترکیب:

نوچندی جمعرات کو فجر کی نماز کے بعد نادعلی کو گیارہ روز تک اکتالیس مرتبہ پڑھیں۔ اول و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھیں۔ عمل شروع کرنے سے قبل اپنے گرد مضبوط حصار کر لیں۔ ذہن اپنا صاف رکھیں۔ دماغ میں کسی قسم کا دنیاوی خیال نہ آنے پائے۔ نہایت ہی توجہ اور یکسو ہو کر اس عمل کو کریں۔ دوران عمل طرح طرح کی ڈراؤنی شکلیں نظر آیا کریں گی لیکن ان سے خوف ہرگز نہ کھائیں۔ یہ حصار کے اندر آنے کی قدرت نہیں رکھتیں۔ بعض اوقات بزرگوں کے روپ میں کئی ذی روحیں حاضر ہوتی ہیں اور کہا جاتا ہے کہ ہم حاضر ہو گئے ہیں عمل پڑھنا چھوڑ دیں یا خوفناک شکلوں میں حاضر ہو کر سختی سے عمل بند کرانے کی کوشش کرتی ہیں۔ عامل کو عمل سے روکنے کے لئے ہر حربہ استعمال کیا جاتا ہے لیکن میں پہلے بھی کئی عملوں میں اس بات کی وضاحت کر چکا ہوں کہ جب تک چلہ پورا نہ ہو کسی سے بھی ہرگز بات نہیں کرنی۔ یاد رہے کہ دوران چلہ کسی بھی حاضر شدہ ذی روح سے بات کرنا یا ان کی باتوں میں آ کر عمل کو ترک کرنا یقیناً اپنے آپ کو ہلاکت میں ڈالنے والی بات ہوگی۔ اس لئے چلے کو پورے ہوش و حواس سے کرنا چاہیے۔ یہ تمام باتیں میرے تجربات سے گزر چکی ہیں اس

لئے عمل کے ساتھ تفصیل سے وضاحت کر رہا ہوں تا کہ کوئی بھی نکتہ مخفی نہ رہے۔

دوران عمل آپ کا دماغ سن رہے گا۔ اس کے علاوہ سر اور کندھے بھاری رہیں گے۔ یہ عمل کی کامیابی کی علامت ہوگی۔ خوابوں کا سلسلہ شروع ہوجائے گا۔ ہوسکتا ہے کہ دوران عمل عامل کو مقاماتِ مقدسہ کی زیارت بھی ہو۔ جو کچھ بھی ہو اس کو سینے میں دفن کردیں۔ ہرگز کسی سے اس کا ذکر نہ کریں۔ عمل کے اختتام پر ایک بہت بڑے بزرگ حاضر ہوں گے جو کہ حضرت شیخ عبدالقادر جیلانی کے مریدوں میں سے ہوں گے۔ عامل کو چاہیے کہ وہ کھڑے ہوکر نہایت ہی ادب سے ان کو سلام کرے۔ اس کے بعد عامل کو بطور نشانی کوئی چیز دیں گے اور حاضری کا طریقہ بھی بتادیں گے۔

اس عمل کے لئے علیحدہ کمرہ مخصوص ہو۔ عمل کے شروع سے لے کر اختتام تک اس میں کوئی دوسرا شخص داخل نہ ہو۔ دوران عمل پرہیز جلالی و جمالی کریں۔ بہتر ہوگا کہ دوران چلہ گیارہ روز تک لوگوں سے ملنا جلنا بند رکھیں۔ نادعلی کو زبانی یاد کرلیں اور زیر زبر درست کرکے پڑہیں تا کہ غلطی کا امکان نہ رہے کیونکہ اس عمل میں غلطی کی گنجائش نہیں ہے۔ اگر کسی سے کوئی بھی بھول یا غلطی ہوگی تو میں پھر بری الذمہ ہوں کیونکہ میں نے عمل کو وضاحت سے لکھ دیا ہے تا کہ کوئی بھی بات مخفی نہ رہے۔

عمل شروع کرنے سے پہلے اجازت ضرور لے لیں تا کہ رجعت کا خوف نہ ہو۔

حاضرات

جبرائیلؑ ۷۸۶ میکائیلؑ

۱۷۵۱۱	۱۷۵۱۴	۱۷۵۱۸	۷۵۹۴۷
۱۷۵۱۷	۱۷۵۰۵	۱۷۵۱۰	۱۷۵۱۵
۱۷۵۰۶	۱۷۵۲۰	۱۷۵۱۲	۱۷۵۰۹
۱۷۵۱۳	۱۷۵۰۸	۱۷۵۰۷	۱۷۵۱۹

اسرافیلؑ حاضرات حاضر شو حاضر شو عزرائیلؑ

طریقہ:

مندرجہ بالا نقش کو کاغذ پر لکھ کر مٹی کے نئے چراغ میں سرسوں کا تیل ڈال کر جلائیں۔ نقش کو روئی میں لپیٹ کر بتی بنا کر روشن کریں۔ اب کسی نابالغ لڑکی / لڑکے کو چراغ کے سامنے بٹھائیں اور بچے کو کہیں کہ چراغ کی لو کو دیکھتا رہے اسے تھوڑی دیر بعد کوئی غیر معمولی چیز نظر آئے گی۔ جس سے آپ ہر قسم کے سوالات پوچھ سکتے ہیں۔ اگر چراغ میں نہ دیکھنا چاہیں تو نقش کو کاغذ پر بنائیں اور سیاہ خانہ میں جہاں سیاہ نشان لگایا ہے اس میں تھوڑا سا کاجل لگائیں اور معمولی سا عطر لگائیں اور بچے کو سیاہ خانہ میں غور سے دیکھنے کو کہیں عامل بچے پر درود شریف اور سورۃ اخلاص پڑھ پڑھ کر پھونکتا رہے۔ تھوڑی دیر بعد حاضرات کا نزول ہو جائے گا جس سے آپ ہر قسم کے سوالات و حالات و جوابات درست معلوم کرسکتے ہیں جو سو فیصد سچے ہوں گے۔

تسخیر جن (ایک روزہ)

اتوار کو سیاہ بلی کا چمڑہ (کھلا) لا کر ٹوپی بنائیے۔ دوسرے اتوار شہر سے باہر جا کھڑا ہو جوگائے یا بھینس پہلے داخل ہوگی اس پر ایک جن سوار ہوگا۔ اپنی ٹوپی کو مضبوط پکڑ کر اسکی ٹوپی اتار لو۔ ٹوپی اتارتے وقت یہ پڑھے سات روز پڑھے۔

راجہ جوگی اگن جل الٹی انکی ریت ڈرتے رہو گرو جی تھوڑی کرو پریت

ٹوپی لا کر گھر میں صندوق میں سات روز بند رکھے۔ سات روز بعد پانی کے کنارے (سمندر یا دریا، ندی یا جھیل) جا کر کہے مجھ کو کوئی نشانی دے جا اور اپنی ٹوپی لے جا۔ وہ ایک انگوٹھی دے گا۔ آگ پر رکھنے سے حاضر ہوگا۔ جو کہو گے وہ کام کرے گا اور زندگی بھر تابعداری کرے گا۔

نوٹ: اجازت لینا لازمی ہے ورنہ رجعت و جان کا خوف ہے۔

حاضرات

مندرجہ ذیل نقش جن، بھوت، چڑیل اور ارواح خبیثہ کے حاضر کرنے میں بے مثال ہے۔ نقش کی بتی بنائیں اور مریض کی ناک میں دھونی دیں۔ طاقتور سے طاقتور جن، بھوت اور ارواح خبثہ فی الفور بھاگ جاتے ہیں۔ یہ نقش سینکڑوں مرتبہ کا آزمودہ ہے کبھی خطا ہی نہیں کرتا۔ اگر گھر میں کسی بدروح یا آسیب کا سایہ ہو اور عرصہ سے گھر پر قبضہ کر رکھا ہو تو اس نقش کو بنا کر چراغ میں جلائیں انشاء اللہ ایک دو روز میں آسیب گھر چھوڑ کا بھاگ جائے گا۔

نقش حسب ذیل ہے۔

ت

بحق و سرما

حاضر شو حاضر شو

حاضر شو عبداللہ بن

کوتوال

جنیاں

ہر کہ باشد از دیدن

ایں اسم از برائے

خدا و رسول خدا زود

حاضر شو

نوٹ:

حاضرات کرنے سے پہلے موکلوں کی نیاز گلاب کے پھول، ایک پاؤ برفی، تھوڑی سی مہندی گھول کر رکھے۔ پہلے جناب رسول خدا ﷺ کی نیاز دے کر فلیتہ مریض کے ہاتھ میں دے اور لفظ عبداللہ بن کوتوال جنیاں کی جگہ پر عطر مل دے اور مریض سے کہے کہ وہ عطر کی جگہ پر نظر رکھے۔ اگر آسیب ہوگا تو فوراً حاضر ہو کر ہمکلام ہوگا اور معافی مانگ کر دفع ہو جائے گا۔ اگر شیشہ میں

حاضرات دیکھنا چاہیں تو نقش کے قریب شیشہ رکھیں کہ عکس نظر آئے۔ تو شہ نقش
کے قریب ہی رکھیں تھوڑی ہی دیر میں تمام احوال شیشہ میں نظر آئے گا۔
حاضرات میں سرتاج و چوٹی کا نایاب عمل ہے۔

حاضرات شاہ جنات:

ایک گتہ یا سفید کاغذ پر مندرجہ ذیل نقش بنائیں اور سولہویں خانہ میں
جہاں سیاہ نشان لگایا ہے اس میں خود دیکھیں یا بچہ /بچی کو دیکھنے کو کہیں اور عامل
بچے پر یا خود پر اس اسم کو "یا معشر الجن" ۷۰۵ سات سو پانچ مرتبہ پڑھ کر دم
کرے تھوڑی ہی دیر میں حاضرات کا نزول ہو جائے گا جس سے آپ اپنے
مسائل کے بارے میں ہر قسم کی معلومات حاصل کر سکتے ہیں۔
عامل کو چاہیے کہ سب سے پہلے اس اسم "یا معشر الجن" کی زکوۃ نکالے
زکوۃ کا طریقہ یہ ہے کہ روزانہ بعد نماز عشاء اس اسم کو سات سو پانچ مرتبہ
اکتالیس دن پڑھے اول و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھے پھر عامل ہو
جائے گا پھر اس حاضرات کو خود بھی دیکھ سکتا ہے۔
حاضرات کرنے سے پہلے توشہ ایک پاؤ برفی۔ چند تازہ گلاب کے
پھول اور مہندی پانی میں گھول کر رکھے۔ بغیر توشہ کے حاضرات نہ کھلے گی لہذا تو
شہ لازمی رکھیں۔ پھر حاضرات شروع کریں اگر بتی وغیرہ بھی سلگا لیں۔ یہ
حاضرات بہت ہی طاقتور ہے اس سے آپ ہر قسم کے کام لے سکتے ہیں۔ مثلاً
سٹہ، ریس، انعامی بانڈز کے نمبر، گمشدہ کا حال، بیماری سحر وغیرہ۔ غرض اپے تمام

مسائل کے بارے میں سو فیصد درست معلوم کر سکتے ہیں۔ یہ عمل سینکڑوں مرتبہ کا
تجربہ شدہ ہے اگر عامل کی قوت ارادی مضبوط ہو اور بچے میں بھی قوت ارادی ہو
تو حاضرات بغیر زکوۃ کے بھی ہو جاتی ہے لہذا پہلے نقش بنا کر حاضرات کریں
امید ہے کہ حاضرات کام کرے گی۔ حاضرات کا نقش یہ ہے۔

شمال

۷۸۶

مشرق

۱۷۶	۱۷۹	۱۸۲	۱۶۸
۱۸۱	۱۶۹	۱۷۵	۱۸۰
۱۷۰	**۱۸۴**	۱۷۷	۱۷۴
۱۷۸	۱۷۳	۱۷۱	۱۸۳

مغرب

جنوب

حاضرات

عَزَمْتُ عَلَيْكُمْ وَاَقْسَمْتُ عَلَيْكُمْ مَلكَانِ سُلطَانِ
الجنوَالانس اُحضَرُو اُحضَرُو اُحضَرُو من جَانِبِ
المَشَارِقِ وَالمَغَارِبِ وَالجُنُوبِ وَالشَمَالِ بِحَقِ
سُلَيْمَان بن دَاؤُد عَلَيهِ السَّلامِ بِحَقِ لَا اِلٰهَ اللّٰه
مُحَمَّدٌ رَّسُولُ اللّٰهِ ٥

طریقہ:

مندرجہ بالا عزیمت کو بعد نماز عشاء اکتالیس مرتبہ گیارہ دن تک پڑھیں (پرہیز جلالی و جمالی) اول و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود ابراہیمی پڑھیں زکوۃ ادا ہو جائے گی۔

جب بھی حاضرات کرنی ہو اور کوئی مشکل امر پیش آئے تو بچے کی آنکھیں بند کرائیں یا بچہ / بچی جو نابالغ ہو اسکے دائیں انگوٹھے پر کاجل لگائیں اور عزیمت کو صرف اکیس مرتبہ پڑھ کر پھونکیں اور بچے کو ناخن میں دیکھنے کو کہیں تھوڑی ہی دیر میں حاضرات کا نزول ہو جائے گا۔ جس سے آپ اپنے مشکل مسائل کے بارے میں تسلی بخش معلومات کر سکتے ہیں۔ تمام معلومات سو فیصد درست ہوں گی۔

حاضرات

سیاہ سانپ کی کینچلی، سنگ مقناطیس، کانچ سفید ان تینوں اجزاء کو تین تین ماشہ لے کر خوب کھرل کریں کہ مثل سرمہ ہو جائے۔ بعدہ اس میں قدرے چنبیلی کا تیل ملائیں یہ ایک قسم کا مرہم سا بن جائے گا۔ اب اس کو اپنے انگوٹھے یا ناخن پر لگا کر یا ہتھیلی میں لگا کر اپنے مقصد کا دھیان رکھیں اور یکسوئی سے دیکھیں چند ثانیہ بعد مثل آئینہ تمام حال معلوم ہو جائے گا۔ عامل اس مرہم (اجزاء) کو دوسروں کو بھی دے سکتا ہے۔ دوسرا شخص بھی اسی طرح حاضرات کا مشاہدہ کر سکتا ہے۔ اس سیاہی کو آپ فروخت بھی کر سکتے ہیں۔ غرض ہر مذہب و ملت کا آدمی اس سیاہی سے فیضاب ہو سکتا ہے۔

حاضرات

چاند کی پہلی تاریخ کو جب شنبہ (ہفتہ) پڑے تو اس دن مالکنگنی کا روغن کشید کروائیں اور اس روغن کو اسی دن مٹی کے نئے چراغ میں ڈال کر بارہ مہینے کھلنے والے کپاس کی روئی کا فلیتہ بنا کر اس چراغ میں روشن کر کے کاجل حاصل کریں اس کو آنکھ میں لگائیں یا ناخن پر لگائیں اور اپنے مقصد کا دھیان رکھیں۔ پانچ دس منٹ بعد مثل ٹی۔وی کے تمام احوال معلوم ہو جائے گا۔ عامل یہ کاجل دوسرے کو بھی دے سکتا ہے وہ بھی اس طرح اس کاجل سے اپنا مقصد پورا کر سکتا ہے۔

حاضرات نور آفتابی

عبارت عمل:

یَا شَمْس بِحَق نُوْرٌ عَلٰی نُوْر کھولو حاضرات جامعُ النُّور)

طریقہ زکوۃ:

یہ حاضرات بہت زبردست ہے اور بہت جلد کھل جاتی ہے جو شخص اس کی زکوۃ ادا کرے گا تمام راز اس پر آشکارا ہوگا۔ بروز نو چندی جمعرات جس وقت سورج طلوع ہو آپ اس پر نظر رکھ کر کم از کم تین سو بار عبارت عمل پڑھیں یا سات سو بار یا پھر گیارہ سو بار پڑھیں۔ پلک نہ جھپکے تو بہتر ہے۔ اول جو تعداد روز اول مقرر کی روزانہ اسی تعداد میں ورد کریں۔ کل آٹھ یوم کا عمل ہے۔ آخری دن

نیاز موکلات کی سفید شیرینی پر دیں۔ نیز کی شیرینی معصوم بچوں کو تقسیم کریں۔
اب آپ اس حاضرات کے عامل ہیں۔ کسی بھی بچے یا بچی کو سامنے بٹھا کر دونوں آنکھیں بند کرائیں اور عبارت عمل پڑھ کر بچے یا بچی پر دم کرتے رہیں۔ کوئی سیاہ رنگ کا کپڑا یا چادر بچے پر ڈھانک دیں تا کہ اندھیرا ہو۔ الغرض کچھ وقت کے بعد بچے کو بہت زبردست روشنی نظر آئے گی۔ اس وقت بچہ کہے کہ حاضرات کے شہنشاہ حاضر ہوں اور میرے سوالات کا جواب دیں۔ ایک بہت ہی بارعب سرخ و سفید رنگ کے باریش بزرگ نظر آئیں گے۔ ان کو سلام کر کے جوابات حاصل کریں۔ یہ حاضرات طلوع شمس تک کی جاسکتی ہے۔ بارش کے قوت یا ابر آلود موسم میں نہیں چلے گی۔ دھوپ نکلی ہونی چاہیے۔

مجرب عمل حاضرات

یہ عمل صرف 40 دن کا ہے۔ باپرہیز جلالی و جمالی کا اہتمام کریں اور پابند شرع اور پابند صوم وصلوۃ ہو کر پاک صاف جگہ پر تنہائی میں وقت مقررہ پر پڑھیں۔

نوچندی جمعرات کو رات کے 11/12 کے درمیان عمل شروع کریں۔
باوضو قبلہ رخ بیٹھ کر پہلے 72 مرتب کوئی سا درود شریف پڑھیں پھر ان چار مئوکلوں کے نام لیں۔ اس طرح۔

اِلٰهی بِحُرمتِ عَبدُ لاَحد وَعَبدُ الصَّمَد وَعَبدُ الوَاحِد وَعَبدُ الله۔

اس کے بعد 129 مرتبہ سورۃ الحمد شریف پڑھیں۔ پھر 72 مرتبہ کوئی سا بھی درود شریف پڑھیں۔ بس عمل ختم ہوا۔ اسی طرح بلاناغہ 40 روز پڑھیں۔ عمل کے دوران بعض صورتیں نظر آئیں گی۔ ہرگز خوفزدہ نہ ہوں۔ اگر خوف محسوس ہو تو آنکھیں بند کرلیں۔ چالیسویں دن چاروں بزرگ تشریف لائیں گے مگر ان سے وعدہ کرنے کے بعد ساری عمر پابند رہنا ہوگا۔ اور ہر کام جائز لینا ہوگا۔ ناجائز کام لیں گے تو جان کا خطرہ ہے۔ اس عمل کی اجازت لینا شرط اول ہے۔

تسخیر عالم تیغ برہنہ

(بسم اللہ الحالی الرَّحمٰن کام کی رحیم مسکت کر مسکین موھنی نرنجن کرتار آزمودہ رب غفار روپ موھنی جگ موھنی ابو بکر صدیقؓ موھنی عمر بن خطابؓ رود کے دار عثمانؓ بن عفان قلم بردار علیؓ ولی شمشیر بردار کل حاکم کل عالم کو مسخر کردوھائی پیر دستگیر کی بحق لا الہ الا اللہ مُحَمَّدٌ رَسولُ اللہ)

طریقہ:

اس عمل کو عروج ماہ میں 40 یوم تک پرہیز جلالی کے ساتھ بعد نماز عشاء روزانہ 3125 مرتبہ پڑھیں اور آخری دن نیاز دیں جس میں سفید رنگ کی

شرینی ہو۔ اور چند پھول گلاب کے پاس رکھیں۔ بعد نیاز و فاتحہ شیرینی بچوں میں تقسیم کردیں۔ خود بھی کھائیں۔ اب آپ اس عمل کے عامل ہیں۔ روزانہ صرف 7 مرتبہ مداومت کرتے رہیں۔ اگر کسی وجہ سے 3125 نہ پڑھ سکیں تو روزانہ 101 مرتبہ پڑھتے رہیں تو بھی زکوۃ ادا ہو جائے گی۔

حاضرات

(کالی چڑی چوں چوں کرے گوری چوڑا وسے۔ دہائی حضرت سلیمان پیغمبر کی حاضرات سچ دسے)

طریقہ: 191 بار 21 دن تک پڑھیں۔

توشہ: گلاب کے پھول 5 عدد روزانہ رکھیں۔

جب کبھی حاضرات کی ضرورت پیش آئے تو کسی طفل نابالغ کے دائیں انگوٹھے کے ناخن پر کاجل لگائیں اور مندرجہ بالا عزیمت 31 بار پڑھ کر بچے پر دم کردیں۔ اول و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھیں اور بچہ کو سیاہ ناخن میں دیکھنے کو کہیں۔ تھوڑی ہی دیر میں حاضرات کا نزول ہوگا جس سے آپ اپنے مقصد کے بارے میں سو فیصد درست معلومات حاصل کر سکتے ہیں۔

حاضرات کی جادوئی انگوٹھی

طریقہ:

عامل اپنے اور ماں کے اعداد بحساب ابجد نکالے اور پھر اعداد مشتری جمع کریں اور تمام اعداد کو جمع کر کے حروف بنائیں۔ مثلاً کل مجموعہ 545 بنا تو حروف بنے (ھ۔مر۔ش) اب موکل بنائیں جو یہ بنے گا۔ (ھمشائیل) اب

سات روز تک عامل یہ عزیمت 545 بار پڑھے۔

یا ھمثائیلُ بِحق ھا۔ میم۔ ثا۔ حاضر شو۔ حاضر شو۔ حاضر شو)

اس کے بعد عامل انگوٹھی پر مندرجہ ذیل مثالی نقش کندہ کروائے اور عمل کو روزانہ 101 بار ورد میں رکھے یعنی صرف موکل کا نام "**یا ھمثائیل**" پڑھے۔

طریقہ حاضرات:

انگوٹھی ہمیشہ ہر وقت پہنے رہیں جب بھی حاضرات کی ضرورت پیش آئے تو معمول کے دائیں ہاتھ میں انگوٹھی دے اور آپ (عامل) کہے کہ وہ انگوٹھی کے نقش پر نگاہ جما کر دیکھے اور عامل عزیمت کو موکل کے اعداد کے مطابق پڑھ کر معمول اور نقش پر دم کرے۔ تھوڑی ہی دیر میں موکل وفوراً حاضر ہوگا۔ ہر کام اور ہر سوال کا جواب تسلی بخش و درست دے گا۔ مجرب اور خاص الخاص عمل ہے۔ انگوٹھی کا مثالی نقش یہ ہے۔

۴
ھمثائیل
۵ ۵

حاضرات

ہدہد کا دل اور سیاہ کوے کی زبان دونوں کو خشک کر کے باریک پیس لیں اور اس میں چنبیلی کا تیل حسب ضرورت ملا کر کاجل بنالیں۔ جب کبھی حاضرات کرنی ہو تو اس کاجل کو نابالغ بچے/بچی کی آنکھ میں لگائیں اور ایک عدد سفید چادر اوڑھا کر اس سے اپنا مقصد پوچھیں۔ تمام احوال آئینہ کی طرح نظر آئے گا۔

حاضری بھوت

عبارت عمل:

اُوم شری بم بم بھم بھوتنے شری مم بسی کرو کرو سواھا۔

طریقہ زکوٰۃ:

قمر جس رات کو منزل شولہ میں ہو اسی دن سے گوشت، انڈہ، مچھلی، جماع، کچا لہسن اور کچی پیاز کا پرہیز اختتام عمل تک رکھیں۔ یہ عمل کل تین یوم کا ہے لیکن کمزور روحانیت والے کو چھ یوم لگ سکتے ہیں یا پھر زیادہ سے زیادہ نویں دن بھوت حاضر ہو کر عامل کا غلام بن جائے گا۔ رات کے ٹھیک بارہ بجے کسی دیسی کیکر کے درخت کے نیچے جو کہ ویران جگہ مثل جنگل یا قبرستان میں ہو اس کے نیچے مشرق کی سمت منہ کر کے برہنہ حالت میں بیٹھیں اور حصار فولادی چھری سے اپنے گرد کرلیں اور چاقو کو اپنے سامنے زمین میں آدھی گاڑ دیں۔ پھر توجہ کامل سے بھوت کی حاضری کا تصور کر کے عبارت عمل کو ایک سو آٹھ مرتبہ پڑھیں۔

انشاء اللہ روز اول ہی سے اثرات ظاہر ہوں گے مگر ہرگز خوف نہ کریں۔ تعداد مکمل ہونے کے بعد کپڑے پہن کر حصار کھول کر واپس گھر لوٹ آئیں۔ پشت سے اگر کسی قسم کی آواز آئے تو پیچھے مڑ کر نہ دیکھیں نہ ہی کسی قسم کا جواب دیں اور کسی سے گفتگو کیے بغیر سو جائیں۔ دوسرے اور تیسرے دن بھی روز اول کی طرح عمل کریں تیسرے دن عمل کے اختتام پر آپ سے گفتگو کرے گا اور بھینٹ مانگے گا۔ اس کی بھینٹ مخصوص ہے جو آپ کو دینا پڑے گی۔ بھینٹ لینے کے بعد بھوت آپ کا مطیع ہوگا۔ یہ عمل ہندی عملیاتی کتب معتبرہ میں مختلف انداز میں تحریر کیا گیا ہے۔ اپنی اپنی جگہ ہر طریقہ درست ہے۔ اکثر کتابوں میں عبارت عمل میں کم وبیش تبدیلی ہے تو کہیں پر کتابت کی غلطی ہے۔ زیر نظر عمل کی عبارت بالکل درست ہے۔ اس لیے آپ حضرات بلا جھجک اس عمل کا چلہ کریں۔ کامیابی آپ کے قدم چومے گی۔ احقر کے ایک شاگرد کا یہ عمل آزمودہ ہے مگر اس نے خوف کی وجہ سے اس کا چلہ ادھورا ہی چھوڑ دیا کیونکہ روز اول ہی دوران عمل ایک سیاہ رنگ کا سانپ حصار کے گرد کنڈل مار کر بیٹھ گیا تھا اور پھنکاری مار رہا تھا۔ بھینٹ دینے کا طریقہ آپ اپنے استاد یا پھر جس کے زیر نگرانی چلہ کر رہے ہیں ان سے دریافت کریں۔

حاضرات

گربہ سیاہ کا پتہ نکال کر اس کو سایہ میں خشک کرلیں پھر سفید مرغ کی چربی میں اس پتہ کو ملا کر کوری پاک صاف روئی میں تر کر کے اس روئی کو روشن کر کے کاجل حاصل کریں۔ پھر اس کاجل کی ایک ایک سلائی نابالغ لڑکی/

لڑکے کے لگائیں اور اسے سفید چادر اوڑھا کر جو پوچھنا ہو پوچھیں ۔ تمام احوال درست بتائے گا۔

تسخیر بھوت

عبارت عمل:

اُوں ھرُوں کَرُوں کُرُوں پَھٹ پَھٹ کَرَٹ کَرَٹ ھِرِیں ھِرِیں بُھوت آگچھ آگچھ ھرَاں ھِرِیں ٹَھ ٹَھ ۔

طریقہ زکوۃ:

عروج ماہ قمری میں بروز نو چندی اتوار سے ہر قسم کے گوشت ، انڈہ ، مچھلی ، کچا لہسن ، کچی پیاز اور جماع کا پرہیز کریں ۔ رات کو غسل کر کے کسی آبادی سے دو برگد کے درخت کے نیچے بیچ کے نزدیک مشرق کی سمت منہ کر کے بیٹھیں اور بخور گوگل ولوبان کا روشن کریں ۔ عبارت عمل کو آٹھ ہزار مرتبہ درست اعراب کے ساتھ پڑھیں تو تعداد مکمل ہونے کے بعد یکا یک غیب سے نمودار ہوگا ۔ اس سے خوف کھانے کی ضرورت نہیں فوراً بخور سرعت سے آگ پر ڈالنا شروع کردیں تو بہت خوش ہوکر عامل کی خواہش دلی معلوم کرے گا ۔ اس وقت عامل اس سے جو چاہے وعدہ لے عامل کا ہمیشہ غلام بن کر رہے گا ۔

حاضرات علوق موکل

عبارت عمل:

(یَا عَلُوْقِ بِحَق عَلُوْقِ حَاضِرْ شَوْ)

ع ل

ق د

طریقہ عمل:

بروز نو چندی اتوار باوضو ہوکر الگ کمرے میں بعد نماز عشاء قبلہ رو بیٹھ کر سامنے ایک چراغ گلی میں روغن چنبیلی ڈال کر روشن کریں اور اس کا کاجل اوپر برتن رکھ کر حاصل کریں ۔ بخور اگربتی کا ہوگا ۔ آپ خود عبارت عمل کو سولہ سو بار پڑھیں یا چھ ہزار چار سو بار ۔ اس عرصے میں فتیلہ تقریباً مکمل جل گیا ہوگا ۔ گرم گرم کاجل اتار کر اس میں روغن شامل کر کے کاجل بنا کر دم کریں ۔ اس کاجل کو طفل نابالغ کے ناخن پر لگا کر معروف طریقہ سے حاضرات کریں ۔ یہ عمل کل ایک یوم کا ہے ۔

حاضرات پنجتنؑ

(اے شہنشاہ ولایت خواجہ ہندالولی ---یک نگاہ گاہے گاہے از طفیل پنجتن)

٧٨٦

٢٨٤	٢٨٨	٦٩١	٦٧٧
٦٩٠	٦٧٨	٦٨٣	٦٨٩
٦٧٩	٢٩٣	٦٨٦	٦٨٢
٦٨٧	٦٨١	٦٨٠	٦٩٢

طریقہ:

مندرجہ بالا عبارت کو 13 دن تک با پرہیز 130 مرتبہ نقش کو سامنے رکھ کر بعد نماز عشاء

عمل حاضرات

٧٨٦

١٣٥٩	١٣٢٣	١٣٦٦	١٣٥٢
١٣٢٥	١٣٥٣	١٣٥٨	١٣٢٤
١٣٥٤	١٣٢٨	١٣٦١	١٣٥٧
١٣٦٢	١٣٥٦	١٣٥٥	١٣٢٧

طریقہ:

عبارت عمل کو 130 مرتبہ 13 یوم بلا ناغہ پڑھ کر زکوۃ ادا کریں۔ بعد زکوۃ جب بھی حاضرات کی ضرورت ہو تو نقش کے سیاہ خانے میں بچے کو دیکھنے کو کہیں۔ اور عامل بچے پر صرف 13 مرتبہ عبارت عمل پڑھ کر دم کرے۔ فی الفور حاضرات کا نزول ہوگا۔ بچے کے توسط سے جو چاہیں پوچھیں انشاء اللہ ہر سوال کا جواب سو فیصد درست و سچا ملے گا۔

عبارت عمل:

(اللہ داتا موج خضر دی نو نبیؑ دا قول علی دی
حاضرات سب دکھاواں برکت نام اللہ دی)

حاضرات قلندری

٧٨٦

٣١٥	٣١٩	٣٢٢	٣٠٨
٣٢١	٣٠٩	٣١٤	٣٢٠
٣١٠	٣٢٤	٣١٧	٣١٣
٣١٨	٣١٢	٣١١	٣٢٣

بحکم حضرت لعل شہباز قلندر بحق حضرت بابا صدر الدین ولی سندھ حاضرات حاضر شو۔ حاضر شو۔

طریقہ:

کسی طفل نابالغ کو نہلا دھلا کر سیاہ خانے کو معطر کر کے دیکھنے کو کہیں اور

عامل بچہ پر نقش کے نیچے لکھی ہوئی عبارت کو صرف 5 مرتبہ پڑھ کر دم کرے تو حاضرات کا نزول ہوگا۔ جن سے آپ ہر قسم کے مشکل امور کے بارے میں سو فیصد صحیح معلومات حاصل کر سکتے ہیں۔ اس حاضرات کے مؤکل آنا فاناً ہر کام سر انجام دیتے ہیں۔

نوٹ:

اس عمل حاضرات کو عمل میں لانے سے پہلے بابا شہباز قلندرؒ اور بابا صدر الدین ولی سندھؒ کی سفید برفی یا پان کے پیڑوں پر نیاز دلائیں۔ پھر عمل شروع کریں۔ بعد اختتام عمل نیاز کی برفی کو کسی مزار پر تقسیم کر دیں یا مزار شریف پر فاتحہ پڑھ کر رکھ آئیں تاکہ روحانی فیض بند نہ ہو۔

حاضرات

یامیکائیلؑ ٧٨٦ یاجبرائیلؑ

٢٣٩	٢٤٢	٢٤٦	٢٣٢
٢٤٥	٢٣٣	٢٣٨	٢٤٣
٢٣٤	٢٤٨	٢٤٠	٢٣٧
٢٤١	٢٣٢	٢٣٥	٢٤٧

یااسرافیلؑ بحق قم باذن اللہ حاضرات یاعزرائیلؑ

حاضر شو حاضر شو

طریقہ:

دس یا بارہ سال کے بچے کو سیاہ خانہ میں دیکھنے کو کہیں اور آپ عامل بچے پر گیارہ مرتبہ درود ابراہیمی پڑھ کر پھونکے اور یہ الفاظ **قُم بِاذُنِ الله** پانچ سو بار پڑھ کر بچے پر پھونکے۔ صرف پانچ منٹ میں حاضرات کا نزول ہو جائے گا جس سے آپ اپنے تمام مشکل امور کے بارے میں سو فیصد درست معلومات حاصل کر سکتے ہیں۔ اس حاضرات کی سب سے بڑی خوبی یہ ہے کہ یہ ہر سوال کا جواب سو فیصد درست بناتی ہے۔ حاضرات میں سرتاج وچوٹی کا عمل ہے۔

حاضرات

ہر قسم کی باتیں معلوم کرنے کے لئے بے نظیر ہے

طریقہ:

دریا/نہر کے کنارے بیٹھ کر باوضو سترہ روز بلا ناغہ ایک سو سات بار مندرجہ ذیل عزیمت پڑھے۔

عَزَّمتُ عَلَيْكُمْ يَامَعْشَرَ الْجِنّ وَالانُسِ تِبِي دَالِ وَذَالِ تِبى دَالِ وَذَالِ تِبى دَال وَ دَالِ وَذَالِ بحَق جِبْرَائيل عَلَيهِ السَّلَام بِحَق مِيكَائيل عَلَيهِ السَّلام بِحَق اِسْرَافِيل عَلَيمهِ السَّلَامِ بِحَق عِزْرَائيل عَلَيهِ السَّلام بحَق سُلَيمَان بِن دَائود عَلَيهِ السَّلام بِحَق يَا بُدُوح حَاضِرِ بَا بَا حَاضِر بَابَا حَاضِر بَابَا

ستره روز کے بعد جس کام کے معلوم کرنے کے لئے پڑھیگا معلوم ہو جائے گا۔ اگر پانی کے گلاس میں دیکھ کر پڑھے گا تو پانی میں تمام احوال مثل آئینہ کے نظر آئے گا۔ لاجواب وبے مثل حاضرات ہے۔

حاضرات

یاجبرائیلؑ ۷۸۶ یامیکائیلؑ

۱۶	۱۹	۲۲	۹
۲۱	۱۰	۱۵	۲۰
۱۱		۱۷	۱۴
۱۸	۱۳	۱۲	۲۳

یااسرافیلؑ یاعزرائیلؑ

طریقہ:

دس یابارہ سال کے بچہ / بچی کوسیاہ خانہ میں غور سے دیکھنے کو کہیں اور آپ (عامل) بچے پر گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھ کر پھونکے اور آیت کریمہ بلا تعداد پڑھ پڑھ کر بچے پر بھونکتا رہے جب تک حاضرات کا نزول نہ ہو۔ چند ثانیہ بعد حاضرات کا نزول ہو جائے گا جس سے آپ اپنے تمام مشکل امور کے بارے میں سوفیصد درست معلومات حاصل کر سکتے ہیں۔

حاضرات ارواح

اگر کوئی کسی مردہ کو دیکھنا چاہے اور یہ معلوم کرنا چاہے کہ قبر میں اس کی کیا حالت ہے تو چاہیے کہ درود شریف اور دو رکعت نماز نفل پڑھے سورہ فاتحہ اور سورہ اخلاص سات سات بار پڑھے پھر یہ درود شریف گیارہ مرتبہ پڑھ کر سو جائے تو مردہ کو انشاء اللہ ضرور دیکھے گا۔ درود شریف یہ ہے۔

(صَلَّی اللّٰہُ عَلٰی الامی وَآلِہٖ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمْ صَلٰوۃً وَّسَلَامًا عَلَیْکَ یَارَسُوْلَ اللّٰہ)

حاضرات

یاجبرائیلؑ ۷۸۶ یامیکائیلؑ

۳۲۴	۳۲۷	۳۳۰	۳۱۷
۳۲۹	۳۱۸	۳۲۳	۳۲۸
۳۱۹	۳۳۲	۳۲۵	۳۲۲
۳۲۶	۳۲۱	۳۲۰	۳۳۱

یااسرافیلؑ حاضرات حاضر شو حاضر شو یاعزرائیلؑ

طریقہ:

مندرجہ ذیل نقش کو ایک سفید کاغذ پر بنائیں اور اگربتی وغیرہ سلگائیں بچے کو سیاہ خانہ میں غور سے دیکھنے کو کہیں اور آپ (عامل) بچے پر درود شریف اور

سورۃ اخلاص پڑھ پڑھ کر پھونکتا رہے۔ تھوڑی دیر میں حاضرات کا نزول ہو جائے گا جس سے آپ اپنے مشکل امور کے بارے میں سو فیصد درست معلومات حاصل کر سکتے ہیں۔

حاضرات

طریقہ:

کافور کی سیاہی اُپاڑ کر اس میں عطر ملا کر کسی نابالغ بچے کا ناخن یا ہتھیلی پر سیاہی لگائیں اور اس سیاہی پر چالیس مرتبہ مندرجہ ذیل عزیمت پڑھ کر دم کریں۔ بچے کے ہاتھ پر سیاہی لگانے کے بعد مندرجہ ذیل عزیمت بلا تعداد پڑھتے رہیں انشاء اللہ چند ہی منٹ بعد حاضرات ہوگی اور چار مؤکل بچے کو نظر آئیں گے جو اس کے سوالوں کے جواب دیں گے۔ عزیمت یہ ہے۔

(یَاھُوَ یَا ھُوَ یَامَنْ ھُوَیَامَنْ لَیسَ لَه' اِلَّا ھُوْ)

حاضرات

(اللہ میرے دم وچ محمدؐ میرے کم وچ حاضرات کو حاضر کروا ایک گھڑی دے دم وچ)

طریقہ:

عروج ماہ نو چندی جمعرات سے بعد عشاء 10 دن تک 91 مرتبہ پڑھ کر زکوۃ ادا کریں۔ بعد ادائیگی زکوۃ مندرجہ ذیل نقش کے سیاہ خانے میں کسی بچے کو غور سے دیکھنے کو کہیں اور عامل بچے اور نقش پر 19 مرتبہ مندرجہ ذبالا عزیمت

پڑھ کر دم کرے۔ تھوڑی ہی دیر میں نقش میں حاضرات کا نزول ہوگا پھر بچے کے توسط سے ہر مشکل امور کے بارے میں سو فیصد درست و سچی معلومات حاصل کریں۔ حاضرات کا نقش یہ ہے۔

یااللہ یااللہ

۷۸۶

۷۹۸	۸۰۲	۸۰۵	۷۹۱
۸۰۴	۷۹۲	۷۹۷	۸۰۳
۷۹۳	۸۰۷	۸۰۰	۷۹۲
۸۰۱	۷۹۵	۷۹۴	۸۰۶

یااللہ یااللہ

حاضرات

فتیلہ (واوام ۶۱۶۸۱۱۴۱۹)

طریقہ:

دو اگربتی سلگائیں اور مندرجہ بالا فتیلہ لکھ کر نئی صاف روئی میں لپیٹ کر تلوں کے تیل میں چراغ سفال نو میں ڈال کر جلائیں اور آپ عامل درود شریف و سورۃ اخلاص پڑھتا رہے۔ جو بات دریافت کرنی ہو روحانیت نقش سے پوچھیے انشاء اللہ بذریعہ آواز جواب سو فیصد درست ملے گا۔

روح سے ملاقات کرنے اور غائب کا حال معلوم کرنے کے واسطے

جو شخص خواب میں کسی روح سے ملاقات کرنی چاہے یا غائب کا حال دریافت کرنا یا خزانہ وغیرہ کو معلوم کرنا چاہتا ہو تو اس کو لازم ہے کہ پیر کے روز روزہ رکھے اور رات کو وضو کر کے سو رہے۔ پھر صبح منگل کے روز طلوع آفتاب سے پہلے ان آیات کو گلاب اور زعفران سے سبز کپڑے پر لکھے۔ آیات یہ ہیں۔

(اَللّٰهُ يَعْلَمُ مَاتَحْمِلُ كُلُّ اُنْثٰى وَمَا تَغِيْضُ الْاَ رْحَامُ وَمَا تَزْدَدُوْ كُلُّ شَيْءٍ عِنْدَهٗ بِمِقْدَارٍo عَالِمُ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ الْكَبِيْرُ الْمُتَعَالُo)

پھر اس کپڑے کو عنبر اور عود کی دھونی دے کر ایک ڈبیہ میں بند کر دے اور ایسی جگہ رکھے جہاں کسی کی نظر اس پر نہ پڑے اور دھوپ اور چاندنی میں بھی نہ رکھے۔ پھر بدھ کی رات عشاء کی نماز کے بعد دعا کا اس قدر ورد کرے کہ پڑھتے پڑھتے نیند آ جائے۔ دعا یہ ہے۔

(يَاعَالِمَ الْمَخْفِيَّاتُ الْاُ مُوْرُ يَامَنْ هُوَ كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌo اِطْلِعْنِیْ عَلٰی كُلِّ مَا اُرِيْدُ اِنَّكَ عَلٰی كُلِّ قَدِيْرٌo

اسی رات میں خدا چاہے تو کل حال معلوم ہو جائے گا ورنہ بدھ کو روزہ رکھ کر جمعرات کی شب یہی عمل کرے اور جب بھی کام نہ ہو جمعرات کو روزہ رکھیں جمعہ کی شب عمل کرے ضرور حال معلوم ہوگا۔

حاضرات چاند گرہن

چاند گرہن یا سورج گرہن میں ایک صاف شفاف شیشے کی سفید بوتل میں صاف پاکیزہ پانی ڈال کر بوتل کو تیار رکھیں۔ گرہن کے وقت ذیل میں دیئے گئے نقش مبارک کو صاف کاغذ پر زعفران و عرق گلاب سے لکھ کر بوتل کے اندر ڈال دیں اور بوتل کو اچھی طرح ڈھکن لگا کر بند کر کے چھت یا کھلی جگہ پر رکھ دیں تاکہ گرہن کی شعائیں بوتل میں موجود پانی پر اپنے اثرات ڈال سکیں۔ گرہن ختم ہونے کے بعد بوتل کو احتیاط کے ساتھ رکھ دیں۔ اگر بوتل پر نیلا آسمانی یا سیاہ کاغذ چسپاں کر دیں تو اور زیادہ بہتر رہے گا۔ پس ماء الارواح تیار ہے۔

اب آپ جب ارواح روحانیات کا مشاہدہ کرنا چاہیں تو کسی صاف ڈراپر سے چار چار قطرے ماء الاوراح کے سوتے وقت دونوں آنکھوں میں ڈال لیں اور سو جائیں۔ خواب میں اراوح روحانیات سے ملاقات ہو گی۔ واضح رہے کہ گرہن کے وقت آسمان صاف ہو۔ نہ بادل ہو نہ بارش اور نہ ہی آندھی اور نہ گرد و غبار کیونکہ یہ تمام چیزیں گرہن کی شعاعوں کو بوتل تک پہنچنے میں رکاوٹ بنیں گی۔ نقش لکھتے وقت اس بات کا دھیان رہے کہ دونوں مربع نقش تہہ کرنے کے بعد ایک دوسرے کے پیچھے آئیں اور نام دونوں کے نیچے۔

نقش مبارک آماء الارواح

۲۵ ۸	۲۰ ۳	۲۱ ۴
۱۸ ۱	۲۲ ۵	۲۶ ۹
۲۳ ۶	۲۴ ۷	۱۹ ۲

۷۸۶

ب ۱	ز ۱۴	ج ۱۱	ل ۸
ز ۱۲	ج ۷	ل ۲	ب ۱۳
ج ۶	ل ۹	ب ۱۶	ز ۳
ل ۱۵	ب ۴	ز ۵	ج ۱۰

کشف القبور

اگر کوئی شخص کسی مردہ کو دیکھنا چاہے اور یہ معلوم کرنا چاہے کہ قبر میں اس کی کیا حالت ہے؟ تو چاہیے کہ درود شرف اور دو رکعت نماز نفل پڑھے۔ سورہ فاتحہ اور سورہ اخلاص سات سات بار پڑھیں۔ پھر مندرجہ ذیل درود شریف پڑھ کر سو جائیں تو انشاء اللہ مردہ کو دیکھے گا۔ درود شریف یہ ہے۔

(بِسمِ اللّٰہِ الرَّحمٰنِ الرَّحِیم ٥ صَلَّی اللّٰہُ عَلَی النَّبِیِّ الاُ مِیّ۔

صَلَّی اللّٰہُ عَلَیہِ وَسَلَّم صَلوٰۃً وَّسَلَامٌ عَلَیکَ یَارَسُولَ اللّٰہ ٥)

ہر ایک روح سے ملاقات کرنے کا عمل

اگر کسی خاص روح سے ملاقات کرنی ہو اور اس کے حالات معلوم کرنے منظور ہوں تو وضو تازہ کر کے پاکیزہ کپڑے پہنے اور خوشبو لگا کر سورۃ والشمس سات بار سورۃ اللیل سات بار سورہ اخلاص سات بار پڑھے اور پھر یہ دعا پڑھے۔

(اَللّٰھُمَّ اَرِنِیْ فِی مَنَامِیْ رُوحِ فلاں (فلاں کی جگہ اس شخص کا نام لے جس کی روح سے ملاقات کرنی ہے)۔ پھر کہیں **وَاجعَلنِی مِن اَمرِیْ فَرجَائو مُخرَجَاءَ ارزُقنِی مَنَامِی مَا اَستَدِلُّ بِہٖ عَلٰی اِجَابَتِہ دَعُوَتِی ٥)**

پہلی یا دوسری یا تیسری رات میں انتہاء یہ کہ ساتویں شب ضرور ملاقات ہو جائے گی۔ عامل کو چاہیے کہ عمل سے بددل نہ ہو کیونکہ عمل کا ظہور عامل کی لیاقت کے موافق ہوتا ہے۔ اگر دیر لگے تو عامل سمجھے کہ ضرور مجھ سے کچھ قصور ہوا ہے۔ دوبارہ سہ بارہ کرے ضرور نتیجہ ظاہر ہوگا۔

حاضرات اللہ الصمد

ایک عدد موم بتی جلائیں اور اس کی لو پر نظر جما کر 231 مرتبہ **اَجب یَا صَقَائِیلُ بحق اللّٰہ الصَّمد** پڑھنا شروع کریں۔ نظر موم بتی کی لو پر ہونی چاہیے۔ اگر پہلی مرتبہ حاضرات لو میں نظر نہ آئے تو وہیں پر بیٹھ کر پھر

231 مرتبہ **اَجِبْ یَا صَقالِیلُ بِحَقِ اَللّٰهُ الصَّمَدُ** پڑھیں حتیٰ کہ تین مرتبہ پڑھنے سے حاضرات کا نزول شروع ہو جائے گا۔ شاہ جنات کو سلام عرض کر کے سوال و جواب کا سلسلہ شروع ہو جائے گا۔ واضح رہے کہ چند گھڑی توقف کرنے کے بعد آپ کو جواب ملے گا۔ ڈر و خوف نہ کریں بالکل بے ضرر عمل ہے۔ درود شریف اول و آخر گیارہ گیارہ بار ضرور پڑھیں۔ مجرب ہے۔

تسخیر سندونی

(بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۔ رهنی سر هنی اَکَجْ اَکَجْ سَرِی سَنْدُونی اَنتا بهتا سُوَاهَا یَا بُدُوحْ)

طریقہ:

نو چندی بدھ کے دن سے شروع کیں با پرہیز روزانہ ایک ہزار مرتبہ پڑھیں۔ گیارہ دن تک بلا ناغہ عمل کرنے سے سندونی نہایت ہی خوبصورت جوان عورت کے روپ میں حاضر ہوگی۔

بخور: گوگل وعود کا جلائیں۔

مشاہدہ جنات وروحانیات کا عجیب عمل

اُلو کی دونوں آنکھوں کو باریک پیس کر سرمہ میں کھرل کریں اور اس سرمہ پر 40 مرتبہ سورہ جن پڑھ کر دم کریں پھر جو بھی اس سرمہ کو اپنی آنکھوں میں لگائے گا اس کو جنات وتمام پوشیدہ مخلوقات نظر آئے گی بلکہ ان سے بات چیت بھی ہوگی۔ (ازمودہ است)

حاضرات جل پری

(صرف خواتین کے لئے)

طریقہ حاضری:

کسی نابالغ بچی کو جس پر حاضرات ہوتی ہو اس کو اپنے پاس بٹھائیں۔ حاضرات کی جگہ پاک وصاف ہو۔ اگر بتی سلگائیں۔ ایک مرتبہ سورہ فاتحہ دو مرتبہ درود شریف دو مرتبہ کلمہ طیبہ پڑھیں پھر کہیں کہ (اے جل پری تو آجا) اسی وقت آجائے گی۔ بچی کی معرفت سوال و جواب کا سلسلہ شروع کریں۔ اس کے بعد السلام علیکم اور شکریہ ادا کر کے رخصت کر دیں۔

پریوں کی حاضرات

(عَزَمْتُ عَلَیْکُمْ وَاَقْسَمْتُ عَلَیْکُمْ بِحَقِ اَوْ اَمَا هَا اَمَّا کَحْقَلاَ کَحْقَلاَ) یہ عزیمت دو مرتبہ پڑھ کر کہیں۔ (اَرْحَماَ تَرْحَمَا بحق اَوامط بَهتٌ سُوَاهَا یَا مُوکلان بِحَق حَضرَت سُلَیْمَانُ بن دائود علیه السلام حاضر شود حاضر شُود حاضر شود)

طریقہ:

روزانہ ایک سو بار پڑھیں۔ 21 یوم کا عمل ہے۔ پرہیز جلالی و جمالی ہے۔ حصار چہار قل شریف تین تین بار آیت الکرسی، سات بار پڑھ کر اپنے اوپر اور چاروں طرف پھونکیں۔

حاضری چڑیل

عبارت عمل:

امبہ چوتر کھمبہ چوتر دیکھو موں آئے بھیتر۔ حلوا سرکائے ، دیو تو گپ گپ کھائے دوھائی بڑھیا ڈائن کی۔

طریقہ زکوۃ:

یہ عمل احقر کے ایک شاگرد کا آزمودہ ہے۔ آخری دن چڑیل حاضر ہو کر اس سے ہم کلام ہوئی تھی ۔ اس وقت ایک بہت مشکل کام بھی کرایا تھا جو بارہ گھنٹے کے اندر ہو گیا تھا۔ اب آپ اس کی وقت کا اندازہ خود ہی لگا سکتے ہیں۔ یہ عمل اس جگہ کیا جائے گا جہاں پر چڑیلوں کا مسکن ہو اور وہاں اکثر و بیشتر لوگوں کو نظر آتی ہو۔ جب آپ اس مقام پر چلہ کشی کریں گے تو کوئی بھی ایک چڑیل آپ کے پاس حاضر ہو کر مسخر ہو گی اور آپ کے تمام جائز کام کیا کرے گی۔ یہ بات قطعی بے بنیاد ہے کہ اس عمل کے چلہ کشی سے بڑھیا ڈائن آتی ہے۔ اگر آپ لوگوں کو میری بات کا یقین نہیں تو آپ اس کا تجربہ کریں پھر نتیجے سے ہمیں آگاہ کریں۔ کتاب اعجاز زاہدی میں بھی یہ عمل درج ہے مگر عبارت عمل میں کمی ہے۔ نیز مصنف کتاب نے مقام چلہ کشی کا ذکر نہیں کیا ہے۔ کہ عامل حلوا پوری لے کر رات کو کہاں جایا کرے۔

نوچندی اتوار یا نوچندی منگل سے ہر قسم کے گوشت ، مچھلی ، انڈہ،

جماع ، کچا لہسن اور کچی پیاز کا پرہیز کریں۔ رات کے ٹھیک بارہ بجے دو عدد پوری اور حلوا جس کا وزن ایک پاؤ ہونا چاہیے اس کو کسی سرخ کپڑے پر رکھیں۔ خود مشرق کی سمت منہ کر کے برہنہ حالت میں بیٹھیں۔ ایک عدد چراغ گلی نیا روغن کنجد کی مدد سے روشن کریں۔ پھر دو عدد کافور کی ٹکیہ پر دو عدد قرنفل گلدار رکھ کر روشن کریں اور بخور گوگل کا آگ پر روشن کرتے رہیں۔ عبارت عمل کو ایک سو آٹھ مرتبہ چراغ کی لو پر نگاہ رکھ کر پڑھیں۔ تعداد مکمل ہونے کے بعد گھر واپس آجائیں۔ چراغ کو وہیں چھپا کر رکھ دیں یا جلتا ہوا چھوڑ دیں۔ حلوا پوری بھی ڈھانک کر رکھ دیں۔ حلوا پوری روزانہ ساتھ لے جانا ہوگا۔ اگر آپ چاہیں تو صبح خود کھالیں یا پھر بچوں کو تقسیم کر دیں۔ رات کو عمل مکمل کرنے کے بعد واپسی پر پیچھے مڑ کر نہ دیکھیں چاہیے کسی بھی قسم کی آوازیں آئیں۔ اکیسویں دن ایک عدد چڑیل آپ کے سامنے حاضر ہو گی اور حلوا پوری کھانے کے بعد دریافت کرے گی کیوں بلایا ہے؟ اس وقت آپ اس سے عہد و پیمان لیں اور طریقہ حاضری بھی دریافت کریں۔ جلد حاضر ہونے کا طریقہ آپ کو بتائے گی۔ جب بھی آپ اس کے بتائے ہوئے طریقے پر عمل کریں گے فوراً حاضر ہو کر آپ کی مدد کرے گی۔

حاضری جل پری

عبارت عمل:

يَا هَلَجَ يَا مَلَجَ يَا خَلَجَ يَا جَلُ پَرِیْ اُحْضُرُوْ بِحَقِّ حَاوَ بِحَقِّ حَضْرَتْ سُلَيْمَانُ عَلَيْهِ السَّلَامُ۔

طریقہ زکوۃ:

نوچندی جمعرات سے یا نوچندی منگل یا پھر ماہ جیٹھ کے نوچندی منگل سے ہر قسم کے گوشت، مچھلی، انڈہ، جماع، کچا لہسن اور کچی پیاز کا پرہیز کریں۔ پاک صاف ہو کر باوضو کنارے آب رواں بخورا گربتی کا روشن کر کے حصار نورانی آہنی چاقو سے کریں۔ پھر کھڑے ہو کر عبارت عمل کو بعد نماز عشاء تین ہزار ایک سو پچیس مرتبہ پڑھیں۔ یہ عمل کل چالیس یوم کا ہے۔ لہذا چالیس یوم تک روزے برابر رکھیں۔ بیس یوم کے بعد عجائبات وغرائبات کا ظہور دوران عمل ہوا کرے گا۔ کسی قسم کی دہشت کو اپنے دل میں نہ آنے دیں اور پڑھائی ہرگز منقطع نہ ہونے دیں۔ پینتیس سے چالیس یوم کے درمیان اکثر بہت خوفناک آوازیں اور اشکال سامنے نظر آیا کریں گے۔ کبھی کبھی ایسا محسوس ہوگا کہ سیلاب روانی کے ساتھ عامل کی طرف آرہا ہے۔ بالآخر چالیسویں یوم جل پری نام کی عورت آپکے روبرو حاضر ہوگی۔ جس کے حسن و جمال کا ثانی اس دنیا میں ملنا محال ہے۔ اس سے مناسب معاہدہ جات طے کرلیں۔ طریقہ حاضری بھی دریافت کرلیں۔

حاضرات آیت کریمہ

لا اله الا انت سبحانك انی كنت من الظلمين ٥

طریقہ زکوۃ:

عروج ماہ قمری میں عامل ترک جلال کرے اور نماز کی پابندی بھی

ضروری ہے۔ بعد نماز عشاء عامل قبلہ رو ہو کر بیٹھے اور اگربتی سلگا کر آیت کریمہ تین سو تیرہ مرتبہ معہ اول آخر گیارہ بار درود شریف کا ورد کرے نیز عامل کے پاس کافور کے دھوئیں کا کاجل چنبیلی کے تیل میں ملا ہوا موجود ہونا چاہیے تاکہ عامل جب پڑھائی سے فارغ ہو تو فوراً کاجل پر پھونک مار کر رکھ لے۔ الغرض ہفتہ یوم روزانہ آیت مذکورہ تین سو تیرہ مرتبہ بمعہ درود شریف عامل کو ورد کرنا ہے۔ کل سات یوم کا عمل ہے۔ آخری دن عامل کسی سفید شرینی پر عمل کے تمام ہونے پر آیت کریمہ کے موکلات کی نیاز دے اور موکلات کو اس کا ثواب پہنچائے۔ اب آپ اس عمل حاضرات کے عامل ہیں لیکن روزانہ آیت کریمہ کم از کم ایک۔ ایک بار ورد کیا کریں تاکہ عمل قابو میں رہے۔

طریقہ حاضرات

نماز اور حج کے موقع پر حاضرات کرنے کی کوشش نہ کریں کیونکہ آیت ہذا کا موکل اس وقت مصروفیت عبادت ہوتا ہے نیز مطلع ابر آلود نہ ہو۔ کسی نابالغ لڑکے یا لڑکی کی نہلا دھلا کر صاف کپڑے پہنا کر اس پر عطر لگائیں اور اسکے داہنے ہاتھ کے انگوٹھے کے ناخن پر چنبیلی کے تیل میں ملا ہوا کافور کا کاجل لگا کر معمول کا منہ قبلے کی طرف کریں اور آپ گیارہ بار درود شریف پڑھ کر معمول پر دم کریں اور اس کے بعد آیت کریمہ چند بار پڑھ کر معمول پر دم کریں اور معمول سے کہیں کہ وہ انگوٹھے کے ناخن پر سیاہی میں نظر رکھے۔ چند لمحے بعد معمول کو سیاہی میں ایک باریش بزرگ اور انکے ساتھ ایک خادم نظر آئے گا۔

عامل کو چاہیے کہ ان کو بچے کے ذریعے اپنا اور بچے کا سلام عرض کرے۔ اسکے بعد جو بھی جائز بات ہے وہ معمول کے ذریعے معلوم کرے۔ ہر بات صاف اور واضح لکھ کر موکل بتادے گا لیکن آواز اس حاضرات میں معمول کے کان میں نہیں آئے گی۔ نیز جب عامل معلوم کر چکے تو موکل کو شکریہ کے ساتھ اسلام علیکم عرض کر کے رخصت کرے۔ واضح ہو کہ یہ حاضرات میری آزمودہ ہے۔

حاضرات

یاجبرائیلؑ ۷۸۶ یامیکائیلؑ

۴۳۹	۴۴۲	۴۴۲	۴۳۲
۴۴۵	۴۳۳	۴۳۸	۴۴۳
۴۳۴	۴۴۸	۴۴۰	۴۳۷
۴۴۱	۴۳۲	۴۳۵	۴۴۷

یااسرافیلؑ حاضرات حاضر شو حاضر شو یاعزرائیلؑ

طریقہ:

مندرجہ ذیل بالا نقش کو کاغذ پر لکھ کر مٹی کے نئے چراغ میں سرسوں کا تیل ڈال کر جلائیں۔ نقش کو روئی میں لپیٹ کر بتی بنا کر روشن کریں۔ اب کسی نابالغ لڑکی/لڑکے کو چراغ کے سامنے بٹھائیں اور بچے کو کہیں کہ چراغ کی لو کو دیکھتا رہے۔ اسے تھوڑی دیر بعد کوئی غیر معمولی چیز نظر آئے گی جس سے آپ ہر

قسم کے سوالات کے جوابات پوچھ سکتے ہیں۔ اگر حاضرات چراغ میں نہ کرنا چاہیں تو نقش کو سفید کاغذ پر لکھیں اور سولھویں خانہ میں جہاں ہم نے سیاہ نشان لگایا ہے۔ ادھر تھوڑا سا کاجل لگائیں اور معمولی سا عطر لگا دیں اور بچے کو سیاہ خانہ میں غور سے دیکھنے کو کہیں اور عامل بچے پر درود ابراہیمی اور سورۃ اخلاص پڑھ پڑھ کر پھونکتا رہے تھوڑی دیر میں حاضرات کا نزول ہو جائے گا۔ جس سے آپ اپنے مشکل امور کے بارے میں سو فیصد درست معلومات حاصل کر سکتے ہیں۔

حاضرات

یاجبرائیلؑ ۷۸۶ یامیکائیلؑ

۲۵۷	۲۵۲	۲۵۹
۲۵۸	۲۵۶	۲۵۴
۲۵۳	۲۶۰	۲۵۵

یااسرافیلؑ حاضرات حاضر شو حاضر شو یاعزرائیلؑ

طریقہ:

مندرجہ ذیل نقش کو ایک سفید کاغذ پر لکھیں اور جہاں ہم نے سیاہ نشان لگایا ہے وہاں تھوڑا سا عطر لگائیں اور بچے کو سیاہ خانہ میں غور سے دیکھنے کو کہیں اور آپ (عامل) بچے پر درود ابراہیمی اور آیت کریمہ پڑھ پڑھ کر پھونکتا رہے۔ تھوڑی دیر میں حاضرات کا نزول ہو جائے گا جس سے آپ اپنے مشکل امور کے بارے میں درست معلومات حاصل کر سکتے ہیں۔

حاضرات

یاجبرائیلؑ

۷۸۶

یامیکائیلؑ

۷	۲۲	۵	۸	۱۹
۶	۱۲	۱۷	۱۰	۲۰
۲۵	۱۱	۱۳	۱۵	۱
۲۴	۱۶	۹	۱۴	۲
۳	۴	۲۱	۱۸	۲۳

یااسرافیلؑ

حاضرات حاضر شو حاضر شو

یاعزرائیلؑ

طریقہ:

مندرجہ بالا نقش کو ایک سفید کاغذ پر لکھیں دو یا تین اگر بتیاں سلگائیں عامل اور معمول دونوں پاکیزہ اور باوضو ہوں۔ جہاں ہم نے سیاہ نشان لگایا ہے وہاں تھوڑا سا عطر لگائیں۔ حاضرات کرنے سے پہلے ایک پاؤ برفی چند عدد گلاب کے پھول اور تھوڑی سی مہندی پانی میں گھول کر رکھیں اور بچے کو سیاہ خانہ میں غور سے دیکھنے کو کہیں چند ثانیہ بعد بچے کو سیاہ خانہ میں کچھ نظر آئے گا۔ عامل بچے پر درود ابراہیمی اور آیت کریمہ پڑھ پڑھ کر برابر پھونکتا رہے۔ جب بچے کو کوئی ہستی نظر آئے تو آپ بچے کے ذریعے اپنے تمام مشکل امور کے بارے میں پوچھ سکتے ہیں انشاء اللہ سوالوں کے جوابات سو فیصد درست پائیں گے۔ یہ حاضرات بہت ہی طاقتور ہے ہر قسم کے سوالات کے جوابات سو فیصد درست بتا دیتی ہے کبھی خطا ہی نہیں کرتی لاجواب وتحفہ نایاب ہے۔

پریوں کی حاضرات

طریقہ:

سب سے پہلے سیاہی تیار کریں۔ کالی سیاہی میں یا سیاہ باریک سرمہ میں کافور اور عطر ڈالیں۔ بس سیاہی تیار ہے۔ ایک طشت لے کر اس میں (یا اللہ حاضر کرو) لکھیں اور پانی بھریں پھر 14 سال تک کے بچے کو اس میں دیکھنے کو کہیں اور آپ (عامل) گیارہ گیارہ بار درود شریف اور 33 بار یا اللہ حاضر کرو پڑھے۔ پہلے طشت پر پڑھ کر پھونکیں پھر بعد میں بچہ کے دائیں کان میں پھونکیں۔ پھر بچہ کو طشت میں دیکھنے کو کہیں۔ بچہ کو پہلے روشنی نظر آئے گی۔ بعد سبز میدان اور خوبصورت پھول نظر آئیں گے۔ پھر جھاڑو والا نظر آئے گا۔ اس کو کہیں کہ جھاڑو دے اور صفائی کرے۔ بعد بہشتی کو پانی چھڑکنے کا کہیں۔ اس کے بعد حکم کریں کہ پریوں کے بادشاہ سلامت وزیر اور امراء کے ہمراہ پریوں کی عدالت لگائیں۔ تھوڑی ہی دیر میں پریوں کا بادشاہ تشریف لائے گا۔ پھر بادشاہ سلامت کو تخت پر بیٹھنے کو کہیں اور وزیر و امراء کو کرسیوں پر بیٹھنے کا کہیں۔ پھر بادشاہ سلامت کو معمول کے ذریعے عامل اپنا اور معمول کا سلام عرض کرے۔ پھر بچے کے ذریعے ہر قسم کے مشکل سوالات کے جوابات سو فیصد درست حاصل کریں۔ ہر سوال کا جواب انشاء اللہ سو فیصد سچا ملے گا۔ بعدہ ان کا شکریہ ادا کر کے السلام علیکم کہہ کر ان کو جانے کی اجازت دیں۔

نوٹ:

اس حاضرات کو آپ ہر طریقے سے کر سکتے ہیں۔ مثلاً انگوٹھے کے ناخن پر۔ ہاتھ کی ہتھیلی پر۔ انڈہ پر۔ کاغذ طشت، شیشہ اور پانی میں بھی حاضرات کر سکتے ہیں۔

حاضرات پری

(صرف خواتین کے لئے)

طریقہ زکوۃ:

سب سے پہلے مندرجہ ذیل نقش کی زکوۃ ادا کریں۔ نقش کو نوچندی جمعرات روزہ رکھ کر لکھیں۔ نقش 574 مرتبہ لکھیں۔ پھر تمام نقوش کی الگ الگ آٹے میں گولیاں بنالیں اور ان کو دریا یا سمندر میں یا ندی میں بہادیں۔ زکوۃ ادا کرنے کے بعد ایک نقش زعفران سے لکھ کر اپنے پاس رکھ لیں۔ اس نقش سے پری کی حاضرات ہوگی۔ جب بھی حاضرات کی ضرورت پیش آئے تو زعفران سے لکھ کر اپنے پاس رکھ لیں۔ اس نقش سے پری کی حاضرات ہوگی۔ جب بھی حاضرات کی ضرورت پیش آئے تو زعفران سے لکھے ہوئے نقش کو اپنے سر پر رکھ لیں۔ پری اسی وقت فوراً حاضر ہوگی۔ اس سے جو کام لینا ہو وہ لے کر اسے جانے کی اجازت دیں اور نقش کو سنبھال کر رکھیں تاکہ یہ آئندہ حاضرات کرنے کے کام آئے۔ نقش لکھتے وقت منہ مشرق کی طرف ہو۔ اگربتی وغیرہ سلگائیں۔ عمل کو ہمیشہ قابو میں رکھنے کے لئے روزانہ سات مرتبہ نقش لکھ لیا کریں تاکہ عمل قبضہ میں رہے۔ نقش درج ذیل ہے۔

۷۸۶

۱۹۵	۱۸۷	۱۹۲
۱۸۹	۱۹۱	۱۹۴
۱۹۰	۱۹۶	۱۸۸

چال نقش

8	1	6
3	5	7
4	9	2

تسخیر پری

(یَا بَدِیْعُ الْعَجَائِبِ بِالْخَیْرِ یَا بَدِیْعُ ٥)

طریقہ:

عروج ماہ نوچندی جمعرات کو رات بارہ بجے روزانہ چھ ہزار مرتبہ گیارہ یوم پڑھیں۔ حصار قصیدہ غوثیہ یا سورۂ مزمل کا کریں۔ عمل شروع کرنے سے پہلے شیخ عبدالقادر جیلانیؒ کی نیاز دلائیں پھر عمل شروع کریں۔ اللہ کے حکم سے گیارہ دن میں تابع ہوگی۔ عمل شروع کرنے سے پہلے اور آخر میں گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف لازمی پڑھیں۔ آخری رات قوم وقرار لیں اور تین مرتبہ حضرت سلیمانؑ کی قسم لیں پھر تابع کریں۔ بعدہ حصار سے باہر آئیں۔

حاضرات ملکہ پرستان

طریقہ:

جو لوگ پریوں کی حاضرات کرنا چاہیں ان کے لئے یہ ایک انمول تحفہ ہے۔ اس عمل کی جتنی بھی قدر کی جائے کم ہے۔ یہ عمل گویا ہتھیلی پر خزانہ ہے اور سات اقلیم کے جنات کے بادشاہوں پر حکمران ہے۔ طریقہ اس کا یہ ہے کہ سب سے پہلے لاجونتی کا پودا مکمل تنے اور جڑ کے ساتھ اکھاڑ کر لائیں۔ اتوار کے دن سفید لباس پہن کر کسی جگہ تنہائی میں ہری گھاس پر بیٹھ کر مندرجہ ذیل عزیمت 3070 مرتبہ پڑھیں۔ لاجونتی کے پودے کو اپنے سامنے رکھ لیں۔ لگاتار 9 دن تک اسی طرح عمل کو جاری رکھیں۔ اس کے علاوہ روزانہ سفید لباس پہنیں۔ انشاء اللہ 9 دن میں زکوۃ ادا ہو جائے گی۔

جب حاضرات کرنی ہو تو ایک سفید کاغذ پر مندرجہ ذیل نقش بنائیں پھر اس کو نئی روئی میں لپیٹ کر فتیلہ بنا کر کورے چراغ میں چنبیلی کا تیل ڈال کر جلائیں اور بچے کو حسب قاعدہ اپنے پاس بٹھائیں اور عزیمت پڑھنی شروع کر دیں۔ انشاء اللہ چند ہی منٹ میں پریوں کا لشکر حاضر ہوگا اور پریوں کی ملکہ بھی حاضر ہوگی اور بات چیت کرے گی۔ ہر سوال کا جواب سو فیصد درست بتائے گی۔ نقش درج ذیل ہے۔

۷۸۶

۱۱۴	۳۱۱	۱۱	۱۱
مکرر	مکرر	مکرر	

عزیمت یہ ہے۔

(اَوامَ رَھینَ سِحری رَحتُ تَھکَکارُ اَوُ تَمَخر۔ بَھت یَابُدُّوخ)

حاضرات

حاضرات کا جنتر

ت	۸	۳	۸	۱
ر	۶	۳	۶	۵
ر۲	ک	۹	۲	۷
ل	۴	۵	۴	۷

آٹھ یا دس سال کی پاک لڑکی کو بٹھائے اور اس جنتر کی بتی بنائے اور پاکیزہ روئی لپیٹ کر تلوں کے تیل میں ڈال کر چراغ جلائے تھوڑی ہی دیر میں بچی کو چراغ کی لو میں ایک انسانی شکل نظر آئے گی جس سے آپ بچی کے ذریعے ہر مشکل امور کے بارے میں سو فیصد درست معلومات حاصل کر سکتے ہیں۔

حاضرات کی جادوئی انگوٹھی

سورج گرہن میں آٹھ دھات سے انگوٹھی بنوائیں (۱) تانبہ ایک ماشہ (۲) پیتل ایک ماشہ (۳) جست ایک ماشہ (۴) سکہ ایک ماشہ (۵) قلعی ایک ماشہ (۶) چاندی تین ماشہ (۷) لوہا ایک ماشہ (۸) سلور ایک ماشہ۔

طریقہ تیاری:

تمام دھاتیں یکجا کر کے کسی سنار سے گلوا کر اپنے ناپ کی انگوٹھی بنوائیں۔ یہ انگوٹھی سورج گرہن کے وقت تک بنوالیں ورنہ کارآمد نہ ہوگی۔ اس کے بعد نگینہ والی خالی جگہ میں تھوڑا سا گندہ بہروزہ اور تھوڑی سی چپڑا لاکھ پگھلا کر بھر دیں۔ بس جادوئی انگوٹھی تیار ہے جب کبھی حاضرات کی ضرورت پیش آئے تو انگوٹھی پر تھوڑا سا کاجل لگائیں اور معمولی سا عطر لگائیں اور گیارہ مرتبہ درود شریف اور سات بار سورۃ اخلاص پڑھ کر انگوٹھی پر دم کریں اور انگھوٹھی میں دیکھیں جو چاہیں پوچھیں تمام احوال انگوٹھی میں نظر آئے گا جو سو فیصد درست ہوگا۔ انگوٹھی میں عامل بچے کو بھی دکھا کر معلومات حاصل کرسکتا ہے۔ یا خود حاضرات کا مشاہدہ کریں جو پوچھیں کے اس کا جواب سو فیصد درست ملے گا۔

نوٹ:

یہ انگوٹھی صرف سورج گرہن میں ہی تیار ہوتی ہے اس کے بعد اگر بنوائی تو کارگر نہ ہوگی یہ خیال رکھیں۔

حاضرات شاہ پری
(بذریعہ سورہ اَلَمْ نَشْرَحْ)

طریقہ:

شاہ پری کی حاضرات کا ایک اور طریقہ ہے وہ یہ کہ پہلے یہ نیت زکوۃ سورہ نشرح روزانہ 121 مرتبہ پڑھے۔ اول و آخر گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھے۔ اکتالیسویں دن بچوں کو شیرینی تقسیم کرے۔

انشاء اللہ زکوۃ ادا ہو جائے گی۔ عامل جب بھی حاضرات کا ارادہ کرے تو جمع کے دن صبح آٹھ یا نو بجے کے درمیان نقش حاضرات تیار کرے اور بوقت حاضرات تمام شرائط پوری کر کے حاضرات کا عمل شروع کرے اور اس وقت سورۂ الم نشرح لاتعداد مرتبہ پڑھنی شروع کرے۔ انشاء اللہ چند ہی ثانیہ بعد حاضرات کھل جائے گی اور شاہ پری حاضر ہو کر عامل کے ہر حکم کی تعمیل کرے گی۔ نقش حاضرات یہ ہے۔

۷۸۶

۴۳۷

حاضرات شاہ رکن عالم

نوچندی جمعرات بعد از نماز عشاء اس عمل مبارک کو تین سو ساٹھ مرتبہ چالیس روز تک پڑھیں۔ اول و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھیں۔ اس عمل کے شروع میں ہر دفعہ بسم اللہ پڑھنی ہے۔ کمرہ علیحدہ ہو اور پرسکون ہو۔ آس پاس کسی طرح کا شور و غل نہ ہو۔ عمل شروع کرنے سے قبل بازار سے کسی پرہیز گار شخص کی دکان سے سوا کلو یا سوا پاؤ مٹھائی لے آئیں اور اس کو کمرے کے کسی کونے یا طاق کے پیچھے چھپا کر رکھ دیں۔ عمل کو روزانہ وقت مقررہ پر پڑھیں۔ ناغہ ہرگز نہ ہونے دیں۔ دوران عمل اگر مٹھائی غائب ہو جائے تو سمجھ لیں کہ عمل کامیاب ہو گیا ہے۔ اگر مٹھائی چالیس روز تک غائب نہ ہو تو سمجھیں کہ عمل

ناکام ہوگیا ہے اور ناکامی پر بددل نہ ہوں۔ یقین پختہ اور کامل رکھیں اور اس مٹھائی کو کسی دریا یا ندی یا نالے میں پھینک دیں اور پیچھے مڑ کر ہرگز نہ دیکھیں ورنہ خطا ہوگی۔

نوچندی جمعرات آنے پر دوبارہ پھر اس عمل کو شروع کریں اور اسی طرح سوا کلو یا سوا پاؤ مٹھائی لاکر کمرے کے کسی کونے میں یا طاق میں چھپا کر رکھنی ہے۔ انشاء اللہ عمل کے دوران مٹھائی غائب ہو جائے گی لیکن یہ بات یاد رکھیں کہ عمل کو چالیس روز تک ضرور پڑھنا ہے۔ مٹھائی غائیب ہونے کے بعد عمل کو چھوڑنا ہرگز نہیں ہے۔ عمل یہ ہے۔

یَااَللّٰہ ۔ یَا اَحْکَمُ۔ یَاعَلِیْمُ۔

حاضرات کرنے کا طریقہ

جب حاضرات کرنی ہوتو سامنے دیوار پر ایک سفید چادر تان دیں یا دیوار پر چونا کردیں اور اس کے قریب طاق یا کسی کونے میں مٹھائی رکھ دیں اور ساتھ ہی اپنا سوال کاغذ پر لکھ کر رکھ دیں۔ اس کے بعد عامل مذکورہ عمل کو 360 مرتبہ پڑھے۔ مٹھائی غائب ہو جائے گی اور اس کا سوال نامہ بھی غائب ہو جائے گا اور اس کی جگہ دوسرا موجود ہوگا جس پر عامل کے سوال کا جواب تحریر ہوگا ۔ ورنہ پھر مٹھائی غائب ہونے کے بعد شاہ رکن عالم کی آواز عامل کے کانوں میں آئے گی اور وہ سامنے دیوار پر چادر پر نظر آئیں گے۔ بڑا عجیب وغریب عمل ہے، جس کا جی چاہے وہ تجربہ کر سکتا ہے۔

پرہیز:

دوران عمل ہر طرح کا گوشت، کچا لہسن، پیاز اور جماع سے پرہیز رہے گا۔

عامل کے لئے ہدایات

عمل کا اظہار کسی سے ہرگز نہ کریں اور جو مشاہدات نظر آئیں ان کو سینے ہی میں دفن کر دیں۔

اگر ایک چلے میں کامیابی نہ ہوتو پھر لگاتار تین چلے کریں۔ انشاء اللہ ضرور کامیابی ہوگی۔

دوران عمل اگر مٹھائی غائب ہو جائے تو عمل کو مت چھوڑیں اس کو چالیس روز تک ضرور پڑھیں۔

بعد زکوۃ عمل کو روزانہ 9 مرتبہ پڑھیں تا کہ عمل قابو میں رہے۔ اگر کسی نے چالیس روز تک نہ پڑھا تو زکوۃ باطل ہو جائے گی۔

عمل ہمزاد

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْم ٥ یَاسَمِیْعُ یَابَصِیْرُ اَللّٰھُمَّ سَخِّرْلِیْ ھَمْزَاد بِحَق سَمْسَائِیْلُ وَسَخِّرْلِیْ ھَمْزَاد بِحَق لَوْمَائِیْلُ احضرو ااحضروا ھٰذا الوقت و احضروامن الوقت الحاجات بحق حضرت سلیمان بن دائود علیه السلام بحق یا بدوح ٥

طریقہ اس کا یہ ہے کہ شرائط اعمال پر پابند ہو کر نوچندی جمعرات کو بعد
از نماز عشاء تازہ غسل یا وضو کریں اور پھر تنہا اور پاکیزہ مکان میں جسے بخوزات
سے معطر کیا گیا ہو۔ قبلہ رخ بیٹھ کر اور اپنی پشت پر چراغ جلائے جس میں خالص
سرسوں کا تیل ہو اور سایہ کی گردن پر نظر جما کر عمل کو سوا گھنٹہ تک مسلسل پڑھیں تو
تعداد کا لحاظ ہرگز نہ رکھیں۔ محویت میں عمل کو پڑھتے رہیں۔ نویں روز سایہ گم ہو
جائے گا اور کبھی دائیں کبھی بائیں مختلف اشکال یا سائے یا روشنیاں نظر آئیں گی۔
کبھی کوئی پیچھے سے آواز دے گا۔ عمل چالیس روز کا ہے جس روز عمل ختم کرنے
کے بعد ہمزاد مخاطب کرے تو اس سے وعدہ وعید کرلیں اور ہمزاد کو آزاد کر دیں
اور روزانہ بطور مداومت عمل کو ایک بار پڑھتے رہنا بہت ضروری ہے اور جب
ہمزاد حاضر کرنا ہو تو تین بار عمل پڑھ کر تین بار تالی بجائیں انشاء اللہ بہت
کامیاب عمل ہے۔

حاضرات برائے گرفتاری چور

طریقہ:

مندرجہ بالا سیاہ دائرہ پر نظر قائم کر کے مندرجہ ذیل عمل سات دن
41 بار روزانہ باپرہیز پڑھیں پھر روزانہ 7 بار ورد میں رکھیں۔

عمل:

(بَا جَاہ، یَا ھُو یَا شَا تِیَا شَلِیْشَائِتْ
شَتیشَا یَتَا اَرْھِیَا اَرمِیَا یَا شَا تُون فَسْتَاھَا)

بوقت حاضرات دائرہ پر بچہ کو نظر قائم کر کر 7 بار یا گیارہ بار مندرجہ بالا
عزیمت پڑھ کر دم کریں۔ انشاء اللہ بچہ کو دائرہ میں چور کی صاف شکل نظر آئے گی۔

حاضرات برائے گرفتاری چور

(بے مثل حاضرات)

مندرجہ ذیل نقش ایک سفید کاغذ پر لکھیں۔ جہاں سیاہ نشان لگا ہے وہاں
تھوڑا سا عطر لگا دیں اور ایک نابالغ بچے کو نقش دے کر کہیں کہ سیاہ خانہ میں نظر
جما کر دیکھیں اور آپ (عامل) بچہ پر سورۃ اخلاص پڑھ پڑھ کر برابر پھونکتا
رہے۔ جب تک حاضرات کا نزول نہ ہو۔ حاضرات کرنے سے پہلے یہ عزیمت
لکھ کر بچہ کے ہاتھ میں پکڑا دیں اور کہیں اسے مضبوطی سے مٹھی میں بند کرے۔

عزیمت یہ ہے:

(یَا عِطرَ ائیْلُ بِحَق قُلْ ھُوَا اللّٰہُ اَحَدٌ یَا ھَمُوَ اکِیْلُ
بِحَق اَللّٰہُ الصَّمَدُ یَا طَا طَا ئیْلُ بِحَق لَمْ یَلِدْ وَلَمْ یُوْلَد
یَا اَجمَائِیْلُ بِحَق وَلَمْ یَکُنْ لَّہٗ، کُفُوًا اَحَدہ)

تھوڑی ہی دیر میں بچے کو چور کی شکل صاف نظر آئے گی۔ حاضرات کا
نقش یہ ہے:

یاعطرائیلؑ ۷۸۶ یاھمواکیلؑ

۲۳۵	۲۴۸		۲۴۵	۲۴۲
۲۴۲	۲۴۱		۲۳۶	۲۴۷
۲۴۰	۲۴۳		۲۴۹	۲۳۷
۲۴۹	۲۳۸		۲۳۹	۲۴۴

یاطاطائیلؑ حاضرات حاضر شو حاضر شو یااجمائیلؑ

چور کو حاضرات کے ذریعے حاضر کرنے کا طریقہ

اگر کسی کی چوری ہوئی ہو تو شک والے لوگوں کو کہو کہ اس نقش کو ہاتھ میں پکڑو اور ایمان و خدا اور رسول کو حاضر کر کے کہیں کہ میں نے چوری نہیں کی ہے جس نے چوری کی ہوگی۔ اس سے ہرگز بولا نہیں جائے گا۔ تعویذ درج ذیل ہے (تعویذ زعفران سے لکھیں)

۷۸۶

س	ر	ق	۲۰
س	و	ہ	۷
۵	چ	ت	ل
و	۳	ر	ڑ

حاضرات برائے گرفتاری چور

۷۸۶

ا	احد	طبیب	ح
وہاب	ز	ب	واجب
و	حبیب	ودود	ح
حیٔ	د	ہ	طبیب

طریقہ:

بعد نماز عشاء دو رکعت نماز نفل اس طرح ادا کرنی ہے کہ ہر بار قل ہو اللہ کے بعد 101 مرتبہ یہ اسم پڑھنا ہے۔

(یَا بَدِیۡعُ الۡعَجَائِب بِالۡخَیۡرِ یَا بَدِیۡعُ اَخۡبَرۡنِی اَخۡبَرۡنِیۡ یَاخَبِیۡرُ)

بعد نماز اس نقش کو سرہانے رکھ کر سو جائیں۔ خواب میں چور ظاہر ہو جائے گا۔ مجرب عمل ہے۔

نوٹ خصوصی:

راقم الحروف کی رائے و نیک مشورہ یہ ہے کہ اس طرح کے معاملات میں نہ پڑے تو بہتر ہے کیونکہ اس سے لوگوں کے عیب کھلتے ہیں اور پردے فاش ہوتے ہیں اور مختلف فتنوں کا اندیشہ ہوتا ہے۔ لہذا احتیاط برتیں تو بہتر ہے اور پہلو بچائیں تو افضل ہے۔

حاضرات برائے بازیابی چور ومفرور کی واپسی

(تیر بہدف)

(وَلَوارَادُوا الخُرُوجَ لَاعَدُّ وله، عُدَّةً وَّلكن كَرِهَ اللّٰهُ انبعَاثَهُمْ فَثَبَّطَهُمْ وَقِيلَ اقعُدُ مَعَ القٰعِدِينَ o)

طریقہ:

یہ آیت مبارکہ سوتی دھلے ہوئے کپڑے کے گول کٹے ہوئے چاند پر لکھیں اور جس جگہ کسی کی نظر نہ پڑے اس کو کیل سے ٹھونک دیں۔ انشاء اللہ وہ چور اور بھاگا ہوا آدمی فوراً واپس آئے گا۔ اگر چور کا اور مفرور کا نام معلوم نہ ہو تو یہ لکھیں کہ چور فوراً اللہ کے حکم سے حاضر ہو اور مفرور اللہ کے حکم سے واپس آئے۔

حاضرات خود

یاجبرائیلؑ ۷۸۶ یامیکائیلؑ

۱۱۸	۱۲۳	۱۱۶
۱۱۷	۱۱۹	۱۲۱
۱۲۲	۱۱۵	۱۲۰

یااسرافیلؑ بحق خوطیر حاضرات یاعزرائیلؑ

حاضو شو حاضر شو

طریقہ:

مندرجہ بالا نقش میں جہاں سیاہ نشان لگایا ہے وہاں تھوڑا سا عطر گلاب لگائیں اور اب آپ خود آٹھ سو چھپیس مرتبہ اسم خوطیر پڑھ کر سیاہ خانہ میں پھونکیں اور سیاہ خانہ میں آپ خود حاضرات کا مشاہدہ فرمائیں جو کچھ بھی دریافت کرنا چاہیں کر سکتے ہیں۔ انشاء اللہ ہر سوال کا جواب سو فیصد درست ملے گا دیگر اس حاضرات کو بچے پر بھی کر سکتے ہیں بچے سے جو بات پوچھیں وہ سو فیصد درست بتائے گا۔

حاضرات آبی

ذھبح
داح
اجھزط
بطی
بدوج

مندرجہ بالہ گول دائرے کے ۲۵ نقش بنائے۔

ذھ
بط

اور ذیل کے پندرہ نقش بنائے اور مندرجہ ذیل عزیمت پڑھے۔

بطرِ ذ ھجِ داحِ اجھزط بادشاہ اجھزط شھنشاہ اجھزطo

طریقہ زکوۃ:

عزیمتکو پندرہ سو بار ۲۱یوم تک پڑھے اور نقش بھی روزانہ لکھے گول دائرے والے نقش ۲۵ عدد لکھنے ہوں گے اور دوسرا نقش بھی پندرہ عدد لکھے۔ عرق گلاب وزعفران سے لکھیں بعدہ نقش دریا میں ڈال دیں۔ عمل دریا کے کنارے کرے اکیس یوم کے بعد عمل قابو آجائے گا انشاء اللہ تعالیٰ۔ ایک شیشہ کا گلاس لیں اور اس میں پانی بھریں اور عزیمت کو اکیس بار پڑھیں تمام احوال پانی میں نظر آجائے گا۔

حاضرات سفلی

ریس، سٹہ انعامی بانڈز ودیگر بین الاقوامی لاٹریاں

مندرجہ ذیل حاضرات کسی کرامت سے کم نہیں یہ الہامی حاضرات ہے اس کی جتنی بھی تعریف کی جائے کم ہے گویا یہ ایک گوہر نایاب ہے۔ اس حاضرات کی قدر و قیمت تجربہ کرنے پر معلوم ہوگی زیادہ تعریف لکھنا دانشمندی کے خلاف ہے۔ ریس، سٹہ، انعامی بانڈز کے اعمال حاصل کرنے میں لوگوں کی عمریں بیت جاتی ہیں مگر گوہر نایاب حاصل نہیں ہوتا۔ یہ حاضرات اس سلسلہ میں آپ کی دلی مراد پوری کرسکتی ہے جو بھی اس حاضرات کو کرے گا وہ اپنا دامن

خوشیوں وموتیوں سے بھرے گا۔ یاد رکھیں سچائی تجربہ کی محتاج ہوتی ہے ایک مرتبہ آزمائیں اور اپنی دلی مراد پائیں۔ جوں جوں آپ حاضرات کرتے جائیں گے اسی طرح آپ اس پر عبور حاصل کرتے چلے جائیں گے۔ ہر چیز محنت و کوشش سے حاصل ہوتی ہے یاد رکھیں حاضرات میں تجربہ وفہم وادراک کی ضرورت ہوتی ہے۔ حاضرات کرنا اور اس کو سمجھنا ہر کس وناکس کی بات نہیں اس میں تجربات سے گزرنا پڑتا ہے۔

بخور:

لوبان اور گوگل کو برابر جلاتے رہیں جب تک حاضرات کا نزول نہ ہو۔

طریقہ حاضرات:

سیاہ خانہ میں تھوا سا عطر لگائیں اور بچے کو سیاہ خانہ میں غور سے دیکھنے کو کہیں اور آپ (عامل) بچے پر ''یا قارون یا شیطان نمبر بتا'' اس وقت تک پڑھ پڑھ کر پھونکتے رہیں جب تک حاضرات نہ کھلے تھوڑی ہی دیر میں حاضرات کا نزول ہوگا جس کے ذریعے آپ سٹہ کا نمبر انعامی بانڈز کے نمبر ریس و بین الاقوامی لاٹریوں کے بارے میں سو فیصد درست معلومات حاصل کرسکتے ہیں۔ شرطیہ نمبر اور اٹل نمبر پوچھنا یہ عامل کی صوابدید پر منحصر ہوتا ہے۔ یاد رکھیں حاضرات کا علم کسی کرامت سے کم نہیں۔ اگر حاضرات سے صحیح لطف و فائدہ حاصل کرنا چاہے تو حاضرات ٹھیک دن کے بارہ بجے کرے اور اپنی دل مراد حاصل کرے۔

مندرجہ ذیل حاضرات کے نقش کو کسی بڑے کاغذ پر بنائیں۔ نقش یہ ہے۔

شیطان
قارون
فرعون
ہامان
ابوجہل
ابولہب
ابلیس تلبیس
یاجوج ماجوج
ابراہیم بلعم
ہاروت ماروت

"یاقارون یاشیطان نمبر بنا"

حاضرات ارواح

اگر کسی خاص روح سے بات کرنی ہو یا ملاقات کرنی ہو یا اپنے ماں باپ سے ملنے اور گفتگو کرنے کی خواہش ہو یا کسی ولی، نبی کو زیارت کرنا چاہتا ہو تو بعد نماز عشاء خلوت میں وضو کر کے اچھے صاف کپڑے پہنے، خوشبو لگائے اور سورۃ الشمس مع بسم اللہ اور سورۃ واللیل اور سورۃ اخلاص ہر سورۃ کو سات سات مرتبہ پڑھے پھر یہ دعا پڑھے۔

اَللّٰھُمَّ اَرِنِیْ فِیْ مَنَامِیْ رُوْحَ فُلَانٍ ۝

فلاں کی جگہ اس شخص کا نام لے جس کی روح سے ملاقات چاہتا ہو پھر کہے۔

وَاجْعَلْ لِیْ مِنْ اَمْرِیْ فَرَجًا وَّمَخْرَجًا وَّارْزُقْنِیْ فِیْ مَنَامِیْ مَا اَسْتَدِلُّ بِہٖ عَلٰی اِجَابَۃِ دَعْوَتِیْ ۝

پہلی ہی رات میں ورنہ دوسری، تیسری رات میں غرضیکہ ساتویں رات تک ضرور ملاقات ہوتی ہے۔ اللہ کے نیک بندے، عابد، زاہد، پہلی رات میں ہی زیارت کراتے ہیں۔

نقش حاضرات برائے انکشاف حال وخزانہ

۷۸۶

۴۸۴	۴۸۷	۴۹۰	۴۷۲
۴۸۹	۴۷۷	۴۸۳	۴۸۸
۴۷۸		۴۸۵	۴۸۲
۴۸۲	۴۸۱	۴۷۹	۴۹۱

طریقہ:

مندرجہ بالا آیہ مذکورہ بروز نوچندی جمعرات باپرہیز روزانہ بعد نماز عشاء 1937ء مرتبہ 21 یوم تک پڑھیں۔ زکوۃ ادا ہوجائے گی۔ پھر عمل کو ہمیشہ قابو میں رکھنے کے لئے 97 مرتبہ پابندی سے پڑھیں تاکہ عمل ہمیشہ قابو میں

رہے۔ جب بھی حاضرات کی ضرورت پیش آئے اور کسی جگہ مدفون خزانہ دیکھنا یا معلوم کرنا ہو تو کسی طفل نابالغ کو اپنے روبر بٹھا کر سیاہ خانہ میں غور سے دیکھنے کو کہیں اور عامل گیارہ مرتبہ درود شریف اور آیہ مذکور 28 مرتبہ پڑھ کر بچہ پر دم کرے۔ تھوڑی ہی دیر میں سیاہ خانہ میں حاضرات کا نزول ہوگا۔ پھر بچہ کے توسط سے تمام حال ومعلومات خزانہ ودفینہ کے بارے میں معلوم کریں۔

دیگر: جمعہ کی رات بعد از نماز عشاء باوضو ہو کر دو رکعت نماز نفل برائے استخارہ ادا کریں۔ پھر مندرجہ بالا آیت مذکورہ کو 313 بار مع اول وآخر دو سو بار درود شریف پڑھ کر اپنے بدن پر دم کریں اور نقش کو لکھ کر اپنے تکیہ کے نیچے رکھ کر سو جائیں۔ جس بارے میں معلوم کرنا ہو اس کا تصور کرتے ہوئے سو جائیں۔ انشاء اللہ پہلی ہی رات میں یا تیسری رات میں ہر بات کا حال معلوم ہو جائے گا۔ اور ہر سوال کا جواب سو فیصد سچا درست ملے گا۔

نقش حاضرات برائے انکشاف حال وخزانہ

۷۸۶

۳۳۷۴	۳۳۸۷	۳۳۸۴	۳۳۸۱
۳۳۸۵	۳۳۸۰	۳۳۷۵	۳۳۸۲
۳۳۷۹	۳۳۸۲		۳۳۷۲
۳۳۸۸	۳۳۷۷	۳۳۷۸	۳۳۸۳

طریقہ:

اس نقش مبارکہ کو باوضو 21 درود شریف پڑھ کر لکھیں اور تکئے کے نیچے رکھ کر منہ جانب قبلہ کے لیٹ جائیں اور جب تک نیند نہ آئے درود شریف پڑھتے رہیں۔ جس بارے میں معلوم کرنا ہو اس کا تصور کرتے ہوئے سو جائیں۔ اللہ کے حکم سے پہلی رات میں ہی سب احوال منکشف ہوں گے۔

(۲) باوضو پاک حالت میں یہ نقش لکھ کر بچے کو دیکھنے کو کہیں۔ بچے کو نقش میں بزرگ نظر آئیں گے۔ ان سے سلام عرض کرنے کے بعد جو چاہیں پوچھیں اللہ کے حکم سے سو فیصد درست جواب ملے گا۔

اگر حاضر کرنا ہو محبوب کو

48۔ اگر حاضر کرنا ہو محبوب کو تو اس کے لیے اول و آخر 11,11 مرتبہ درود نور پڑھیں اور تھوڑی سی شکر پر یہ آیت 1291 مرتبہ پڑھیں۔ آیت یہ ہے۔ **(وَاِنَّهٗ لِحُبِّ الْخَيْرِ لَشَدِيْدٌ (حجرات ۱۰)** اب اس شکر کے تین حصے کریں اور ساعت زہرہ میں چیونٹیوں کے بل کے پاس ایک حصہ ڈال دیں۔ دوسرے دن دوسرا حصہ ساعت زہرہ میں اور اسی طرح تیسرا حصہ چیونٹیوں کے بل میں ڈال دیں پھر خدا کی قدرت کا تماشہ دیکھیں کہ کس طرح محبوب بے چین ہو کر حاضر ہوگا۔ صرف جائز صورت میں یہ عمل کریں۔ عمل پڑھتے وقت یہ خیال رہے کہ محبو آپ کے پاس بے چین ہو کر آ رہا ہے۔ مجرب ہے۔

49۔ عمل کسی بھی شخص کو حاضر کرنے کے لیے: ساعت زہرہ میں جمعہ کے دن جب سورج طلوع ہو رہا ہو 120 دانے کالی مرچ کے لیں اور بخور لوبان کا روشن کریں۔ اب اپنے گرد حصار آیت الکرسی کا کر کے اور تصور محبوب کا کریں۔ ایک ایک دانہ کالی مرچ پر یہ پڑھ کر ڈالتے جائیں (**یَابَدُوحَائِیلُ بَاکَمسفَائِیلُ یَارَتخَضَائِیلُ اَن تَخضَاحَاجَتِی کُن فَیکُون**) یعنی 120 مرتبہ پڑھنا ہوگا۔ انشاءاللہ محبوب وقت فاصلہ طے کر کے پہنچے گا۔ مجرب المجرب ہے۔

حاضرات سورہ نوح کا تین روزہ عمل

حاضرات کا یہ نایاب عمل حضرت خواجہ غریب نواز قطب جیلانی سے منسوب ہے اور تین جمعرات تک اس عمل کو کرنا ہے۔ عمل کے اختتام پر مراقبہ کرنا ہے۔ انشاء اللہ تین جمعرات تک حاضرات کھل جائے گی۔ اس عمل کے لئے سب سے پہلے کسی ایسے کمرے یا جگہ کا انتخاب کریں جہاں پر مکمل تنہائی ہو اور آس پاس کسی قسم کا شور وغل نہ ہو یعنی مکمل تنہائی اور سکون ہو۔ اپنے ذہن سے تمام دنیاوی خیالات ترک کر دیں۔ عمل کے دوران کسی طرح کا بھی خیال نہ آنے پائے۔

نوچندی جمعرات کو بعد از نماز عشاء سورہ نوح کو سات مرتبہ پڑھیں اور اکیس مرتبہ اول وآخر درود شریف پڑھیں۔ اس کے بعد نادعلی صغیر کو ایک سو گیارہ مرتبہ پڑھیں۔ اول وآخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھیں۔ جب عمل ختم ہو تو اس کے بعد اپنی آنکھیں بند کر کے پندرہ منٹ تک مراقبہ کریں (مراقبہ کا طریقہ

کتاب میں وضاحت سے لکھ دیا گیا ہے دیکھو روحانی قوتیں بڑھانے کے اعمال اور طریقے عمل نمبر 9) اور تصور بزرگوں کا کریں کہ سامنے کھڑے ہیں۔ اس طرح لگاتار اس عمل کو تین جمعرات تک کریں۔ میں یقین دلاتا ہوں کہ اگر عامل کے اندر باطنی قوتیں موجود ہوں گی تو انشاءاللہ تعالیٰ تین جمعرات تک حاضرات کھل جائے گی لیکن عمل کے دوران مکمل تصور اور یکسوئی کا ہونا اشد ضروری ہے۔

یاد رہے کہ حاضرات کھلنے پر جو بزرگ آپ کو نظر آئیں گے وہ حضرت شیخ عبد القادر جیلانی کے مریدوں میں سے ہوں گے۔ اگر خدانخواستہ تین جمعرات تک حاضرات نہ کھلے تو عمل کو مت چھوڑیں اس کو جاری رکھیں جس روز خدا کا حکم ہوگا آپ کی آنکھوں کے سامنے سب کچھ ظاہر ہو جائے گا۔ یقین عامل اور پختہ ہونا نہایت ضروری ہے۔

ہدایات:

اس عمل کے لئے پرسکون ہونا اور لباس آرام دہ ہو۔ جب عمل کا اختتام ہو تو دوزانوں یا چوکڑی مار کر بیٹھ جائیں اور مراقبہ کریں۔ سورہ نوح اور نادعلی کو اچھی طرح یاد کرلیں اور زیر زبر درست کر کے پڑھیں تاکہ غلطی کا امکان نہ رہے۔ (نادعلی پہلے لکھ دی گئی ہے)

حاضرات

عَزَّمْتُ عَلَیْکُمْ یَامَعْشَرَ الْجِنِّ وَالْاِنْسِ وَالْاَرْوَاحِ بِحَق حَضرت سُلَیمَان بِن دَائو عَلَیهِ السَّلَامُ حَضرُو اَحضَرُو

اُحضَرُو یااَقوامِ حاضرات وَ جناتِ حاضر شو بِحق یَا حیُّ یا قَیُّومُ بِرَحمَتِكَ یَا اَرحَمَ الرَّاحِمِین ٥

طریقہ:

ایک چینی کے پیالے میں سیاہی ڈال کر گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھیں اس کے بعد ایک سو ایک بار مندرجہ بالا عمل پڑھیں اکیس یوم تک پڑھیں۔ جس دن سیاہی میں موکل نظر آئیں سمجھو عمل کامیاب ہوگیا۔ پھر سلام کریں اور جو بات پوچھنی ہو دریافت کریں سو فیصد درست جواب ملے گا۔

حاضرات بڑوں اور چھوٹوں پر یکساں کارآمد

عَزَمتُ عَلَیکُم وَاَقسَمتُ عَلَیکُم ابیضْ بِحُرمَتِ یَاجِبرَائیلُ بِحَق یَا جَلِیلُ یَا جَبَّارُ اَحضَرُو اُحضَرُو اُحضَرُو۔

طریقہ: جلالی و جمالی پرہیز لازمی ہے۔ عمل کے لئے ایک مخصوص لباس معطر شدہ استعمال میں لائیں۔ کھانا اپنے ہی ہاتھ سے پکا کر کھائیں بازار کا کھانا قطعاً منع ہے۔ تنہائی اور یکسوئی ضروری ہے۔ اگر دوران پڑھائی کوئی شکل نظر آئے تو ڈرنے کی ضرورت نہیں ہے یہ ایک مصنوعی ڈر ہوگا۔ مچھلی، گوشت، انڈا، کچی پیاز، پودینہ دھنیا وغیرہ منع ہے۔ تمباکو نوشی سے بھی پرہیز کریں۔

ایام چلہ کشی =40 دن روازنہ پڑھنے کی تعداد یا جبار 204 اور یا جلیل کی تعداد 73+206=279 یا اپنے نام کے جتنے بھی اعداد ہوں جمع کر کے

روزانہ اسی تعداد سے پڑھا کریں۔ کسی بھی نوچندی دن سے عمل شروع کریں۔ چالیس یوم کے بعد بڑوں اور چھوٹوں پر حاضرات کریں صرف عمل کو گیارہ مرتبہ پڑھ کر دم کریں حاضرات کا نزول ہوجائے گا جس سے آپ ہر بات کا سوال سو فیصد درست معلوم کر سکتے ہیں۔

حاضرات بڑوں اور چھوٹوں پر یکساں کارآمد

سورۃ الجاثیہ (سپارہ ۲۵) **وَیلٌ لِّکُلِّ** سے **عَذابٌ عَظِیم** تک روزانہ ایک ہزار بار اکیس یوم تک پرہیز جلالی و جمالی کیساتھ پڑھیں۔ جب کبھی حاضرات کی ضرورت پیش آئے پہلے گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھیں اور مذکورہ بالا عمل کو صرف تین مرتبہ پڑھ کر معمول پر دم کریں۔ تھوڑی ہی دیر میں تمام احوال ٹی۔وی کی طرح نظر آئیگا۔ یہ حاضرات آئینہ میں بھی کر سکتے ہیں غرض حاضرات ہر جگہ کام دے گی۔

نظر سے دشمن کی اوجھل ہونا

اول و آخر درود شریف 11 مرتبہ پڑھیں اور ایک بار سورۃ الفاتحہ اب آیت الکرسی 20 مرتبہ پڑھ کر اپنے سامنے کی طرف پھونک دیں پھر 20 مرتبہ آیت الکرسی پڑھ کر اپنی داہنی طرف پھونک دیں۔ اس کے بعد 20 مرتبہ آیت الکرسی پڑھ کر اپنے بائیں طرف پھونک دیں۔ اس کے بعد مزید 20 مرتبہ آیت الکرسی پڑھ کر اپنے عقب میں گردن پھیر کر پھونک دیں اور گھر سے داہنا قدم نکال کر باہر آجائیں۔ اب خدا کے فضل سے اگر دشمن کا ہزاروں کا لشکر بھی ہوگا

توان کے درمیان سے بالا خوف وخطر گزر کر نکل جائیں گے۔ اللہ کے حکم سے تمام لشکر کے لوگ اندھے ہو جائیں گے۔ اور آپ انہیں بالکل نظر نہ آئیں گے اور آرام سے نکل جائیں گے۔ اگر خطرہ ہو کہ دشمن گھر میں داخل ہو کر تلاش کرے گا تو مندرجہ بالا عمل کر کے گھر میں اطمینان سے بیٹھ رہیں۔ دشمن کے گھر میں داخل ہونے پر بھی انشاءاللہ ان کی نظر سے اوجھل رہیں گے اور بال تک بیکا نہیں ہوگا۔ مجرب ہے۔

اگر معلوم کرنا ہو کہ غائب زندہ ہے یا انتقال کر گیا ہے کسی ویران کنویں پر عصر اور مغرب کے درمیان چلے جائیں اور 31 مرتبہ سورۃ البقرہ کے یہ آیت اول وآخر درود شریف 11 مرتبہ کے ساتھ پڑھیں۔ **وَ اِلٰهُكُمْ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَا لرحمنِ الرحیم۔** بعد 31 مرتبہ پڑھنے کے کنویں پر منہ رکھ کر اندر جھانکیں۔ اگر زندہ ہوگا تو ہنسنے کی بے تحاشہ آواز آئے گی۔ اگر غائب کا انتقال ہو چکا ہوگا تو رونے کی آوازیں سنائی دیں گی۔ بہت بہترین عمل ہے۔ سورۃ البقرہ کی اس آیت کو پہلے خوب حفظ کر لیا جائے تو بہت بہتر ہے۔

حاضرات

یَاعَلِیُّ یَاعَظِیمُ یَاحَلِیمُ یَاعَلِیمُ اَنْتَ رَبِّی وَعِلمِكَ حَسْبِی فَانَعِیمُ رَبَّ رَبِّی وَاَنْتَ الْعَزِیزُ الرَّحِیمُ٥

طریقہ: روزانہ ایک ہزار دوبار گیارہ یوم جلال وجمالی پرہیز کے ساتھ پڑھیں۔ موکل انسانی شکل میں سامنے حاضر ہوگا قول وقرار کر کے آئندہ آنے کا

پوچھیں۔ اس عمل میں مختلف شکلیں نظر آئیں گی گھبرانے وڈرنے کی ضرورت نہیں ہے۔ اگر دل کا کمزور ہو تو چاروں طرف سے اپنا حصار کریں اور چاروں قل تین تین بار اور آیت الکرسی سات بار پڑھ کر چاروں طرف دم کریں۔

طلسماتی حاضرات

طعسلحلع علسلطع غلفحح

طریقہ:

مندرجہ بالا طلسماتی طلسم کو فتیلہ بنا کر اور اس پر روئی لپیٹ کر ایک کورے چراغ میں تارامیرا کا تیل ڈال کر روشن کریں اور کسی نابالغ بچہ / بچی کو چراغ کی لو پر نظر رکھنے کو کہیں کہ چراغ کی لو کو بغور دیکھتا رہے۔ تھوڑی ہی دیر میں ایک بزرگ نظر آئیں گے۔ عامل بچے پر درود شریف وسورۃ اخلاص پڑھ کر برابر پھونکتا رہے۔ جب بزرگ نظر آئیں تو عامل بچے سے سلام کہلوائے اور اپنا مدعا بیان کرے جو بھی مقصد ہوگا۔ مثلاً بیماری چوری، گمشدہ کا پوچھنا وغیرہ، وغیرہ انشاءاللہ ہر سوال کا جواب سو فیصد درست ملے گا۔

عمل حاضرات

اگر نر گرگٹ کو عین زوال کے وقت مارا جائے اس طرح کہ خون کا ایک قطرہ بھی نہ نکلے اور دن بدھ کا ہو۔ عروج ماہ ہو۔ اب آپ گرگٹ کا پیٹ چاک کریں اس میں سے ایک پتھر نکلے گا۔ اس پتھر کو سات مرتبہ پانی سے دھو کر چاندی کی انگوٹھی میں نگینہ کی جگہ جڑوالیں۔ اب جب بھی کوئی کام کی بات معلوم

کرنا ہو اور کوئی بھی امر میں ناکامی ہو اس انگوٹھی کو اتار کر اور مقصد ایک کاغذ پر لکھ کر کاغذ میں انگوٹھی کو رکھ دیں اور اسے سرہانے رکھیں۔ شب کو داہنی کروٹ سو جائیں۔ ایک بزرگ باریش آپ کو خواب میں مسئلہ کا حل تفصیل سے بتائے گا۔ مجرب ہے۔ پرہیزگاری شرط ہے۔

حاضرات

اگر کنیر سفید، کنیر سرخ لے کر اس پر یہ اسماء 321 بار صرف 2 یوم پڑھیں۔ مخلوق غیبی دوست ہو جاتی ہے۔ اسماء یہ ہیں۔ **بَرنَا ھُمَا ٹکتا طحَا**، جو بات بھی دیکھیں راز رکھیں۔ ظاہر کسی پر نہ کریں۔

حاضرات بابا نانک

بابا نانک بڑے کام کے گرو تھے۔ اب بھی ان کی حاضرات ہوتی ہے۔ ہر چیز کی حاضرات میں کام بہت اچھے کریں گے۔ ان کے حاضرات عجیب شے ہے:۔

ترکیب:

کچھ یوں ہے: اونگی کی سوکھی لکڑی لے کر اس پر روئی لپیٹ کر بتی بنا کر گھر کے چراغ میں جلاویں اور نو، دس سال کا لڑکا یا لڑکی نہلا دھلا کر پاک کپڑے پہنا کر اس جوت میں (لاٹ) جو بنی ہوئی ہے اس میں دیکھتے رہنے کو کہیں۔ اس میں بابا گرونانک سفید پگڑی باندھے ماتھے پر ٹیکہ لگاء سفید داڑھی اور مونچھ کے ساتھ حاضر ہوں گے۔ ساتھ میں مچھلیوں کا راجہ بھی ہوگا۔ آپ

(عامل) معرفت اس لڑکی اور لڑکے کے مطلب بیان کرے گا۔ اور بابا گرونانک مچھلیوں کے راجہ کو حکم دیں گے۔ اور وہ اپنے نوکروں سے ہر کام کروائے گا۔

عمل حب

عمل حب کا ۔۔۔۔۔۔۔ جو کوئی یہ چاہے کہ کسی شخص کو اپنی طرف رجوع کروں تو یہ نام اصحاب کہف کے لکھے اور نیچے آخر میں ''الحب فلاں بن فلاں علی الحب فلاں بن فلاں''، یعنی فلاں کی جگہ پر نام طالب کا اور بن فلاں کی جگہ پر نام اس کی ماں کا لکھے او اپنا نام اور ماں کا نام درج کریں مرد مطلوب ہے اور عورت طالب ہے تو بائیں بازو پر عورت باندھے اور اگر عورت مطلوب ہے اور مرد طالب ہے تو مرد اپنے داہنے بازو پر باندھے۔ عزیمت اصحاب کہف کی یہ ہے۔

(اِلٰھِی بِحُرمَتِ یَملِخَا مکسلمینا کشفوط تبیونس کشافط یونس اذا رفت یونس لوانس بوس و کلیم قطمیر عَلَی اللّٰہ قَصدُ السَّبِیل وَمِنھَا جَآئر ۔ وَلَوشاء لھدا کم اَجمَعِین)

زعفران سے صاف اور خوش خط لکھیں اور یہ عزیمت روزانہ 7 مرتبہ پڑھ لیا کریں۔ مجرب ہے۔ محبوب حاضر ہوگا۔

حاضرات چہل کاف (آزمودہ است)

طریقہ:

ماہ رمضان شریف کے آخری عشرہ ۲۱ سے ۲۹ یا ۳۰ تک اول و آخر ۱۱/۱۱ بار درود شریف پانچ سو بار چہل کاف باوضو پرہیز جلالی و جمالی کے ساتھ پڑھیں۔ جن حاضر ہوگا ڈر وخوف کھانے کی ضرورت نہیں۔ انشاء اللہ ہر جائز کام بخوشی سرانجام دے گا چہل کاف یہ ہے۔

كَغَاكَ رَبُّكَ كَمْ يَكْفِيكَ وَكِفْتَهُ كِفْكَا فَهَا كَكَمِينٍ كَانَ مِنْ كَلْكًا تَكَرُّ كَرًّا كَكَرًّا الْكَرْفِي كَبَدٍ تَحْكِي مَشْكَشَكَهُ كَلْكَلِكَ كَلْكًا كَفَاكَ مَابِي كَفَاكَ الْكَافُ كُرْبَتَهُ، يَاكَوْ كَبٌ كُنْتُ تَحْكِي كَوْكَبُ الْفَلَكِ ○

حاضرات درود نوری

يَانُورُ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ نُّورِ الْاَنْوَارِ وَسِرِّ الْاَسْرَارِ وَسَيِّدِ الْاَبْرَارِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهِ الْمُنَوَّرِيْنَ وَبَارِكْ وَسَلِّمْ اَللّٰهُمَّ نوربها سِرِّی وَسَرِيْرَتِی وَبَصَرِی وَبَصِيْرَتِی وَدنيَا وَاَهلِی وَعِيَالِیْ اِلٰى يَومِ القِيٰمَةِ ○

طریقہ:

کسی صاف ستھرے بچہ / بچی کو بٹھا کر اس کے دائیں انگوٹھے پر ذرا سا کاجل لگائیں اور اس پر تھوڑا سا عطر گلاب لگائیں اور بچے کو اس میں غور سے دیکھنے کو کہیں۔

حاضرات آبی کا ایک روزہ عمل

کسی بھی چاند کی چودہ تاریخ کو کسی چلتی نہر یا دریا کے کنارے ان کا کلمات کو سات سو چھیاسی مرتبہ باوضو پڑھے۔ عامل کے لئے ضروری ہے کہ اس دن روزہ رکھے۔ سحری و افطاری دودھ کی کھیر سے کرے۔ روزہ افطار کرنے سے لے کر عمل کرنے تک کسی سے بات نہ کرے۔ دوران عمل دونوں پاؤں پانی میں ڈبو رکھے۔ جب بھی ضرورت محسوس ہو تو کسی پاک چیز پر پاک سیاہی سے چھوٹا سا دائرہ بنائیں اور اس میں لفظ "منیم" تحریر کریں اور کسی دس بارہ سال کے بچے کو باوضو قبلہ رخ بٹھا کر اس دائرے میں دیکھنے کا حکم کریں اور خود عمل کی عبارت پڑھنا شروع کر دیں۔ بچے کو اس میں روشنی نظر آئے گی جو آہستہ آہستہ بڑھنی شروع ہو جائے گی۔ اس کے بعد سوال جواب کا سلسلہ شروع کریں۔ صحیح اور سچی خبریں ملیں گی اور حالات کا عمل ہوگا۔ عمل یہ ہے۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

عَزَمْتُ عَلَيْكُمْ يَا مَعْشَرَ الرومانليون ان تنزل بحق حمعسق

برائے حفاظت جنات

نقش مربع دفع آسیب وجمیع حاجات دعائے سیفی

۷۸۶

۱۲۸۵۹۸	۱۲۸۶۱۲	۱۲۸۶۰۹	۱۲۸۶۰۲
۱۲۸۶۱۰	۱۲۸۶۰۵	۱۲۸۵۹۹	۱۲۸۶۱۱
۱۲۸۶۰۴	۱۲۸۶۰۷	۱۲۸۲۱۴	۱۲۸۶۰۰
۱۲۸۶۱۳	۱۲۸۶۰۱	۱۲۸۶۰۳	۱۲۸۶۰۸

وفق ۵۱۴۴۲۵

حاضرات

۷۸۶

نور ۹۲
اللہ ۹۲
۹۲
۹۲
۹۲
۹۲
۹۲
۹۲
۹۲
۹۲
۹۲
۹۲
والارض ۹۲
السموات ۹۲

طریقہ:

سب سے پہلے دو اگربتی سلگائیں پھر سیاہ دائرے میں بچے کو غور سے دیکھنے کے لیے کہیں۔

خواب میں روحانی مخلوق سے ملاقات

ان کلمات مبارکہ کو پانچ سو پانچ بار 28 روز تک پڑھیں۔ پڑھتے وقت کسی سے بات نہ کریں۔ روزانہ پڑھائی کے بعد بات کئے بغیر سو جائیں۔ جب بھی کسی چیز کے متعلق ضرورت محسوس ہو تو اس عمل کو سونے سے پہلے صرف پانچ بار پڑھیں۔ خواب میں روحانی مخلوق سے ملاقات ہوگی جو آپ کو سیر کرایا کرے گی اور مخفی باتوں سے مطلع کرے گی۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

یاخدام حرف الباء حاضر شوبحق با

حاضرات نادعلیؑ

طریقہ:

نادعلیؑ کو نوچندی جمعرات سے پڑھنا شروع کریں۔ ایک سو ایک مرتبہ اکیس دن تک پڑھیں۔ اول و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھیں۔ اب آپ نادعلیؑ کے عامل ہو جائیں گے۔ جب کبھی بھی ضرورت پیش آئے عامل اگر بتی سلگائے اور دس یا بارہ سال کے بچے کے دائیں انگوٹھے پر سیاہی سے یا علیؑ

مدد لکھے اور بچے کو ناخن میں دیکھنے کا کہے او خود عامل بچے کی چھنگلی پکڑ کر نادعلیؑ برابر پڑھتا رہے اور بچے پر گیارہ مرتبہ نادعلیؑ پڑھ کر پھونکے۔ تھوڑی ہی دیر میں حاضرات کا نزول ہو جائے گا۔ جس سے آپ ہر مسئلے کے بارے میں معلومات حاصل کر سکتے ہیں مثلاً چوری، گمشدہ شخص کا معلوم کرنا، بیماری یا سحر، امتحان کے نتائج معلوم کرنا، غرض ہر وہ کام جو نیکی پر مشتمل ہو۔ ناجائز سے نقصان اٹھائے گا۔ حاضرات کی ابتدا پہلے بچے سے کریں اس کے بعد آپ بڑوں پر بھی کر سکتے ہیں۔ عامل بننے کے بعد روزانہ نادعلیؑ طاق اعداد میں برابر بڑھتے رہیں تاکہ عمل قابو میں رہے ورنہ ضائع ہو جائیگا یہ عمل احقر کا آزمودہ ہے۔

یارحیم جماله یا احمد یاوکیل

طریقہ:

مندرجہ بالا عزیمت کو نوچندی جمعرات سے شروع کریں اور 1250 مرتبہ اکیس دن تک پڑھیں۔ اول و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھیں اور جب بھی ضرورت پڑے تو بچے کے انگوٹھے پر سیاہی لگا کر بچے کو اس پر دیکھنے کا حکم دیں اور مندرجہ بالا عزیمت عامل برابر پڑھتا رہے۔ تھوڑی ہی دیر میں حاضرات کا نزول ہو جائے گا آپ سوال کر سکتے ہیں۔ اس عمل کا فائدہ یہ ہے کہ عامل خود اپنے ہاتھ پر یا مرغی کے انڈے پر بھی کر سکتا ہے سب حالات فلم کی طرح نظر آئیں گے۔

حاضرات درود تاج

نوچندی جمعرات سے درود تاج کو 170 مرتبہ گیارہ دن تک پڑھیں یہ عمل صحن میں پڑھیں۔ اس کے بعد تین دن عشاء کی نماز کے بعد اکتالیس مرتبہ اور فجر کی نماز کے بعد سات مرتبہ پڑھیں۔ اس کے بعد تین مرتبہ درود تاج کا ورد کریں۔ عمل کے دوران حضورؐ اور چاروں خلفاء کا دیدار ہو جاتا ہے اس عمل کو ہتھیلی پر سیاہی لگا کر اس کی طرف دیکھ کر کریں۔ جب حاضرات کھل جائے تو عامل موکل سے کہے کہ کسی ولی اللہ کی قبر یا مزار پر لے جائے اور آپ صاحب قبر سے اپنی مشکلات کا حل پوچھیں۔

عمل حاضرات

بسم الله الرحمن الرحيم

عزمت عليكم يا شاه، بكتا نوش يا معشر الجن فتحناك لسا السا بلسا تلسا تلسا كلهلا سخيا سخيا نيا شريا شر يا بحق سليمان بن داود عليه السلام ٥

یہ عمل بعد از نماز عشاء 3 دن متواتر روزانہ ایک ہزار مرتبہ پڑھیں، اس کے بعد سات یوم 100 مرتبہ پڑھیں، یہ عمل حاضرات دوران سفر مجھے ایک ترک باشندہ نے عطا فرمایا تھا۔ اور ساتھ ہی یہ کہا تھا کہ یہ ایک سینے کا راز ہے۔ جسے میں تمہیں بخش رہا ہوں۔ عمل کرنے پر اس کی قدر خوبیاں معلوم ہوں گی۔ عمل کیا تجربہ کی کسوٹی پر پورا اترا۔ میری طرف سے عام اجازت ہے۔

عمل حاضرات

یہ عمل بعد از نماز عشاء کریں۔ بسم اللہ الرحمن الرحیم کو 786 مرتبہ بہ نیت حاضرات 21 دن پڑھیں اور ساتھ ہی ستر مرتبہ آیت کریمہ کا ورد کریں۔ 21 دن میں چلہ پورا ہوگا۔ عمل پورا ہونے کے بعد صرف 121 مرتبہ بسم اللہ اور 70 مرتبہ آیت کریمہ پڑھ کر حاضرات کریں۔ حاضرات انڈہ اور ناخن پر بھی کرسکتے ہیں انشاء اللہ ہر جائز مقصد پورا ہوگا۔

حاضرات بذریعہ ہمزاد

ایک پاکیزہ صاف ستھرے شیشہ میں جس روح سے ملاقات کرنا ہوا سے دل میں لائے۔ آئینہ میں اپنا تصور باندھ کر آنکھوں میں اس کی جگہ نگاہ جمادے اور آئینہ میں نظر آتے ہوئے تصور سے کہا جائے کہ فوراً اس سوال کا جواب دیا جائے۔

عامل عمل کرتے وقت باوضو اور صاف ستھرا ہو کمرہ پاکیزہ ہو اور معطر ہو، کمرہ میں اس کے علاوہ اور کوئی دوسرا نہ ہو دیگر عامل کی قوت ارادی ویکسوئی ہونا لازمی ہے۔ عامل عمل کرتے وقت منہ قطب کی طرف کرے، جب تک عمل میں کامیاب نہ ہو جائے اس وقت تک عمل روزانہ برابر کرتا رہے۔ مایوس نہ ہوں۔ عمل یہ ہے۔

خبرنی خبرنا

5 سو مرتبہ پڑھنا ہے۔

حاضرات کی جادوئی انگوٹھی

چاندی، سونا، تانبہ، پیتل ان چاروں دھاتوں کو ملا کر ایک انگوٹھی بنوائیں۔ نگینہ والی جگہ ذرا کشادہ ہو۔ اب سنگ مقناطیس ایک ماشہ لے کر باریک پیس لیں۔ 6 رتی سرمہ خالص اور 6 رتی چپڑا لاکھ اس میں ملادے جب تمام اشیاء یک جان ہو جائیں تو نگینہ کی جگہ اس مصالحہ کو بھر دو اور اس کی سطح کو خوب چکنا کردو۔ مصالحہ بھرنے اور چکنا کرنے کے بعد آگ پر سینک سکتے ہیں۔ بس حاضرات کی جادوئی انگوٹھی تیار ہے۔

بوقت ضرورت کوئی خوشبودار تیل یا عمدہ عطر اس کی سطح پر مل کر بچہ یا بچی کو دکھائیں اس تمام عمل میں یہ خیال رہے کہ انگوٹھی پر لوہا نہ لگے۔ اگر لوہا لگ جائے تو انگوٹھی کام نہ دے گی۔ لہذا انگوٹھی بنوانے کے بعد اسے لوہے سے دور رکھیں۔

اس جادوئی انگوٹی سے آپ ہر قسم کے سوال کے جواب سو فیصد درست معلوم کرسکتے ہیں۔ یہ انگوٹھی چھوٹوں بڑوں پر کام دے گی۔

حاضرات ہمزاد

اس نقش کو اتنے بڑے کاغذ پر لکھا جائے کہ کاغذ چارپائی کے پائے سے باہر نہ جائے۔ عمل ہمزاد اور یہ طلسم پائے کے تلے رہے۔ بعد نماز صبح یا بعد نماز عصر اس نقش کی چار نقلیں تیار کریں جس دن عمل کرنا ہو دودھ چاول کھیر سے روزہ

رکھیں اور اسی چیز سے شام کو روزہ افطار کریں اس کے علاوہ کوئی اور چیز کھانے کی اجازت نہیں بعد نماز عشاء سوتے وقت تنہائی میں یہ عمل کریں۔

کمرہ صاف ستھرا ہو چارپائی صاف ستھری پاک وصاف بستر اور لباس پاک وصاف ہو اگر بتیاں جلالیں کمرے میں کسی دوسرے شخص کا گذر نہ ہو۔ منہ شمال مغرب کی طرف کر کے درج ذیل عبارت ایک سو ایک 101 مرتبہ پڑھیں۔

اے میرے ہمزاد اے میرے ساتھی اے میرے مہربان میری مشکل میں حاضر ہو اور میرا کام کر اگر تو نہ کرے گا تو قیامت کے دن تیرا دامن گیر رہوں گا۔

۷۸۶

۱۸۶۰	۱۸۶۳	۱۸۲۷	۱۸۵۳
۱۸۶۶	۱۸۵۴	۱۸۵۹	۱۸۲۴
۱۸۵۵	۱۸۶۹	۱۸۶۱	۱۸۵۸
۱۸۶۴	۱۸۵۷	۱۸۵۶	۱۸۶۸

اپنی چارپائی پر گل سرخ تازے چار پانچ جو مل سکیں رکھ لیں مٹی کے تیل کا لیمپ یا چراغ ہرگز نہ جلائیں بجلی یا سرسوں کا تیل جلائیں یا اندھیرا ہو۔ اکثر تسبیح پوری نہیں ہوتی کہ ہمزاد حاضر ہو جاتا ہے مگر آپ تسبیح کو پورا کریں۔ اگر تسبیح کے پورا ہونے سے پہلے حاضر ہو گیا ہے تو اس کو اشارے سے بٹھاؤ۔ مگر بات نہ کرو اگر بولنا پڑ جائے تو تسبیح کا دانہ پکڑے رہو اور بات کا جواب دو تم اپنی

طرف سے کوئی سوال نہ کرو۔ جب تک تسبیح پوری نہ ہو۔ اس کے ساتھ کوئی بات نہ کرو۔ اور تسبیح کے پورا ہونے پر اس سے بات کرو اگر وہ ٹھیک طور پر جواب دے تو بہتر ورنہ اسے کہہ دو کہ صحیح جواب دو ورنہ روز قیامت دامن گیر ہوں گا وہ سر سے پاؤں تک لرز جائے گا۔ اور فوراً جواب دے گا۔ اگر تسبیح پوری کر لی ہے اور ہمزاد حاضر نہ ہو تو اسی چارپائی پر سو جاؤ۔ وہ آکر آپ کو بیدار کرے گا پھر بیٹھ کر معلوم کرو جو چاہو سو اس سے پوچھ سکتے ہیں۔

احتیاط

اگر وہ آپ کی ہم شکل آئے تو ٹھیک ہے بات کریں جواب حاصل کریں۔ اگر وہ آپکی ہم شکل نہ ہو فوراً کہہ دیں کہ انسان بنو ورنہ قیامت کے روز دامن گیر ہوں گا۔ وہ انسانی شکل ہو جائے گا۔ بعض وقت بھوت۔ جن۔ ڈائن یا سانپ کی شکل میں حاضر ہو جاتے ہیں اس لئے یہ کہنا کہ انسان بن کر آؤ ورنہ قیامت کے روز دامن گیر ہوں گا۔ صبح اٹھ کر بعد فراغت نماز چارپائی کے پاؤں سے چاروں نقش نکال لیں جب بھی بلانا ہو پھر اسی طرح بلالیں۔ عمل پڑھنے سے پہلے کسی شرینی پر نیاز معرفت غوث پاک دلا دیں اور دعا مانگیں کہ یہ میرا عمل آپ کے طفیل پورا ہو اس شرینی کو صبح بچوں میں تقسیم کر دیں۔ چاند دیکھنے پر چاند کی 13 تاریخ تک کسی رات عمل کر سکتے ہیں۔ ایک بار کر کے پھر خواہ چاند کی 14 ہو یا 29 ہو یہ آپ کی مرضی پر منحصر ہے۔

حاضرات سفلی

کاغذ کے چار پرزوں پر یہ عبارت لکھا کرو۔فرعون۔قارون۔ہامان۔ابرہم شیطان۔نمرود۔شداد۔ابلیس۔ابوجہل

لکھ کر سوتے وقت ایک ایک پرزہ اپنی چارپائی کے پائے تلے رکھ لیا کرو اور صبح ان پرچوں کو جلا دیا کرو۔پرزے لکھتے اور جلاتے وقت کسی سے بات نہ کیا کرو۔چند روز میں سوتے میں ہمزاد سے باتیں ہونا شروع ہو جائیں گی۔یہ ہمزاد ہر قسم کی خبریں دے گا۔جب کسی بات کی خبر لینی ہو تو ان ناموں کے ساتھ اپنا مطلب بھی لکھو چارپائی کے تلے رکھ دو درات کو جواب سو 100 فیصد صحیح اور مکمل ملے گا۔

موکلات کی حاضری کا عمل

دنیا میں عملیات کا سرتاج عمل ہے اور مجرب و آزمودہ ہے۔

طریقہ:

اول اس کی زکوۃ ادا کرے۔زکوۃ کے ادا کرنے سے چور، دشمن یا جس سے کام لینا ہو اس سے موکلات کے ذریعے باآسانی کام لیا جاسکتا ہے۔یہ عمل بغیر زکوۃ کے بھی کام کرتا ہے اجازتی عمل ہے۔لہذا تمام قارئین کو اجازت ہے۔اگر روحانیت کامل ہے تو پھر بلا زکوۃ صاف اور کھلی حاضری ہوتی ہے۔مہینہ کی پہلی بدھ فجر کی نماز کے بعد سورۃ حشر ایک بار پھر لایستوی اصحب النار سے تا آخر سورۃ ایک بار پھر سورۃ حشر کی آخری آیت تین بار یعنی اول سالم سورۃ ایک

بار پڑھ کر تلاوت کرلیں پھر آخری رکوع لایستوی سے آخر تک ایک بار پڑھ لیں پھر تین بار ہواللہ الذی لا الہ سے الحکیم تک پڑھ لیں اسی طرح مغرب کی نماز کے بعد بھی پڑھ لیا کریں پورے چالیس دن مکمل کرلیں۔اکتالیسویں دن مساکین کو کچھ حسب توفیق کھانا کھلادیں۔

اب زکوۃ مکمل ہوگئی اس کے تین موکل آپ کے خادم و تابع رہیں گے اور وہی سارا کام کریں گے۔یہ موکلوں کے بادشاہ ہیں آپ ہر کام کرا سکتے ہیں۔

اس عمل کو قابو میں رکھنے کے لئے صبح کی نماز کے بعد تین بار اعوذ باللہ اور ایک بار بسم اللہ پڑھ کر آیات تین بار پڑھیں اور اسی طرح نماز مغرب کے بعد پڑھ لیا کریں۔پھر جب حاضرات کرنی ہو تو کسی 12 سال سے کم عمر کے لڑکے یا لڑکی کو جو صاف ستھرے ہوں اپنے سامنے بٹھا کر ایک کاغذ پر گول سیاہ دائرہ بنا کر گول شیشہ پر لگا کر بچے کے ہاتھ میں دیں اور درج ذیل عمل پڑھنا شروع کردیں۔دائرہ روپیہ کے برابر گول ہو۔

لا یستوی احصب النار و اصحب الجنة سے ہوا لرحمٰن الرحیم تک پڑھ کر **هو الا سامة سر نا هو يا كريم** (لفظ یا کریم) کو چھ بار پڑھے۔

یہ آیت پڑھ کر بچے کے سر پر دم کریں، حاضری ہو جائے گی پہلے اس گول دائرہ میں جھاڑو والا آئے گا اس سے جھاڑو لگانے کے لئے کہیں وہ جھاڑو دے گا پھر اس سے کہو کہ پانی چھڑک دے وہ پانی کا چھڑکاؤ کرے گا۔پھر اس کو میز کرسی لانے کو کہیں پھر کھلا میدان بن جائے گا پھر موکلات آئیں

گے۔ ادھر عامل اوپر والا وظیفہ صرف ھوالا سامتہ سرنا ھو یا کریم پڑھ پڑھ کر دم کرتا رہے پھر جو کچھ پوچھنا ہو پوچھتے جائیں بچے کو تاکید کریں کہ وہ آنکھوں سے اسی دائرہ میں ٹکٹکی باندھ کر دیکھتا رہے۔

اگر مریض کو دیکھنا ہے کہ کیا مرض ہے یا جادو یا آسیب ہے وہ چیز صاف سامنے آجائے گی۔ اگر چوری کا معلوم کرنا ہو تو چور بمعہ چوری شدہ سامان لے کر حاضر ہوگا۔ اگر کسی کو اپنا بنانا ہو تو وہ مسخر ہوگا۔ حاضرات میں سر تاج وچوٹی کا عمل ہے۔

حاضری دیوی

عمل:

صدا بھوانی کا لکا۔ کھول دے خزانہ مال کا۔ کھادے تیرا بالکا۔

طریقہ:

یہ عمل ہفتہ یا منگل سے شروع کریں۔ چالیس دن تک عمل تقریباً ایک گھنٹہ بلا تعداد پڑھتے پڑھتے سو جایا کریں۔ اگر دوران عمل سامنے آئے تو ڈرنا نہیں۔ جو پوچھو گے وہ بتادے گی۔

پرہیز:

جلالی و جمالی، گوشت بڑا چھوٹا، انڈا، مچھلی، عمل پورا ہونے کے بعد اگر کوئی کام لینا ہو تو دو روز پہلے پرہیز کر کے کام لینا چاہیے۔ عمل پورا ہونے کے بعد صرف گائے کا گوشت نہیں کھانا چاہیے۔ باقی جو مرضی ہو کھائیں۔

درشن کرشن مہاراج

عمل:

اوم نمو سوم ہے۔

طریقہ:

اکیس سو بار روزانہ گیارہ دن تک پڑھیں۔ بخور عود اور لوبان کا جلائیں اور یکسوئی سے پڑھیں۔ ڈرنے کی قطعاً ضرورت نہیں ہے۔ غروب آفتاب کے وقت علیحدہ بیٹھ کر پڑھیں۔ اس عمل سے سٹہ نمبر، پرائز بانڈ نمبر، امتحان میں کامیابی۔ غرض ہر کام لے سکتے ہیں۔ عمل کے بعد کرشن مہاراج سے ملاقات ہوگی بالکل بے خوف خطر۔ یہ ایک آزمودہ عمل ہے۔

طلسماتی حاضرات

طریقہ زکوۃ:

پرہیز جلالی و جمالی کرتے ہوئے مندرجہ ذیل عزیمت کو اکتالیس بار بعد نماز عشاء گیارہ یوم تک پڑھیں۔ اول و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود ابراہیمؑ پڑھیں۔ زکوۃ ادا ہو جائے گی۔ جب بھی حاضرات کی ضرورت پیش آئے تو مندرجہ ذیل طلسم کو معمول کی دائیں ہاتھ کی ہتھیلی پر لکھیں یا اس نقش کو کسی اچھے کاغذ پر لکھ کر شیشے میں فریم کروالیں اور بوقت حاضرات معمول کے ہاتھ میں کر سیاہ گول دائرے میں دیکھنے کا کہیں اور عامل خود پاس بیٹھ کر عبارت عمل کو پڑھ کر معمول پر دم کرے۔

چند ہی ثانیہ بعد حاضرات کا نزول ہو گا پھر آپ حاضرات و روحانیات سے اپنے مشکل مسائل کا حل پوچھیں۔ انشاء اللہ ہر سوال کا جواب سو فیصد درست ملے گا۔ طلسماتی حاضرات کا نقش درج ذیل ہے۔

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ

شاہوش شامعوش

اَجِبُ یَا فَقَطَش حَکِیۡمُ الۡجِن احضرُو بَارَکَ اللّٰہ فِیۡکُمۡ عَلَیۡکُمۡ

شامعوش شاہوش

عبارت عمل درج ذیل ہے۔

(شَلَشِ شَلَشِ شَلُوشِ شَلُوشِ شَامُوسِ شَامُوسِ شَاھُوشِ ۔ شَاھُوشِ شَالُوشِ ھَلُوشِ سُبحَانَ ھُبَو قَادِرُ عَلٰی کُلِّ شَیِ اَجِبَ یَافَقطَش حَکِیُم الجِن تَوَکَّل بِخِدمَتِی سَرِیعًا بِحَقِّ مَن شَقِّ سَمعَكَ وَبَصرَكَ وَ خَلقَكَ مِن نَارِ السَّمُوم اَلو حَا العجل بَارَكَ اللّٰه فِیُکم وَعَلَیکُمْ)

حاضری برائے پیر مردم

یا شاہ تل و جفا غول بوان شاہت الوجوہ لقا سا غرینا

طریقہ:

گیارہ سو بار گیارہ دن تک رات کے دو بجے شروع کرنا ہے۔ پہلے دو رکعت نماز نفل پڑھیں۔ اس عمل میں نہانا مشروط ہے۔ نہا کر عمل کریں۔ عمل مکمل ہونے کے بعد ہر کام لے سکتے ہیں۔

حاضری پری

عمل:

اقسمت علیکم یا عونل ملك مشفقة بنت ابلیس بحق مطبعون غل تم قوس بقتا یین یا سهل مشققه لا فهما قوس لمرود علوهم علوهم السهاء الساء الساء۔

طریقہ:

بدھ، جمعرات اور جمعہ، نو چندی دنوں میں پہلے دن تین سو بار اور دوسرے دن چار سو بار، تیسرے دن پانچ سو بار پڑھیں۔ بخور گوگل اور بوبان کا جلائیں اور عمل پڑھتے وقت منہ مغرب کی طرف رکھنا ہے اور کھلے آسمان کے نیچے بیٹھ کر پڑھیں۔ جب حاضر ہو گی تو جو بھی بات معلوم کرنی ہو گی، یا کوئی بھی کام کروانا ہو تو وہ فوراً کرتی ہے یہ لاجواب عمل ہے۔

حاضری برائے پریاں

عمل:

بسم اللہ الرحمن الرحیم قل اوحی الی انه اسمع نفرامن الجن فقالو انا سمعنا قرانا عجبا یهدی الی الرشد فامنا به ۔

یہ سورہ جن کی پہلی چار آیات ہیں۔ان کو ایک ہزار مرتبہ پڑھیں۔اس کے بعد یہ منتر تین ہزار ایک سو پچیس مرتبہ پڑھیں۔

یا هلعیطو ناش عطلموث

اس طرح روزانہ چالیس دن تک پڑھتے رہیں۔اگر دوران عمل کسی قسم کی کوئی آواز آئے یا سلام علیک کرے تو دل میں جواب دینا اور عمل پورا ہونے پر بات چیت کریں۔عمل ختم ہونے پر شرینی پر موکلات کی نیاز دلا کر معصوم بچوں کو بانٹ دیں۔

تسخیر کالا دیو

کالا دیو بیابانی آ کے مل میرے جانی

طریقہ:

اکیس دن کا عمل ہے۔روزانہ غسل کر کے ایک ہزار بار پڑھیں یہ عمل ہر چیز کو فوری طور پر حاضر کرنے کا ہے لیکن اس کو تین چلہ کرنا ہے اگر پہلے چلہ میں کامیاب ہو جائیں تو پھر پڑھائی بند کر دیں چونکہ اس عمل میں کالا دیو کی حاضری ہے۔جب وہ حاضر ہو جائے تو قول وقرار لے کر رخصت کر دیں اس

کے بعد عمل چند بار پڑھیں۔کالا دیو حاضر ہو کر جس کام کا کہیں گے فوراً کرے گا۔(پرہیز جلالی و جمالی لازمی)

تسخیر ہمزاد

جب کوئی مر جائے تو اس مردہ کی پائینتی کھڑے ہو کر ایک سو ایک بار یہ کلمات پڑھے اونگا جنے سنے تعداد ختم کر کے وہاں سے چلا آئے میت کے ساتھ نہ جائے۔اب رات کو نو دس بجے اس مردے کی قبر پر جائے اور سات چھٹانک شرینی سات قسم کی یعنی ایک ایک قسم کی مٹھائی ایک ایک چھٹانک ہو اور تھوڑا سا عطر اور پھول بھی مٹھائی کے ساتھ ہوں۔قبر پر پہنچ کر یہ مٹھائی، عطر پھو ل قبر پر رکھ دے اور دکھن کی طرف منہ کر کے یہی کلمات ایک سو ایک بار پڑھے یا کم از کم آدھا گھنٹہ پڑھنے۔پہلے دن ہی ہمزاد حاضر ہوگا اور مٹھائی مانگے گا۔ہمزاد سے قول وقرار لے کر مٹھائی اسے دیدے اور اپنے گھر چلا آئے۔راستے میں پیچھے مڑ کر نہ دیکھے،ہمزاد مسخر ہوگا۔

بچے پر درود شریف پڑھ کر پھونکیں اور حاضرات کے مؤکل کو جانے کی اجازت دیں۔

حاضرات سورۃ یٰسین

طریقہ:

جمعرات کی رات سے سورۃ یٰسین پہلی مبین تک روزانہ گیارہ سو مرتبہ گیارہ دن تک ماہ محرم الحرام میں پڑھیں۔اول وآخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود

شریف پڑھیں پھر آپ اس کے عامل ہو جائیں گے۔ جب بھی حاضرات کی ضرورت پیش آئے صرف تین مرتبہ سورۃ یٰسین مبین تک پڑھیں حاضرات کا نزول ہوگا جس سے آپ اپنے مشکل امور کے بارے میں ہر قسم کی تسلی بخش معلومات حاصل کر سکتے ہیں۔ یہ حاضرات بڑوں اور چھوٹوں پر یکساں کارآمد ہے اس حاضرات کو بڑوں پر اور شیشہ پر پانی پر انڈہ پر غرض ہر طریقے سے حاضرات استعمال کر سکتے ہیں۔

حاضرات حاضر حضور حاضر حضور

طریقہ:

غسل کر کے باوضو سونے سے قبل سورہ جن صرف سات مرتبہ پڑھیں۔ سات دن کے اندر اندر آپ کو آپ کے سوال کا جواب مل جائے گا۔ سوتے وقت سوال کو ذہن میں رکھیں۔ دوران عمل آیت الکرسی نہ پڑھیں بلکہ ان سات دنوں میں بھی آیت الکرسی نہ پڑھیں۔ حاضرات کا نایاب عمل وقابل قدر تحفہ ہے۔

تسخیر مؤکل

طریقہ:

اس افسوں کو بلاناغہ 7 دن 391 مرتبہ پڑھ کر زکوۃ ادا کریں۔ دوران عمل پرہیز جلالی و جمالی کریں۔ عمل کا آغاز نوچندی اتوار سے کریں۔ دوران عمل صرف پھیکے چاول کھائیں۔ بعد ادائے زکوۃ مؤکل حاضر ہوگا۔ شرائط طے کرلیں۔ عبارت عمل درج ذیل ہے۔

(بِسمِ اللّٰہ آمَلَمبَل لَس حاضِر ھو)

عمل برائے ہر حاجت

طریقہ:

اس افسوں کو بلاناغہ 40 دن 381 مرتبہ پڑھ کر زکوۃ ادا کریں۔ بعد ادائے زکوۃ جس کام کے لئے پڑھیں گے وہ کام ہو جائے گا۔

بمَلَه لَا سَ بِسمِ اللّٰہ

عمل برائے حاضری مطلوب

اس افسوں کو متواتر 14 دن 622 مرتبہ پڑھ کر زکوۃ ادا کریں۔ مع پرہیز جلالی و جمالی عمل بعد نماز عشاء کریں۔ عبارت عمل یہ ہے (رنج الم رحمٰن) بعد ادائے زکوۃ حاضری مطلوب کے لئے اس طرح پڑھیں۔

(رَنج اَلَمَ رَحمن۔ شیر مچ فلاں بنت فلاں کو حاضر کر آن زمان)

نوٹ: حرام کاری کے لئے نہ کریں ورنہ نقصان ہوگا۔

عمل برائے غیبی امداد

طریقہ:

اس عبارت عمل کو 14 یوم 1474 مرتبہ بلاناغہ پڑھ کر زکوۃ ادا کریں۔ دوران عمل پرہیز جلال و جمالی کریں۔ وقت مقررہ پر وقت کی پابندی کے ساتھ عمل کریں۔ خوشبویات ضرور جلائیں۔ دست غیب جاری ہوگا۔

(لحنُ مَرَا اِمدَا دِ غَیبی رَحمنُ)

پریوں کی حاضرات

ترکیب:

داہنی آنکھ ہدہد کی اور داہنی آنکھ گرگ کی دونوں کو سکھا کر پانی میں پیسو اور بوقت غروب آفتاب اپنی آنکھ میں لگاؤ تو پریوں سے ملاقات ہوگی اور ہر طرح کی مراد حاصل ہوگی۔ رخصت کرنا چاہو تو سات بار سورۃ الحمد اور سات بار آیۃ الکرسی پڑھ کر رخصت کردو غائب ہو جائیں گے۔

حاضرات

شمال

سلامٌ علیک

۷۸۶

مغرب ۷۸۶ ۷۸۶ مشرق

۷۸۶

جنوب

طریقہ:

گیارہ سو بار نوچندی جمعرات سے گیارہ دن مندرجہ ذیل درود شریف پڑھیں اول و آخر گیارہ گیارہ بار درود ابراہیم پڑھیں۔ درود شریف یہ ہے۔

الصلوٰۃ و السّلام عَلَیکَ یَارَسُولَ اللّٰہ وَعَلٰی عَلَیك وَ اَصحابِكَ یَاحَبِیبَ اللّٰہ ۝

جب بھی حاضرات کی ضرورت پیش آئے نقش کے سیاہ نشان میں غور سے خود دیکھیں اور مندرجہ بالا درود شریف کو صرف گیارہ مرتبہ پڑھیں انشاء اللہ تمام احوال سیاہ نشان میں نظر آئے گا اگر خدانخواستہ خود پر حاضرات نہ ہو تو بچے بچی پر معروف طریقے سے درود شریف پڑھ کر حاضرات کریں جو سوال چاہیں کریں انشاء اللہ سو فیصد درست جواب ملے گا۔

صدری نایاب حاضرات

اس عمل حاضرات کی جتنی بھی تعریف کی جائے وہ کم ہے۔ بزرگوں کے سینے کا صدری نایاب عمل آپ کی خدمت میں پیش کیا جارہا ہے جو محنت کرے گا وہ منزل مقصود پائے گا۔ حاضرات کیا ہے؟ ایک غیبی خزانہ ہے۔ ہر بات کا جواب درست اور فوری۔ نہ ہے۔ میں ہر عمل کے ساتھ یہ بات تفصیل سے لکھ رہا ہوں تاکہ کوئی نکتہ پوشیدہ نہ رہے۔

عمل کو کسی ایسی جگہ پر مت کریں جہاں پر کسی کی موت غیر طبعی ہوئی ہو ورنہ خطا ہوگی۔

ایسا گھر یا مقام جہاں پر جنات کا ڈیرہ ہو۔ وہاں ہرگز عمل نہ کریں۔

اس طرح اگر گھر میں کوئی شخص آسیبی مرض کا شکار ہے تو اس جگہ پر بھی عمل ہرگز نہ کریں ورنہ خطرہ عظیم ہوگا۔

نادِ علی کو زبانی یاد کرلیں اور تلفظ اور الفاظ کی صحیح ادائیگی کے ساتھ پڑھیں تاکہ غلطی کا امکان نہ رہے۔

ایسے لوگ جو کہ ذہنی طور پر کسی وجہ سے پریشان ہوں وہ عمل نہ کریں۔ عمل کے لئے ذہن کا تمام پریشانیوں سے تفکرات سے پاک ہونا اشد ضروری ہے۔

عمل شروع کرنے سے قبل سوا پاؤ یا سوا کلو شرینی لے کر اس پر فاتحہ دے کر اس کا ثواب بچوں میں تقسیم کردیں۔

انتباہ:

ایسے لوگ جو کہ کسی بیماری کا شکار ہوں یا کوئی آسیبی مریض ہو ایسے لوگ عمل نہ کریں۔

دورانِ عمل ڈر وخوف بہت زیادہ آتا ہے اس لئے وہ لوگ عمل کریں جو بہت بڑے دل کے مالک ہوں۔

فعل حیوانی کے عادی شخص بھی یہ عمل ہر گز نہ کریں کیونکہ عمل میں 41 روز تک مکمل پرہیز کرنا ہوگی۔

حاضرات (جنات)

یہ حاضرات مریضوں پر ہوتی ہے۔ ایسے لوگ جن پر کوئی ذی روح (جنات) اس میں دیکھے گا کہ لوگوں کو پکڑ کر قتل کیا جا رہا ہے یا آگ میں ڈالا جا رہا ہے۔ ان کی چیخ وپکار کی آوازیں واضح طور پر کانوں کو سنائی دیں گی۔ اس کے علاوہ عامل کو ایسا محسوس ہوگا جیسے کہ زمین ہل رہی ہے اور ہر طرف آگ ہی

آگ لگی ہوئی ہے۔ عامل کو چاہیے کہ وہ اپنے کام میں برابر مشغول رہے اور کسی قسم کا ڈر وخوف اپنے دل میں نہ لائے۔ جو کچھ ہوگا وہ حصار کے باہر ہی ہوگا۔ یہ چیزیں حصار کے اندر آنے کی قدرت نہیں رکھتیں اس لئے ان سے ڈرنا بزدلی ہے کیونکہ انسان جو کہ اشرف المخلوقات ہے اس کو کوئی بھی چیز نقصان نہیں پہنچا سکتی۔ ہاں اگر وہ خود ہی ڈر گیا تو پھر لازمی پاگل ہو جائے گا اور رجعت میں گرفتار ہو جائے گا۔ پھر کوئی علاج بھی کارگر نہ ہوگا۔ میرا کام صرف مخفی رازوں کو افشاء کرنا ہے۔ محنت کرنا آپ کا کام ہے۔

عمل کے اختتام پر آخری روز تین موکل حاضر ہوں گے جو کہ حضرت شیخ عبدالقادر جیلانی کے مرید ہیں وہ پوچھیں گے کہ ہمیں کیوں بلایا ہے۔ آپ ان سے کہیں کہ میں دنیاوی امور میں جائز کاموں کے لئے آپ سے مدد کا طلبگار ہوں۔ وہ بطور نشانی ایک انگوٹھی دیں گے اور حاضری کا طریقہ بھی بتا دیں گے۔

پرہیز:

دورانِ عمل جلالی و جمالی دونوں طرح کا پرہیز کریں۔

حاضرات بر آئینہ

یَا اِلٰی بِحُرمَتِكَ کُن کُن فَیَکُون فَتح بِرَبّ الا خسَائل خَالقِینَ مُستَحیدُا بِحَقِ حضرت سُلَیمَانِ بِنَ دَائود عَلَیہِ السَّلَام۔

طریقہ:

اول و آخر گیارہ گیارہ بار درود شریف 742 بار گیارہ یوم مندرجہ بالا عزیمت پرہیز جلالی و جمالی شیشہ نیا اور کمرہ بند۔

نوٹ:

عمل کے اختتام پر حضرت سلیمان علیہ السلام کی نیاز دلا کر تقسیم کر دیں۔ جب کبھی حاضرات کرنی ہو تو مندرجہ بالا عمل کو صرف گیارہ مرتبہ پڑھ کر شیشہ پر دم کریں۔ اول و آخر گیارہ گیارہ بار درود شریف پڑھیں اور خود شیشہ میں حاضرات کا مشاہدہ فرمائیں۔ یہ حاضرات بڑوں اور بچوں پر بھی کی جا سکتی ہے۔

حاضرات سورہ الحشر

طریقہ:

سب سے پہلے کسی بچے کی ہتھیلی پر سیاہ نشان لگائیں اور اسے سیاہ نشان میں دیکھنے کو کہیں۔ آپ گیارہ مرتبہ درود ابراہیمی پڑھ کر تین مرتبہ آیت الکرسی پڑھ کر سات بار یہ آیت بچے کے سر پر ہاتھ رکھ کر پڑھیں اور اس پر پھونکیں۔ جب تک بچے کے سر پر ہاتھ رہے گا اس وقت تک حاضرات جاری رہے گی۔ جب سر پر سے ہاتھ ہٹا لیں گے حاضرات بند ہو جائے گی۔ آیت یہ ہے۔

لَوْ اَنْزَلْنَا هٰذَا الْقُرْآنَ عَلٰى جَبَلٍ الرَّاَيْتَه، خَاشِعًا مُّتَصَدِّعًا

مِنْ خَشْيَته الله ۝ وَتِلْكَ الْاَمْثَالُ نَضْرِبُهَا لِلنَّاسِ لَعَلَّهُمْ يَتَفَكَّرُوْنَ ۝ بِحَقِّ كٓهٰيٰعٓصٓ يَا صَادِقُ (سورہ الحشر۔ پارہ 28)

بے مثل حاضرات

طریقہ:

کمرہ صاف ستھرا ہو۔ اگر بتیاں سلگائیں اور ایک بچے کو سیاہ خانہ میں غور سے دیکھنے کو کہیں اور آپ عامل بچے پر گیارہ مرتبہ درود ابراہیمی اور یہ عزیمت پڑھ کر پھونکے۔ جب تک حاضرات نہ کھلے اس وقت تک برابر پڑھتا رہے۔

۷۸۶

۹۴۶۱	۹۴۶۱	۹۴۶۱	۹۴۶۱
۹۴۶۱	۹۴۶۱	۹۴۶۱	۹۴۶۱
۹۴۶۱	۹۴۶۱	۹۴۶۱	۹۴۶۱
۹۴۶۱	۹۴۶۱	۹۴۶۱	۹۴۶۱

عزیمت یہ ہے۔

آبِسْمِ اللّٰه جَابِسْمِ الله حاضرات کو جلد گھر گھار کے لا بِسْمِ الله

چند ثانیہ کے بعد حاضرات کا نزول ہوگا جس سے آپ اپنے مشکل امور کے بارے میں سو فیصد درست معلومات حاصل کر سکتے ہیں۔

روحانی حاضرات

اس عمل کی اجازت ان ہی لوگوں کو ہے جو صوم وصلوۃ کے پابند ہوں اور ناجائز طریق پر اس کا استعمال نہ کریں نیز جو امور خفیہ اس میں ظاہر ہوں وہ کسی پر ظاہر نہ کریں اور نہایت احتیاط کریں۔ غیر شرعی کاموں میں ہاتھ نہ ڈالیں ورنہ سخت نقصان کا خوف ہے۔ یہ بچوں کا کھیل اور مداری کا تماشہ نہیں جیسا عام طریق پر لوگ بازاروں میں کھڑے دکھائی دیتے ہیں۔

پہلے اس عمل کی زکوۃ ادا کریں۔ طریقہ زکوۃ یہ ہے کہ اول گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھ کر اس کا ثواب روح واقدس جناب مولا علی مشکل کشا حضرت علی کرم اللہ وجہہ اور حضرت سلطان اولیاء سیدنا شیخ عبدالقادر جیلانی قدس سرہ پر پہنچا کر یہ عمل یا علی ایک بار پڑھیں پھر گیارہ بار درود شریف بس اس طرح زکوۃ مکمل ہوئی۔ شرینی بچوں میں تقسیم کر دیں۔ اب آپ اس عمل کے عامل ہیں۔

عمل پڑھنے کی جگہ پاک وصاف ہو اور تنہائی ہو۔ خوشبو جلائیں تو بہتر ہے۔ اب جس معاملہ میں کوئی بات معلوم کرنا ہو تو ایک لڑکے یا لڑکی کو جس کی عمر 14 سال سے زیادہ نہ ہو اسے اپنے سامنے بٹھائیں اور داہنے ہاتھ کی مٹھی بند کر کے اس کے انگوٹھے کے ناخان پر یا علی لکھو اور کافور جلا کر اس سیاہی کو عطر میں ملا کر اس کے انگوٹھے کے ناخن پر لگا دو۔ یہ سیاہی پہلے سے تیار کر کے کسی ڈبیہ میں اپنے پاس رکھو۔

دوسرا طریقہ یہ ہے کہ کافور کو ایک لوہے کے برتن یا اسٹیل کے برتن میں رکھ کر آگ لگا دو پھر اس کافور کے اوپر ایک پلیٹ رکھو تا کہ اس کا دھواں پلیٹ کے اوپر جمع ہو جائے۔ پھر اس میں روغن چنبیلی ڈال کر انگلی سے حل کرو اور اس میں عطر گلاب ڈال دو۔ پھر ایک ڈبیہ یا پیالہ میں بسم اللہ الرحمٰن الرحیم اور نیچے یا علی لکھو پھر کسی بچے سے کہو کہ دیکھو پیالہ میں روشنی نظر آتی ہے۔

حاضرات شروع کرنے سے پہلے گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھیں اور 11 مرتبہ یا 21 مرتبہ یا علی پڑھ کر دم کریں۔ تھوڑی دیر میں پیالہ میں حاضرات کا نزول ہوگا اور اگر انگوٹھے پر حاضرات کرنا ہو تو انگوٹھے پر سیاہی لگا لیں اور مذکورہ بالا طریقہ پر یا علی پڑھ کر دم کریں اور معمول سے معلوم کرو کہ کیا نظر آتا ہے۔ عمل میں پہلے دو تین مرتبہ کچھ عجائبات نظر آئیں گی۔ بعد ازاں معمول کو صاف طور پر اس عمل کے موکل نظر آئیں گے۔ معمول انگوٹھے کے ناخن کو دیکھتا رہے۔ جب معمول کہے کہ مجھے کوئی مئوکل نظر آرہا ہے تو معمول اس مئوکل کو با ادب سلام عرض کرے اور بادشاہ سلام کو بلوائے پھر اپنا مدعا بیان کرے۔ عامل معمول کے وساطت سے جو دریافت کرے گا انشاءاللہ سو فیصد درست جواب ملے گا۔ بیک وقت تین سوال سے زیادہ نہ کریں۔ بعدہ شکریہ کے ساتھ اجازت دیں۔

حاضرات جنات وروحانیات کے مشاہدہ کے لئے

جو شخص جنات وروحانیات کی مخفی مخلوقات کو دیکھنا چاہتا ہو تو اس کے لئے سیاہ بلی کا پتہ اور اس کی چربی ہموزن لے کر دونوں کو سرمہ میں پیس کر فجر کی

نماز پڑھ کر 100 مرتبہ **اَلْعَلِیْمُ الْوَھَّابُ** پڑھ کر طلوع شمس سے قبل اس سرمہ کو آنکھوں میں لگائیں تو جنات و روحانیات کی پوشیدہ مخلوقات کا مشاہدہ ہوگا۔ (آزمودہ ہے)

مشاہدہ جنات وروحانیات کا عجیب عمل

جو شخص یہ چاہے کہ وہ جنات و روحانیات کا مشاہدہ کرے تو اس کو چاہیے کہ بط سیاہ کو حاصل کر کے سیسے کے برتن میں ذبح کرے پھر اس کے خون و چربی کو نکال کر علیحدہ کر کے محفوظ کر لے۔ اس عمل کے بعد اس ذبیحہ جانور کو بحفاظت چینی یا تانبے کے برتن میں ڈال کر آگ پر جلائے اور اس طرح جو راکھ تیار ہو اس میں جانور مذکور کا خون اور چربی باہم آمیز کر کے خوب پیس کر خشک کر کے مس احمر کی سرمہ دانی میں رکھ چھوڑے اور بوقت ضرورت اس سرمہ کو آنکھ میں لگانے سے جنات و روحانیات کا مشاہدہ عمل میں آئے گا۔ (آزمودہ است)

اَحضروُا لعَجلُ السَّاعَته۔

حاضرت قرآنی

طریقہ:

مندرجہ ذیل نقش کسی سفید کاغذ پر بنائیں اور کسی بچے یا بچی کو سیاہ دائرہ میں دیکھنے کو کہیں۔ اگر بتیاں وغیرہ سلگائیں۔ سیاہ دائرہ میں عطر لگائیں۔ عمل بچے پر یہ عزیمت پڑھ پڑھ کر برابر پھونکتا رہے۔

اِن اللہ کَانَ عَلِیْمًا حَکِیْمًا (سپارہ 5)

جب تک حاضرات کا نزول نہ ہو اس وقت تک عزیمت پڑھ پڑھ کر پھونکتا رہے۔ اول و آخر گیارہ گیارہ بار درود شریف پڑھیں۔ چند ہی ثانیہ بعد حاضرات کا نزول ہوگا جس سے آپ اپنے مشکل امور کے بارے میں سو فیصد درست معلومات حاصل کر سکتے ہیں۔

۷۸۶

۱۰۴	۱۰۷	۱۱۰	۹۶
۱۰۹	۹۷	۱۰۳	۱۰۸
۹۸	۱۱۲	۱۰۵	۱۰۲
۱۰۶	۱۰۱	۹۹	۱۱۱

حاضرات الغیب

طریقہ:

مندرجہ ذیل نقش کسی سفید کاغذ پر بنائیں اور سیاہ دائرہ میں عطر لگائیں اگر بتیاں وغیرہ سلگائیں اور بچے کو سیاہ خانہ میں غور سے دیکھنے کو کہیں او عامل بچے پر گیارہ مرتبہ درود ابراہیمی پڑھ کر پھونکے پھر یہ عزیمت بلا تعداد پڑھے جب تک حاضرات کا نزول نہ ہو۔

۷۸۶

۷۹۸	۸۰۲	۸۰۵	۷۹۱
۸۰۴	۷۹۲	۷۹۷	۸۰۳
۷۹۳	۸۰۷	۸۰۰	۷۹۶
۸۰۱	۷۹۵	۷۹۴	۸۰۶

عزیمت یہ ہے۔

ذٰلِكَ علِمُ الغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ العَزِيْزُ الرَّحِيْمِ۔

تھوڑی ہی دیر میں حاضرات نزول ہوگا جس سے آپ اپنے مقصد کے بارے میں سو فیصد درست معلومات کر سکتے ہیں۔

ختم شد